UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224541
UNIVERSAL
LIBRARY

سلسلۂ نصابات تعلیم صنعت عثمانیہ

تعمیروں کا نظریہ اور تجویز

(حصۂ دوم)

مصنفہ

ایوارٹ ایس - اینڈریوز

بی - ایس سی (لندن) - ایم آئی سی ای + ایم آئی اسٹرکٹ ای وغیرہ

مترجمہ

مولوی ضیاء الدین صاحب انصاری ایم - اے (عثمانیہ) - بی - ایس سی آنرز (مانچسٹر)

پروفیسر سول انجینیری کلیہ انجینیری جامعۂ عثمانیہ سرکار عالی

۱۳۶۰ھ م ۱۳۵۰ف م ۱۹۴۱ء

دار الطبع جامعۂ عثمانیہ دار العلوم حیدرآباد دکن

یہ کتاب مسز چیپمین اور ہال لنڈن کی اجازت سے
اردو میں ترجمہ کرکے طبع و شایع کی گئی ہے۔

تعمیروں کا نظریہ اور تجویز

حصّۂ دوم

باب ۱۱ تا باب ۱۸ (ختم کتاب)

فہرست مضامین

تعمیروں کا نظریہ اور تجویز

حصۂ دوم

گیارہواں باب

	صفحہ
ڈھانچے	۳۹۴
نظری ڈھانچے	״
اُستوار، ناقص، اور زاید محکم ڈھانچے	۳۹۵
متکافی اشکال	۳۹۹
بندھنوں اور داب روکوں میں امتیاز	۴۰۱
ہوا کے دباؤ کے لیے زور نقشے	۴۱۸
معیاروں کا طریقہ	۴۲۸
تحلیل کا طریقہ	۴۴۰
ڈھانچوں میں مقامی خماؤ	۴۴۱
زور دباؤ کے خط سے	״
ڈھانچہ دار پلوں پر متحرک بوجھ	۴۴۲
مترا کب ڈھانچے	۴۴۶
قینچیوں کی مختلف شکلیں	۴۴۹

بارہواں باب

ستون، کھم اور داب روک

صفحہ
۴۵۷
داب روک کے جھکاؤ کی قدر ۴۵۸
آئیلر کا ضابطہ "
سروں کو ثابت کرنے کے طریقے ۴۶۲
رینکن، خطِ مستقیم، جانسن، مصنف اور مانکریف کے ضابطے ۴۶۶ تا ۴۷۸
ستونوں پر خارج المرکز بوجھ ۴۹۱
فولادی ستون جن کے پیٹے اور کور کو رابطے لگے ہوں ۴۹۴

تیرہواں باب

معلق پُل اور کمانیں

۵۰۸
لدے ہوئے رسّے کے زور ۵۰۹
معلق پُل پر یکساں بوجھ ۵۱۰
لنگر رسّوں کے زور ۵۱۲
متصلب معلق پُل جو مرکز پر کیل دار ہوں یا مرکز پر کیل دار نہ ہوں ۵۱۷ تا ۵۲۳
معلق پُلوں پر متحرک بوجھ
ایڈی کا مسئلہ ۵۲۷
کمانوں کے زور ۵۲۹
وہ صورتیں جن میں ڈھکیل آسانی سے معلوم ہوسکتی ہے ۵۳۱
تین کیلوں کی کمانیں "
اُستوار کمانیں ۵۳۵

چودھواں باب

صفحہ

چنائی کی تعمیریں ۵۵۳

قائمیت کی عام شرائط ״
وسطی ثلث کا قانون ۵۵۵
قاعدہ پرزوروں کی تقسیم ۵۵۹
کٹوں کی قائمیت ۵۶۱
انتصابی تراشوں پر زور ۵۷۰
پشتہ دیواریں اور مٹی کا دباؤ ۵۷۴
رنکین، فانہ، اور شفلر کے نظریے ۵۷۵
دیواروں، دُو دکشوں، اور پشتوں کی قائمیت ۶۰۳
چنائی کی کمانیں ۶۰۸

پندرھواں باب

محکم کنکریٹ اور مماثل تعمیریں ۶۱۴

کنکریٹ کے خواص ۶۱۵
کنکریٹ اور فولاد کے درمیان چپک اور لچکدار مستقلوں کی نسبت ۶۲۰
محکم سلاخیں خالص فشار یا تناؤ میں ۶۲۲
محکم کنکریٹ کے شہتیر ۶۲۴
مختلف ضابطے ۶۲۸
T شہتیر ۶۳۹
شہتیروں میں جزی زور ۶۴۴
ستونوں اور مرغولی احکام ۶۴۶
محکم کنکریٹ کی تعمیر کی تفصیلات ۶۵۱

سولھواں باب

عمارتوں وغیرہ کی فولاد کاری کی تجویز

صفحہ

تراشوں کی جسامتوں اور شکلوں کا انتخاب	۶۶۱
فولاد کاری کی تکمیل	〃
عمارتوں پر کے بوجھ	۶۶۳
ستون، ٹوپ، اور قاعدے	〃
موٹائی کی تحسیب	۶۶۵
ستونوں کی بنیادیں	۶۷۰
بے خطر دباؤ	۶۷۴
اینٹوں کے پایے	〃
اڑ نائی	۶۷۵
اٹھوں اور کیسان کی بنیادیں	۶۷۷
برآمدہ بیرمی بنیادیں	۶۸۱
ستونوں کی عرضی رباط بندی	۶۸۲
عمارتوں کے گرڈر	۶۸۳
آگن روک تعمیر	۶۸۵
	۶۹۱

سترھواں باب

چھتوں کی تجویز

چھتوں کی پوششوں کے وزن اور قینچیاں	۶۹۸
چھت قینچیوں کی قسمیں	۶۹۹
مختلف اقسام کی فولادی قینچیوں کے لیے عملی نقشے	۷۰۰
	۷۰۱

صفحہ

سروں کی تنصیب ۷۰۸
کلی ریوٹ رابطے اور آنکھ دار سلاخیں ۷۰۹
چوبی قینچیاں ۷۱۳
ہنسلی شہتیر اور ہتوڑا شہتیر کی قینچیاں ۷۱۴

اٹھارواں باب

پُلوں اور گرڈروں کی تجویز ۷۱۸

پُلوں پر زندہ اور مردہ بوجھ //
پُلوں کی قسمیں ۷۳۱
عرشہ دار پُل اور میانہ پُل //
باکفایت فصل //
صدر گرڈروں اور فرش بندی کی ترتیب ۷۳۲
مختلف اقسام کے عملی نقشے ۷۳۴
بکس اور تختی گرڈر کی تجویز ۷۴۰
رقبہ اور کوروں کی تخفیف ۷۴۱ تا ۷۴۷
کور ٹکڑے ۷۵۰
ریوٹوں کی گھائی ۷۵۱
تجویز اور پیٹوں کا جھکاؤ اور کسنیوں کی ترتیب ۷۵۵
ڈھانچہ دار گرڈروں کی تجویز ۷۶۰
عرشہ دار اور میانہ قینچی پُلوں کے عملی نقشے اور مشق سے حاصل کردہ مثالیں ۷۶۶
تین قبضوں کی کمان کی تجویز ۷۶۹
مشق سے حاصل کردہ مثالیں

صفحہ

ضمیمہ — برطانوی معیاری تراشوں کے خواص کی جدولیں ۷۸۱

مشقیں — ۸۰۹

اشاریہ — ۸۴۶

حصّۂ دوّم

گیارہواں باب

ڈھانچے

تمہید ـــــ نظریے میں ڈھانچہ متعدد سیدھی سلاخوں پر مشتمل ہوتا ہے جو سروں پر "کیل جوڑوں" کے ذریعے ملی ہوئی ہوتی ہیں۔ اگر تمام سلاخوں کے مرکزی خطوط ایک ہی مستوی کے اندر ہوں تو ڈھانچہ کو مستوی ڈھانچہ کہا جاتا ہے۔ اگر مختلف مستویوں میں ہوں تو فضائی ڈھانچہ کہا جاتا ہے۔

فی الحال ہم صرف مستوی ڈھانچوں سے بحث کرینگے۔

ڈھانچہ اِس طرح تجویز کیا جاتا ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اس کے ارکان میں صرف خالص تناؤ یا فشار پایا جائے خماؤ کے زور نہ پیدا ہوں۔ یورپ کے دیگر ممالک (یعنی برطانیہ کو چھوڑکر) اور امریکہ میں عام دستور یہ ہے کہ ڈھانچوں میں جوڑ کیل دار رکھے جاتے ہیں لیکن برطانیہ میں جوڑ تقریباً ہمیشہ ریوٹ دار ہوتے ہیں۔ دونوں طریقوں میں کچھ نہ کچھ خوبیاں ہیں۔ "کیل جوڑ" والے ڈھانچوں (یعنی قینچیوں) کے ارکان میں زور ریوٹ دار ڈھانچوں کی نسبت زیادہ تیقن کے ساتھ دریافت ہو سکتے ہیں۔ لیکن کیلوں کی تجویز بہت تکلیف دہ ہے اور ایک کیل بھی ناکارہ ہو جائے تو غالباً سارا ڈھانچہ بیٹھ جائیگا۔ اس کے برخلاف ریوٹ دار جوڑ میں ایک دو ریوٹوں کے جواب دے دینے سے ناکارگی سے خبرداری ہو جاتی ہے۔


دونوں صورتوں میں زور اُس مفروضے پر محسوب کیے جاتے ہیں کہ جوڑ کیل دار ہیں۔

یہ جوڑ اکثر "عقدے" کہلاتے ہیں۔

ڈھانچوں کے اقسام ـــــ ڈھانچہ تین طرح کا ہو سکتا ہے: ناقص یا کم استوار، کامل یا استوار، اور زائد محکم یا بیش استوار۔

ناقص یا کم استوار ڈھانچہ وہ ہے جس میں اتنی سلاخیں نہ ہوں کہ ہر قسم کے لداؤ کے تحت وہ تعادل میں رہ سکے۔ اس طرح کا ایک ڈھانچہ شکل ۱۲۲ (د) میں دکھایا گیا ہے۔ اس پر عمل کرنے والی قوتوں کی چند خاص قیمتوں کے تحت ڈھانچہ تعادل میں رہیگا لیکن اگر قوتیں بدل جائیں تو بیٹھ جائیگا۔

کامل یا استوار ڈھانچہ وہ ہے جس میں اتنی سلاخیں ہوں، اور اس سے زیادہ نہ ہوں، کہ ہر قسم کے لداؤ کے تحت تعادل میں رہ سکے۔ اس طرح کا ایک ڈھانچہ شکل میں (۲) سے دکھایا گیا ہے۔



شکل ۱۲۲۔ ڈھانچوں کی اقسام

زاید محکم یا بیش اُستوار ڈھانچہ وہ ہے جس میں سلاخوں کی تعداد اس سے زیادہ ہو جو ہر قسم کے لداؤ کے تحت تعادل میں رکھنے کے لیے ضروری ہو۔ اِس طرح کا ایک ڈھانچہ شکل میں (۳) سے دکھایا گیا ہے۔

ناقص اور زاید محکم ڈھانچوں کی خرابیاں ـــــ اگر ناقص ڈھانچہ بالکل کیل دار جوڑوں سے بنا ہوا ہو تو وہ غیر قایم تعادل کی حالت میں ہوگا۔ اگر اس کے جوڑ ریوٹ دار ہوں تو اس کی قائمیت جوڑوں کی استواری پر منحصر ہوگی اور اس کے ارکان میں خماؤ کے زور پیدا ہونگے حالانکہ ڈھانچہ کی غایت یہ ہے کہ ان سے بچیں۔ زاید محکم ڈھانچوں کے نقصانات حسب ذیل ہیں :۔

(۱) جوڑ بٹھانے کی کسی خرابی یا تپش کی تبدیلی سے کسی رکن میں زور پیدا ہو تو دوسرے تمام ارکان میں زور پیدا ہو جاتے ہیں۔

(۲) ارکان کے زور کسی آسان ریاضیاتی یا ترسیمی عمل سے نہیں معلوم کیے جا سکتے۔

ایسے ڈھانچوں کو بعض اوقات "سکونیاتی طور پر غیر معین" کہا جاتا ہے۔ ان میں ارکان کے زور اور ان کی اضافی جسامتوں پر اور استعمال شدہ اشیا کے لچک کے خواص پر منحصر ہوتے ہیں۔ ان کو اقل کام کے اصول سے دریافت کیا جا سکتا ہے۔ موجودہ کتاب کی وسعت اس کی بحث سے قاصر ہے۔ جو طلبہ اس پر مزید معلومات چاہیں وہ ڈبلیو۔ ایچ۔ ہارٹن کی کتاب "سکونیاتی طور پر غیر معین تعمیریں" کا مطالعہ کریں جو رسالہ انجینیرنگ نے شایع کی ہے۔

نیم رُکنی یا پس رباطی ڈھانچے ـــــ بعض ڈھانچے دیکھنے میں زاید محکم معلوم ہوتے ہیں لیکن کامل ڈھانچوں کا عمل کرتے ہیں اور ان کو کامل ڈھانچے سمجھا جا سکتا ہے شکل ۱۲۲ (۴) میں اس طرح کا ایک ڈھانچہ دکھایا گیا ہے۔ اِس میں دو وتری سلاخیں ب د اور ا ج ہیں لیکن یہ دونوں صرف تناؤ کو برداشت کر سکتی ہیں اِس لیے اگر لداؤ اس طرح کا ہو کہ ایک وتری سلاخ

مثلاً ا ج میں فشار پیدا کرنا چاہے تو یہ سلاخ کوئی عمل نہیں کریگی۔ گویا ڈھانچے میں صرف ایک وتری سلاخ ب د ہے۔

وتری سلاخیں ا ج اور ب د بہم رکن یا پس رباط کہلاتی ہیں۔ اور عملاً عام طور پر استعمال کی جاتی ہیں خصوصاً ریل کے پلوں کی قینچیوں کے مرکزی خانوں میں جن میں بوجھ کے گزرنے سے وتری سلاخوں میں زور کا تعاکس واقع ہوتا ہے۔


کامل یا استوار ڈھانچے میں سلاخوں اور عقدوں کا ربط

ایک استوار ڈھانچے پر غور کرو جیسا کہ (۲) سے دکھایا گیا ہے۔

پہلی سلاخ د ج کو دو عقدے ہیں۔

اس کے بعد عقدہ ا کے لیے دو اور سلاخیں ا د اور ا ج درکار ہوتی ہیں۔

اسی طرح پر عقدے کے لیے۔



شکل ۱۲۳

اس لیے اگر عقدے ن ہوں تو ان میں سے دو پہلی سلاخ کے لیے ہونگے اور باقی (ن-۲) عقدوں کے لیے ۲ (ن-۲) سلاخیں درکار ہونگی۔

∴ سلاخوں کی مجموعی تعداد = ۲ (ن-۲) + ۱ = ۲ ن-۳ یعنی کامل ڈھانچے میں سلاخوں کی تعداد عقدوں کی تعداد کے دوگنے سے بقدر ۳ کے کم ہوتی ہے۔

اگر سلاخوں کی تعداد اس سے زیادہ ہو تو ڈھانچہ زاید محکم ہے اگر کم ہو تو ناقص ہے۔

اس باب کی اشکال میں جو ڈھانچے دیے گئے ہیں طالب علم اُن پر اس جانچ کا اطلاق کریں۔

اِس بیان کا عکس درست نہیں۔ ہوسکتا ہے کہ سلاخوں کی تعداد ۲ ن - ۳ ہو، اور ڈھانچہ پھر بھی کامل نہ ہو۔

شکل ۱۲۳ میں اس کی ایک مثال دی گئی ہے۔ اِس صورت میں عقدوں کی تعداد ۱۲ ہے اور سلاخوں کی تعداد ۲۱۔ اس طرح یہ شرط پوری ہوتی ہے حالانکہ یہ ایک کامل ڈھانچہ نہیں۔

بندھن اور داب روک ـــــ اگر کسی تعمیر کا کوئی رکن تناؤ کی حالت میں ہو تو اس کو بندھن کہا جاتا ہے، اور اس کی تجویز اُس آسان قاعدے سے عمل میں آتی ہے جو پہلے بیان ہو چکا ہے۔ اگر رکن فشار میں ہو تو اُس کو داب روک کہتے ہیں، اور اس کی تجویز میں جھکاؤ کی رعایت رکھنی پڑتی ہے جس کا طریقہ آئندہ سمجھایا جائیگا۔

مناسب ہے کہ ڈھانچوں کی نقشہ کشی میں بندھنوں اور داب روکوں میں تمیز کی جائے۔ اِس کے لیے ذیل کے طریقوں میں سے کوئی ایک اختیار کیا جاسکتا ہے:-

(۱) داب روکوں کو موٹے خط سے تعمیر کیا جائے اور بندھنوں کو باریک خط سے۔

یا (۲) بندھنوں کے علی القوایم چھوٹی سی ایک لکیر ڈالی جائے اور داب روکوں کے علی القوایم دو لکیریں۔ اِس طرح ۱ اور ۱۱۔ یا اِن داب روکوں پر مثبت علامت اور بندھنوں پر منفی علامت لگائی جائے۔

ڈھانچوں کا لداؤ ـــــ ڈھانچوں کو ہمیشہ عقدوں پر لدا ہوا سمجھنا چاہیے۔ اگر کسی سلاخ پر عقدوں کے درمیان کوئی بوجھ ہو تو وہ شہتیر کا عمل کریگی اور دونوں سروں کے عقدوں پر ردِّ عمل پیدا ہونگے۔ اس مسئلے سے آگے چل کر بحث کی جائیگی۔

ڈھانچوں میں خمدار رُکن ـــــ بعض صورتوں میں ڈھانچوں کے ارکان یا سلاخیں خمدار ہوتی ہیں۔ اِن میں قوتیں (نہ کہ زور جیسا کہ سمجھا جاتا ہے) معلوم کرنے کے لیے خمدار سلاخوں کی بجائے سیدھی سلاخیں فرض کی جاتی ہیں۔ لیکن یہ یاد رہے کہ اِن سلاخوں کو خارج المرکز بوجھ کے تحت تجویز کرنا ہوگا اور خماؤ کے زوروں کی رعایت رکھنی ہوگی جیسا کہ صفحہ ۲۱۸ پر سمجھایا گیا ہے نیز صفحہ ۲۲۴ پر کی مثال بھی دیکھو۔

کامل یا استوار ڈھانچوں کے زور

جب ایک کامل ڈھانچے پر عمل کرنے والی قوتیں ردِّ عملوں سمیت معلوم ہو جائیں تو ارکان کے زور ذیل کے طریقوں میں سے کسی طریقے سے معلوم کیے جا سکتے ہیں :-

(۱) کلارک میکسول کا متکافی شکل کا طریقہ۔
(۲) معیاروں یا تراشوں کا طریقہ، یا رِٹر کا طریقہ۔
(۳) تحلیل کا طریقہ۔

اہم تعمیروں میں یہ کیا جاتا ہے کہ ان میں سے کسی ایک طریقے سے تمام ارکان کے زور معلوم کر لیے جاتے ہیں، پھر باقی دو طریقوں میں سے کسی ایک سے بعض ارکان کے زوروں کی صحت کی جانچ کی جاتی ہے۔

متکافی اشکال

دو اشکال کو جو ایک مستوی میں واقع ہونے والے خطوط اور نقاط پر مشتمل ہوں ایک دوسرے کا متکافی کہا جاتا ہے جب کہ

(۱) ایک شکل کے ہر نقطے یا عقدے کے متناظر جس پر چند خطوط ملیں


دوسری شکل میں ایک کثیر الاضلاع پایا جائے جس کے اضلاع کی تعداد یہی ہو۔
(۲) ایک شکل کے ہر خط کے متناظر دوسری شکل میں ایک متوازی خط پایا جائے۔
(۳) ایک شکل کے ہر اُس خط کے متناظر جو دو عقدوں کو ملاتا ہو دوسری شکل میں ایک خط پایا جائے جو ان عقدوں کے متناظر کثیر الاضلاعوں کا مشترک ضلع ہو۔

کلارک میکسول نے یہ کلیہ قایم کیا ہے کہ اگر ایسی دو شکلوں میں سے ایک ایک ڈھانچے کو تعبیر کرے جس پر قوتیں عمل کر رہی ہوں تو دوسری یعنی متکافی شکل ان قوتوں کو اور ڈھانچے کے ارکان کے زوروں کو تعبیر کریگی۔
اس طرح دیکھو متکافی شکل کھینچنے سے ڈھانچے کے زور ترسیماً معلوم ہو جائینگے۔

مثال۔ سادہ چھت قینچی

مثال کے طور پر شکل ۱۲۴ میں دکھائی ہوئی سادہ چھت قینچی لو۔ اس طریقے میں ہم سلاخوں یا قوتوں کے درمیان کی جگہوں کو تعبیر کرنے کے لیے بو (Bow) کا حروف اندازی کا طریقہ اختیار کرینگے۔ موجودہ مثال میں ہم عقدوں پر کے انتصابی بوجھوں کو مساوی ۱ سے لینگے۔ اس طرح ردِ عمل مساوی اور انتصابی ہونگے۔
متکافی شکل شروع کرنے کے لیے ایک انتصابی خط پر طول (۱، ۲) (۲، ۳) وغیرہ قایم کرو جو کسی موزوں پیمانے پر قوتوں کو تعبیر کریں۔ ردِ عمل (۴، ۵) مجموعی بوجھ کے نصف کے مساوی ہوگا اور اس سے نقطہ ۵ حاصل ہوگا جیسا کہ دکھایا گیا ہے۔ قینچی کے بائیں سرے پر تین خطوط ملتے ہیں (۵، ۱) (۱، ۲) (۲، ۵)۔ متکافی شکل میں اس کے متناظر ایک مثلث ہوگا۔ اس لیے (۵، ۱) کے متوازی (۱، ۵) اور (۵، ۲) کے متوازی (۵، ۲) کھینچو۔ ان کے تقاطع سے متکافی شکل کا نقطہ ۲ حاصل ہوگا۔ ۲ سے ۱ب کے متوازی ۲ ب کھینچو، اور ۲ ب کے متوازی ۲ ب کھینچو۔ اس سے نقطہ ب حاصل ہوگا۔ پھر ب ج کے متوازی ب ج اور

۵ ج کے متوازی ۵ ج کھینچو تو نقطہ ج حاصل ہوگا۔ اور علی ہذا۔



شکل ۱۲۴

سادہ چھت تینچیوں کے زور

نقشے کی صحت کی ایک جانچ یہ ہے کہ مستکافی شکل کے آخری نقطہ ع کو نقطہ ۵ سے ملانے والا خط ڈھانچے کی سلاخ ع ۵ کے متوازی آنا چاہیے۔

تب مستکافی شکل کے خطوط کے طول ڈھانچے کی متناظر سلاخوں کے زوروں کو اس پیمانے پر تعبیر کرینگے جس پر بوجھ کا خط کھینچا گیا تھا۔

بندھنوں اور داب روکوں میں تمیز کرنا ـــــ ڈھانچے کے کون سے ارکان بندھن ہیں اور کون سے داب روک، یہ معلوم کرنے کے لیے

ذیل کا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے اور یہ ہر قسم کے لداؤ کے لیے کارآمد ہے۔

قینچی کے کسی ایک عقدے پر غور کرو جس پر ایک قوت کی سمت معلوم ہو مثلاً عقدہ ۷ لو۔ اس کے متناظر متکافی شکل میں کثیر الاضلاع ۱۲ ب ۱ ۷ ہے۔ قوت ۱۲ کی سمت معلوم ہے کہ انتصاباً نیچے ہے۔ اس لیے کثیر الاضلاع ۱۲ ب ۱ ۷ کے گرد تیر کے سرے کو اسی سمت سے شروع کر کے چلاؤ۔ پھر تیر کی ان سمتوں کو زیر غور عقدے پر ملنے والی متناظر سلاخوں پر لگاؤ۔ تب جس سلاخ کا تیر کا سر عقدے کی طرف ہو وہ سلاخ داب روک ہے، اور جس کا عقدے سے باہر کی طرف رہبری کرے وہ بندھن ہے۔ اس طرح عمل کرنے سے پایا جائیگا کہ تینوں سلاخیں ۱۱، ۱ ب اور ب ۲ داب روک ہیں۔

اب عقدہ ما پر غور کرو۔ اس کے متناظر کثیر الاضلاع ۵ ا ب ج ۵ ہے۔ چونکہ ۱ ب داب روک ہے اس لیے اس کا ما کے پاس کا تیر کا سر ما کی طرف ہوگا۔ اس طرح تیر کی سمت کثیر الاضلاع کے گرد ا ب، ب ج، ج ۵، ۵ ا ہوگی جیسا کہ دکھایا گیا ہے۔ ان سمتوں کو ڈھانچے کے نقشے پر منتقل کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ تینوں سلاخیں ب ج، ج ۵، ۵ ا بندھن ہیں۔

عملاً اکثر صورتوں میں دیکھ کر ہی کہہ دیا جاتا ہے کہ کوئی سلاخ داب روک ہے یا بندھن اور اس کا قاعدہ یہ ہے:۔ تصور کرو کہ سلاخ کو کہیں سے کاٹ دیا گیا۔ اب اگر قوتوں کا نظام اس کے طول کو بڑھانا چاہے تو سلاخ بندھن ہے اگر گھٹانا چاہے تو داب روک ہے۔


مثال۔ وارن گرڈر اور اس پر غیر متشاکل لداؤ


متکافی اشکال کی ایک اور مثال کے طور پر وارن گرڈر لو جس پر لداؤ شکل ۱۲۵ کے مطابق ہے۔

متکافی شکل کھینچنے سے پہلے ردِ عمل معلوم کرنا ضروری ہے۔ ان ردِ عملوں کو معیاروں کے معمولی طریقے سے معلوم کیا جائے تو علی الترتیب بائیں اور دائیں سروں پر ۷٫۵، ۴ اور ۵٫۲۵ ٹن حاصل ہوتے ہیں۔ قوت کا ایک موزوں پیمانہ

لے کر ۱، ۲ اور ۲، ۳ قایم کرو جو علی الترتیب ۲ اور ۵ ٹن کو تعبیر کریں۔ پھر ۳، ۴ قایم کرو جو ردِّ عمل ۵٫۲۵ ٹن کو تعبیر کرے۔ پھر (۴، ۵) (۵، ۶) اور (۶، ۷) قایم کرو جن میں سے ہر ایک اٹن کو تعبیر کرے۔ صحت کی جانچ یہ ہوگی کہ ۷، ۱ سے ردِّ عمل ۴٫۷۵ ٹن حاصل ہونا چاہیے۔ اب حسب سابق عمل کرو یعنی ۱ ا کے متوازی ا ل اور ۱، ۱ کے متوازی ۷، ل کھینچو۔ پھر ا ب اور ا ب کے متوازی ل ب اور ا ب کھینچو۔ اور علی ہذا۔ اس طرح وہ متکافی شکل حاصل ہوگی جو دکھائی گئی ہے۔ ل ۳ جو حاصل ہوگا وہ ل ۳ کے متوازی ہوگا اور یہ صحت کی ایک جانچ ہے۔

بعض پیچیدہ ڈھانچوں میں جانچ کا اخیر خط صحیح حاصل کرنے میں دقت ہوتی ہے۔ ان صورتوں میں بہتر یہ ہے کہ متکافی شکل کو ڈھانچے کے دونوں سروں سے شروع کیا جائے۔ اس طرح غلطی بہت بڑی حد تک کم ہو جاتی ہے۔






شکل ۱۲۵۔ وارن گرڈر نامساوی طور پر لدا ہوا

متکافی اشکال کے مشکل پیش کرنے والے نقاط ـــــ بعض

صورتوں میں یہ پایا جائیگا کہ کسی ڈھانچے کے لیے متکافی شکل کھینچنا شروع کریں تو ایک خاص نقطے پر پہنچ کر پھر آگے نہیں بڑھ سکتے۔ اگر دوسرے سرے سے کھینچنا شروع کریں تو اُدھر سے بھی ایک خاص نقطے سے آگے نہیں بڑھ سکینگے۔ یہ اُس وقت واقع ہوتا ہے جب کہ ایک ایسا نقطہ آجائے جہاں دو سے زیادہ سلاخوں کا زور نامعلوم ہو۔



شکل ۱۲۶۔ فرانسیسی چھت قینچی کے زور

اس کی بہت عام مثال فرانسیسی قینچی ہے جو شکل ۱۲۶ میں دکھائی گئی ہے آسانی کے لیے ہم لداؤ کو یکساں مانینگے اگرچہ کہ اِس مسئلے کے لیے یہ ضروری نہیں معلوم ہوگا کہ جب متکافی شکل کا نقطہ ج آئیگا تو اِس سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔

اس مشکل کو ذیل کے طریقوں میں سے کسی طریقہ سے حل کیا جا سکتا ہے:

(۱) ہ گ کا زور معیاروں کے طریقے سے معلوم کیا جائے، پھر متکافی شکل میں نقطہ گ سے واپس چلیں۔

جیسا کہ آگے چل کر دکھایا جائیگا معیاروں کے طریقہ سے ہ گ کا زور $\frac{م}{ھ}$ ہوگا جہاں م قوتوں کی وجہ سے فصل کے مرکز پر خماؤ کا معیار ہے اور ھ سلاخ ہ گ سے مگری تک کی بلندی ہے۔ اب متکافی شکل پر ہ گ قایم کرو جو اس قوت کو اختیار کردہ پیمانے پر تعبیر کرے۔ پھر گ سے اُلٹے چلنے سے نقاط ف، ع، د حاصل ہونگے۔

(۲) بار[1] کا طریقہ جو یہ ہے کہ وتری سلاخوں د ع اور ع ف کی بجائے صرف ایک سلاخ ے ف رکھی جائے۔ اب متکافی شکل کو جاری رکھ کر نقاط ی، ف اور گ حاصل کر سکتے ہیں۔ اب وتری سلاخیں د ع اور ع ف پھر لگا دو۔ اور نقطہ ف سے واپس چلو تو متکافی شکل پر نقاط د اور ع حاصل ہونگے۔

باقی نصف شکل بالکل اُسی طرح کھینچی جا سکتی ہے۔ اس لیے دکھائی نہیں گئی۔


یہ پایا جائیگا کہ یکساں لداؤ کے لیے خطوط ا ب اور ع ف ایک ہی خطِ مستقیم میں واقع ہوتے ہیں۔ اِس لیے نقطہ ف اِس طرح معلوم ہو سکتا تھا۔ لیکن یاد رہے کہ بے قاعدہ لداؤ کی صورت میں یہ درست نہیں۔

مختلف صورتوں کے لیے متکافی اشکال — اشکال ۱۲۷ تا ۱۳۲


میں مختلف قسم کے ڈھانچوں کی متکافی اشکال دی گئی ہیں۔


طلبہ مشق بڑھانے اور اس عمل سے مانوس ہو جانے کے لیے ان کو کھینچ لیں تو اچھا ہے۔

[1] Barr's method




پریٹ قینچی







"ن" یا لینولِ گرڈر



شکل ۱۲۷ - پریٹ اور "ن" قینچیاں


Pratt ~






شکل ۱۲۸


اسٹیشن چھت قینچی



شکل ۱۲۹ ۔ کمان چلہ گرڈر نصف فصل پر زندہ بوجھ




شکل ۱۳۰ ۔ خوک پشت "ن" گرڈر



شکل ۱۳۱

ہلالی چھت قینچی



شکل ۱۳۲

قینچی جس کے دونوں حصے کیل سے جڑے ہوئے ہیں۔

شکل ۱۳۲ کی قینچی کے لیے یہ عمل کیا جائیگا:—

پہلے فصل کے ایک نصف پر کی قوتوں پر غور کرو۔ ان کو بجیاں منقسم مانا جائے تو یہ شکل کے مطابق ہونگی۔ اب چونکہ ب اور ج پر کیل وار جوڑ ہیں اس لیے ردِّ عمل ی کو ب اور ج دونوں میں سے گزرنا چاہیے کیونکہ دائیں طرف یہی ایک قوت ہے اس لیے ب ج کو ملاؤ اور خارج کر کے حاصل قوت و سے ملنے دو۔ اس نقطۂ تقاطع لا کو ا سے ملاؤ تو سہ کی سمت بھی حاصل ہو جائیگی اور اب متکافی شکل کھینچ لی جا سکتی ہے۔ پیچیدگی سے بچنے کے لیے قینچی کے دونوں حصوں کے لیے متکافی شکلیں علٰحدہ دکھائی گئی ہیں۔ دوسری جانب کی قوتوں کے لیے بھی زور اسی طرح حاصل ہو سکتے ہیں۔ اس کے بعد زوروں کو جمع کر دیا جائیگا۔

چھت قینچیوں پر ہوا کے دباؤ کے لیے متکافی اشکال۔

(اس سلسلے میں ضمیمہ صفحہ بھی دیکھو)۔ جن چھت قینچیوں کا فصل ۶۰ فٹ سے زیادہ ہو اُن کی تجویز میں یہ ضروری ہے کہ دونوں طرف کی ہواؤں سے پیدا ہونے والے زور معلوم کیے جائیں۔ اِس میں سب میں بڑی دِقت ردِّ عملوں کی مقدار اور سمت کا تعین ہے۔ اِن ردِّ عملوں کو معلوم کرنے کے بڑے طریقے تین ہیں:—

(۱) قینچی کے ایک سرے کو ثابت اور دوسرے کو پھرکیوں پر یا "آزاد" سمجھا جائے۔ آزاد سرے پر ردِّ عمل انتصابی ہوگا۔

(۲) ایک سرے کو ثابت اور دوسرے کو ایک دھاتی تختی پر ٹکا ہوا سمجھا جائے۔ تب اس سرے پر ردِّ عمل انتصابی سمت سے دھات پر دھات کی رگڑ کا زاویہ بنائیگا (جو تقریباً ۸° ہے)۔

(۳) دونوں سروں کو ثابت اور دونوں ردِّ عملوں کو ہوا کے حاصل دباؤ کے متوازی سمجھا جائے۔


اگرچہ بعض صورتوں میں قینچی کے ایک سرے پر پھرکیاں لگائی جاتی ہیں اور اس سے زیادہ صورتوں میں یہ کہا جاتا ہے کہ بولٹ شگاف دار سوراخوں میں

رکھے جاتے ہیں تاکہ اس میں حرکت کر سکیں لیکن عام طور پر ایسا کوئی انتظام نہیں رہتا اس لیے بادی النظر میں یہ خیال پیدا ہوگا کہ جن صورتوں میں ایسا انتظام نہ ہو ان میں تیسرا طریقہ سب میں زیادہ قابل اطمینان ہوگا لیکن بعض لوگ ان صورتوں میں بھی پہلے ہی طریقہ کو ترجیح دیتے ہیں کیونکہ اگر دونوں سرے ثابت ہوں تو بھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ دونوں سرے ہوا کی مساوی مزاحمت کرینگے۔ اور زور اکثر صورتوں میں پہلے طریقے میں شدید ترین ہوتے ہیں۔ کیونکہ پہلے طریقے میں فرض کیا جاتا ہے کہ افقی قوتوں کی ساری مزاحمت صرف ایک سرے یا سہارا دیوار یا ستون پر عمل میں آتی ہے، اور تیسرا طریقہ فرض کرتا ہے کہ دونوں سرے مساوی مزاحمت کرتے ہیں۔

کون سا مفروضہ اختیار کیا جائے اس کا تصفیہ کر لینے کے بعد حسب ذیل عمل کیا جاتا ہے:

پہلے سیدھی کڑی والی چھت کی صورت پر غور کرو۔ شکل ۱۳۳ میں اس کی ایک سادہ صورت دکھائی گئی ہے۔ ہم فرض کرینگے کہ سرا ا ثابت ہے اور ب آزاد ہے اور ہوا ثابت سرے کی طرف سے چل رہی ہے۔ انتصابی سطح کے فی مربع فٹ ہوا کا کیا دباؤ لیا جائے اس کا تصفیہ کرنے کے بعد زاویہ طہ پر مائل سطح کے لیے دباؤ صفحہ ۶۴ کی جدول سے معلوم کیا جائیگا۔ ہوا کے زیر عمل سطح کے رقبے (یعنی کڑی کا طول × قینچیوں یا صدر کڑیوں کا درمیانی فاصلہ) کو دباؤ سے ضرب دینے سے ہوا کا مجموعی دباؤ د حاصل ہوگا جو کڑی کے علی القوائم اس کے مرکز پر عمل کرتا ہے۔

اب چونکہ سرا ب آزاد ہے، اس لیے اس سرے پر ردّ عمل ر انتصابی ہوگا اس لیے ہوا کے حاصل دباؤ د کو خارج کر کے ب میں کے انتصابی خط سے ج پر ملنے دو۔ تعمیر پر صرف تین قوتیں ہیں ہوا کا دباؤ د اور دونوں ردّ عمل ر اور ر، اور چونکہ تین قوتوں کو جو تعادل میں ہوں ایک نقطے پر ملنا چاہیے اس لیے ر کو بھی ج میں سے گزرنا چاہیے۔ اس طرح ا ج سے ر کی سمت حاصل ہوگی۔



شکل ۱۳۳

چھت تینچوں پر ہوا کا دباؤ

ہوا کے دباؤ کو یکساں بوجھ سمجھا جاتا ہے اس لیے کڑی کے عقدوں پر اس کی تقسیم ویسی ہوگی جیسی کہ شکل میں دکھائی گئی ہے۔ اب ہم متکافی شکل کھینچ سکتے ہیں۔ ہوا کے دباؤ کے متوازی ایک خط ۱، ۵ پر طول (۱، ۲) (۲، ۳) وغیرہ قایم کرو جو ہر ایک عقدے پر کے دباؤ کو بتعبیر کریں (۵، ۵ھ) انتصابی کھینچو اور (۱، ۵ھ) ہا کے متوازی۔ اِس سے نقطہ ۵ھ حاصل ہوگا۔ اب ۵ھ ع کو ۵ھ ع کے اور ۲ ع کو ۲ ع کے متوازی کھینچو، اور علیٰ ہذا۔ شکل کھینچنے کے بعد معلوم ہوگا کہ متکافی شکل کے نقاط جا، ک، ل، م، ن، ط ایک دوسرے پر منطبق ہوتے ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کئی سلاخوں میں زور صفر ہے۔

اب ہوا کو دوسری جانب سے چلتا ہوا لو۔ شکل ۱۳۴ میں یہ صورت دکھائی گئی ہے۔ نقطہ ج اِس صورت میں نقطہ ب سے اُوپر واقع ہوتا ہے۔ متکافی شکل کی ساخت شکل کو دیکھنے سے سمجھ میں آجائیگی۔


مُردہ بوجھ کے اور ہوا کے زوروں کو ملانا ــــ مردہ بوجھ سے اور دونوں طرف کی ہوا سے پیدا ہونے والے زور جب معلوم ہو جائیں (نوٹ ہوا کو ایک بار اِدھر اور ایک بار اُدھر لینے کی بجائے یہ کیا جاسکتا ہے کہ ایک بار اِس سرے اور ایک بار اُس سرے کو ثابت سمجھا جائے) تو اب اِن زوروں کو ملانا ہوگا۔ اس کے لیے ان کو ذیل کی جیسی ایک جدول میں ترتیب دو۔


رُکن	زور (ٹن)				
	مُردہ بوجھ	ہوا دائیں طرف سے	ہوا بائیں طرف سے	اعظم زور	تغیر
ر س	+ ۲٫۳۵	+ ۳٫۳	− ۳٫۰۵	۵٫۶۵	۶٫۳۵

اگر تغیر کی رعایت کے لیے مُعادل مُردہ بوجھ والا طریقہ اختیار کیا جائے

(دیکھو صفحہ ۵۷) تو اس جدول میں معادل مردہ بوجھ کے ایک کالم کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

اِس طریقے سے زور کی ممکنہ وسعت حاصل ہوتی ہے کیونکہ ایک بار پُورا اُفقی دباؤ صرف ایک سرے پر اور دوسری بار صرف دوسرے پر مانا جاتا ہے۔ اِس طرح یہ طریقہ اُس طریقے سے برتر ہے جس میں دونوں سروں کی مزاحمت مساوی فرض کی جاتی ہے۔





شکل ۱۳۴۔ چھت قینچی پر ہوا کا دباؤ

دونوں سروں پر ثابت چھت قینچی ـــــ صورت (۳)


صفحہ ۴۱۱ کے لیے چھت قینچی کے لیے متکافی شکل آسانی سے ذیل کے طریقے سے حاصل ہوسکتی ہے :-


فرض کرو کہ ہوا کی حاصل قوت و (شکل ۱۳۴ ا) ا ب کو عہ پر قطع کرتی ہے - ہوا کی قوتوں کو ایک سمتی خط ۱ ۲ ..... ۵ پر قایم کرو اور اس کو ہَ پر اس طرح تقسیم کرو کہ

$$\frac{\text{ا، ہَ}}{\text{ہَ، ۵}} = \frac{\text{عہ}}{\text{ب ۲ عہ}}$$

تب ب ۵، ہَ = ب

اور ا، ہَ = ۱ ب






شکل ۱۳۴ ا - ہوا کے زور ـــــ ردِّ عمل متوازی

نقطہ ہ معلوم ہو جانے کے بعد زور نقشہ بغیر کسی دِقّت کے حاصل ہو جاتا ہے اور دی ہوئی شکل سے سمجھ میں آجائیگا۔

چھت قینچی چوسس دباؤ کے ساتھ ـــــ شکل (۱۳۴ ب) میں

ہوا کی قوتوں کا نقشہ اسٹینٹن (stanton) کے تجربات صفحہ ۶۴ کے مطابق بنایا گیا ہے۔ ہوا کی یہ قوتیں ایک سمتی خط ۱، ۲ .... ۵، ۶ ... ۹ پر قائم کی گئی ہیں



شکل ۱۳۴ ب۔ چھتوں پر ہوا کا دباؤ (اسٹینٹن کے تجربات)

اور ہوا کی دونوں طرف کی قوتوں د۱ اور د۲ کے نقطۂ تقاطع ہ میں سے قوت کے حاصل ۱، ۹ کے متوازی ایک خط کھینچا گیا ہے جو انتصابی ردِّ عمل ب کو نقطہ ج پر ملتا ہے۔ تب ا کے ردِّ عمل ب کی سمت ج ا ہوگی۔ اب سمتی شکل پر نقاط ۹

اور ا میں سے علی الترتیب ب اور ہ کے متوازی خط کھینچے جائیں تو نقطہ ک حاصل ہوگا اور منکافی شکل آسانی سے کھینچ سکیگی۔ شکل ۱۳۳ کے ساتھ مقابلہ کرنے سے معلوم ہوگا کہ چوس دباؤ کی رعایت رکھی جائے تو ارکان کے زور کس قدر بدل جاتے ہیں۔

مُردہ بوجھ اور ہوا کے لیے متحدہ زور نقشے ـــــ اگر چاہیں تو

مردہ بوجھ اور ہوا دونوں کے لیے ایک متحدہ منکافی شکل کھینچ سکتے ہیں۔ اِس طریقہ سے اعظم زور اور ان کا تغیر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس طرح کے دو متحدہ نقشے کھینچے جائیں ایک اِس طرف کی ہوا کے لیے اور ایک اُس طرف کی ہوا کے لیے۔ لیکن اکثر یہ پایا جائیگا کہ ان دو نقشوں کا کھینچنا اُن تین علٰحدہ نقشوں کے (یعنی ایک مردہ بوجھ کا اور دو ہوا کے) کھینچنے سے زیادہ تکلیف دہ ہے۔


شکل ۱۳۵ میں اِس طرح ایک متحدہ نقشے کی مثال دی گئی ہے۔

پہلے ہر ایک عقدے کے لیے مردہ بوجھ اور ہوا کے بوجھ کا حاصل معلوم کیا جاتا ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ پہلے ردِّ عمل معلوم کرنا ہوتا ہے اور اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ حسب ذیل طریقہ پر ریسمانی اور کثیر الاضلاع کھینچے جائیں: بوجھوں کو ایک سمتی خط ط، ۱، ۲، ۳، ... ص پر قایم کرو اور کوئی قطب ق لو۔ جس جانب منکافی شکل آنے والی ہے قطب اُس جانب نہیں بلکہ دوسری جانب ہو تو بہتر ہے۔ اب ثابت سرے ط سے شروع کر کے اور ریسمانی کثیر الاضلاع کے پہلے ضلع کو ق ا کے متوازی کھینچ کر ریسمانی کثیر الاضلاع ط ا ب ج د ع ف کھینچو۔ ط ف کو ط، اور ق ۱۵ اِس کے متوازی کھینچو جو ص میں کے انتصابی خط سے ۱۵ پر ملے۔ تب ص ۱۵ سے ص پر کا ردِّ عمل ہ، اور ۱۵ ط سے ط پر کا ردِّ عمل ہ ط سمت اور مقدار میں حاصل ہوگا ایک تبادل طریقہ جو اتنا آسان نہیں یہ ہے کہ ریسمانی اور سمتی کثیر الاضلاعوں کے ذریعے تمام قوتوں کا حاصل معلوم کیا جائے (اس کے لیے ضروری نہیں کہ ریسمانی کثیر الاضلاع کو ط سے شروع کیا جائے) اور حاصل کو خارج کر کے

انتصابی ردِّ عمل سے ملنے دیا جائے جیسا کہ گزشتہ صورتوں میں کیا گیا ہے اور اس طرح ر کی سمت حاصل کی جائے۔ اب منتکافی شکل بغیر کسی دقت کے کھینچ جائیگی۔ منتکافی کے ۱۵، ۱۴ کو ڈھانچے کے ۱۵، ۱۴ کے اور ۱، ۱۴ کو ۱، ۱۴ کے متوازی کھینچا گیا ہے۔ اس سے نقطہ ۱۴ حاصل ہوگا۔ اور علیٰ ہذا۔ منتکافی شکل شکل ۱۳۵ میں دکھائی گئی ہے اور اس میں یہ بھی دکھایا گیا ہے کہ عقدہ (۲، ۳، ۱۰، ۱۲، ۱۳) کی سلاخوں کے لیے بندھن یا داب روک ہونے کا تصفیہ کس طرح کیا جائیگا۔


خمدار کڑی کی چھت پر ہوا کا دباؤ

یہ صورت گزشتہ صورتوں سے زیادہ پیچیدہ ہے کیونکہ ڈھال کے مطابق ہوا کے دباؤ کی مختلف حدتیں ہونگی۔ اس طرح کی صورت کس طرح حل کی جاتی ہے یہ شکل ۱۳۶ پر غور کرنے سے واضح ہوگا۔ اس چھت قینچی کا فصل ۵۰ فٹ اور ارتفاع ۸ فٹ ہے۔ عقدے دائروں کی قوسوں پر واقع ہیں قینچی کی گہرائی ۸ فٹ ہے۔ سرا لا ثابت ہے اور سرا آزاد ہے اور ہوا ثابت سرے کی طرف سے چل رہی ہے۔ خانہ ۲ ا، ۳ ب، ۴ د کے میلان ناپنے سے علی الترتیب ۵۵°، ۳۰° اور ۱۹° پائے جاتے ہیں۔ انتصابی سطح پر دباؤ ۵۶ پونڈ فی مربع فٹ اختیار کریں تو ان سلاخوں پر دباؤ (جدولوں یا مخنیوں کے ذریعے) ۴۹، ۲۹، اور ۲۳ پونڈ فی مربع فٹ ہونگے۔ ان دباؤں کو ہر ایک خانے کے رقبے یعنی خانے کا طول × صدر کڑیوں کے درمیان فاصلے سے ضرب دیں تو ان خانوں پر علی الترتیب قوت ۲، ۵۸، ۱، اور ۴، ۹ ٹن حاصل ہوگی ان قوتوں کو ہر ایک خانے کے سروں پر مساوی تقسیم کرنے سے قینچی پر ہوا کی قوتیں حاصل ہونگی۔ اب ان قوتوں کو ایک سمتی خط پر قایم کرو یعنی ۲۱ = ۲۲ = ۳۳ = ۳۳ = ۷۹، ٹن، ۳۴ = ۵۴ = ۴۷ ٹن۔ تب (۲، ۳) کو اور (۳، ۴) کو ملانے سے ڈھانچے پر حاصل قوتیں ۲، ۳ اور ۳، ۴ حاصل ہونگی۔ ردِّ عملوں کی قیمت معلوم کرنے کے لیے عقدوں میں سے اُن پر کی حاصل قوتوں کے متوازی خطوط کھینچو اور کوئی قطب ط لو۔ پھر حسب سابق لا سے شروع کرکے ریسمانی کثیر الاضلاع لا م ن ط ص کھینچو جس کا پہلا ضلع ط ۲ کے متوازی ہو اور ط میں سے



چھتوں پر مردہ بوجھ اور ہوا کا دباؤ


ڈھانچہ نقشہ



چھت پر مردہ بوجھ اور ہوا کا دباؤ

سمتی اور مکانی نقشے

شکل ۱۳۵




شکل ۱۳۶

خمدار چھت قینچی پر ہوا کا دباؤ

ا ص کے متوازی ایک خط کھینچو جو ۵ میں کے انتصابی سے ۶ پر ملے۔ تب ۶۵ = س۱ اور ۱۶ = س۲ نقطہ ۶ کے حاصل ہوجانے کے بعد رو کا نقشہ آسانی کے ساتھ کھینچ لیا جاسکتا ہے لیکن اس کا بڑا خیال رہے کہ ۱۲ جیسے لمبے خطوط اپنی متناظر چھوٹی سلاخوں کے بالکل متوازی ہوں۔ بعض صورتوں میں جب کہ کام اہم ہو مناسب ہے کہ ایسی سلاخوں کے میلان محسوب کیے جائیں تاکہ ان کے بالکل متوازی خطوط کھینچے جاسکیں۔

ڈھانچوں کا لداؤ۔ مقامی خماؤ


ڈھانچے کے زور معلوم کرنے کا جو طریقہ دیا گیا ہے وہ اس مفروضے پر مبنی ہے کہ بوجھ صرف عقدوں پر پڑتا ہے اور کوئی مقامی خماؤ نہیں پیدا ہوتا۔ اگر کسی صورت میں کسی رکن کے اوپر عقدوں کے درمیان بوجھ پڑے تو اس رکن پر خماؤ کا معیار ہوگا اور اس رکن کو ایک شہتیر سمجھنا ہوگا۔ اس بوجھ کی وجہ سے دونوں سروں کے عقدوں پر جو ردِّ عمل ہونگے اُن کو عقدوں پر کا بوجھ سمجھ کر متکافی شکل حاصل کی جائیگی۔



شکل ۱۳۶ ا۔ ڈھانچوں میں مقامی خماؤ

فرض کرو کہ اب شکل ۱۳۶ کسی ڈھانچے کا ایک رکن ہے اور فرض کرو کہ ا اور ب کے درمیان نقطۂ ج پر ایک بوجھ ق عمل کرتا ہے۔ تب ا اور ب کے درمیان ایک خماؤ کا معیار عمل کریگا جس کی مقدار اس طرح آسانی سے حاصل ہوجائیگی کہ افقی اساس اب پر ظل لیا جائے۔ اعظم خماؤ کا معیار $\frac{ق\,ا\,ب}{ل}$ ہوگا۔ پھر اس کا انتصابی ظل لے کر نقشے کو اساس اب پر قایم کیا جاسکتا ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ اب کو شہتیر سمجھنے سے ا اور ب پر ردِّ عمل علی الترتیب $\frac{ق\,ب}{ل}$ اور $\frac{ق\,ا}{ل}$ ہونگے۔ اس لیے عقدوں ا اور ب پر ان کے مساوی بوجھ ق ا اور ق ب لگاؤ۔ اور ق کی بجائے ق ا اور ق ب شمار کر کے مکانی شکل حاصل کرو۔ ذیل کی عملی مثال سے اس کی وضاحت ہوجائیگی۔

ایک آری دانت چھت قینچی کا جی شکل ۱۳۷ میں دکھائی گئی ہے فصل ۲۰ فٹ ہے، اور اس پر ایک یکساں بوجھ ۴۰ پونڈ فی مربع فٹ زمینی خاکہ کے حساب سے ہے۔ صدر کڑیاں ۱۰ فٹ کے فاصلوں سے ہیں۔ دُھرے بندھنوں کے اوپر رکھے گئے ہیں۔ ان کا محل شکل میں دکھایا گیا ہے۔ ان کا بوجھ ۱۰ ہنڈرڈویٹ فی قینچی ہے۔ زور نقشہ کھینچو اور اگر بندھن $۳\frac{۱}{۲}'' \times ۲\frac{۱}{۲}'' \times \frac{۱}{۲}''$ کے دو زاویوں پر مشتمل ہوں جن کے $\frac{۳}{۴}''$ کے فصل سے رکھے گئے ہوں اور ان کا چھوٹا بازو افقی ہو اور نیچے ہو تو بندھنوں میں اعظم زور معلوم کرو۔



شکل ۱۳۷

آری دانت چھت قینچی اور مقامی خماؤ

ڈھروں کو چھوڑ کر بوجھ فی قینچی = ۴۰ × ۱۰ × ۲۰ = ۸۰۰۰ پونڈ۔ اس کی تقسیم کڑیوں پر حسب ذیل ہوگی :- سلاخ ۱۲ پر ۵ × ۱۰ × ۴۰ = ۲۰۰۰ پونڈ یعنی اس سلاخ کے ہر ایک عقدے پر ۱۰۰۰ پونڈ۔ سلاخ ۳ ب پر ۱۰ × ۵ر۷ × ۴۰ = ۳۰۰۰ پونڈ جس کا نصف ہر ایک سرے پر ہوگا۔ اس طرح عقدہ ۲ ا ب ۳ پر بوجھ ۲ ا سے ۱۰۰۰ اور ۳ ب سے ۱۵۰۰ = کل ۲۵۰۰، اب سلاخ ۱ ۸ پر ۱۰ ہنڈرڈ ویٹ کا جو بوجھ ہے اس سے خاؤ کے معیار کا نقشہ شکل کے مطابق پیدا ہوگا۔ اس سے سروں پر ردِّ عمل تقریباً ۵۰ر۷ اور ۳۷۰ پونڈ ہونگے۔ اس طرح مجموعی قوت ۱ر۲ = ۱۰۰۰ + ۷۵۰ = ۱۷۵۰ پونڈ۔ سلاخ د ۶ پر کے بوجھ سے خاؤ کے معیار کا نقشہ شکل کے مطابق ہوگا اور اس سے دونوں سروں پر ردِّ عمل ۵۶۰ پونڈ ہونگے۔ قینچی کے دونوں سروں پر کے ردِّ عمل مجموعی بوجھ کے نصف یعنی ½ (۸۰۰۰ + ۲۲۴۰) = ۵۱۲۰ پونڈ ہونگے۔ اب ان بوجھوں کو اس طرح قایم کرو جس طرح شکل میں دکھایا گیا ہے اور منکافی نقشہ کھینچو۔ اس نقشے سے ناپنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سلاخوں ۱ ۸ اور د ۶ کے زور علی الترتیب ۱۹۵۰ پونڈ اور ۵۲۵۰ پونڈ ہیں۔

نوٹ۔ ہم نے اس عمل میں فرض کیا ہے کہ بندھن کے تین حصے ہیں جن کے سروں پر کیل دار جوڑ ہیں۔ اگرچہ عملاً غالباً ایسا نہیں ہوگا۔

سلاخوں میں زور معلوم کرنے کے لیے جدولوں کو استعمال کرو۔ ہماری سابقہ ترقیم اختیار کرنے سے

$$\text{آ} = ۲ \times ۳ر۲۰ = ۶ر۴۰$$

$$\text{ب} = ۲ \times ۲ر۷۵۲ = ۵ر۵۰$$

$$\text{ق}_{\text{ت}} = ۱ر۲۰،\ \text{ق}_{\text{ف}} = ۲ر۳۰$$

$$\therefore \text{مق}_{\text{ت}} = \frac{۶ر۴۰}{۱ر۲} = ۵ر۳۳$$

$$\text{مق}_{\text{ف}} = \frac{۶ر۴۰}{۲ر۳} = ۲ر۸۱$$

$$\therefore \text{سلاخ ۱ ۸ میں اعظم تشنجی زور} = \frac{\text{د}}{\text{ب}} + \frac{\text{م}}{\text{مق}_{\text{ت}}}$$


$$= \frac{۱۹۵۰}{۲۲۴۰ \times ۵٫۵۰} + \frac{۱۲}{۵٫۳۸} = ۲٫۴ \quad \text{ٹن فی مربع انچ}$$

$$\text{اعظم فشاری زور} = \frac{\text{م}}{\text{مق}} - \frac{\text{د}}{\text{ب}}$$

$$= \frac{۱۹۵۰}{۲۲۴۰ \times ۵٫۵۰} - \frac{۱۲}{۲٫۸۱} = ۴٫۰۵ \quad \text{ٹن فی مربع انچ}$$


سلاخ د ۶ میں اعظم تنشی زور

$$= \frac{۵۲۵۰}{۲۲۴۰ \times ۵٫۵۰} + \frac{۹}{۵٫۳۸} = ۳٫۰۹ \quad \text{ٹن فی مربع انچ}$$



شکل ۱۳۸

چھت قینچی میں رکبی رباط بندی



شکل ۱۳۸ ا۔ چھت قینچی میں رکبی رباط بندی کے لیے زور کا نقشہ

چھت قینچی میں رُکبی رباط بندی ـــــ چھت قینچی میں ہوا کے

مقابلے میں مزید استواری پیدا کرنے کے لیے اکثر "رُکبی رباط بندی" کی جاتی ہے جو شکل ۱۳۸ میں سلاخوں ا، ا اور ص، ا پر مشتمل ہے۔ چھت کو سنبھالنے والے ستونوں کو ما اور ے پر کیلوں کے ذریعے جڑا ہوا سمجھا جا سکتا ہے۔ اور قینچی کے زور معلوم کرنے کے لیے ہم فرض کرینگے کہ ستونوں کا سہارا اِس طرح کا ہے کہ دونوں مساوی افقی قوت برداشت کر سکتے ہیں۔ اب گزشتہ صورتوں کی طرح کڑی پر ہوا کا حاصل بوجھ معلوم کرو اور پھر بازو کی جانب ہوا کا دباؤ معلوم کرو۔ ان کو خارج کر کے ملنے دو اور ان کا حاصل معلوم کرو۔ اور اِس حاصل کو خارج کر کے ما سے ے پر ملنے دو (شکل ۱۳۸) ۔ تب حاصل ہ، کا اس کے نقطہ وسطی ج میں کے انقطابی پر افقی خل ب د لو اور اس کو لا پر اِس طرح تقسیم کرو کہ $\frac{\text{ب لا}}{\text{د لا}} = \frac{\text{ے ا}}{\text{ما ا}}$ ۔ منکا فی شکل کھینچنے کے لیے پہلے ہم کو مزید رباط فرض کرنا پڑینگے جیسا کہ نقطہ دار خطوط سے دکھائے گئے ہیں۔ اس کے بعد کوئی دِقّت نہیں پیش آئیگی۔ رُکبی رباط اور ستون کے مقامِ اتصال پر ایک خمّاؤ کا معیار ہوگا جس کی مقدار ہ ب × قاعدے سے مقامِ اتصال کا فاصلہ ہوگی۔

اگر ستون سروں پر مضبوطی کے ساتھ ثابت ہوں تو نقاط ما اور ے کو نصف بلندی پر لیا جا سکتا ہے۔


معیاروں یا تراشوں کا طریقہ

(اس کے ساتھ ضمیمہ صفحہ بھی دیکھو)

اِس طریقے کو رِٹّر[1] کا طریقہ بھی کہا جاتا ہے کیونکہ رِٹّر نے اِس میں

[1] Ritter ۔

وسعت پیدا کی اور کئی صورتوں پر اس کا اطلاق دکھایا۔ اُس نے اس سے اپنی کتاب "پُل اور چھتیں" میں تفصیل کے ساتھ بحث کی ہے۔ بعض صورتوں مثلاً متوازی کوروں کے گرڈروں میں یہ اتنا ہی سریع ہے جتنا کہ متکافی شکل والا طریقہ، اور دوسری صورتوں میں متکافی شکل کے طریقے سے بعض سلاخوں کے معلوم کیے ہوئے زوروں کی صحت کی ایک کارآمد جانچ ہے۔ فرض کرو کہ ا ب ج د (شکل ۱۳۹) ایک ڈھانچے کے ایک خانے کو بتصویر کرتا ہے۔ فرض کرو کہ ہم اس کو ایک خط لا لا سے قطع کرتے ہیں۔ اگر سلاخوں کو فی الحقیقت قطع کیا جاتا تو سارا ڈھانچہ بیٹھ جاتا اس لیے لازم آتا ہے کہ ڈھانچے پر خط لا لا کے دائیں یا بائیں طرف جو قوتیں عمل کرتی ہوں اُن کو سلاخوں ا ب، ب د، د ج کی قوتیں تبادل میں رکھتی ہیں۔ اس لیے ان سلاخوں کی قوتوں کا کسی نقطے کے گرد معیار لا لا کے دائیں یا بائیں طرف کی تمام قوتوں کے اس نقطہ کے گرد کے معیار کے مساوی ہونا چاہیے۔



شکل ۱۳۹۔ میناروں کا طریقہ

اس لیے اگر ان تین سلاخوں میں سے کسی دو کے نقطۂ تقاطع کے گرد معیار لیے جائیں تو چونکہ ان دو کی قوتوں کے معیار صفر ہونگے اس لیے باقی سلاخ کی قوت کا معیار دائیں یا بائیں کی بیرونی قوتوں کے معیار کے مساوی ہوگا۔ اس لیے اگر ا ب میں کی قوت مطلوب ہو تو نقطہ د کے گرد معیار لو۔ تب ا ب کی قوت کا د کے گرد معیار

$$= \frac{\text{ز}}{\text{ا ب}} \times \text{ی} = \text{ایک طرف کی بیرونی قوتوں کا معیار د کے گرد}$$
$$= \text{د پر خماؤ کا معیار}$$
$$= \text{م}$$

اسی طرح ج د کی قوت معلوم کرنے کے لیے ب کے گرد معیار لو۔ تب

$$\frac{\text{ز}}{\text{د ج}} \times \text{لا} = \text{م}_{\text{ب}}$$

اور ب د کی قوت کے لیے ع کے گرد معیار لو جہاں کہ ب ا اور ج د خارج ہو کر ملتے ہیں۔ تب

$$\frac{\text{ز}}{\text{ب د}} \times \text{ما} = \text{ع ع کے دائیں یا بائیں طرف کی بیرونی قوتوں کا}$$

معیار ع کے گرد۔


اس اخیر صورت میں ہم ع پر خماؤ کا معیار نہیں کہہ سکتے کیونکہ اس میں ع اور ع ع کے درمیان کی قوتوں کے معیاروں کا فرق پڑ جائیگا۔

ایک آسان مثال کے طور پر شکل ۱۴۰ کی چھت قینچی لو۔ اس طریقے میں لو کی ترقیم سے زیادہ اس میں آسانی ہے کہ عقدوں پر حرف لگائے جائیں۔ پہلے سلاخ ا ب لو۔ اگر اس کو کاٹا جائے تو ڈھانچہ بیٹھ جائیگا اور سلاخ ا جا باقی قینچی کی اضافت سے نقطہ جا کے گرد گھومیگی۔

∴ ا ب کی قوت × جا سے فاصلہ = سلاخ ا ب کے بائیں طرف کی قوتوں کا معیار جا کے گرد۔

یعنی $\frac{\text{ز}}{\text{ا ب}} \times ۵ = \text{م}_{\text{ا}} = ۱۳٫۳۳ \times ۳ = ۱۳٫۳۳$

$$\therefore \quad \text{ز}_{\text{اب}} = \frac{۱۳٫۳۳ \times ۳}{۵} = ۸ \text{ ٹن}$$



شکل ۱۴۰

معیاروں کے طریقہ پر مثال

یہ ظاہر ہے کہ اگر اب کو کاٹا جائے تو سرے ا، ب قریب آئینگے اس لیے اب داب روک ہے۔

اب سلاخ اجا لو۔ اگر اس کو کاٹا جائے تو ڈھانچہ بیٹھ جائیگا، اور سلاخ اب نقطہ ب کے گرد گھومیگی۔

∴ اجا کی قوت × ب سے فاصلہ = بائیں طرف کی قوتوں کا معیار ب کے گرد

$$\therefore \quad \text{ز}_{\text{اجا}} \times ۲٫۸ = ۳ \times ۶٫۶۷$$

$$\therefore \quad \text{ز}_{\text{اجا}} = \frac{۳ \times ۶٫۶۷}{۲٫۸} = ۱۱٫۷ \text{ ٹن}$$

ظاہر ہے کہ اجا کاٹنے سے کھُل جائیگا اس لیے بندھن ہے۔

اب سلاخ جاھ لو۔ اگر یہ کاٹی جائے تو ڈھانچہ نقطہ د کے گرد بیٹھیگا۔ اس لیے گزشتہ کی طرح استدلال کرنے سے

$$\text{زجاھ} \times ۹٫۵ = ۲۰\times۳ - ۱۲٫۱۲\times۱۳٫۳۳ - ۱۲٫۱۲\times۶٫۶۷$$

$$= ۳۶$$

$$\therefore \text{زجاھ} = \frac{۳۶}{۹٫۵} = ۳٫۶۸ \text{ ٹن}$$


آخر میں سلاخ جاد لو۔ عام صورت کی طرح کوئی تراش مثلاً لا لو۔ اب چونکہ جاھ کا زور معلوم ہے اس لیے ضرور نہیں کہ معیار کے لیے ج د اور جاھ کا نقطہ تقاطع ہی لیا جائے۔ ع د پر کوئی نقطہ لیا جا سکتا ہے مثلاً نقطہ ج لینے سے

$$\text{زجاد} \times ۳٫۲۵ + \text{زجاھ} \times ۵٫۷۵ = ۳\times۳۳٫۱۲ - ۱۲٫۱۲\times۶٫۶۷$$

یا

$$\text{زجاد} \times ۳٫۲۵ + ۳٫۶۸\times۵٫۷۵ = ۳۲$$

$$\text{زجاد} = \frac{۱۰٫۸۴}{۳٫۲۵} = ۳٫۳۳ \text{ ٹن}$$



شکل ۱۴۱

میاروں کا طریقہ خاؤ کے میار کے نقشہ کے استعمال سے

تراشوں کے طریقے میں انتصابی ارکان ـــــ اگر کسی ڈھانچے

میں تراشوں کے طریقے سے کسی انتصابی رکن کا زور مطلوب ہو تو صرف یہ کرو کہ اس کو خفیف سا ترچھا تصور کرو۔ مثلاً اگر ا د (شکل ۱۳۹) کا زور مطلوب ہے تو اس کو خفیف سا ترچھا فرض کرو۔ تب چونکہ باقی دو سلاخیں دگ اور ب ا نقطہ ع پر ملتی ہیں اس لیے

ز × ز = دی ہوئی تراش کے دائیں یا بائیں طرف کی
ا د قوتوں کا معیار ع کے گرد

تراشوں کے طریقے کا اطلاق ترسیمی ساخت پر ـــــ

فرض کرو کہ ا ک گ (شکل ۱۴۱) ایک قطبی یا کوئی اور ڈھانچہ ہے جو کسی طرح لدا ہوا ہے اور فرض کرو کہ ایک قطبی فاصلہ ق لے کر اور ڈھانچے کو سادہ شہتیر سمجھ کر دیے ہوئے لداؤ کے لیے خاکہ کے معیار کا نقشہ ا ب ج د ع ف گ حاصل ہوتا ہے۔ تب جیسا کہ پہلے سمجھایا گیا ہے ایک خانے پر غور کرنے سے

$$\text{ز}_{\text{ل م}} = \frac{\text{م ف}}{\text{ی}} = \frac{\text{ق} \times \text{م ف}}{\text{ی}}$$

$$\text{ز}_{\text{ع ف}} = \frac{\text{م ع}}{\text{ع ل}} = \frac{\text{ق} \times \text{ل ع}}{\text{ع ل}}$$

$$\text{ز}_{\text{ل ف}} = \frac{\text{ط کے گرد ف کے دائیں طرف کی قوتوں کا معیار}}{\text{ما}}$$

$$= \frac{\text{ق} \times \text{ص ر}}{\text{ما}}$$

جس میں ص اور ر وہ نقطے ہیں جن پر ط میں کے انتصابی خط کو ل م اور ع ف خارج ہو کر قطع کرتے ہیں۔ اس کا ثبوت ریسمانی اور سمتی کثیر الاضلاعوں کی ساخت کے بیان (صفحہ ۶۹) کو دیکھنے سے مل جائیگا۔

اسی طرح $\frac{ز}{مد}$ = $\frac{ط \text{ کے گرد گ کے دائیں طرف کی قوتوں کا معیار}}{ی}$

$= \frac{ق \times س ر}{ی}$

جہاں س وہ نقطہ ہے جہاں ف گ خارج ہو کر ط ہیں کے انتصابی خط کو قطع کرتا ہے۔

مثلاً سلاخ ا ب (شکل ۱۴۱ ل) پر غور کرو۔

اب $\frac{ز}{اب} = \frac{مد}{ی}$

اور $ی = لا جم ط$

$\therefore \frac{ز}{اب} = \frac{مد}{لا جم ط} = \frac{مد}{لا}$ قط ط

لیکن $\frac{مد}{لا} = \frac{ز}{گ د}$

$\therefore \frac{ز}{اب} = \frac{ز}{گ د}$ قط ط ..... (۱)

معین لا، ذخیرہ، ناپ لیے جا سکتے ہیں یا آسانی سے محسوب کیے جا سکتے ہیں


اور زاویہ ط ربط مس ط = $\frac{لا - لا'}{ج د}$ سے محسوب کیا جا سکتا ہے۔

اب کسی وتری رکن مثلاً ب د پر غور کرو۔

$\frac{ز}{ب د} \times ما = لا$ کے بائیں یا دائیں جانب کی قوتوں کا معیار ع کے گرد

$= مع$

$\therefore \frac{ز}{ب د} = \frac{مع}{ما}$



شکل ۱۴۱ و۔ تراشوں کا طریقہ

تراشوں کا طریقہ۔ فاصلوں کو علمِ مثلث سے محسوب کرنا۔

بعض انجینیر اس کو ترجیح دیتے ہیں کہ اس طریقے میں جن طولوں سے سابقہ پڑے اُن کو محسوب کیا جائے۔ اس صورت میں یہ عمل کیا جائیگا:۔

اب $= ما = ی$ جب عہ

اور $ی = لا$ مم طہ

$\therefore$ $ما = لا$ مم طہ جب عہ

$\therefore$ $ز = \frac{\text{مع}}{\text{ب د}} \frac{\text{ع}}{\text{لا}}$ مس طہ. قم عہ ..... (۲)

لیکن اس میں ہمیشہ کوئی ایسی زیادہ آسانی نہیں ہوگی کیونکہ ع کے گرد معیار تو اب بھی لینے پڑینگے اور ع کا حاصل کرنا ممکن ہے کہ تکلیف دہ ہو۔

اس صورت میں یہ عمل کیا جائیگا:۔

اگر ا د انتصابی ہے تو وہ گ د اور د ج کی اُفقی قوتوں کا کوئی حصہ

نہیں لے سکتا۔ اس لیے د کی قوتوں کے تعادل کے لیے ب د کی قوت کا اُفقی جزوِ تحلیلی گ د اور د ج کی قوتوں کے فرق کے مساوی ہونا چاہیے۔

$$\therefore \quad ز_{ب د} \times جم عہ = ز_{گ د} - ز_{د ج}$$

$$\therefore \quad ز_{ب د} = (ز_{گ د} - ز_{د ج}) \text{ قط عہ} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

انتصابی رُکن ا د کی قوت ب د کی قوت کے انتصابی جزوِ تحلیلی کے مساوی ہونی چاہیے۔ یعنی

$$ز_{ا د} = ز_{ب د} \text{ جب عہ}$$

$$= \frac{(ز_{گ د} - ز_{د ج}) \text{ جب عہ}}{جم عہ}$$

$$= (ز_{گ د} - ز_{د ج}) \text{ مس عہ} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

متوازی کوروں کے گرڈر ـــــ تراشوں کا طریقہ متوازی کوروں کے گرڈروں کی صورت میں خاص طور پر آسان ہے کیونکہ گہرائی ہر تراش پر مستقل ہے۔

فرض کرو کہ شکل ۱۴۲ میں ایک لِنول (Linville) قینچی دکھائی گئی ہے جس پر کسی طرح کا بوجھ ہے۔

$$\text{تب ج د کا زور} = ز_{ج د} = \frac{م_د}{گ}$$

$$\text{ط ہ کا زور} = ز_{ط ہ} = \frac{م_ج}{گ}$$


یعنی خود خماؤ کے معیار کا نقشہ کسی پیمانے پر براہِ راست زوروں کو تعبیر کریگا، یا اگر خماؤ کے معیار کا نقشہ قطبی فاصلہ = گہرائی گ کے ساتھ کھینچا جائے

تو خاکہ کے معیار کا نقشہ زوروں کو بوجھ کے پیمانے پر تعبیر کریگا۔

انتصابی اور دتری سلاخوں کی جب باری آئے تو پہلے کی طرح معیار نہیں لیے جا سکتے کیونکہ اوپر کی اور نیچے کی کوریں محدود فاصلے پر نہیں ملتیں۔

کسی دتری رکن مثلاً ہ ج پر غور کرو۔ چونکہ ط ہ اور ج د افقی ہیں اس لیے ان کی قوتیں خانے پر عمل کرنے والی انتصابی قوتوں پر کوئی اثر نہیں رکھ سکتیں۔ اس لیے ہ ج کی قوت کا انتصابی جزو = خانے پر حاصل انتصابی قوت = وہ قوت جسے ہم خانے پر کی جزی قوت کے نام سے موسوم کر چکے ہیں۔ اس طرح دیکھو دتری ارکان کے زور جزی قوت کو دتری رکن کی سمت میں تحلیل کرنے سے حاصل ہونگے یعنی ہ ج کی قوتیں ج د کو ہ ج کے متوازی کھینچنے سے حاصل ہونگی۔ اسی طرح کسی انتصابی رکن کی قوت اُس مقام پر کی جزی قوت کے مساوی ہوگی۔ اس طرح د ہ کی قوت = ج ع

متوازی کوروں کا گرڈر۔ مثلثی حل ـــــ اوپر کی مثال میں



شکل ۱۴۲۔ معیاروں کا طریقہ متوازی گرڈر کے لیے

اگر تمام وتری ارکان کے میلان ایک ہی ہوں تو زور بہت آسانی سے اس طرح محسوب ہو سکتے ہیں :-

پہلے کوروں پر غور کرو۔

$$ز_{اب} = \frac{ک_۱ \times ا ب}{گ} = ک_۱ \text{ مم طہ}$$

$$ز_{ص ط} = \frac{ک_۲ \times ا ب}{گ} = ک_۱ \text{ مم طہ}$$

$$ز_{ب ج} = \frac{ک_۱ \times ا ج - د_۱ \times ب ج}{گ} = (۲ ک_۱ - د_۱) \text{ مم طہ} = ز_{ط ک}$$

$$ز_{ج ک} = \frac{ک_۱ \times ا ک - د_۱ \times ب ک - د_۲ \times ج د}{گ}$$

$$= (۳ ک_۱ - ۲ د_۱ - د_۲) \text{ مم طہ} = ز_{ک ن} \quad \text{اور علی ہذا}$$

اگر سرے ا سے ان واں خانہ لیا جائے اور وتری ارکان اُسی سمت میں ہوں تو

نچلی کور کا زور

$$= [ن ک_۱ - (ن - ۱) د_۱ - (ن - ۲) د_۲ \cdots\cdots - د_{ن-۱}] \text{ مم طہ}$$

بالائی کور کا زور

$$= [(ن - ۱) ک_۱ - (ن - ۲) د_۱ \cdots\cdots - د_{ن-۲}] \text{ مم طہ}$$

اب وتری ارکان پر غور کرو

$$ز_{اص} = ک_۱ \text{ قم طہ}$$

$$ز_{ب ط} = ک_۱ \text{ قم طہ} - د_۱ \text{ قم طہ} = (ک_۱ - د_۱) \text{ قم طہ}$$

اور علیٰ ہذا۔

اگر وتری ارکان اسی سمت میں رہیں تو دیں خانے میں وتری رکن کا زور

(ن واں وتری رکن) = (س۱ - د۱ ..... - د ن-۱) قم طہ


اب انتصابی ارکان پر غور کرو۔

ز ص ب = س۱

ز ط ج = س۱ - د۱

اور علیٰ ہذا۔

ر (ن واں انتصابی رکن) = س۱ - د۱ ..... - د ن-۱



شکل ۱۴۳

مثال شکل ۱۴۳ کے وارن[1] گرڈر کو لو۔ طہ = ۹۰° کے لیے

قم طہ = ۵۷۷ء، قم طہ = ۵۵ ا ا

∴ ز ا ن = ۵ مم ۹۰° = ۵ × ۵۷۷ء = ۲ء۸۸۵ ٹن = ز ھ جا

ز ن م = (۵ × ۳ - ۲) مم ۹۰° = ۱۳ × ۵۷۷ء = ۷ء۵۰۱ ٹن = ز جا ک

ز م ل = (۵ × ۵ - ۲ × ۳ - ۲) مم ۹۰° = ۱۶ × ۵۷۷ء = ۹ء۹۰۹ ٹن = ز ک ل

ز ب ج = (۵ × ۲) مم ۹۰° = ۵ء۷۷۰ ٹن = ز گ ف

ز ج د = (۵ × ۴ - ۲ × ۲) مم ۹۰° = ۱۶ × ۵۷۷ء = ۹ء۲۳۲ ٹن = ز ف ع

ز د ع = (۵ × ۶ - ۲ × ۴ - ۲ × ۲) مم ۹۰° = ۱۸ × ۵۷۷ء = ۱ء۳۸۶ ٹن = ز ع د

---

[1] Warren

$ز_{اب} = ز_{ب ن} = ۵$ قم $۹۰° = ۵ \times ۱۵۵ء۱ = ۷۵ء۵$ ٹن $= ز_{ع گ} = ز_{گ جا}$


$ز_{ن ج} = ز_{ج م} = (۵-۲)$ قم $۹۰° = ۳ \times ۱۵۵ء۱ = ۴۶۵ء۲$ ٹن $= ز_{جاف} = ز_{ف ک}$

$ز_{م د} = ز_{د ل} = (۵-۲-۲)$ قم $۹۰° = ۱ \times ۱۵۵ء۱ = ۱۵۵ء۱$ ٹن $= ز_{ک ع} = ز_{ع ل}$

ڈھانچوں کے زور تحلیل کے طریقے سے

یہ طریقہ اس پر مشتمل ہے کہ کسی تراش کی حاصل قوت کو اس تراش سے قطع ہونے والی تینوں سلاخوں کی سمت میں تحلیل کیا جائے۔ یہ طریقہ اُن گرڈروں کے انتصابی اور وتری ارکان کے زور معلوم کرنے کے لیے خاص طور پر موزوں ہے جن کی کوریں متوازی نہ ہوں اور جن پر بوجھ متحرک ہوں۔

فرض کرو کہ اب ج د (شکل ۱۴۴) کسی ڈھانچے کا ایک خانہ ہے اور فرض کرو کہ اس پر حاصل قوت ق ہے۔ خط لا لا تین سلاخوں ا ب، ب د، د ج کو قطع کرتا ہے اور اِن تین سلاخوں کے زوروں کا حاصل ق کے مساوی اور مخالف ہونا چاہیے۔



شکل ۱۴۴ تحلیل کا طریقہ

ایک سلاخ مثلاً ا ب کو خارج کر کے ق کے خطِ عمل سے ا پر ملنے دو، اور ا کو باقی دو سلاخوں کے نقطۂ تقاطع د سے ملاؤ۔

ایک خط ب ج کھینچو جو ق کو تعبیر کرے اور ا د کے متوازی ب د

اور اب کے متوازی ج د کھینچو۔ پھر د ج کے متوازی ب ع اور د ب کے متوازی د ع کھینچو۔

تب ج د = ق اب

ب ع = ق د ج

د ع = ق ب د

ڈھانچوں کے زور دباؤ کے خط سے ــــ کسی ڈھانچے پر


جو قوتیں عمل کر رہی ہوں اگر ان سے پیدا ہونے والا دباؤ کا خط معلوم ہو (دیکھو صفحہ ۱۸۲) تو معیاروں کے طریقے سے زور آسانی سے معلوم ہو سکتے ہیں۔ کمانوں اور اس جیسی دوسری تعمیروں میں ساری اصلی دقت دباؤ کا خط معلوم کرنے کی ہے کیونکہ یہ خط معلوم ہونے سے پہلے ردّ عمل معلوم کرنا ضروری ہے۔ ہم اس سے آگے چل کر باب ۱۳ میں بحث کرینگے۔

فرض کرو کہ ا ب ع ج د (شکل ۱۴۵) ایک ڈھانچے کا ایک حصہ ہے اور فرض کرو کہ ا ب ج د دباؤ کا خط ہے اور تینوں حصوں کی علیحدہ حاصل قوتیں ق۱، ق۲، ق۳ ہیں۔

تب ز اب حاصل کرنے کے لیے ج کے گرد معیار لو۔ تب

ز اب × ھ۲ = ق۱ × لا۱

ز اب = ق۱ × لا۱ / ھ۲



شکل ۱۴۵۔ زور دباؤ کے خط سے

د ج کا زور معلوم کرنے کے لیے ا کے گرد معیار لو۔ تب

$$\text{زد ج} \times \text{ہ}_{۳} = \text{ق} \times \text{لا}_{۱}$$

$$\text{زد ج} = \frac{\text{ق} \times \text{لا}_{۱}}{\text{ہ}_{۳}}$$

زا ج معلوم کرنے کے لیے ا ب اور د ج کو خارج ہو کر ملنے دو اور فرض کرو کہ اس نقطۂ تقاطع سے ا ج اور ب ج کے عمودی فاصلے ک اور ما ہیں۔

تب


$$\text{زا ج} = \frac{\text{ق}_{۱} \times \text{ما}}{\text{ک}}$$

متوازی کوروں کے ڈھانچہ دار گرڈروں میں متحرک یکساں بوجھ کے تحت زور

متوازی کوروں کے ڈھانچہ دار گرڈر میں ایسے متحرک یکساں بوجھ کے تحت جس کا طول فصل سے کم نہ ہو کوروں کے زور اس وقت اعظم ہوتے ہیں جب کہ بوجھ پورے فصل پر چھایا ہوا ہو۔ اور یہ زور معیاروں کے طریقے سے یا مکانی سکشل کے ذریعے سے معلوم کیے جاتے ہیں۔ دتری ارکان کے زور بوجھ کے کس محل کے لیے اعظم ہونگے یہ معلوم کرنے کے لیے حسب ذیل عمل کرو:۔

فصل کو ایسے مساوی حصوں میں تقسیم کرو جن کی تعداد خانوں سے ایک کم ہو۔ اس سے ا جیسے نقاط تقسیم حاصل ہونگے (شکل ۱۴۶)۔ ایک افقی اساسی خط ا ہ پر اور پر کو طول ا ج اور نیچے کو طول ب د قایم کرو جن میں سے ہر ایک کا طول $\frac{\text{ب ل}}{۲}\left(\frac{\text{ر}-۱}{\text{ر}}\right)$ جہاں ب بوجھ کی حدت ہے، ل فصل، اور ر خانوں کی تعداد۔ ج اور د میں سے مکانی کھینچو جن کے راس ب اور ا ہوں اور ا جیسے نقاط میں سے انتصابی خط کھینچو جو ان مکانیوں کو ع، ع جیسے نقاط پر ملیں۔ پھر ع، ع جیسے نقاط میں سے ان کے اپنے اپنے خانوں میں افقی خط

کھینچو جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ تب وتری ارکان کے اعظم زور اس



شکل ۱۴۶

متحرک بوجھوں کے لیے وتری ارکان میں اعظم زور

زینہ دار منحنی سے حاصل ہونگے جس کا طریقہ صفحہ ۴۳۰ پر سمجھایا گیا ہے۔

اس عمل کا ثبوت حسب ذیل ہے:۔ فرض کرو کہ ہر ایک خانے کا طول ما ہے، اور فرض کرو کہ بوجھ ن ویں خانے کے سرے ع سے بقدرِ فاصلہ لا آگے نکل گیا ہے۔

تب ع پر جزی قوت = ق$_{ع}$ = ر$_{۱}$ − $\frac{ب\,لا^{۲}}{۲\,ما}$ ، کیونکہ

بوجھ ب لا کا حصہ $\frac{ب\,لا^{۲}}{۲\,ما}$ نقطہ ف پر اور ب لا $(۱ - \frac{لا}{۲\,ما})$ نقطہ ع پر عمل کرتا ہوا مانا جاسکتا ہے۔

اب ر$_{۱}$ × ل = ب ما^{۲} + ۲ ب ما^{۲} + . . . × (ن − ۱) ب ما^{۲}

$$+ن\,ما\left\{\frac{ب\,ما}{۲}+ب\,لا\left(۱-\frac{لا}{۲\,ما}\right)\right\}+\frac{ب\,لا^{۲}}{۲\,ما}(ن+۱)ما \quad \ldots\ldots (۱)$$

$$=ب\,ما^{۲}\left\{\frac{ن(ن-۱)}{۲}\right\}+\frac{ن\,ب\,ما^{۲}}{۲}+ن\,ب\,لا\,ما-\frac{ن\,ب\,لا^{۲}}{۲}$$

$$+\frac{ن\,ب\,لا^{۲}}{۲}+\frac{ب\,لا^{۲}}{۲} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$$

$$=\frac{ب}{۲}\left\{ما^{۲}(ن^{۲}-ن+ن)+۲ن\,لا\,ما+لا^{۲}\right\}$$

$$=\frac{ب}{۲}(لا+ن\,ما)^{۲} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

$$\therefore \quad ک_{۱}=\frac{ب}{۲\,ل}(لا+ن\,ما)^{۲}$$

$$\therefore \quad ق_{ع}=\frac{ب}{۲}\left\{\frac{(لا+ن\,ما)^{۲}}{ل}-\frac{لا^{۲}}{ما}\right\} \quad \ldots\ldots (۴)$$

یہ اعظم ہوگا جب کہ $\frac{فرق_{ع}}{فرلا}=۰$

یعنی $\frac{۲(لا+ن\,ما)}{ل}-\frac{۲\,لا}{ما}=۰$

یا $(لا+ن\,ما)\,ما=لا\,ل$

$لا(ل-ما)=ن\,ما^{۲}$

$$لا=\frac{ن\,ما^{۲}}{(ل-ما)}=\frac{ن\cdot ما^{۲}}{(ر\,ما-ما)}=\frac{ن\cdot ما}{(ر-۱)}$$

یعنی $لا=ن\times$ ایک خانے کا طول $\div$ خانوں کی تعداد سے ایک کم مساوات (۴) میں یہ قیمت رکھنے سے

$$ق_{ع}=\frac{ب}{۲}\left\{\frac{\left[\frac{ن\,ما}{(ر-۱)}+ن\,ما\right]^{۲}}{ل}-\frac{\frac{ن^{۲}\,ما^{۲}}{(ر-۱)^{۲}}}{ما}\right\}$$

$$= \frac{ب}{۲} \left\{ \frac{ر^۲ (ن-۱)^۲}{ل (ر-۱)^۲} - \frac{ن^۲ - ۱}{۱ (ر-۱)^۲} \right\}$$

$$= \frac{ب ن^۲ ۱^۲}{۲ (ر-۱)^۲} \left\{ \frac{ر^۲}{ل} - \frac{۱}{۱} \right\} = \frac{ب ن^۲ ۱^۲}{۲ (ر-۱)^۲} \times \left\{ \frac{ر^۲}{ل} - \frac{ر}{ل} \right\}$$

$$= \frac{ب ن^۲ ۱^۲ ر}{۲ ل (ر-۱)} = \frac{ب ن^۲ ل^۲ ر}{۲ ل ر^۲ (ر-۱)}$$

$$= \frac{ب ن^۲ ل}{۲ ر (ر-۱)}$$


جو صریحاً ایک مکافی ہے۔

سرے پر ن = (ر-۱)

$$\therefore \text{ق}_۱ = \frac{ب (ر-۱) ل}{۲ ر} = \frac{ب ل}{۲} \left(\frac{ر-۱}{ر} \right)$$

متحرک بوجھوں کی صورت میں وتری ارکان کے لیے متکافی نقشے

متحرک بوجھوں کی صورت میں وتری اور انتصابی ارکان کے اعظم زور معلوم کرنے کے لیے ہر رکن کے لیے بوجھ کا ایک علحدہ محل لینا ہوگا لیکن جس وقت بوجھ کسی رکن میں اعظم زور پیدا کرتا ہے اُس وقت اس رکن اور ردِّ عمل کے درمیان کوئی بوجھ نہیں ہوتا اور اِس طرح ذیل کا عمل کرنے سے بہت آسانی ہوجاتی ہے:۔ ایک اکائی طول ۱ لا قائم کرو (شکل ۱۴۶ ل) جو بائیں جانب کے ایک اکائی ردِّ عمل کو تعبیر کرے اور قینچی پر کوئی بوجھ نہ لے کر زور نقشہ بائیں طرف سے کھینچنا شروع کرو۔ اِن زوروں کو ناپ لو اور ان کی ایک جدول بنالو۔ اب ہر رکن کے اعظم زور کی صورت میں جو ردِّ عمل ہوتا ہے وہ محسوب کرو۔ تو کسی رکن کا اعظم زور متناظر ردِّ عمل سے جدول کے زور کو ضرب دینے سے حاصل ہوگا۔



شکل ۱۴۶ ا


زوروں کے متکافی نقشے وتری ارکان میں

متراکب ڈھانچے


بہت سے ڈھانچوں میں جو دراصل زاید محکم ڈھانچے ہوتے ہیں زور معلوم کرنے کی غرض سے اُن کو یوں سمجھا جاتا ہے کہ چند متراکب استوار ڈھانچوں کا مجموعہ ہیں جن پر بوجھ مساوی ہے۔ اِن متراکب حصوں میں جو سلاخیں مشترک ہوتی ہیں اُن کے زور جمع کر دیے جاتے ہیں۔

ذیل کی قسمیں اس کی چیدہ صورتیں ہیں:-

جالی دار گرڈر (شکل ۱۴۷) ـــــ اس کا دو N یا لِنوِل (Linville) گرڈروں میں تجزیہ کیا جا سکتا ہے (جیسا کہ شکل میں (۲) اور (۳) میں دکھایا گیا ہے) جن کی متکافی اشکال آسانی سے حاصل ہوتی ہیں اور شکل میں (۴) اور (۵) میں دکھائی گئی ہیں۔ (۲) اور (۳) کے درمیان جو



شکل ۱۴۷ - جالی دار گرڈر



شکل ۱۴۸

وِھپل مرفی قینچی

سلاخیں مشترک ہیں۔ اُن کے زوروں کو جمع کرنے سے حقیقی قینچی (۱) کے زور حاصل ہونگے۔

وِھپّل[1] مرفی قینچی ——— یہ قسم شکل ۱۴۸ میں دکھائی گئی ہے جس میں یہ بھی دکھایا گیا ہے کہ اس کا کس طرح تجزیہ کیا جا سکتا ہے۔ حصۂ (۲) کی متکافی شکل (۴) ہے اور (۳) کی (۵)۔ اگر لداؤ مساوی نہ ہوں تو بھی نقشے اسی طریقے سے کھینچے جائینگے اور کوئی دقت پیش نہیں آئیگی۔

بولمن[2] اور فِنک قینچیوں کی وضع شکل ۱۴۹ میں دکھائی گئی ہے۔ یہ قینچیاں امریکہ اور یورپ کے (انگلستان کے ماسوا) ممالک میں لکڑی کے پُلوں میں کثرت سے استعمال ہوتی ہیں۔ اِن قینچیوں کے زور ایک ہی نقشے میں حاصل کیے جا سکتے ہیں اور جالی دار اور وھپّل مرفی قینچیوں پر بھی اِس طریقے کا استعمال ہو سکتا ہے۔ [یہاں جو طریقے دیے گئے ہیں وہ سب میں زیادہ سرعت والے نہیں لیکن اپنی عام دلچسپی کی وجہ سے دیے گئے ہیں۔ آسانی تو عموماً اس میں ہوگی کہ قینچی کو متعدد کال ڈھانچوں میں تقسیم کیا جائے جیسا کہ جالی دار گرڈر کے لیے دکھایا گیا ہے اور مشترک ارکان کے زور جمع کر دیے جائیں]۔ یہ طریقہ اس واقعے پر مبنی ہے کہ اگر کسی عقدے پر انتصابی رُکن اور افقی رکن ہوں اور کوئی مائل رکن نہ ہو تو ایسے عقدوں پر انتصابی رکن کا زور عقدے پر کے بوجھ کے مساوی ہوگا مثلاً انتصابی ارکان ب ج اور ف گ۔ پہلے فِنک قینچی لو۔ اس پر بوجھ غیر یکساں ہے۔ ہر ایک رقبے پر حرف لگاؤ۔ ب ج اور ا ک ایک ہی سلاخ ہیں اور علی ہذا۔ بوجھ (۱، ۲)، (۲، ۳)، (۳، ۴)، (۴، ۵)، (۵، ۱)، قایم کرو۔ ۵ میں سے ۱ ۵ اور ۵ ک کے متوازی خطوط کھینچو۔ تب چونکہ ا ک کا زور بوجھ ۱، ۲ کے مساوی ہے اس لیے خطوط ۵ ا


---

[1] Wipple-Murphy Truss


[2] Bollman & Fink


اور ہ ک کو خارج کرو یہاں تک کہ ان کے درمیان انتصابی مقطوعہ ۱، ۲ کے مساوی ہو۔ اس سے نقاط ر اور ک کا تعین ہوگا۔ اسی طرح نقاط ل اور ھ حاصل ہونگے۔ ان نقاط کے حاصل ہونے کے بعد زور نقشہ معمولی قاعدوں سے کھینچ لیا جاسکتا ہے اور یہ شکل کے مطابق حاصل ہوگا۔


اب بولمن قینچی لو جو شکل میں دکھائی گئی ہے۔ اس صورت میں زور نقشہ زیادہ تکلیف دہ ہے لیکن اس طرح حاصل ہوسکتا ہے۔ (لداؤ یکساں ہونے کی وجہ سے شکل میں صرف آدھی شکل کا نقشہ دکھایا گیا ہے)۔ ۷ سے ۷ ع، اور ۷ ک کے متوازی ۷ ع اور ۷ ک کھینچو اور ان کو خارج کرو یہاں تک کہ انتصابی مقطوعہ ع ک بوجھ ۱، ۲ کے مساوی ہو۔ اس طرح نقاط ع اور ک حاصل ہونگے اسی طرح نقاط ل اور س حاصل کرو۔ ل سے نقطہ جا اس طرح حاصل ہوگا کہ ک جا اور ل جا کے متوازی خطوط کھینچے جائیں۔ پھر نقاط د اور ہ اس طرح حاصل ہونگے کہ جا د = قوت ۱، ۲ اور جا ہ = قوت ۲، ۳ بنایا جائے۔ نقطہ ص بھی اسی طرح حاصل ہوگا۔ اس کے بعد ص اس طرح حاصل ہوگا کہ یا تو ر معلوم کیا جائے یا چونکہ موجودہ صورت میں لداؤ یکساں ہے اس لیے ص کو ہ ص کے افقی خط کے اتنا نیچے لیا جائے جتنا ص اس کے اوپر ہے۔ پھر ص ت اور ص ت کے متوازی س ت اور ص ت کھینچو یہاں تک کہ ت ت = بوجھ ۳، ۴۔ اسی طرح نقاط ط، ھ، ج اور پھر نقاط ن، گ، ب حاصل کرو۔ نقاط ر، ف، م آسانی سے حاصل ہوجائینگے۔



فنک قینچی










بولمن قینچی

شکل ۱۴۹








شکل ۱۵۰۔ خمدار بندھن چھت قینچی


ڈھانچوں کی مزید حل شدہ مثالیں ——— ذیل کی مزید

مثالوں کے حل سے وہ دقتیں حل ہوجائینگی جو اکثر پیدا ہوتی ہیں:۔


(۱) کوئی مناسب لداؤ لے کر شکل ۱۵۰ کی چھت قینچی کے زور معلوم کرو۔ کیا خمدار سلاخ کافی مضبوط ہے۔



شکل ۱



شکل ۲



شکل ۳

شکل ۱۵۱ غیر معمولی لداؤ کی فرانسیسی قینچی

ہوا کے دباؤ کو شامل کر کے بوجھ ۴۰ پونڈ فی مربع فٹ زمینی خاکہ لیا جائے تو قینچی پر بوجھ $\frac{۴۰ \times ۱۳ \times ۲۳٫۵}{۱۱۲}$ = تقریباً ۱۰۸ ہنڈرڈ ویٹ حاصل ہوتا ہے۔ اس بوجھ کو کڑیوں کے مختلف حصوں کے طولوں کے تناسب میں تقسیم کرنے سے عقدوں پر کے بوجھ حاصل ہونگے جیساکہ ڈھانچے کے نقشے

(شکل ۲۔) میں دکھائے گئے ہیں۔ اِس میں خمدار بندھن کو دو سیدھی سلاخوں ۱ ۵ اور ۲ ۵ سے بدل دیا گیا ہے۔ اِس ڈھانچے کے نقشے سے معمولی قاعدوں سے متکافی شکل حاصل ہوتی ہے جو شکل میں (۳) میں دکھائی گئی ہے۔ اِس شکل سے پیمایش کے ذریعے بندھن ۱ ۵ کی قوت ح = ۱۲۰ ہنڈرڈ ویٹ یعنی ۶ ٹن حاصل ہوتی ہے۔ سیدھے بندھن اور اصلی خمدار بندھن کے درمیان اعظم فاصلہ لا = ۱٫۳ فٹ = ۱٫۳ × ۱۲ انچ۔ اس کی وجہ سے خماؤ کا معیار = ح × لا۔ اس لیے T سلاخ کا مجموعی زور = $-\frac{د}{ب}\left(1+\frac{\text{لا ق}}{\text{گ}^2}\right)$

جہاں ب سلاخ کی تراشش کا رقبہ، گ گردشی نصف قطر، اور ق تراشش کے مرکزِ ہندسی سے کنارے کا فاصلہ ہے۔ جدولوں سے ۴ × ۴ × ½ والے T کے لیے، ب = ۳٫۷۵ مربع انچ، گ² = ۴۴٫۱ انچ اکائیاں، ق = ۱٫۱۶ انچ۔ اِس لیے موجودہ صورت میں اعظم تنشی زور = $\frac{۶}{۳٫۷۵}\left(1+\frac{۱٫۱۶\times۱۲\times۱۳}{۱٫۴۴}\right) = \frac{۱۳٫۵\times۶}{۳٫۷۵}$

= ۲۱٫۶ ٹن فی مربع انچ۔ یہ بہت زیادہ ہے۔ اگر ۵ × ۳½ × ½ والی دو سلاخیں لمبے بازوؤں کو انتصابی رکھ کر استعمال کی جائیں تو اعظم زور تقریباً ۹٫۵ ٹن فی مربع انچ حاصل ہوگا۔ یہ بھی زیادہ ہے۔ لیکن ۱ انچ بولٹ مضبوطی کا باعث ہونگے اور لکڑیاں ضرورت سے زیادہ وزنی ہیں۔ اس لیے غالباً یہ انتظام کافی ہوگا۔

(۲) شکل ۱۵۱ میں جو قینچی دکھائی گئی ہے اُس پر بھرے ہوئے خطوط سے دکھائے ہوئے بوجھوں کے تحت متکافی شکل کس طرح کھینچی جائیگی۔ کیا یہ صحیح ہوگا کہ بوجھوں لا اور ما کو نقطہ دار خطوط کے مقامات پر منتقل کر کے متکافی شکل حاصل کی جائے۔

اِس صورت کے لیے زور کا نقشہ حاصل کرنے کے لیے پہلے ۵ ھ کا زور معیاروں کے طریقے سے حاصل کرنا چاہیے۔ یہ اِس طرح حاصل ہوگا کہ عقدہ ی کے گرد


اس کے ایک جانب کی تمام قوتوں کا معیار لیا جائے اور اس کو ی سے سلاخ ۱ ھ کے انتصابی فاصلے سے تقسیم کیا جائے۔ بوجھوں ۷ اور ما کو باقی تمام بوجھوں (۱، ۲) وغیرہ کے مساوی اور ان سب کو و کے مساوی لینے سے ۱ ھ کی قوت ۴۸۸ و حاصل ہوتی ہے۔ اگر بوجھوں کی یہ قیمت نہ ہو تو ی کے گرد معیار لینے میں ان کی جو بھی قیمت ہو وہ استعمال کی جائے۔ اب ایک انتصابی خط پر نقاط ۱، ۲، ۳ وغیرہ، لگاؤ جو بوجھوں کو تعبیر کریں (جیسا کہ شکل میں (۲) سے دکھایا گیا ہے)، اور ۱ ھ کو افقاً کھینچو جو ۱ ھ کے محسوبہ زور کو تعبیر کرے (جو موجودہ صورت میں ۴۸۸ و ہے)۔ نقطہ ھ حاصل ہونے کے بعد متکافی شکل معمولی قاعدوں سے حاصل ہو جاتی ہے اور شکل (۲) میں دکھائی گئی ہے۔ یہ نقشہ بالکل ایسا ہی نہیں رہیگا اگر بوجھ شکل (۱) کے نقطہ دار مقامات پر ہوتے۔ یہ شکل (۳) کو دیکھنے سے معلوم ہوگا جس کو ۷ اور ما کے نقطہ دار مقامات کے لیے کھینچا گیا ہے۔ معیاروں کے طریقے سے ۱ ھ کی قوت اس صورت میں ۴۵۹ ٹن حاصل ہوتی ہے لیکن اس صورت میں اس کو محسوب کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ نقشہ بار (Barr) کے طریقے کے مطابق سلاخوں د، ع اور ع، ف کی بجائے ایک سلاخ رکھنے سے حاصل ہو سکتا ہے۔ اشکال ۲ اور ۳ کا مقابلہ کرنے سے معلوم ہوگا کہ زوروں میں کیا تبدیلی ہو جاتی ہے۔

تپائیوں اور سہ پایوں کے زور

اگرچہ تین العادی ڈھانچوں کی بحث ہماری موجودہ وسعت سے باہر ہے لیکن ہم سہ پایوں یا تپائیوں کے زوروں سے بحث کرینگے۔

ڈھانچے کا سطحی خاکہ اور رُوکار کھینچو اور فرض کرو کہ ا پر بوجھ و ہے۔ اب پیچھے کا پایہ ہے اور ا د اور ا ع سامنے کے پایے ہیں۔ و کو اب کی سمت میں اور دوسرے دو پایوں کے مستوی میں تحلیل کرو، اور یہ اس طرح کہ و کے مساوی و ب کھینچو اور ا ب کے

متوازی ب ج اور ا ج کے متوازی ا ج ۔ تب ا ب کی قوت ب ج سے تعبیر ہوگی۔ اب سہ پایوں کو گھما کر افقی حالت میں لے آؤ جس سے مثلث ا د ع کی حقیقی شکل ا۲ د ع حاصل ہو۔ پھر ا۲ ج افقاً کھینچو اور ا۲ د اور ج د علی الترتیب ع ا۲ اور د ا۲ کے متوازی کھینچو۔ اس طرح سامنے کے پایوں کے زور حاصل ہونگے۔



شکل ۱۵۲
سہ پائیوں کے زور

بارہواں باب

ستون، کھم، اور داب روک

فشاری ارکان کے ستونوں کی مضبوطی کا مسئلہ بہت اہم ہے، اور ایک زمانے تک اس پر بحث اور تحقیق ہوتی رہی۔ حال میں کوئبک کے پُل کے نقصان سے اس مضمون سے تازہ دلچسپی پیدا ہوگئی اور مستقبل قریب میں بہت سے محقق غالباً اسی سمت میں اپنی کوششیں صرف کرینگے۔ یہ مضمون مشکل ہے شک نہیں لیکن اکثر نقشہ کشوں اور مجوزوں کے ذہن میں اس کے متعلق جو پیچیدگی ہے وہ یقیناً بڑی حد تک مختلف ضابطوں کا مطلب اچھی طرح ذہن نشین نہ ہونے کی وجہ سے ہے۔ ہم اس سے حسب ذیل طریقے پر بحث کر کے جو ہمارے خیال میں بالکل نیا ہے اس مضمون کو بالکل واضح کر دینے کی کوشش کرینگے۔

بندھن سلاخ کی تجویز میں کامی زور مستقل لیا جاتا ہے یعنی زور بندھن کی شکل اور طول پر منحصر نہیں ہوتا۔ لیکن داب روکوں یعنی فشاری ارکان میں کامی زور رکن کی شکل، طول، اور اس کے سروں کی حالت پر منحصر ہوتا ہے۔ جس مقدار سے ایک کیل وار جوڑوں کے داب روک، ستون یا کھم کے کامی زور یا مضبوطی کا تعین ہوتا ہے وہ

$$\frac{\text{ستون کا طول}}{\text{مرکزِ ہندسی کے گرد اقل گردشی نصف قطر}} = ج$$

ہے۔ اِس مقدار کو داب روک کے جھکاؤ کی قدر سے موسوم کیا جائیگا۔

جن داب روکوں کے سرے کسی اَور طرح ثابت ہوں اُن کے لیے جھکاؤ کی قدر طول کی بجائے معادل طول لینے سے حاصل ہوگی۔ معادل طول حاصل کرنے کا طریقہ ہم آگے چل کر بیان کرینگے۔

داب روکوں میں کامی زور کے مستقل نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ سوائے اِس صورت کے کہ طول بہت ہی کم ہو داب روک کچلاؤ کی وجہ سے ناکارہ نہیں ہوتے بلکہ جھکاؤ کی وجہ سے۔ اگر کسی وجہ سے داب روک کا مرکزی خط بالکل سیدھا نہ ہو یا بوجھ مرکز سے ہٹ جائے تو خماؤ کے زور پیدا ہوتے ہیں، اور ان خماؤں کے زوروں سے جو بگاڑ پیدا ہوتا ہے وہ خروج المرکز کو اَور بڑھا دیتا ہے، یہاں تک کہ آخر کار ناکارگی اسی وجہ سے واقع ہوتی ہے۔

ستون کے ضابطے ــــ فشار کے کامی زور کو داب روک کی جھکاؤ کی قدر اور اس کے مادے کی فشاری مضبوطی کی رقوم میں حاصل کرنے کے لیے بہت سے ضابطے تجویز کیے گئے ہیں جن میں سے بعض نظری ہیں اور بعض آزمایشی۔ ان ضابطوں کا باہم مقابلہ کرنے سے پہلے اس کا اطمینان کر لینا چاہیے کہ وہ ایک ہی فشاری مضبوطی اور سروں کی تثبیت کی اسی کیفیت کے لیے ہیں۔ ہم ذیل کے ضابطوں پر غور کرینگے:-

(۱) **آئیلر[1] کا ضابطہ** ــــ یہ ضابطہ لمبے داب روکوں کے لیے ہے

[1] Euler

جن میں راست زور جھکاؤ کے زور کے مقابلہ میں بہت خفیف ہوتا ہے۔ یہ ضابطہ عموماً اِس شکل میں لکھا جاتا ہے:ــ

$$د = \frac{۲\pi^{۲} \text{ے آ}^{۲}}{\text{ل}^{۲}}$$

جس میں د = شکستی بوجھ (نہ کہ کامی بوجھ)

ے = ینگ کا مقیاس

آ = اقل معیارِ جمود

ل = کیل دار جوڑوں کے داب روک کا طول

استعمال کے لیے زیادہ موزوں شکل یہ ہوگی:ــ

$$\therefore \frac{د}{\text{ب}} = \text{شکستی زور} = \frac{۲\pi^{۲} \text{ے ب گ}^{۲}}{\text{ب ل}^{۲}}$$

$$= \frac{۲\pi^{۲} \text{ے}}{\left(\frac{\text{ل}}{\text{گ}}\right)^{۲}} = \frac{۲\pi^{۲} \text{ے}}{\text{ج}^{۲}}$$

قدرِ سلامتی = ۴ اختیار کی جائے تو

$$\text{کامی زور} = \text{نج} = \frac{\text{شکستی زور}}{۴} = \frac{۲\pi^{۲} \text{ے}}{۴ \text{ ج}^{۲}}$$

نرم فولاد کے لیے ے = ۱۳۴۰۰ ٹن فی مربع انچ

$$\therefore \text{نج} = \frac{۲\pi^{۲} \text{ے}}{۴ \text{ ج}^{۲}} = \frac{۳۳۰۰۰}{\text{ج}^{۲}} \text{ ٹن فی مربع انچ}$$

پٹوان لوہے کے لیے نج = $\frac{۳۰۰۰۰}{\text{ج}^{۲}}$ " " "

اسی طرح ڈھلواں لوہے کے لیے نج = $\frac{۱۵۰۰۰}{\text{ج}^{۲}}$ " " "

لکڑی کے لیے ج = $\frac{۲۰۰۰}{۲ج}$ ٹن فی مربع انچ

آئیلر کے ضابطے کا ثبوت ۔۔۔ آئیلر کے ضابطے کا ثبوت

اکثر طلبہ کو مشکل معلوم ہوتا ہے کیونکہ اس میں ایک تفرقی مساوات شریک ہوتی ہے۔ فرض کرو کہ ایک ستون کسی وجہ سے منصرف ہو کر وہ شکل اختیار کر لیتا ہے جو شکل ۱۵۳ (ا) میں دکھائی گئی ہے۔ تب اس میں خماؤ کے زور پیدا ہونگے اور داب روک سہاروں پر ایک قوت د لگائیگا جس کا تقاضا داب روک کو سیدھی وضع میں لے آنے کا ہوگا۔ اب اگر داب روک پر بوجھ د سے کم ہو تو داب روک سیدھا ہو جائیگا اور اس طرح یہ حالت بے خطر ہے۔ لیکن اگر بوجھ د سے زیادہ ہو تو داب روک منصرف ہوتا جائیگا اور آخرکار ٹوٹ جائیگا۔ بوجھ د کے مساوی ہو تو یہ غیر قایم تعادل کی حالت ہوگی اس لیے د کو فاصل یا خم آور بوجھ کہا جاتا ہے۔

داب روک کے کسی نقطے ا پر غور کرو۔

ا پر خماؤ کا معیار = م = د × لا

اگر انحنا کا نصف قطر ر ہو تو

$$\frac{۱}{ر} = \frac{\text{فر}^۲ \text{لا}}{\text{فر}^۴} = \frac{\text{م}}{\text{آ ے}} = \frac{\text{د لا}}{\text{آ ے}}$$

$$\therefore \frac{\text{فر}^۲ \text{لا}}{\text{فر}^۴} = \frac{\text{د}}{\text{آ ے}} \times \text{لا} = \text{م}^۲ \text{لا} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

اس میں یہ فرض کیا گیا ہے کہ آ مستقل ہے یعنی داب روک کی تراش یکساں ہے۔

اس تفرقی مساوات کا عام حل یہ ہے :-

لا = ا جم م ما + ب جب م ما ..... (۲)

جس میں ا اور ب مستقل ہیں جن کی قیمت اس طرح حاصل ہوگی :-

ما = $-\frac{ل}{۲}$ اور $+\frac{ل}{۲}$ پر، لا = ۰

$\therefore$ ۰ = ا جم $\frac{م ل}{۲}$ + ب جب $\frac{م ل}{۲}$ ..... (۳)

۰ = ا جم $\frac{-م ل}{۲}$ + ب جب $\frac{-م ل}{۲}$ ..... (۴)

= ا جم $\frac{م ل}{۲}$ - ب جب $\frac{م ل}{۲}$

$\therefore$ ضروری ہے کہ ب = ۰

اس طرح لا = ا جم م ما ..... (۵)

ما = ۰ پر لا محدود ہے، $\therefore$ ا صفر نہیں

$\therefore$ اگر ا جم $\frac{م ل}{۲}$ = ۰

تو ضروری ہے کہ جم $\frac{م ل}{۲}$ = ۰

اس شرط کا عام حل یہ ہوگا:—

$\frac{م ل}{۲} = \frac{ن \pi}{۲}$

$\therefore$ $م^۲ = \frac{ن^۲ \pi^۲}{ل^۲}$

$\therefore$ $\frac{د}{آ^۲ ے} = \frac{ن^۲ \pi^۲}{ل^۲}$

$د = \frac{ن^۲ \pi^۲ آ^۲ ے}{ل^۲}$ ..... (۶)

د کی اقل قیمت جو ہمارے لیے اہم ترین ہے ن = ا سے

حاصل ہوگی۔ اس کو لکھ سکتے ہیں :۔

$$د = \frac{\pi^2 \, آ \, ے}{ل^2} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۷)$$

دیکھو د مقدار لا پر منحصر نہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ چھوٹے نصف قطر انحنا پر بھی داب روک کو منصرف رکھنے کے لیے اُتنی ہی قوت درکار ہوتی ہے جتنی کہ بڑے نصف قطر انحنا پر، اس لیے اگر بوجھ د سے ذرا بھی زیادہ ہو تو داب روک منصرف ہی ہوتا جائیگا اور آخر کار ٹوٹ جائیگا۔

آئیلر کے ضابطے کا استعمال ـــ یہ یاد رہے کہ اس ضابطے میں ہم نے داب روک کے اندر کے راست فشاری زور کا لحاظ نہیں رکھا۔ اگر داب روک کا طول بہت چھوٹا ہو تو آئیلر کے ضابطے سے بے خطر زور مادے کے بے خطر فشاری زور سے زیادہ حاصل ہوگا۔ ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ آئیلر کے ضابطے کے نتیجہ کو استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ مثلاً اگر آئیلر کے ضابطے سے نرم فولاد کے لیے زچ کی قیمت ۶ ٹن فی مربع انچ سے زیادہ حاصل ہوتی ہو تو ۶ ٹن فی مربع انچ استعمال کرنا چاہیے۔

سروں کو ثابت کرنے کا طریقہ۔ ستون کا معادل طول۔

اُوپر کے عمل میں ہم نے سروں کو کیل دار جوڑوں کا فرض کیا ہے۔ اگر سرے کسی اور طریقے پر ثابت ہوں تو ضابطے میں معادل کیل دار جوڑوں کے داب روک کا طول لینا چاہیے۔ اِس طول کو ستون کا معادل طول کہا جائیگا۔


اب سروں کو ثابت کرنے کے حسب ذیل طوروں پر غور کرو (دیکھو شکل ۱۵۳ء):۔

(۱) دونوں سروں پر کیل دار جوڑ۔ یہ معیاری صورت ہے۔

(۲) دونوں سرے محل اور سمت میں ثابت۔ اس صورت میں جھکاؤ کے بعد وضع ویسی ہوگی جیسی کہ شکل میں دکھائی گئی ہے اور معادل طول ب ج ہوگا۔ یعنی طول ب ج کا کیل دار جوڑ والا داب روک اتنا ہی مضبوط ہوگا جتنا کہ یہ ثابت داب روک۔

$$\therefore \quad \text{اس صورت میں معادل طول} = \frac{ل}{۲}$$

$$\text{جھکاؤ کی قدر} = ج = \frac{ل}{۲گ}$$



شکل ۱۵۳

ستونوں کے سروں کو ثابت کرنے کے طریقے

(۳) دونوں سرے صرف سمت میں ثابت ـــــ جھکاؤ کے بعد وضع شکل کے مطابق ہوگی۔ صورت (۱) سے مقابلہ کرنے سے معلوم ہوگا

کہ (۳) کا حصہ ب ج صورت (۱) کے نصف کے معادل ہے اور

ب ج = $\frac{ل}{۲}$ اس لیے

داب روک کا معادل طول = ل

∴ جھکاؤ کی قدر = ج = $\frac{ل}{گ}$

(۴) ایک سرا سمت اور محل میں ثابت، دوسرا کیل سے جڑا ہوا ــــ شکل سے ظاہر ہے کہ اس صورت میں

داب روک کا معادل طول = $\frac{۲ ل}{۳}$

جھکاؤ کی قدر = ج = $\frac{۲ ل}{۳ گ}$

(۵) ایک سرا سمت اور محل میں ثابت، دوسرا آزاد ــــ اس صورت میں

داب روک کا معادل طول = ۲ ل

∴ جھکاؤ کی قدر = ج = $\frac{۲ ل}{گ}$

جھکاؤ کی قدر کی قیمتوں کا خلاصہ

	صورت ۱	صورت ۲	صورت ۳	صورت ۴	صورت ۵
جھکاؤ کی قدر = ج	$\frac{ل}{گ}$	$\frac{ل}{۲ گ}$	$\frac{ل}{گ}$	$\frac{۲ ل}{۳ گ}$	$\frac{۲ ل}{گ}$

ل۔ زیادہ صحیح تقرب ۰٫۷ ل ہے۔

یہی قیمتیں آئیلر (Euler) کے ضابطے میں اور دیگر ضابطوں میں استعمال کرنی چاہئیں جن میں جھکاؤ کی قدر شریک ہوتی ہے۔

(ب) رینکن کا ضابطہ ــــ اس ضابطے کو بعض لوگ گارڈان و رینکن کا ضابطہ بھی کہتے ہیں۔ یہ حسب ذیل ہے:—

$$\text{نج} = \frac{\text{نف}}{1 + ا \left(\frac{\text{ل}}{\text{گ}}\right)^2}$$

$$= \frac{\text{نف}}{1 + ا\, \text{ج}^2}$$

جہاں

نف = زیر بحث شے کے بہت چھوٹے طول کے لیے بے خطر فشاری زور

ا = ایک مستقل جو شے کے مادے پر منحصر ہے۔

ج = داب روک کی جھکاؤ کی قدر

نج = داب روک کا کامی زور فی مربع انچ

ا کی قیمتیں مختلف ماہرینِ فن کے نزدیک مختلف ہیں۔ ہم حسب ذیل قیمتیں دیتے ہیں:—

نرم فولاد	$ا = \frac{1}{9000}$ تا $\frac{1}{6000}$	نف = ۶٫۷ ٹن فی مربع انچ
پٹوان لوہا	$ا = \frac{1}{9000}$ تا $\frac{1}{8000}$	نف = ۴ "
ڈھلا لوہا	$ا = \frac{1}{2500}$ تا $\frac{1}{1800}$	نف = ۷ "
لکڑی	$ا = \frac{1}{2000}$	نف = ۵٫ "

ہر صورت میں ل کی بڑی قیمت کا استعمال کرنا بہتر ہے۔

مستقلوں کی قیمتیں مختلف ماہرینِ فن کے نزدیک بہت مختلف ہیں اور مقابلہ کرنے میں اس کا خیال رکھا جائے کہ بے خطر زوروں کا مقابلہ کیا جائے جو ہمارے دیے ہوئے اعداد سے اور دیگر لوگوں کے اعداد سے حاصل ہوں کیونکہ مستقلوں کے ساتھ ساتھ اُن کے ہاں نج کی قیمت بھی مختلف ہوگی اور اس طرح ممکن ہے کہ بے خطر زور تقریباً مساوی حاصل ہوں۔ یہ بھی دیکھا جائے کہ کیل جوڑ کے سروں کو معیاری مانا گیا ہے یا ثابت سروں کو۔

رنکین کے ضابطے کی ساخت ـــــ رنکین کا ضابطہ

آئیلر کے ضابطہ کی ایک اصلاح یافتہ شکل ہے۔

اگر ج بہت خفیف ہو، یعنی اگر داب روک بہت چھوٹا ہو تو مقدار ل ج^{۲} بہت خفیف ہوگی اور اس طرح نج = نف حاصل ہوگا۔

اور ظاہر ہے کہ یہی نتیجہ حاصل ہونا چاہیے۔

اگر ج بڑا ہو یعنی اگر داب روک لمبا ہو تو ل ج^{۲} اتنا بڑا ہوگا کہ اُس کے مقابلے میں ا کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ اِس طرح

$$\frac{\text{ز}}{\text{ج}} = \frac{\text{نف}}{\text{ل ج}^{۲}}$$

یہ بالکل آئیلر کے مطابق ہوگا اگر $\frac{\text{نف}}{\text{ل}} = \frac{۲\pi^{۲}\text{ے}}{۴}$

یعنی اگر $\frac{\text{ل}}{\text{ل}} = \frac{۲\pi^{۲}\text{ے}}{۴\ \text{نف}} = ۶۶۱۰$

اگرچہ بعض مصنفین کا بیان ہے کہ اس طرح جو مستقل حاصل ہوتے ہیں وہ تجرباتی نتائج سے مطابق ہوتے ہیں لیکن دراصل مستقلوں کو اِس طرح

نظری حساب کے ذریعے حاصل نہیں کیا جاتا، بلکہ تجربے سے حاصل کیا جاتا ہے۔

ہم نے اوپر جو اعداد دیے ہیں وہ بہترین دستور کے مطابق ہیں۔

یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ رینکن کے ضابطے کی ایک شکل میں جس سے داب روک کا شکستی یا خم آور بوجھ حاصل ہوتا ہے یعنی

$$\frac{ح}{ب} = \frac{ز}{1 + ا\left(\frac{ل}{گ}\right)^2}$$

اس میں ز لچک کی حد کا زور ہے۔

اس سے پہلے کسی باب میں ہم ذکر کر چکے ہیں کہ کامی زور کو لچک کی حد سے حاصل کرنا مناسب ہے، یعنی قدرِ سلامتی کو لچک کی حد کے حوالے سے اختیار کرنا چاہیے۔

مسٹر بُکے نن[1] نے رسالہ انجینیرنگ نیوز (۲۶ر ڈسمبر ۱۹۰۷ء) میں (یعنی کوئبک[2] کے پُل کے حادثہ کے بعد) ایک مضمون شایع کیا ہے جس میں پوری جسامت کے تعمیر شدہ ستونوں پر (جیسے کہ حقیقی پلوں میں استعمال ہوتے ہیں) کیے ہوئے تجربات کے نتائج شایع کیے ہیں۔ یہ تجربات ۱۴ سال کی مدت تک کیے گئے اور ان سے معلوم ہوتا ہے کہ چھوٹے ستونوں کے لیے بھی خم آور زور تنشی نقطۂ مغلوبیت کے ۹۰ فیصدی سے زیادہ نہیں ہوتا (دیکھو صفحہ ۵)۔

اس طرح دیکھو کہ جو ستون عملاً استعمال ہوتے ہیں اُن میں خم آور زور ہرگز نقطۂ مغلوبیت کے زور سے زیادہ نہیں ہوگا۔ اس لیے قدرِ سلامتی کو نقطۂ مغلوبیت کے زور کے

---

[1] Mr.C.P.Buchanan

[2] Quebec

لحاظ سے اختیار کرنا ہی معقول معلوم ہوتا ہے۔

خطِ مستقیم کا ضابطہ ـــــ یہ آزمایشی ضابطے

زیادہ تر امریکہ میں مستعمل ہیں اور سرسری کام کے لیے ان سے بہت عمدہ تقرب حاصل ہوتا ہے۔ ان کی شکل یہ ہے :-

$$ز_ج = ز_ق \left(۱ - ع \frac{ل}{گ}\right)$$

$$= ز_ق (۱ - ع ج)$$

جس میں $ز_ج$ اور $ز_ق$ حسب سابق ہیں۔

ع = ایک مستقل جو مادے پر منحصر ہوگا۔

ع کی قیمتیں حسب ذیل لی جاسکتی ہیں :—

نرم فولاد	ع =	۰۰۵۳ ؍
پٹواں لوہا	ع =	۰۰۵۳ ؍
ڈھلا لوہا	ع =	۰۰۸ ؍
لکڑی	ع =	۰۰۸۳ ؍

(رینکن کے ضابطے کی طرح اس میں بھی مستقلوں کی قیمتیں مختلف لوگوں کے نزدیک مختلف ہیں۔

آج کل یہ ضابطے عموماً خطوطِ مستقیم کا ایک سلسلہ ہوتے ہیں۔ شکل ۱۵۳ و میں وہ اعداد دیے گئے ہیں جو نرم فولاد کے لیے مختلف برطانوی اقتداروں یعنی لندن کونٹی کونسل، برطانوی انجینیری کے معیاروں کی مجلس، اور تعمیری انجینیروں کی مجلس نے پیش کیے ہیں۔ اِن منحنیوں کو نازکی کی قدر (یعنی ستون کا حقیقی طول ÷ نازکی کی قدر) کے بالمقابل ترسیم کیا گیا ہے۔

نقشہ میں جگہ کی کفایت کے خیال سے منحنیوں کو دو حصوں میں

کھینچا گیا ہے: اوپر کے حصوں کے لیے نازکی کی قدر کا فقی پیمانہ اوپر کا ہے اور نیچے کے حصوں کے لیے نیچے کا۔

مصنف کو اِن خطِ مستقیم کے ضابطوں میں اُن ضابطوں پر کوئی برتری نہیں نظر آتی جو سائنٹفک پہلو کے زیادہ مطابق ہیں۔ عملی استعمال میں تو ہمیشہ کوئی نہ کوئی جدول یا نقشہ استعمال کیا جاتا ہے اس لیے ضابطے کے پیچیدہ ہونے سے عملاً کوئی دقت نہیں پیش آتی۔

(د) **جانسن کا مکافی ضابطہ** ——— یہ بھی ایک آزمایشی ضابطہ ہے جو اِس غرض سے وضع کیا گیا ہے کہ بڑے طولوں کے لیے آئیلر سے مطابق ہو اور چھوٹے طولوں کے لیے معمولی فشاری مضبوطی کے مطابق ہو۔ اس کی شکل یہ ہے:-


$$ز_ج = ز_ن \left\{ ا - س \left(\frac{ل}{گ} \right)^{۲} \right\}$$

$$= ز_ن \left\{ ا - س ج^{۲} \right\}$$

س ایک مستقل ہے جس کی قیمت ایسی ہے کہ ز کو ج کے اساس پر ترسیم کیا جائے تو منحنی آئیلر کے منحنی کو مس کریگا، اور یہ منحنی اُسی نقطے تک استعمال کیا جاتا ہے جہاں کہ یہ آئیلر کے منحنی سے ملتا ہے۔

(ع) **مصنف کا ضابطہ** ——— ذیل کا ضابطہ اس پر مبنی ہے کہ عملاً کوئی ستون بالکل ہندسی طور پر سیدھا نہیں ہوتا، اور اِس طرح مناسب ہے کہ ضابطہ اخذ کرنے میں ستون کے ٹیڑھے پن کی وجہ سے ایک خفیف ابتدائی انصراف مانا جائے۔ اس طرح کے دو ضابطے استعمال میں فِڈلر[1] کا ضابطہ اور مانکریف[2] کا ضابطہ کے نام سے مشہور ہیں۔ یہ ضابطے صحیح نظریے اور تجربات کے زیادہ مطابق ہیں

[1] Fedler [2] Moncrieff


نازکی کی قدر $\frac{ل}{ح}$
۰
۲۰
۴۰
۶۰
۸۰
۱۰۰
۷۶۰
۶۶۰
۵۶۰
۴۶۰
۳۶۰
۲۶۰
۱۶۰
۱۰۰
۱۲۰
۱۴۰
۱۶۰
۱۸۰
۲۰۰
نازکی کی قدر $\frac{ل}{ح}$
کامی زور ــــ ٹن فی مربع انچ
① ــ پیمانہ اوپر کو بڑھو
② ــ پیمانہ نیچے کو بڑھو

شکل ۱۵۳ ا

بہ نسبت دیگر ضابطوں کے جو ہم بیان کر چکے ہیں۔ لیکن ان کی پیچیدگی اور اخذ کرنے کی طوالت کی وجہ سے درس میں عموماً اِن سے بحث نہیں کی جاتی۔ اگر ان کا ذکر کیا بھی جاتا ہے تو بس اس قدر کہ یہ رینکن کے ضابطے سے اہمیت میں کم ہیں حالانکہ انگلستان میں ان کا استعمال غالباً سب ضابطوں سے زیادہ ہے۔ ذیل کے ضابطے اُس طریقے سے مختلف ریاضیاتی طریقے سے حاصل کیے گئے ہیں جو کہ فِڈلر اور مانکریف کے ضابطوں میں اختیار کیا گیا ہے اور استعمال کرنے کے لیے فڈلر اور مانکریف کے ضابطوں سے کم قابلِ اعتماد نہیں۔

صورت ۱۔ کیبل دار یا قبضہ دار سرے — ہم معیاری صورت اُس صورت کو لینگے جس میں سرے قبضہ دار ہوں۔ کیونکہ اس میں بحث آسان ہوتی ہے، اور دوسری صورتوں کے لیے اس کے حوالے سے معادل طول حاصل کرنا آسان ہوتا ہے۔

ہم یہ فرض کر کے کہ ستون ابتدا میں خمیدہ ہے خماؤ کے معیار سے پیدا ہونے والے مزید انصراف کو محسوب کرینگے۔ اس کے بعد مرکز پر خماؤ کا زور محسوب کیا جاسکتا ہے اور اس میں راست بوجھ سے پیدا ہونے والے زور کو جمع کر سکتے ہیں۔ اس سے ستون میں دیے ہوئے بوجھ کے تحت اعظم زور حاصل ہوگا جس کو مادّے کے نقطۂ مغلوبیت کے مساوی رکھنے سے ایک جملہ حاصل ہوگا۔ جس کی مدد سے ستون کا انتہائی زور معلوم کیا جاسکتا ہے۔

ہم فرض کرینگے کہ ستوں میں ابتدا میں کسی قدر خم ہے جو شکل ۱۵۳ ب میں باریک لکیر سے دکھایا گیا ہے اور بوجھ لگانے کے بعد انصراف بڑھ کر موٹی لکیر کی شکل اختیار کرتا ہے۔ فرض کرو کہ ابتدائی مرکزی انصراف یا خروج المرکز خ ہے، اور مان لو کہ ابتدائی شکل جیب کے منحنی کی ہے۔ جیب کا منحنی اس لیے اختیار کیا گیا ہے کہ ریاضیاتی بحث میں آسانی ہو ورنہ یہ ثابت کیا گیا ہے کہ مستدیر یا مکافی شکل لینے سے بھی تقریباً بالکل

یہی نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

ایک نقطہ ط پر غور کرو جس کا ابتدائی خروج المرکز

$$لا = خ_{1} \text{ جم } \left(\frac{\pi ما}{ل}\right) \quad \ldots\ldots\ldots (۳)$$

سے حاصل ہوگا اور فرض کرو کہ بوجھ دے سے اس ابتدائی محل سے مزید انصراف لا پیدا ہوتا ہے۔ تب ط پر خماؤ کا معیار

$$م = د (لا + لا_{1})$$

$$= د \left\{ لا + خ_{1} \text{ جم } \left(\frac{\pi ما}{ل}\right) \right\} \quad \ldots\ldots (۴)$$

چونکہ انصراف خفیف ہے اس لیے حسب سابق یوں لکھا جا سکتا ہے:-

$$م = -\frac{آ_{۲} ے_{۲} فر_{۲} لا}{فر_{۲} ما}$$

$$\text{یا } \frac{فر_{۲} لا}{فر_{۲} ما} = -\frac{د}{آ_{۲} ے_{۲}} \left\{ لا + خ_{1} \text{ جم } \left(\frac{\pi ما}{ل}\right) \right\}$$

یا آسانی کے لیے $\frac{د}{آ_{۲} ے_{۲}} = م_{۲}$ لکھنے سے ..... (۵)


$$\frac{فر_{۲} لا}{فر_{۲} ما} = -م_{۲} \left\{ لا + خ_{1} \text{ جم } \frac{\pi ما}{لا} \right\} \quad \ldots\ldots (۶)$$

اس تفرقی مساوات کا عام حل یہ ہے :—

$$لا = ا \text{ جیب } م ما + ج \text{ جم } م ما + \frac{خ_{1} م_{۲} ل_{۲}}{(\pi_{۲} - م_{۲} ل_{۲})} \text{ جم } \frac{\pi ما}{ل} \quad \ldots\ldots (۷)$$

زیر بحث صورت کے لیے خاص حل حاصل کرنے کے لیے یہ شرائط ہیں کہ $ما = +\frac{ل}{۲}$ اور $-\frac{ل}{۲}$ پر لا = ۰

اس کے لیے ا = ۰



شکل ۱۵۳ ب

تب لا = + $\frac{ل}{۲}$ لینے سے

$$۰ = ج\,جم\,\frac{م\,ل}{۲} + \frac{خ_{۱}\,م^{۲}\,ل^{۲}}{(π^{۲} - م^{۲}\,ل^{۲})}\,جم\,\frac{π}{۲}$$

$$= ج\,جم\,\frac{م\,ل}{۲} + ۰$$

جم $\frac{م\,ل^{۲}}{۲}$ اسی صورت میں صفر ہوگا کہ م ل = π یا $م^{۲}\,ل^{۲} = π^{۲}$

یعنی $\frac{د}{آ_{ے}}\,ل^{۲} = π^{۲}$

یا $د = \frac{π^{۲}\,آ_{ے}}{ل^{۲}}$

یہ د کی وہی قیمت ہے جو آئلر کے ضابطے سے حاصل ہوتی ہے، اور چونکہ جن صورتوں پر غور کیا جائیگا اُن سب میں د اِس قیمت سے کم ہوگا اِس لیے جم $\frac{م\,ل}{۲}$ صفر نہیں ہوگا اس لیے ج = ۰.

اِس طرح مساوات (۵) یہ ہو جاتی ہے:—

$$لا = \frac{خ_{۱}\,م^{۲}\,ل^{۲}}{(π^{۲} - م^{۲}\,ل^{۲})}\,جم\,\frac{π\,ما}{ل} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۸)$$

لا کی اعظم قیمت ما = ۰ پر ہوتی ہے اور حسب ذیل ہوتی ہے:—

$$لا_{اعظم} = \frac{خ_{۱}\,م^{۲}\,ل^{۲}}{(π^{۲} - م^{۲}\,ل^{۲})} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۹)$$

∴ ستون کے مرکز پر مجموعی انصراف یا موثر خروج المرکز یہ ہوگا:—

$$خ = خ_{ا} + \overset{\text{اعظم}}{لا}$$

$$= خ_{ا} \left(ا + \frac{م^{۲} ل^{۲}}{π^{۲} - م^{۲} ل^{۲}} \right)$$

$$= خ_{ا} \left(\frac{π^{۲}}{π^{۲} - م^{۲} ل^{۲}} \right)$$

$$= \frac{خ_{ا}}{\left(ا - \frac{م^{۲} ل^{۲}}{π^{۲}} \right)} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱۰)$$

اب فرض کرو کہ آئیلر کا فاصل زور $زا$ ہے اور داب روک پر حقیقی زور کی حدت $\frac{د}{ب} = ز$ ہے۔ تب

$$\frac{م^{۲} ل^{۲}}{π^{۲}} = \frac{د ل^{۲}}{آ^{۲} π^{۲}} = \frac{د}{ب} \div \frac{\frac{π^{۲} ے}{\left(\frac{ل}{گ} \right)^{۲}}}{}$$

$$= \frac{زج}{زا}$$

∴ مساوات (۱۰) یہ ہو جاتی ہے:-

$$خ = \frac{خ_{ا}}{ا - \frac{زج}{زا}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱۱)$$

اگر فشاری کنارے کا فاصلہ تعدیلی محور سے ق ہو تو ستون کی مرکزی تراش میں

$$\text{حاصل فشاری زور} = \frac{د}{ب} + \frac{م ق}{آ^{۲}}$$

$$= \frac{د}{ب} \left(ا + \frac{خ ق}{گ^{۲}} \right)$$

$$= \text{نح} \left(۱ + \frac{\text{خ ق ن}}{\text{گ}^۲} \right) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱۲)$$

ستون کا مادّہ متمدد ہو تو ناکارگی اُس وقت واقع ہوگی جب کہ یہ حاصل زور مادّے کے نقطۂ مغلوبیت کے زور نم کے مساوی ہو۔

اس وقت

$$\text{نم} = \text{نح} \left(۱ + \frac{\text{خ ق ن}}{\text{گ}^۲} \right)$$

$$= \frac{\text{نح}}{\left\{ ۱ + \frac{\text{خ}_۱ \text{ق ن}}{\text{گ}^۲ (۱ - \frac{\text{نح}}{\text{ن}_۲})} \right\}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱۳)$$

اگر $\frac{\text{خ}_۱ \text{ق ن}}{\text{گ}^۲} = \text{ع}$ لکھا جائے تو

$$\text{نم} = \text{نح} \left\{ ۱ + \frac{\text{ع نح}}{\text{ن}_۲ - \text{نح}} \right\}$$

یا $$\text{نم} - \text{نح} = \frac{\text{ع نح نم}}{\text{ن}_۲ - \text{نح}}$$

یا $$\text{نح}^۲ - \text{نح} \left\{ \text{نم} + (۱ + \text{ع}) \text{ن}_۲ \right\} + \text{ن}_۲ \text{نم} = ۰$$

یا $$\text{نح} = \frac{\left\{ \text{نم} + (۱+\text{ع}) \text{ن}_۲ \right\} - \sqrt{\left\{ \text{نم} + (۱+\text{ع}) \text{ن}_۲ \right\}^۲ - ۴ \text{ن}_۲ \text{نم}}}{۲} \quad \ldots\ldots (۱۴)$$

کسی دیے ہوئے مادّے کے لیے نم اور ن۲ معلوم ہونگے جن سے کسی دیے ہوئے ستون کے لیے فاصل زور کی قیمت معلوم کی جاسکتی ہے۔

اگر مادّہ پھوٹک ہے تو نقطۂ مغلوبیت کے زور کی جگہ انتہائی قشاری زور درج کرنا چاہیے اور ساتھ ہی یہ بھی یاد رہے کہ اگر مادّے کی تنشی مضبوطی قشاری مضبوطی سے کم ہے اور خروج المرکز اتنا ہے کہ

تناؤ پیدا کرے تو پیدا ہونے والے حاصل تنشی زور پر بھی غور کرنا چاہیے اور اس کو انتہائی تنشی مضبوطی کے مساوی رکھنا چاہیے۔

اوپر کے ضابطے میں ابتدائی خروج المرکز خ = ۰ رکھ کر دیکھنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ اس سے عد = ۰ اور اس طرح

$$\text{خ} = \frac{\text{ز}_م + \text{ز}_ا - (\text{ز}_م - \text{ز}_ا)}{\text{ز}_ا} = \frac{\text{ز}_ا}{\text{ز}_ا}$$

مساوات درجۂ دوم کی دوسری اصل سے خ = ۱ حاصل ہوتا۔ اور اس سے آئیلر کے ضابطے کی صحیح تعبیر حاصل ہوتی ہے۔

عملی تجویز کے لیے عام ضابطہ ـــــ ایسے فولادی ستونوں کی کی تجویز کے لیے ضابطہ حاصل کرنے کے لیے جن میں لداؤ اتنا مرکزی ہو جتنا ممکن ہے یعنی معمولی عملی صورتوں کے لیے جن میں اگر کوئی خروج المرکز ہوتا ہے تو وہ اتفاقی ٹیڑھے پن کی وجہ سے ہوتا ہے ایسی صورتوں میں ہماری رائے ہے کہ خروج المرکز خ = $\frac{\text{ل}^2}{\text{ق}\ 2000}$ یعنی طول کے مربع کے متناسب اور تراش کی اقل گہرائی کے بالعکس متناسب لیا جائے۔ یہ ایک ۰ افٹ طول اور ۶ انچ گہرائی کے ستون میں $\frac{1}{4}$ انچ کے مساوی ہوگا اور اس کو عملی حالات میں انتہائی قیمت سمجھا جا سکتا ہے۔

اس طرح ہمارا ضابطہ (۱۳) یہ ہو جائیگا۔

$$\text{ز}_م = \text{ز}_خ \left\{ 1 + \frac{\text{ل}^2}{2000\ \text{گ}^2 \left(1 - \frac{\text{ز}_خ}{\text{ز}_ا}\right)} \right\} \quad \ldots\ldots\ldots (16)$$

یا $$\text{ز}_م - \text{ز}_خ = \frac{\text{ل}^2}{2000\ \text{گ}^2} \times \frac{\text{ز}_ا \times \text{ز}_خ}{\text{ز}_ا - \text{ز}_خ}$$

$$= \frac{\text{ل}^2}{2000\ \text{گ}^2} \times \frac{12\ \text{ے}\ \text{گ}^2}{\text{ل}^2} \times \frac{\text{ز}_خ}{\text{ز}_ا - \text{ز}_خ}$$

$$= \frac{\pi^2 \text{ے}}{۲۰۰۰} \times \frac{\text{ز}_ح}{\text{ز}_ا - \text{ز}_ح} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱۷)$$

فولاد کے لیے ے = ۳۰۰۰۰ کلو پونڈ (ہزار پونڈ کا پیمانہ) فی مربع انچ۔

اس لیے (نم - نح) (نم - نح) = ۱۴۷۸۰ نح

نرم فولاد کے لیے نم = ۴۵

∴ ہمارا ضابطہ یہ ہوجاتا ہے:-

$$\text{ز}_ح^2 - (۸۰\text{،}۵۹ + \text{نم})\,\text{نح} + ۴۵\,\text{نم}^2 = ۰ \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱۸)$$

اس مساوات درجۂ دوم کا حقیقی حل یہ ہے:-

$$\text{ز}_ح = \frac{(۸۰\text{،}۵۹ + \text{نم}) - \sqrt{(۸۰\text{،}۵۹ + \text{نم})^2 - ۱۸۰\,\text{نم}^2}}{۲}$$

$\frac{\text{نح}}{۴۵}$ = س سے "ستون کے زور کی قدر" حاصل ہوتی ہے۔ یہ وہ نسبت ہے جو کسی دیے ہوئے ستون کو اسی مادّے کے ایک بہت چھوٹے ستون کے زور کے ساتھ ہو۔ اس کی قیمتوں کو شکل ۱۵۲ میں ترسیم کیا گیا ہے۔ اس شکل میں نقطہ مغلوبیت کے لحاظ سے قدرِ سلامتی = ۳ کے لیے کامی زور بھی دیا گیا ہے۔ شکل میں جگہ کی کفایت کے لیے نقشہ کا سرا کاٹ کر پیچھے ہٹا دیا گیا ہے اس طرح نقشے کے اوپر کے حصہ کے لیے $\frac{\text{ل}}{\text{گ}}$ کا اوپر کا پیمانہ لیا جائے اور نچلے حصے کے لیے نیچے کا پیمانہ۔ نقشے میں نازکی کی نسبت کا پیمانہ بھی صفر سے ۵۰ تک اور ۱۵۰ سے ۲۰۰ تک کے حصوں میں گھٹا دیا گیا ہے تاکہ باقی حصے کے لیے زیادہ کھلا ہوا پیمانہ حاصل ہو کیونکہ یہی حصہ عملاً سب میں زیادہ کثیر الاستعمال ہے۔ دونوں سرے ثابت ہوں تو معادل نازکی کی نسبت $\frac{\text{ل}}{۲\,\text{گ}}$ اور

ایک سرا قبضہ دار اور دوسرا ثابت ہو تو $\frac{ل}{گ}$ لی جائیگی۔

(ف) **مانکریف کا ضابطہ** ـــــ مسٹر مانکریف نے اس مضمون کی ایک بڑی مکمل تحقیق میں نرم فولاد کے ستونوں کے لیے ذیل کے ضابطے اخذ کیے ہیں:۔

(ا) دونوں سرے قبضہ دار

$$\frac{ل}{گ} = ۱۰۰ \sqrt[۱۱]{\left(\frac{۲۱٫۴}{۵٫۵۳ - ۴٫۴ \text{ نح}}\right)\left(\frac{۱۰٫۷}{\text{نح}} - ۱٫۶\right)}$$

(ب) دونوں سرے ثابت اور دونوں سرے چپٹے ($\frac{ل}{گ} = ۱۰۶٫۹$ تک)

$$\frac{ل}{گ} = ۲۰۰ \sqrt[۱۱]{\left(\frac{۲۱٫۴}{۵٫۵۳ - ۴٫۴ \text{ نح}}\right)\left(\frac{۱۰٫۷}{\text{نح}} - ۱٫۶\right)}$$

(ج) دونوں سرے چپٹے ($\frac{ل}{گ} > ۱۰۶٫۹$)

$$\frac{ل}{گ} = ۲۰۰ \sqrt[۱۱]{\frac{۲۱٫۴ \times ۴٫}{۵٫۶ \text{ نح}}}$$

مسٹر مانکریف بھی ایک خفیف ابتدائی خم کے مفروضے پر چلتے ہیں لیکن اُن کی ریاضیاتی بحث مختلف ہے اور اُنھوں نے اپنے مستقلات تجربات سے اخذ کیے ہیں۔ اُن کا نظریہ دوسروں سے اس بارے میں مختلف ہے کہ انھوں نے "چپٹے سروں" کو ایک معیار مانا ہے۔

ریڈ پاتھ براؤن لمیٹڈ نے اپنی مشہور دستی کتاب میں یہی ضابطہ استعمال کیا ہے اور نرم فولاد کے لیے حسبِ ذیل اعداد حاصل ہوئے ہیں۔

ل/گ	دونوں سرے قبضہ دار	دونوں سرے ثابت	دونوں سرے چپٹے	ل/گ	دونوں سرے قبضہ دار	دونوں سرے ثابت	دونوں سرے چپٹے
۲۰	۶٫۵۰	۶٫۶۵	۶٫۶۵	۱۱۰	۲٫۷۱	۵٫۲۸	۵٫۰۶
۴۰	۵٫۹۳	۶٫۵۰	۶٫۵۰	۱۲۰	۲٫۳۸	۵٫۰۳	۴٫۲۵
۶۰	۵٫۰۳	۶٫۲۷	۶٫۲۷	۱۳۰	۲٫۱۰	۴٫۷۸	۳٫۶۲
۷۰	۴٫۵۲	۶٫۱۱	۶٫۱۱	۱۴۰	۱٫۸۶	۴٫۵۲	۳٫۱۲
۸۰	۴٫۰۱	۵٫۹۳	۵٫۹۳	۱۶۰	۱٫۴۸	۴٫۰۱	۲٫۳۹
۹۰	۳٫۵۲	۵٫۷۴	۵٫۷۴	۱۸۰	۱٫۲۰	۳٫۵۲	۱٫۸۹
۱۰۰	۳٫۰۹	۵٫۵۲	۵٫۵۲	۲۰۰	۰٫۹۹	۳٫۰۹	۱٫۵۳

س کی قیمتیں حسبِ ذیل لی جا سکتی ہیں :—

نرم فولاد $س = ۵۷٫۰۰۰$

پٹواں لوہا $س = ۳۹٫۰۰۰$

ڈھلا لوہا $س = ۱۶٫۰۰۰$

اِس ضابطے کو نرم فولاد کے لیے شکل ۱۵۴ میں ترسیم کیا گیا ہے۔


(گ) فِڈلر کا ضابطہ — فِڈلر کی کتاب "پُل کی تعمیر" میں طالب علم کو داب روک کے مسئلے کی ایک بہت مکمل بحث ملیگی۔

فِڈلر کا ضابطہ شکستی زور دیتا ہے اور حسبِ ذیل ہے:—

$$\text{اقل شکستی زور} = \frac{ز + ر + ۱\sqrt{(ز+ر)^۲ - ۲م ز ر}}{م}$$

جہاں ز = مادے کی انتہائی خالص فشاری مضبوطی

ر = آئیلر کا شکستی زور $= \frac{\pi^۲ ے}{ج^۲}$


نرم فولاد
قبضہ وار سرے
اینڈریوز
(ا) فڈلر (ف = ۲۰ ٹن فی مربع انچ)
(ب) فڈلر (ف = ۱۰ ٹن فی مربع انچ)
جانسن
مانکریف
رینکن
آئیلر ÷ ۴
نازکی کی نسبت ل/ع
اینڈریوز
جانسن
آئیلر ÷ ۴
(ا) فڈلر
مانکریف
رینکن
(ب) فڈلر
بالائی پیمانہ سے پڑھو
(ا) فڈلر
مانکریف
رینکن
اینڈریوز
جانسن اور آئیلر ÷ ۴
(ب) فڈلر
زیرین پیمانہ سے پڑھو
نازکی کی نسبت ل/ع
ستون کے زور کی شدت س
زور فی مربع انچ ف

شکل ۱۵۴

م = ایک مستقل جس کی اوسط قیمت ۱٫۲ ہے۔
وہ ایک ثابت سرے کے لیے معادل ۶٫۰ ل لیتا ہے۔ نرم فولاد کے لیے قیمتیں شکل ۱۵۴ کے نقشے میں دکھائی گئی ہیں

داب روکوں کے ضابطوں کا استعمال ـــ شکل ۱۵۴ میں

نرم فولاد کے لیے ستون کے زور کی قدروں اور کامی زوروں کے منحنی یہاں بیان کیے ہوئے مختلف ضابطوں کے مطابق جھکاؤ کی مختلف قدروں کے لیے کھینچے گئے ہیں باستثناء اُن کے جو شکل ۱۵۳ ا میں دکھائے جا چکے ہیں۔ یہ سب ایک ہی کامی زور ۶۷٫۶ ٹن فی مربع انچ سے شروع کیے گئے ہیں تاکہ صحیح طور پر مقابلہ کیا جا سکے اور جانسن کا ضابطہ اس طرح اختیار کیا گیا ہے کہ اس زور پر شروع ہو اور آئیلر کے زور کا قدر سلامتی = ۴ کے ساتھ مماس ہو جائے۔ فڈلر کے ضابطے کے لیے دو منحنی لیے گئے ہیں ایک ۲۰ ٹن فی مربع انچ کی انتہائی مضبوطی (دراصل نقطہ مغلوبیت) کے لیے اور ایک ۲۵ ٹن فی مربع انچ کے لیے۔ دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ نازکی کی نسبت ۶۰ سے ۱۰۰ تک کے لیے جو کہ سب میں زیادہ عام ہے رینکن کا منحنی دوسرے منحنیوں سے خاصا نیچے رہتا ہے۔ اینڈریوز، فڈلر اور مانکریف کے منحنی اس حصے میں بہت قریب قریب ہیں۔

یہ یاد رہے کہ ز سے بے خطر زور فی مربع انچ ان داب روکوں کے لیے حاصل ہوتا ہے۔ جن پر بوجھ مرکزی ہو۔ اگر بوجھ خارج المرکز ہو تو ویسا عمل کرنا ہوگا جیسا کہ آگے چل کر بیان کیا جائیگا۔

اب اگر ب = داب روک کی تراش کا رقبہ
تو بے خطر بوجھ = د = ز × ب

اگر جیسا کہ عملاً اکثر ہوتا ہے بوجھ دیا ہوا ہو اور تراش ابھی تجویز نہ ہوئی ہو جس کی

وجہ سے جھکاؤ کی قدر معلوم نہ ہو تو اکثر اس کا ایک سرسری تخمینہ اس طرح ہو سکتا ہے کہ نج کی ایک آزمایشی قیمت تقریباً $\frac{2}{3}$ نی کے مساوی یعنی فولاد کے لیے ۴ ٹن فی مربع انچ لی جائے اور اس زور کے لیے ضروری رقبہ معلوم کیا جائے۔ اس سے مطلوبہ رقبے کا ایک اندازہ ہوگا۔ اب ایک تراش تقریباً اس رقبے کی اختیار کر کے اس کی جھکاؤ کی قدر نکالو اور دیکھو کہ اس پر بے خطر بوجھ کیا ہوگا۔

تعمیر کے فولاد کے بہت سے سربرآوردہ کارخانے مختلف داب روکوں کے بے خطر بوجھوں کی جدولیں شایع کرتے ہیں۔ ایسی کوئی جدول لے کر اس میں دو ایک تراشوں کی جانچ کر لو کہ آیا اس کارخانے نے وہی ضابطہ اختیار کیا ہے جو ہم اختیار کرنا چاہتے ہیں اور اس کا اطمینان ہو جائے تو اس جدول میں سے زیرِ تجویز صورت کے لیے کوئی موزوں تراش انتخاب کرو اور پھر ضابطہ لگا کر دیکھ لو کہ یہ تراش قابلِ اطمینان ہے۔

رباط دار ستون، داب روک اور کھم ——— داب روک اکثر بیلی تراشوں مثلاً شہتیروں اور نالیوں کو باہم وتری رباط یا تختیوں کے ذریعے مربوط کر کے بنائے جاتے ہیں۔ کوئبک[1] کے پُل میں جو داب روک بیکار ہوا وہ رباط دار داب روک تھا، اور کمیشن کی رپورٹ ہے کہ بھاری بوجھ کے تحت ایسے داب روکوں کی تجویز کے متعلق ابھی کافی معلومات موجود نہیں۔ البتہ معمولی مقابلۃً ہلکے کام کے لیے رباط دار داب روک (جن کا ایک نمونہ شکل ۱۵۴ ا میں دیا گیا ہے) قابلِ اطمینان اور باکفایت ہوتے ہیں۔ کسی شہتیر یا نالی کا بے رباط طول اتنا ہونا چاہیے کہ جو بوجھ بڑھ رہا ہے وہ اس طول کے داب روک کے بے خطر بوجھ سے زیادہ نہ ہو۔ اعظم جائز بے رباط طول کا ایک اندازہ یوں حاصل ہو سکتا ہے:—

فرض کرو کہ ج = پورے داب روک کی جھکاؤ کی قدر۔

---

[1] Quebec

فرض کرو گ = ایک شہتیر یا نالی کا اقل گردشی نصف قطر۔

" د = داب روک پر مجموعی بوجھ۔

" ۲ ب = داب روکوں کا مجموعی رقبہ۔

" س = شہتیر یا نالی کا اعظم بے رباط طول

تب آئیلر کے ضابطے سے، $\frac{د}{۲ ب} = \frac{۲ \pi^{۲} ے}{۵ ج^{۲}} = \frac{۱}{ج^{۲}}$

ہر ایک شہتیر یا نالی پر نصف بوجھ ہے

$$\therefore \frac{\frac{۱}{۲} د}{ب} = \text{زور} = \frac{۲ \pi^{۲} ے گ_{۱}^{۲}}{۵ س^{۲}} = \frac{۱ گ_{۱}^{۲}}{س^{۲}}$$

$$\therefore \frac{۱}{ج^{۲}} = \frac{۱ گ_{۱}^{۲}}{س^{۲}}$$


$$\therefore س = گ_{۱} ج$$

اور چونکہ $ج = \frac{\text{داب روک کا معادل طول}}{\text{پورے داب روک کا اقل گردشی نصف قطر}} = \frac{ل}{گ}$

$$\frac{س}{ل} = \frac{گ_{۱}}{گ}$$


$$\therefore \frac{ل}{س} = \text{خانوں کی اقل تعداد} = \frac{گ}{گ_{۱}}$$

$$= \frac{\text{پورے داب روک کا اقل گردشی نصف قطر}}{\text{شہتیر یا نالی کا اقل گردشی نصف قطر}}$$



شکل ۱۵۴ ا۔ کھلے پیٹوں کے ستون

رباط بندی کی مختلف قسموں کی استعداد ــــ جامعہ الی نوائے (امریکہ) کے پروفیسر ایچ۔ الیف۔ مود[1] نے رباط بندی کی مختلف قسموں کی



شکل ۱۵۴ ب۔ رباط بندی کی استعداد

"جھکاؤ کے خلاف استعداد" کے متعلق چند نتائج پیش کیے ہیں جو شکل ۱۵۴ ب میں دکھائے گئے ہیں۔[اس سلسلے میں دیکھو پروفیسر اے۔ ایچ[2]۔ باسکوئن کا ایک مضمون "ستونوں کی تجویز" پر (ویسٹرن سوسائٹی آف انجینیرز کی روداد ۱۹۱۴ء)۔ یہ اُن بہترین تحریروں میں سے ہے جو اس مبحث پر لکھی گئی ہیں]۔ یہ جھکاؤ کے خلاف استعداد وہ نسبت ہے جو ریشہ کے محسوبہ زور کو اُس زور سے ہو جو حقیقی فساد کے ناپنے سے حاصل ہو۔ اِس میں

---

[1] Prof: H. F. Moore, of Illinois University

[2] Prof: A. H. Basquin

حساب اُس مفروضے پر مبنی ہوتا ہے کہ رباط دار تراش ایک سالم تراش کی طرح عمل کرتی ہے۔ اس کے لیے جو امتحانات کیے گئے وہ معمولی آرڈے خماؤ کے ذریعے کیے گئے ستونوں کی طرح نہیں۔ لیکن رباط بندی کی مختلف قسموں کے لیے جو تقابلی نتائج حاصل ہوئے اُن کو جہاں تک اضافی قیمتوں کا تعلق ہے ستونوں کی صورت میں بھی درست سمجھا جا سکتا ہے۔ اِن میں خاص طور پر دیکھو کہ واحد ریوٹ والی اکہری وتری رباط بندی کو (جو شکل میں اوپر سے تیسری ہے) علٰحدہ ریوٹوں والی رباط بندی پر (جو شکل میں سب میں نچلی ہے) کتنی برتری حاصل ہے کیونکہ موخرالذکر میں شدید ثانوی زور واقع ہوتے ہیں۔

رباط بندی کے زور ــــــ پروفیسر[1] ٹالبٹ اور پروفیسر مور نے رباط دار ستونوں کے زوروں کی بہت تفصیلی تمدد پیمائی پیمائشیں کی ہیں اور اُن کے حاصل کردہ نتائج میں سے ذیل کا اقتباس اہم ہے:۔

"تجربات کا ایک اہم نتیجہ یہ ہے کہ یہ مشاہدہ میں آیا کہ ستونوں کے نالی دار ارکان میں خاصا مقامی جھکاؤ کا عمل واقع ہوتا ہے جو پورا سیدھا پن نہ ہونے کی وجہ سے یا بوجھ کے کسی طرح خارج المرکز ہونے کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ کم زور ستونوں میں یہ بات خاص طور پر صحیح ہے۔

"پیمائشیں جو کی گئیں اُن سے متعدد صورتوں میں انتہائی رسیے کا زور اوسط زور سے ۴۰ سے ۵۰ فیصدی تک زیادہ اور بعض صورتوں میں اس سے بھی زیادہ ہونے کا پتہ چلتا ہے۔

"پیمائشوں سے جالی کی سلاخ میں ایسا زور پایا گیا جو لگائے ہوئے فشاری بوجھ کے ۱ تا ۳ فیصدی عرضی جز سے پیدا ہوتا یعنی جو فشاری بوجھ کے ۲ تا ۶ فیصدی بوجھ کے ستون کے وسط میں عمل کرنے سے پیدا ہوتا۔ یہ زور جالی کی سلاخ کی تراش پر کا اوسط زور ہے۔

یہ عجب معلوم ہوتا ہے کہ نظری بحث کے ذریعے یا اب تک جو معلومات حاصل ہیں اُن کے بھروسہ پر معلوم کرنے کی کوشش کی جائے کہ ستون کے بندھن میں

[1] Prof: Talbot & Moore

مرکزی بوجھ کے تحت کن زوروں کے پیدا ہونے کی توقع ہو سکتی ہے"۔

بالعموم رباطوں کے درمیان عرض ض کا دوگنا یا تین گنا فصل یا وتری رباطوں کا ۳۰ تا ۴۵ میلان قابلِ اطمینان ہوگا اور عملاً یہی اختیار کیا جائے اِلّا اس کے کہ حساب سے فصل اس سے کم رکھنا ضروری ہو۔

اِس صورت میں داب روک کی مضبوطی اس مفروضے پر محسوب کی جاتی ہے کہ گویا تراش دو شہتیروں یا نالیوں پر مشتمل ہے جو ایک مطلوبہ فاصلے پر کھڑے کیے گئے ہیں۔ دیکھو حل شدہ مثال نمبر ۴۔

اقل گردشی نصف قطر ـــــ اگر تراش میں کوئی محور تشاکل ہو تو اقل گردشی نصف قطر اس کے بالکل یا تقریباً علی القوائم ہوگا۔ اس لیے اِس صورت میں گ کی قیمت صرف محورِ تشاکل کے لیے اور اس کے علی القوائم محسوب کرنا کافی ہے۔ اگر کوئی محورِ تشاکل نہ ہو تو اس طرح عمل کرنا ہوگا جس طرح صفحہ ۸۷ پر بتایا گیا ہے۔

مرکزی بوجھ کے داب روکوں وغیرہ پر مثالیں ـــــ ذیل کی

عددی مثالوں سے داب روکوں، وغیرہ، کی تجویز کا مسئلہ صاف ہو جائیگا۔

(۱) ایک ۰٫۶ × ۰٫۶ × ۴۲ کے نرم فولاد کے معیاری I شہتیر کو بطور ایک کھم کے استعمال کیا گیا ہے جس کا طول ۱۶ فٹ ہے اور ایک سرا ثابت اور دوسرا کیل دار ہے۔ اِس کے لیے بے خطر بوجھ معلوم کرو۔

معیاری تراشوں کی جدول سے:۔

ب = ۱۲٫۳۵ مربع انچ

اقل گ = ۱٫۳۶

$$\therefore \text{جھکاؤ کی قدر} = ج = \frac{\text{معادل طول}}{\text{گ}} = \frac{۲\,ل}{۳\,گ}$$

$$= \frac{۱۲ \times ۱۶ \times ۲}{۱٫۳۶ \times ۳} = ۹۴٫۲ \text{ تقریباً}$$

∴ بے خطر زور = نج = $\frac{۶}{۱+\frac{(۹۴٫۲)^۲}{۶۰۰۰}}$ (رنکین کے ضابطے سے)

$= \frac{۶}{۱٫۴۷+۱} = ۲٫۴۳$ ٹن فی مربع انچ

∴ بے خطر بوجھ = ۲٫۴۳ × ۱۲٫۳۵ = ۳۰ ٹن

(۲) ایک ٹھوس ڈھلے لوہے کا کھم جس کا قطر ۶ انچ اور طول ۱۵ فٹ ہے نچلے سرے پر ثابت ہے اور بالائی آزاد سرے پر ایک بوجھ ہے۔ کوئی معقول قدرِ سلامتی فرض کرکے کھم کے لیے بے خطر بوجھ محسوب کرو (بی۔ ایس سی لندن ۱۹۰۷ء)

اس صورت میں گ = $\frac{ق}{۴}$ = ۵٫۱

معادل طول = ۲ل = ۳۰

∴ ج = $\frac{\text{معادل طول}}{\text{گ}} = \frac{۱۲ \times ۳۰}{۱٫۵}$

$= ۲۴۰$

∴ بے خطر زور فی مربع انچ = نج = $\frac{۷}{۱+\frac{۲۴۰ \times ۲۴۰}{۱۸۰۰}}$

$= \frac{۷}{۳۲+۱}$

$= ۲۱۲٫$ ٹن فی مربع انچ

∴ بے خطر بوجھ = ۲۱۲٫ × $\frac{۳۶ \times ۳۱}{۴}$ = ۶ ٹن

آئیلر کی رُو سے نج = $\frac{۲۱ \text{ ہے}^۲}{۵ \text{ ج}^۲} = \frac{۱۲۰۰۰}{\text{ج}^۲}$

$$= \frac{۱۲۰۰۰}{۲۴۰ \times ۲۴۰} = ۲۰۸ء۵ \text{ ٹن فی مربع انچ}$$

$$\therefore \text{ بے خطر بوجھ} = \frac{۳۶ \times ۳۳ \times ۲۰۸ء۵}{۴} = ۵۸۸ء۵ \text{ ٹن}$$

(۳) ایک فولاد کی بیلی کڑی کو دو بستہ سروں کے ساتھ داب روک کے طور پر استعمال کیا گیا ہے جس کا طول ۵ فٹ ہے۔ اگر اس کو قابل سلامتی ۴ کے ساتھ ۴۰ ٹن کا فشاری بوجھ برداشت کرنا ہے تو ذیل کے معطیات سے کڑی کی تراش معلوم کرو۔

(ا) تراش کی مجموعی گہرائی کو روں کے عرض کی دوگنی ہے اور دھات کی موٹائی کو روں کے عرض کی $\frac{۱}{۸}$ ہے۔

(ب) اس فولاد کے ایک چھوٹے داب روک کی فشاری مضبوطی ۲۴ ٹن فی مربع انچ ہے۔

(ج) رینکین کے ضابطے کا مستقل $\frac{۱}{۳۶۰۰۰}$ ہے۔ (ا۔ سی۔ ای لندن ۱۹۰۷ء)

اس سوال میں پہلے ضابطے سے شکستی زور معلوم کرنا چاہیے۔ اس صورت میں داب روک کا معادل طول استعمال نہیں کیا جائیگا کیونکہ مستقل کی قیمت ثابت سروں کے لیے دی گئی ہے۔

$$\text{شکستی زور} = \frac{۲۴}{۱ + \frac{۱}{۳۶۰۰۰}\left(\frac{ل}{گ}\right)^{۲}}$$

$$\therefore \text{بے خطر زور} = \frac{\text{شکستی زور}}{۴} = \frac{۶}{۱ + \frac{۱}{۳۶۰۰۰} \times \left(\frac{ل}{ع}\right)^۲}$$

اب فرض کرو کہ ب = تراشش کا رقبہ

ض = کور کا عرض

تب ۲ ض = شہتیر کی گہرائی

$\frac{ض}{۸}$ = دھات کی موٹائی

$$\text{اور} \quad ب = ۲ض \times \frac{ض}{۸} + \frac{ض}{۸}(۲ض - \frac{۲ض}{۸})$$

$$= \frac{ض^۲}{۴} + \frac{۷ض^۲}{۳۲} = \frac{۱۵ض^۲}{۳۲} = ۴۶۸۷ض^۲$$

اقل گردشی نصف قطر ایک کوروں کے علی القوائم محور کے گرد ہوگا۔

$$\therefore آ = \frac{ض}{۴} \times \frac{ض^۳}{۱۲} + \frac{۷ض}{۱۲ \times ۴} \times \left(\frac{ض}{۸}\right)^۳$$

$$= \frac{ض^۴}{۴۸} + \frac{۷ض^۴}{۱۲ \times ۲۰۴۸} = ۰٫۰۲۱۱۱ض^۴$$

$$\therefore گ^۲ = \frac{آ}{ب} = \frac{۰٫۰۲۱۱۱ض^۴}{۴۶۸۷٫ض^۲} = ۰٫۰۰۴۵ض^۲$$

$$\therefore \text{بے خطر زور} = \frac{۴۰}{ب} = \frac{۶}{۱ + \frac{۱۲ \times ۱۵ \times ۱۲ \times ۱۵}{۳۶۰۰۰ \times ۰٫۰۰۴۵ض^۲}}$$

$$\therefore \frac{۴۰}{۴۶۸۷٫ض^۲} = \frac{۶}{۱ + \frac{۹}{۴۵٫ض^۲}}$$

$$\therefore \left(۱ + \frac{۹}{۴۵٫ض^۲}\right) = \frac{۶}{۴۰} \times ۴۶۸۷٫ض^۲$$

$= ۱۵٫۰ \times ۴۶۸۷٫۰ \quad ض^۲$

$\therefore \quad ض^۴ (۱۵٫۰ \times ۴۶۸۷٫۰ \times ۴۵٫۰) - ۴۵٫۰ ض^۲ - ۹ = ۰$

$۳۱۶٫۱ ض^۴ - ۴۵ ض^۲ - ۹۰۰ = ۰$

اِس مساوات درجۂ دوم کا حل یہ ہوگا:—

$ض^۲ = ۲۵٫۳$ تقریباً

یا $ض = ۵$ سمجھو

$\therefore$ کڑی ۱۰ً × ۵ً × دھات کی موٹائی $\frac{۵}{۸}$ً کی لو۔

اِس سوال کو دیے ہوئے قاعدے سے سرسری طور پر یوں حل کیا جا سکتا تھا:—

$ز = \frac{۲}{۳} \times ۶ = ۴$ لو

$\therefore \quad ب = \frac{۴۰}{۴} = ۱۰$ مربع انچ

$\therefore \quad \frac{۱۵ ض^۲}{۳۲} = ۱۰$

$ض^۲ = \frac{۳۲ \times ۱۰}{۱۵} = \frac{۶۴}{۳}$

$ض = \frac{۸}{\sqrt{۳}} = ۴٫۶۲$ یا سمجھو ۵ً

(۴) ایک پُل قینچی میں ایک فولادی کھمبہ کا طول ۲۶ فٹ ہے اور سرے کیل دار ہیں۔ یہ ۱۰ً × ۳½ً × ۲۸٫۲۱ پونڈ کی دو نالیوں پر مشتمل ہے جو ۴½ انچ کے فصل سے ہیں۔ اِس تراش کے لیے بے خطر بوجھ معلوم کرو (دیکھو شکل ۱۵۴)۔

جدولوں کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۰ً × ۳½ً × ۲۸٫۲۱ پونڈ والی نالی کے لیے

$ب = ۸٫۲۹۶$

گ (اعظم) = ۳٫۷۷

گ (اقل) = ۹۹۴٫

مرکزِ ہندسی کا فاصلہ کنارے سے = ط = ۹۹۳٫

تب پورے داب روک کے لیے

$$\frac{\text{گ}}{\text{ماما}} = ۳٫۷۷$$

$$\frac{\text{گ}^۲}{\text{لا}} = \left(\frac{\text{ق}}{۲} + \text{ط}\right)^۲ + \text{گ (اقل)}^۲$$

$$= (۳٫۱۸۳)^۲ + (۹۹۴٫)^۲$$

$$\therefore \frac{\text{گ}}{\text{لا}} = ۳٫۳۳$$

$$\therefore \text{ج} = \frac{\text{طول}}{\text{اقل گردشی نصف قطر}} = \frac{۱۲ \times ۲۶}{۳٫۳۳}$$

$$= ۹۳٫۶$$

$$\therefore \text{ز ج} = \frac{۶}{۱ + \frac{۹۳٫۶ \times ۹۳٫۶}{۶۰۰۰}} = \frac{۶}{۳٫۴۶}$$

$$= ۲٫۴۴$$

∴ بے خطر بوجھ = ۲٫۴۴ × رقبہ

$$= ۲٫۴۴ \times ۲ \times ۸٫۲۹۶$$

$$= ۴۰٫۴ \text{ یا سمجھو } \underline{۴۰ \text{ ٹن}}$$

داب روکوں پر خارج المرکز بوجھ

اگر کسی داب روک پر دباؤ مرکز سے ہٹا ہوا ہو یعنی اگر داب روک پر دباؤ کے علاوہ خمائو کا معیار بھی ہو تو تجویز میں معمولی قواعد کا استعمال نہیں

کیا جا سکتا۔

ایسی صورت میں حسب ذیل عمل کیا جائیگا:۔ فرض کرو کہ بوجھ و ہے اور تراش کے مرکزِ ہندسی سے فاصلہ لا پر عمل کرتا ہے۔ تب م = و × لا (شکل ۱۵۵)۔

صورت ۱۔ بہت چھوٹے داب روک ـــــ اگر طول اقل قطر کے ۱۰ گنے سے کم ہو تو زور صفحہ ۲۱۹ کے طریقے سے حاصل ہو سکے۔ یعنی

$$ز_ف = \frac{و}{ب} + \frac{م}{مق_ف}$$

$$ز_ت = \frac{م}{مق_ت} - \frac{و}{ب}$$

موجودہ صورت میں $ز_ن = \frac{و}{ب} + \frac{و\,لا}{مق_ف}$

$$\therefore \quad \frac{و}{ب} + \frac{و\,لا\,ق_ن}{ب\,گ^2} = 0$$

$$\therefore \quad \frac{و}{ب} = \frac{لا\,ق_ن}{گ^2} + 1)$$

$$\therefore \quad \frac{و}{ب} = \frac{ز_ن}{1 + \frac{لا\,ق_ن}{گ^2}}$$


اس سے فشاری زور ز_ن کے متناظر بے خطر بوجھ و حاصل ہوگا۔ اس صورت سے باب ۶ میں مفصل بحث کی جا چکی ہے۔

صورت ۲۔ داب روک جن کا طول قطر کے دس گنے سے زیادہ ہو ـــــ اس صورت میں جھکاؤ کی کچھ رعایت رکھنی پڑیگی اور حسبِ ذیل

عمل کرنا ہوگا:۔

گزشتہ صورت کی طرح

$$\text{متحدہ فشاری زور} = \frac{\text{و}}{\text{ب}}\left(1 + \frac{\text{لا ق ف}}{\text{گ}^2}\right)$$



شکل ۱۵۵۔ ستونوں پر خارج المرکز بوجھ

موجودہ صورت میں یہ فشاری زور اُس بے خطر زور سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے جو جھکاؤ کے ضابطے سے حاصل ہو۔ یعنی

$$\frac{\text{و}}{\text{ب}}\left(1 + \frac{\text{لا ق ف}}{\text{گ}^2}\right) = \text{ز ج}$$

$$\frac{\text{ز ج}}{\left(1 + \frac{\text{لا ق ف}}{\text{گ}^2}\right)} = \frac{\text{و}}{\text{ب}}$$

یعنی داب روک پر بے خطر خارج المرکز بوجھ $= \frac{\text{بے خطر مرکزی بوجھ}}{1 + \frac{\text{لا ق ف}}{\text{گ}^2}}$

جہاں لا = بوجھ کا خروج المرکز

ق = مرکزِ ہندسی سے تراش کے اس کنارے کا فاصلہ جو بوجھ سے قریب ترین ہے۔

گ = گردشی نصف قطر ایسے محور کے گرد جو مرکزِ ہندسی اور بوجھ میں سے گزرنے والے مستوی کے علی القوائم ہے۔

اس ضابطے کو ذیل کی شکل میں لکھا جا سکتا ہے جو بعض اوقات کارآمد ہوتی ہے۔

فرض کرو کہ $و_ا$ وہ مرکزی بوجھ ہے جو خارج المرکز بوجھ و کے معادل ہے۔

تب $$و_ا = و\left(1+\frac{لا\,ق}{گ^2}\right)$$

$\frac{و_ا}{و}$ کو "خروج المرکز کی قدر" کہہ سکتے ہیں۔ اس ضابطے کو استعمال کرنے میں یہ معلوم ہو کہ یہ اس مفروضے پر مبنی ہے کہ جھکاؤ شکل کے مستوی میں واقع ہوگا۔ اس لیے بے خطر مرکزی بوجھ معلوم کرنے کے لیے گ کی قیمت اسی سمت میں معلوم کرنی چاہیے۔

اگر اس ضابطے سے بے خطر خارج المرکز بوجھ اس بے خطر مرکزی بوجھ سے زیادہ آئے جو گ کی اقل قیمت کے لیے حاصل ہو (یہ اسی صورت میں ہوگا کہ گ کی اقل قیمت محور د ب کے گرد ہو) تو ظاہر ہے کہ وہ قیمت اختیار کرنی چاہیے جو کم ہے۔

کھم جن کے پیٹے اور کور کو رابطے لگے ہوں ــــ کھموں پر بوجھ عموماً گرڈروں سے منتقل ہوتا ہے جو کلیٹوں وغیرہ کے ذریعے کھم کے پیٹے یا کور کو جڑے ہوتے ہیں۔ اگر اس طرح کے رابطے صرف ایک جانب ہوں یا اگر دونوں جانبوں سے منتقل ہونے والے بوجھ مساوی نہ ہوں تو کھم پر بوجھ مرکزی نہ ہوگا اور خروج المرکز کا لحاظ رکھنا ہوگا۔

عددی مثال ــــ ایک نرم فولاد کے کھم کا طول ۳۰ فٹ ہے

اور سرے ثابت ہیں۔ اس کی تراش شکل ۱۵۵ میں دکھائی گئی ہے۔ بے خطر مرکزی بوجھ اور نیز وہ بے خطر بوجھ معلوم کرو جو نقاط ب اور ج پر لگائے جا سکیں۔

اس صورت میں ب = ۴۰٫۵۹ مربع انچ

گ / ۸۸ = ۴٫۸۷ مربع انچ

گ / ماما = ۳٫۴۱ "

∴ جھکاؤ کی قدر = ج = ل / ۲گ = ۱۲×۳۰ / ۳٫۴۱×۲ = ۵۲٫۸

∴ ز / ج = ۶ / (۱ + ۵۲٫۸×۵۲٫۸ / ۶۰۰۰) = ۶ / ۱٫۴۶۴ = ۴٫۱۰

∴ بے خطر مرکزی بوجھ = ۴۰٫۵۹×۴٫۱۰ = ۱۶۶ ٹن تقریباً

ج پر بوجھ:—

لا = ۲٫۲۵ + ۵٫۴۷ = ۲٫۷۲۵

∴ ق / ق = ۶"

∴ لا ق ق / گ۲ = ۶×۲٫۷۲۵ / ۲(۳٫۴۱) = ۱٫۴۱

∴ ج پر بے خطر خارج المرکز بوجھ = ۱۶۶ / ۱+۱٫۴۱ = ۶۹ ٹن تقریباً

ب پر بوجھ:—

اب ہم کو پہلے نج یہ سمجھ کر محسوب کرنا چاہیے گویا کہ گ / ۸۸ اقل گردشی نصف قطر ہے۔ یعنی ج = ۱۲×۳۰ / ۲×۴٫۸۷ = ۳۶٫۹

∴ اس صورت میں نج = ۶ / (۱ + ۳۶٫۹×۳۶٫۹ / ۶۰۰۰) = ۴٫۸۹

$$\text{لا} = ٦''$$

$$\text{ق}_{\text{ن}} = ٦''$$

$$\therefore \frac{\text{لا ق}_{\text{ن}}}{\text{گ}^{٢}} = \frac{٦ \times ٦}{(٤٫٨٧)^{٢}} = ١٫٥٢$$

$$\therefore \text{ب پر بے خطر خارج المرکز بوجھ} = \frac{٤٫٨٩ \times ٤٠٫٥٩}{١ + ١٫٥٢}$$

$$= \frac{٤٫٨٩ \times ٤٠٫٥٩}{٢٫٥٢}$$

$$= ٧٧٫٧٧ \text{ ٹن تقریباً}$$

اِس صورت میں ج اور ب پر خروج المرکز کی قدر علی الترتیب ۲٫۴۱ اور $\frac{١٦٦}{٧٧٫٧} = ٢٫١٤$ ہوگی۔

ایک موٹا قاعدہ یہ ہے کہ کور اور پیٹے کے رابطوں کے لیے خروج المرکز کی قدریں علی الترتیب $٢\frac{١}{٢}$ اور $١\frac{١}{٢}$ اختیار کی جائیں، لیکن یہ قاعدہ اوپر کی صورت کے لیے کچھ زیادہ اچھا نہیں۔ یہ I شہتیروں کے کھموں کے لیے زیادہ صحیح ہوگا۔

ڈھلے لوہے کے داب روک جن پر بوجھ خارج المرکز ہو۔

ڈھلے لوہے کے خارج المرکز بوجھ کے داب روکوں سے بحث کرتے وقت اس کا خیال رہے کہ ان کا تناؤ کی وجہ سے بیکار ہونا بھی ممکن ہے۔

تناؤ کے نقطۂ نظر سے بے خطر بوجھ و

$$= \frac{\text{ن ب}}{\left(\frac{\text{لا ق}_{\text{ت}}}{\text{گ}^{٢}} - ١\right)}$$

جہاں ن بے خطر تنشی زور ہے۔ اِس بوجھ کا مقابلہ فشاری نقطۂ نظر سے

حاصل ہونے والے بوجھ سے کرنا چاہیے اور دونوں میں جو کم ہو اُسے اختیار کرنا چاہیے۔

متبادل تقریبی طریقہ ـــــ جن صورتوں میں خماؤ کا زور راست زور کے مقابلے میں بہت بڑا ہو اُن میں یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ گزشتہ عمل کی بجائے خماؤ کے زور ز کو داب روک کے ضابطے میں استعمال شدہ ز کی قیمت سے منہا کیا جائے۔

موثر خروج المرکز خ (= $\frac{م}{د}$) کے لیے خماؤ کا فشاری زور یہ ہوگا:—

$$\frac{د\ خ\ ق_ف}{ب\ گ^2}$$

اس لیے کسی ضابطے مثلاً دینکین کے ضابطے سے

$$ز_ف - \frac{د\ خ\ ق_ف}{ب\ گ^2}$$

$$ز_خ = \frac{د}{ب} = \frac{}{1 + ا\ ج^2}$$

یا $$\frac{د}{ب}\left(1 + ا\ ج^2 + \frac{خ\ ق_ف}{گ^2}\right) = ز_ف$$

یا $$\frac{د}{ب} = \frac{ز_ف}{1 + ا\ ج^2 + \frac{خ\ ق_ف}{گ^2}}$$


اگر ستون کے زور کی قدر س ہو، یعنی مرکزی بوجھوں کے لیے ز خ = س ز ف تو عام صورت میں خارج المرکز بوجھوں کے لیے

$$\frac{د}{ب} = س\ (ز_ف - ز_خ)$$

آئیلر کے نظریے کی ترمیم خارج المرکز لداؤ کے لیے ـــــ

اب ہم ستونوں کے خارج المرکز لداؤ کے لیے ایک نظریہ حاصل کریں گے

جس میں یہ فرض کیا جائیگا کہ ستون ابتداءً بیدھا ہے اور یہ کہ بوجھ دونوں سروں پر ایک ہی خروج المرکز کے ساتھ لگایا گیا ہے جس کی وجہ سے ستون پر ابتدا میں ایک مستقل خماؤ کا معیار عمل کرتا ہے۔ بعد میں جو انصراف پیدا ہوتا ہے اس سے خماؤ کا معیار بڑھتا ہے۔ اس کی بحث حسب ذیل ہے جو آئیلر کی بحث سے مشابہ ہے اور بعض اوقات آئیلر کا ترمیم یافتہ نظریہ کہلاتی ہے۔



شکل ۱۵۵ ا

شکل ۱۵۵ ا کے حوالے سے

$$د\,(خ+لا) = م = -\frac{فر^{۲}\,لا}{فر\,ما^{۲}}$$

$$\therefore \frac{فر^{۲}\,لا}{فر\,ما^{۲}} = -\frac{د}{آ\,ے}\,(لا+خ)$$

یا

$$\boxed{\frac{د}{آ\,ے}} = م \text{ رکھنے سے}$$

$$\frac{فر^{۲}\,لا}{فر\,ما^{۲}} = -م^{۲}\,(لا+خ) \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

اس کا عام حل یہ ہوگا:-

$$لا + خ = ا\,جم\,م\,ما + ب\,جب\,م\,ما$$

چونکہ $ما = \pm\frac{ل}{۲}$ پر، $لا = ۰$ اس لیے حسب سابق $ب = ۰$

$$(لا+خ) = ا\,جم\,م\,ما \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$$

$$\therefore \text{جب کہ } لا = ۰ \text{ تو } خ = جم\,\frac{م\,ل}{۲}$$

یا

$$ا = خ\ قط\ \frac{م\,ل}{۲}$$

$$\therefore \quad لا = خ\ قط\ \frac{م\,ل}{۲}\ جم\,م\,ما - خ$$

$$= خ\ (قط\ \frac{م\ ل}{۲} جم م\ ما - ۱) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

وسط میں جہاں ما = ۰، خروج المرکز = لا + خ = خ،

$$= خ\ (قط\ \frac{م\ ل}{۲} - ۱) + خ = خ\ قط\ \frac{م\ ل}{۲}$$

$$= خ\ قط\ (\frac{ل}{۲ گ})^{۲}\ \boxed{\frac{د}{ب ے}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

$$= خ\ قط\ (\frac{ل}{۲ گ})^{۲}\ \boxed{\frac{ن ف}{ے}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۵)$$

جہاں $ن ف = \frac{د}{ب}$

∴ وسط میں زور $= \frac{د}{ب}\ (۱ + \frac{خ\ ق ف}{۲ گ^{۲}})$

$$= ن ف\ (۱ + \frac{خ\ ق ف}{۲ گ^{۲}})\ قط\ \frac{ج}{۲}\ \boxed{\frac{ن ف}{ے}} \quad \ldots\ldots (۶)$$

جہاں ج = جھکاؤ کی قدر $= \frac{ل}{گ}$

اب فرض کرو کہ $\frac{ج}{۲}\ \boxed{\frac{ن ف}{ے}} =$ طہ اور اس کو آئیلری زاویہ کہو۔

تب وسط میں زور $= ن ف\ (۱ + \frac{خ\ ق ف}{۲ گ^{۲}}\ قط\ طہ) \quad \ldots\ldots\ldots (۷)$

قط طہ کی قیمتیں صفحہ آیندہ پر کی جدول میں دی گئی ہیں۔ یہ پروفیسر باسکوئن[۱] کے پرچے سے ماخوذ ہیں جس کا ذکر کیا جا چکا ہے۔

∴ بے خط خارج المرکز بوجھ = چھوٹے ستون پر بے خط مرکزی بوجھ $\div (۱ + \frac{خ\ ق ف}{۲ گ^{۲}}\ قط\ طہ)$

اگر بوجھ دیا ہوا نہ ہو تو اس ضابطے کو صرف آزمایش کے ذریعہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

[۱] Prof: Basquin

اوسط اکائی کا زور ہزار پونڈ فی مربع انچ میں	جھکاؤ کی قدر ج								
	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۱۱۰	۱۲۰	۱۳۰	۱۴۰
۵	۱۵۰۵	۱۵۰۸	۱۵۱۱	۱۵۱۵	۱۵۲۰	۱۵۲۵	۱۵۳۲	۱۵۴۰	۱۵۵۰	۱۵۶۲
۶	۱۵۰۷	۱۵۱۰	۱۵۱۴	۱۵۱۸	۱۵۲۴	۱۵۳۱	۱۵۴۰	۱۵۵۱	۱۵۶۳	۱۵۸۲
۷	۱۵۰۸	۱۵۱۱	۱۵۱۶	۱۵۲۲	۱۵۲۹	۱۵۳۸	۱۵۵۰	۱۵۶۴	۱۵۸۳	۲۵۰۸
۸	۱۵۰۹	۱۵۱۳	۱۵۱۹	۱۵۲۶	۱۵۳۵	۱۵۴۶	۱۵۶۰	۱۵۷۹	۲۵۰۵	۲۵۴۱
۹	۱۵۱۰	۱۵۱۵	۱۵۲۲	۱۵۳۰	۱۵۴۱	۱۵۵۴	۱۵۷۲	۱۵۹۷	۲۵۳۲	۲۵۸۵
۱۰	۱۵۱۲	۱۵۱۷	۱۵۲۵	۱۵۳۴	۱۵۴۷	۱۵۶۳	۱۵۸۶	۲۵۱۸	۲۵۶۵	۳۵۴۶
۱۱	۱۵۱۳	۱۵۱۹	۱۵۲۸	۱۵۳۹	۱۵۵۴	۱۵۷۴	۲۵۰۲	۲۵۴۴	۳۵۱۲	۴۵۳۸
۱۲	۱۵۱۴	۱۵۲۱	۱۵۳۱	۱۵۴۳	۱۵۶۱	۱۵۸۵	۲۵۲۲	۲۵۵۶	۳۵۷۴	۵۵۵۸
۱۳	۱۵۱۵	۱۵۲۳	۱۵۳۴	۱۵۴۹	۱۵۶۹	۱۵۹۸	۲۵۴۲	۳۵۱۶	۴۵۶۳	۸۵۶۹
۱۴	۱۵۱۷	۱۵۲۵	۱۵۳۷	۱۵۵۴	۱۵۷۷	۲۵۱۲	۲۵۶۸	۳۵۶۹	۶۵۰۲	۱۶۵۴
۱۵	۱۵۱۸	۱۵۲۸	۱۵۴۱	۱۵۶۰	۱۵۸۷	۲۵۲۹	۲۵۹۹	۴۵۴۰	۸۵۴۶	۱۷۲
۱۶	۱۵۱۹	۱۵۳۰	۱۵۴۵	۱۵۶۶	۱۵۹۷	۲۵۴۷	۳۵۳۸	۵۵۴۳	۱۴۵۴	
۱۷	۱۵۲۱	۱۵۳۲	۱۵۴۹	۱۵۷۲	۲۵۰۹	۲۵۶۹	۳۵۸۷	۷۵۰۴	۳۹۵۰	
۱۸	۱۵۲۲	۱۵۳۵	۱۵۵۳	۱۵۷۹	۲۵۲۱	۲۵۹۵	۴۵۵۱	۹۵۸۶		
۱۹	۱۵۲۴	۱۵۳۷	۱۵۵۷	۱۵۸۲	۲۵۳۶	۳۵۲۵	۵۵۳۹	۱۶۵۴		
۲۰	۱۵۲۵	۱۵۴۰	۱۵۶۲	۱۵۹۵	۲۵۵۱	۳۵۹۲	۶۵۶۵	۴۷۵۴		
۲۱	۱۵۲۷	۱۵۴۳	۱۵۶۶	۲۵۰۴	۲۵۶۹	۴۵۰۷	۸۵۶۳			
۲۲	۱۵۲۸	۱۵۴۵	۱۵۷۱	۲۵۱۳	۲۵۹۰	۴۵۶۵	۱۲۵۳			
۲۳	۱۵۳۰	۱۵۴۸	۱۵۷۷	۲۵۲۴	۳۵۱۳	۵۵۴۰	۲۰۵۹			
۲۴	۱۵۳۱	۱۵۵۱	۱۵۸۲	۲۵۳۵	۳۵۴۰	۶۵۴۱	۶۵۰۹			
۲۵	۱۵۳۳	۱۵۵۴	۱۵۸۸	۲۵۴۶	۳۵۷۳	۷۵۸۷				
۲۶	۱۵۳۵	۱۵۵۶	۱۵۹۴	۲۵۶۱	۴۵۱۰	۱۰۵۱				

۲۷	۱۵۳۷	۱۵۶۱	۲۵۰۰	۲۵۷۶	۴۵۵۷ ۱۳۶۸
۲۸	۱۵۳۸	۱۵۶۴	۲۵۰۸	۲۵۹۳	۵۱۱۵ ۲۲۵۹
۲۹	۱۵۴۰	۱۵۶۸	۲۵۱۵	۳۵۱۱	۵۶۸۴ ۵۷۵۳
۳۰	۱۵۴۲	۱۵۷۲	۲۵۲۳	۳۵۳۲	۶۵۷۹
۳۱	۱۵۴۴	۱۵۷۵	۲۵۳۲	۳۵۵۶	۸۵۰۴
۳۲	۱۵۴۶	۱۵۷۹	۲۵۴۱	۳۵۸۳	۹۵۸۶
۳۳	۱۵۴۸	۱۵۸۴	۲۵۵۱	۴۵۱۴	۱۲۵۷
۳۴	۱۵۵۰	۱۵۸۸	۲۵۶۱	۴۵۵۰	۱۷۵۳
۳۵	۱۵۵۲	۱۵۹۲	۲۵۷۳	۴۵۹۳	۲۸۵۷
۳۶	۱۵۵۴	۱۵۹۶	۲۵۸۳	۵۵۴۳	۶۸۵۷
۳۷	۱۵۵۶	۲۵۰۲	۲۵۹۸	۶۵۰۲	
۳۸	۱۵۵۹	۲۵۰۷	۳۵۱۳	۶۵۸۰	
۳۹	۱۵۶۱	۲۵۱۳	۳۵۲۹	۷۵۷۳	
۴۰	۱۵۶۳	۲۵۱۸	۳۵۴۶	۹۵۰۷	
۴۱	۱۵۶۶	۲۵۲۴	۳۵۶۶	۱۰۵۸	
۴۲	۱۵۶۸	۲۵۳۱	۳۵۸۷	۱۳۵۳	
۴۳	۱۵۷۱	۲۵۳۷	۴۵۱۱	۱۷۵۲	
۴۴	۱۵۷۴	۲۵۴۴	۴۵۳۸	۲۴۵۶	
۴۵	۱۵۷۶	۲۵۵۱	۴۵۶۸	۴۳۵۰	
۴۶	۱۵۷۹	۲۵۵۹	۵۵۰۳	۱۷۲	
۴۷	۱۵۸۲	۲۵۶۷	۵۵۴۲		
۴۸	۱۵۸۵	۲۵۷۶	۵۵۸۸		
۴۹	۱۵۸۸	۲۵۸۵	۶۵۴۲		
۵۰	۱۵۹۱	۲۵۹۵	۷۵۰۶		

آئیڈری قاطع

قط $\left(\frac{ج}{۲}\right)$ کی جدول

$\frac{ج}{۲} = ۳۰ \times ۶۱۰$

اعظم زور کے جملے میں $\frac{خ ق ث}{گ^۲}$ کا ضارب

عددی مثالیں:۔ (۱) وہی صورت لو جس سے صفحہ ۴۹۰ پر ب پر کے بوجھ کے لیے بحث کی گئی ہے۔

وہاں یہ پایا گیا کہ بوجھ = ۷۷۱۷ ٹن = $\frac{۲۲۴۰ \times ۷۷۱۷}{۴۰۵۹}$ پونڈ فی مربع انچ

= ۴۳۰۰ پونڈ فی مربع انچ تقریباً

∴ قط ط = ۱۵۰۳ تقریباً

اس کا اثر حاصل شدہ نتیجے پر قابلِ نظر انداز ہوگا۔

(۲) زور معلوم کرو جو صفحہ ۴۹۰ کے سوال ۴ کے ستون میں پیدا ہوگا اگر بوجھ مرکز سے کم زور سمت میں ۱ باہر ہو۔

یہاں $\frac{د}{ب}$ = $\frac{۲۲۴۰ \times ۴۰}{۸۵۲۹۶ \times ۲}$ = ۵۴۰۰ پونڈ فی مربع انچ

ج = ۹۳۵۶

∴ قط ط = ۱۵۲۴ تقریباً (جدول سے)

∴ زور = ۵۴۰۰ $\left(۱ + \frac{۵۷۵ \times ۱۵۲۴ \times ۱}{(۳۵۳۳)^۲}\right)$

= (۱۵۶۴) × ۵۴۰۰

= ۸۹۰۰ پونڈ فی مربع انچ تقریباً

= ۴۵۰ ٹن فی مربع انچ

تقریبی طریقے سے یہ حاصل ہوتا:۔

زور = ۵۴۰۰ $\left(۱ + \frac{۵۷۵ \times ۱}{(۳۵۳۳)^۲}\right)$

= ۵۴۰۰ × ۱۵۲

= ۸۲۰۰ پونڈ فی مربع انچ تقریباً

= ۲٫۶۶ ٹن فی مربع انچ

خارج المرکز لداؤ کے لیے جانسن کا ضابطہ —— یہ ضابطہ جو پروفیسر جانسن کا نکالا ہوا ہے اس طرح حاصل ہوتا ہے کہ ابتدائی خروج المرکز میں انصراف سے پیدا ہونے والے خروج المرکز کو جمع کیا جائے اور حسب ذیل ہے:-

$$\text{ستون میں اعظم زور} = \frac{د}{ب} + \frac{د\,خ\,ق_ن}{آ - \frac{د\,ل^2}{۱۰\,ے}} \quad \ldots\ldots\ldots (۸)$$

$$= \frac{د}{ب} + \frac{د\,خ\,ق_ن}{ب\,گ^2 - \frac{د\,ل^2\,گ^2\,ب}{۱۰\,ے\,گ^2\,ب}}$$

$$= \frac{د}{ب}\left\{\frac{خ\,ق_ن}{گ^2\left(۱ - \frac{د\,ل^2}{۱۰\,ے\,ب\,گ^2}\right)} + ۱\right\}$$

$$= ز_ن \left\{\frac{خ\,ق_ن}{گ^2\left(۱ - \frac{ز_ن\,ج^2}{۱۰\,ے}\right)} + ۱\right\} \quad \ldots\ldots (۹)$$

اس سے کسی قدر زیادہ صحیح لیکن اس سے مشابہ ضابطہ اس طرح حاصل ہو سکتا ہے کہ خماؤ کے معیار کو یکساں سمجھیں۔ اس سے

$$\text{انصراف} = صہ = \frac{م\,ل^2}{۸\,آ\,ے} = \frac{د\,خ\,ل^2}{۸\,ے\,ب\,گ^2}$$

$$= \frac{ز_ن\,خ\,ج^2}{۸\,ے}$$

$$\therefore \text{موثر خروج المرکز} = \text{صہ} + \text{خ} = \text{خ}\left(1 + \frac{\text{ن}_{\text{ف}}\,\text{خ}^2}{8}\right)$$

$$\therefore \text{خماؤ کا زور} = \frac{\text{د}\,(\text{صہ}+\text{خ})\,\text{ق}_{\text{ن}}}{\text{آ}}$$

$$= \frac{\text{د}\,\text{ق}_{\text{ن}}\,\text{خ}}{\text{ب}\,\text{گ}^2}\left(1 + \frac{\text{ن}_{\text{ف}}\,\text{ج}^2}{8}\right)$$

$$= \frac{\text{د}\,\text{ق}_{\text{ن}}\,\text{خ}}{\text{ب}\,\text{گ}^2\left(1 - \frac{\text{ن}_{\text{ف}}\,\text{ج}^2}{8}\right)} \quad \text{تقریباً}$$

$$= \frac{\text{ن}_{\text{ف}}\,\text{ق}_{\text{ن}}\,\text{خ}}{\text{گ}^2\left(1 - \frac{\text{ن}_{\text{ف}}\,\text{ج}^2}{8}\right)}$$

$$\therefore \text{مجموعی زور} = \text{راست زور} + \text{خماؤ کا زور}$$

$$= \text{ن}_{\text{ف}} + \frac{\text{ن}_{\text{ف}}\,\text{ق}_{\text{ن}}\,\text{خ}}{\text{گ}^2\left(1 - \frac{\text{ن}_{\text{ف}}\,\text{ج}^2}{8}\right)}$$

$$= \text{ن}_{\text{ف}}\left\{1 + \frac{\text{خ}\,\text{ق}_{\text{ن}}}{\text{گ}^2\left(1 - \frac{\text{ن}_{\text{ف}}\,\text{ج}^2}{8}\right)}\right\} \quad \ldots\ldots(10)$$

پروفیسر مورلے نے یہی نتیجہ قط طہ کے پھیلاؤ

$$\text{قط}\,\text{ط} = 1 + \frac{\text{ط}^2}{\text{لا}^2} + \frac{\text{ط}^4}{\text{لا}^4} + \frac{\text{ط}^6}{\text{لا}^6} + \ldots\ldots$$

سے حاصل کیا۔ پہلی دو رقموں کو تقرب کے طور پر لینے سے


$$\text{قط}\,\frac{\text{خ}}{2} \;\boxed{\frac{\text{ن}_{\text{ف}}}{8} = 1 + \frac{\text{ج}^2\,\text{ن}_{\text{ف}}}{8}}$$

∴ مساوات (۷) یہ ہوجاتی ہے:—

$$\text{مجموعی زور} = ن_ق \left\{ 1 + \frac{خ\ ق_ن}{گ^2} \left(1 + \frac{ج^2\ ن_ق}{۸} \right) \right\}$$

$$= ن_ق \left\{ \frac{1 + \frac{خ\ ق_ن}{گ^2}}{\left(1 - \frac{ج^2\ ن_ق}{۸} \right)} \right\} \quad \text{تقریباً}$$

تجویز میں استعمال کے لیے نقشے — اگر جیسا کہ صفحہ ۴۸۰ پر سمجھایا گیا ہے مقدار $ن_ق$ کو ستون کے زور کی قدر = س کہا جائے تو دیکھو س وہ عدد ہوگا جس سے نقطۂ مغلوبیت کے زور کو ضرب دینا ہوگا



شکل ۱۵۵ ب

تاکہ پورے ستون کا وہ اوسط زور حاصل ہو جس سے انتہائی ریشے میں نقطۂ مغلوبیت کا زور پیدا ہوتا ہے۔

اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر چھوٹے ستون کے لیے خطرہ بوجھ کو دیے ہوئے خروج المرکز اور نازکی کی نسبت کے لیے ستون کے زور کی قدر سے ضرب دیا جائے تو ستون کا بے خطر خارج المرکز بوجھ حاصل ہوگا۔

شکل ۱۵۵ ب میں نازکی کی مختلف نسبتوں اور $\frac{\text{خ}}{\text{ق}}$ کی مختلف قیمتوں کے لیے ستون کے زور کی قدر کی قیمتیں دکھائی گئی ہیں جو مصنف کے ضابطے (صفحہ ۴۷۶) پر مبنی ہیں۔ ان میں خروج المرکز کی حقیقی قیمتوں میں اتفاقی خروج المرکز $\frac{\text{ل}^2}{۲۰۰۰۰\ \text{ق}_ن}$ کا اضافہ کیا گیا ہے یعنی ضابطہ (۱۳) میں

$$\text{خ} = \text{خ} + \frac{\text{ل}^2}{۲۰۰۰۰\ \text{ق}_ن}$$ جہاں خ حقیقی خروج المرکز ہے اور ق ن [illegible] فی مربع انچ۔

ستون کے سرے ثابت ہوں تو مصنف نے دکھایا ہے کہ عام عقیدے کے خلاف اعظم زور سروں پر واقع ہوتا ہے (دوسرے محققین بھی اسی نتیجہ پر پہنچے ہیں) اور یہ کہ عملی تجویز کے لیے خارج المرکز ل/۱۰۰۰ اور ثابت سروں کے ستون کو ایک ایسے قبضہ دار ستون کے معادل سمجھا جا سکتا ہے جس کی تراش یہی ہو، لیکن طول نصف ہو اور ابتدائی خروج المرکز نصف ہو۔

ایک سرا قبضہ دار اور دوسرا ثابت ہو تو مصنف کی رائے ہے کہ معادل قبضہ دار ستون کا طول اور خروج المرکز دی ہوئی قیمتوں کے ۷/۱۰ کے مساوی سمجھے جائیں۔

شکل ۱۹۲ کے متعلق ایک دلچسپ نکتہ معلوم ہوا۔ وہ یہ ہے کہ

مقدار $\frac{خ\ ق_ف}{گ^2}$ کے بڑھنے سے نازکی کا اثر گھٹتا ہے۔ [اکثر کتابوں میں "خروج المرکز کی قدر" کو $(1 + \frac{خ\ ق_ف}{گ^2})$ لیا گیا ہے]۔ یہاں تک کہ اگر $\frac{خ\ ق_ف}{گ^2}$ کی قیمت ۳ سے بڑی ہو تو نازکی کی نسبت کے اثر کو تقریباً نظر انداز کیا جا سکتا ہے جس کی وجہ سے ستون تجویز کے اغراض کے لیے ایک انتصابی شہتیر بن جاتا ہے جس پر دھکیل اور کھاؤ کا معیار ایک ساتھ عمل کر رہے ہوں۔ اس صورت میں راست زور اور کھاؤ کے زور کو جمع کر کے فشار کے بے خطر زور کے مساوی رکھ سکتے ہیں نہ کہ (جیسا کہ لندن کے فولادی ڈھانچوں کے قانون میں غلط لکھا گیا ہے) ستون کے بے خطر زور کے مساوی جو کہ دی ہوئی نازکی کی نسبت کے لیے حاصل ہو۔

کوئی صورت دی ہوئی ہو تو $\frac{خ\ ق_ف}{گ^2}$ اور $\frac{ل}{گ}$ محسوب کرو اور $\frac{ل}{گ}$ کے انتصابی خط پر $\frac{خ\ ق_ف}{گ^2}$ کے منحنیوں کے درمیان بینی ادراج کے ذریعے نقطہ معلوم کر کے افقاً چلو تو اس سے س حاصل ہوگا۔ تب نرم فولاد کے لیے

بے خطر خارج المرکز بوجھ = (س × ۸ × ستون کا رقبہ مربع انچوں میں) ٹن

اگر جھکاؤ کا زور ۸ ٹن فی مربع انچ لیا جائے۔ بہت خفیف نازکی کی صورت میں یہ مناسب سمجھا جاتا ہے کہ بوجھ کو (۶٫۶ × ستون کا رقبہ مربع انچوں میں) ٹن کی حد تک رکھا جائے کیونکہ ایسی صورت میں راست فشار غالب رہتا ہے۔

ستونوں کی مضبوطی کے بے حد دلچسپ مضمون کو چھوڑنے سے پہلے ہم اُن پڑھنے والوں کو جو اس مضمون کا تفصیلی مطالعہ کرنا چاہتے ہیں ڈاکٹر سالمن[۲] کی استادانہ تصنیف "ستون" (شایع کردہ فراؤڈ وھاڈر اینڈ سٹاف ٹن[۱]) پڑھنے کا مشورہ دینگے۔

---

۱ Frowde, Hodder and Stoughton ۲ Dr. Salmon


تیرہواں باب

معلّق پُل اور کمانیں

معلق پُل

معلق رسوں کے زور۔ ـــــ فرض کرو کہ دو نقاط ا اور ع کے درمیان لٹکتے ہوئے ایک رسے کے چند نقاط سے وزن و۱، و۲، و۳ لٹکائے گئے ہیں (شکل ۱۵۶)۔ تب اگر رسّا کاملاً ملائم (یعنی خم پذیر) ہو تو بوجھوں کے درمیان وہ سیدھا رہیگا۔ اُس نقطے پر غور کرو جس پر و۱ عمل کرتا ہے۔ بوجھ و۱ دونوں تناؤں ت۱ اور ت۲ کے ساتھ تعادل میں ہے، اس لیے یہ تین قوتیں مثلث ۱، ۲، ۵ سے تعبیر ہوسکینگی۔ اسی طرح و۲ کو ت۲ اور ت۳ تعادل میں رکھتے ہیں اور یہ قوتیں مثلث ۲، ۳، ۵ سے تعبیر ہونگی۔ اسی طرح تمام وزنوں کے لیے چونکہ رسے پر سارا لداؤ انتصابی ہے اِس لیے رسّے میں اس سرے سے اُس سرے تک تناؤ کا افقی جزوِ تحلیلی وہی ہونا چاہیے، اور یہ بات سمتی شکل میں بھی ظاہر ہے کیونکہ ہر ایک تناؤ کا اُفقی جزوِ تحلیلی ۵ لا ہے۔ دونوں شکلوں کا مقابلہ کرنے سے معلوم ہوگا کہ ان میں رسیمانی اور سمتی کثیر الاضلاعوں کا

رشتہ ہے۔ اِس طرح لدے ہوئے رسوں کے لیے ذیل کا قاعدہ



شکل ۱۵۶

لدے ہوئے رسے کے زور


حاصل ہوتا ہے:۔

رسّا لداؤ کے تحت اُس رسیمانی کثیر الاضلاع کی شکل اختیار کرتا ہے جو بوجھ کے اُس نظام کے لیے رَسّے کے اُفقی تناؤ ق کے قطبی فاصلے کے ساتھ کھینچا جائے۔

نظری کمان ـــــ چونکہ رَسّے میں صرف تناؤ ہے اِس لیے بوجھوں کے درمیان کے حصوں کو کیل دار جوڑوں کی کڑیوں سے بدل دیا جا سکتا ہے۔ اب اگر اس سب کو الٹ کر نقطہ دار وضع میں لایا جائے تو ارکان میں صرف فشار ہوگا۔ اب جَ دَ ع بوجھوں کے اس نظام کی نظری کمان ہوگی۔

معلق پُل پر یکساں بوجھ ـــــ ایک معلق پُل پر غور کرو جس پر

ایک یکساں بوجھ متعدد رسّوں کے ذریعے عمل کر رہا ہے۔ فرض کرو کہ فصل ل، رسّے کا جھوک ک، اور ہر ایک رسّے پر بوجھ و ہے (شکل ۱۵۷)۔ تب رسّوں کی شکل مکافی ہوگی کیونکہ یکساں بوجھ کے لیے ریسمانی کثیر الاضلاع



شکل ۱۵۷ معلق پُل پر یکساں بوجھ

یا خاؤ کے معیار کا نقشہ ایک مکافی ہوتا ہے، اور رسّے کا اُفقی تناؤ اور اعظم تناؤ رسّے کے نصف پر غور کرنے سے حاصل ہو سکتا ہے۔ یہ تین قوتوں کے تحت تعادل میں ہے ب پر رسّے کا تناؤ ت ب، افقی کھینچ ق، اور نصف رسّے پر کا بوجھ و/۲۔ یہ قوتیں ایک نقطے پر ملینگی اور ب کے گرد معیار لینے سے

$$ق \times ک = \frac{و}{۲} \times \frac{ل}{۴}$$

$$\therefore \quad ق = \frac{و\,ل}{۸\,ک}$$

یہ خیال ہوا ہوگا کہ یہ وہی قوت ہے جو اسی گہرائی اور فصل کے ڈھانچہ دار گرڈر کے مرکز پر کور میں ہوتی ہے اور جو تختی دار گرڈر کی کور میں تقریباً ہوتی ہے۔ رسّے کے کسی نقطہ ط پر کا تناؤ اس طرح حاصل ہوگا کہ اس نقطے پر رسّے کی جو سمت ہے اُس کے متوازی سمتی شکل میں ہ ط کھینچا جائے۔ اعظم تناؤ ت ب کی قیمت سمتی شکل سے اِس طرح

حاصل ہوگی :—

$$(\text{۱۸})^{۲} = (\text{۳۸})^{۲} + (\text{۱۳})^{۲}$$

$$ت_{۱}^{۲} = ق^{۲} + \left(\frac{و}{۲}\right)^{۲}$$

$$= \frac{و^{۲}}{۴} + \frac{و^{۲} ل^{۲}}{۶۴ ک^{۲}}$$

$$= \frac{و^{۲}}{۴}\left(۱ + \frac{ل^{۲}}{۱۶ ک^{۲}}\right)$$

$$\therefore ت_{۱} = \frac{و}{۲}\sqrt{۱ + \frac{ل^{۲}}{۱۶ ک^{۲}}}$$

$$\therefore \text{اگر رسّے کا تراشی رقبہ ب ہو اور بے خطر تنشی زور ز تو}$$

$$ز \times ب = \frac{و}{۲}\sqrt{۱ + \frac{ل^{۲}}{۱۶ ک^{۲}}}$$

رسّے کا طول —— اگر کوئی رسّا ایک مکافی کی شکل میں لٹکا ہوا ہو جس کا فصل ل اور جھوک ک ہو تو رسّے کا طول تقریبی طور پر ذیل کے ربطوں سے حاصل ہوگا :—

$$س = ل + \frac{۸ ک^{۲}}{۳ ل}$$

اور $$س = ل + ۲۳ ک$$ (ٹراٹ وائین[۵])

لنگر رسّوں کے زور —— معلق پُلوں کے رسّوں کو لنگر کرنے کے بڑے طریقے دو ہیں :—

(۱) رسّا پائے کی چوٹی پر کی پھرکیوں پر سے مسلسل گزرے۔

اس صورت میں لنگر رسّے کا تناؤ وہی ہوگا جو اعظم تناؤ ت ہے لیکن اگر لنگر رسّے اور پُل کے رسّے کے میلان مساوی نہ ہوں تو پائے کے

۵ Trautwine

اوپر ایک افقی قوت ہوگی جو پائے کو اُلٹ دینے کا تقاضا رکھیگی اور چونکہ پایہ خاصا اونچا ہوگا اس لیے اس قوت سے قاعدے پر ایک بڑا خمّاؤ کا معیار پیدا ہوگا۔

شکل ۱۵۸ میں فرض کرو کہ ا ب اور ا ع رسّے کے تناؤ کے مساوی ہیں۔ تب ب ج اور د ع اس کے افقی اجزائے تحلیلی ہونگے

∴ ب ج - ع د = پائے پر حاصل افقی قوت

= ت (جب ط - جب ع)

= ق (۱ - $\frac{\text{جب ع}}{\text{جب ط}}$)


ا ج اور ا د تناؤ کے انتصابی اجزائے تحلیلی ہیں

∴ ا ج + ا د = پائے کے اوپر مجموعی انتصابی دباؤ

= ت (جم ط + جم ع)

لیکن ت جم ط = $\frac{\text{د}}{۲}$ (دیکھو شکل ۱۵۷)

∴ پائے پر انتصابی دباؤ = $\frac{\text{د}}{۲}$ (۱ + $\frac{\text{جم ع}}{\text{جم ط}}$)



شکل ۱۵۸۔ لنگر رسوں کے زور

(۲) دوسرا طریقہ یہ ہے کہ لنگر رسا اور پُل کا رسّا کاٹھی کو باندھ دیے جائیں جو پائے کی چوٹی پر پھرکیوں پر سوار ہوں۔ اس سے یہ ہوگا کہ لنگر رسے اور پُل کے رسے کے تناؤ لازماً مساوی نہیں ہونگے

لیکن پائے پر کوئی افقی قوت نہیں ہوگی۔

لنگر رسے کا تناؤ ت معلوم کرنے کے لیے اب = ت قائم کرو (شکل ۱۵۹) اور اس کو افقی اور انتصابی سمت میں تحلیل کرو۔ تب ب ج تناؤ کا افقی جزو تحلیلی ہوگا۔ اب چونکہ پائے کے اوپر کوئی حاصل افقی قوت نہیں اس لیے ت کا افقی جزو تحلیلی ب ج ہونا چاہیے۔ اس لیے لنگر رسے کی سمت میں ع ایسے طول کا کھینچو کہ اس کا افقی جزو ع د = ب ج، تب ع سے تناؤ ت حاصل ہوگا۔

اب ب ج = د ع


یا ت جب ط = ت جب ع

پائے پر انتصابی دباؤ = ت جم ط + ت جم ع

$$= ت جم ط + \frac{ت جب ط جم ع}{جب ع}$$

$$= ت جم ط (1 + مس ط مم ع)$$

$$= \frac{و}{۲} (1 + مس ط مم ع)$$



شکل ۱۵۹۔ لنگر رسوں کے زور

منصلب معلق پُل ——— معلق پُل متحرک بوجھوں کے لیے موزوں نہیں کیونکہ بوجھ کے گزرنے سے رسّے کی شکل میں تبدیلی ہوگی اور اہتزاز

پیدا ہو جائینگے۔ ان اہتزازوں کو کم کرنے کے لیے اِن کو "مصلب[1]" گرڈروں کے ذریعے صلب کیا جاتا ہے۔ اگر ان گرڈروں کے مرکز پر کیبل یا قبضے کا جوڑ ہو، اور سرے سادہ طور پر سہارے ہوئے ہوں تو ان کے زور آسانی سے حسب ذیل طور پر معلوم کیے جا سکتے ہیں:-

کیبل سے جُڑے ہوئے مصلب[2] گرڈر ——— بوجھ یکساں

نصف فصل پر۔ پہلے اُس صورت پر غور کرو کہ ایک یکساں بوجھ نصف فصل پر چھایا ہوا ہے۔ قطبی فاصلہ ط کو ایک خاص قیمت دے کر اس بوجھ کے خماؤ کے معیار کے منحنی لوع ج مل ب کو نقطہ ج میں سے گزارا جا سکتا ہے (شکل ۱۶۰)۔ فرض کرو کہ رسّے کے تناؤ کا افقی جزو ق ہے۔ تب ج کے گرد ق کا معیار = - ق × ک اور بوجھ کی وجہ سے ج پر خماؤ کا معیار = ط × ک

∴ ج پر حاصل خماؤ کا معیار = (ط - ق) ک۔ لیکن ج پر کیبل دار جوڑ ہے اِس لیے حاصل خماؤ کا معیار صفر ہونا چاہیے۔ اس لیے ط = ق

اب رسّے کے کسی نقطہ ص پر غور کرو جس میں سے گزرنے والا انتصابی خط خماؤ کے معیار کے منحنی کو س پر اور ب میں کے افقی خط کو ر پر قطع کرتا ہے۔

تب ص پر خماؤ کا معیار

= ط × رس - ق × رص = ق (رس - رص)

= ق × س ص

ج پر بوجھ کی وجہ سے خماؤ کا معیار = $\frac{ب\,ل}{۸} \times \frac{ل}{۲} = \frac{ب\,ل^۲}{۱۶}$

---


[1] Stiffened

[2] Stiffening

$$\therefore \quad ق \times ک = \frac{ب\,ل^2}{16}$$

$$\text{یا} \qquad ق = \frac{ب\,ل^2}{16\,ک}$$

اوپر کے استدلال سے حاصل ہوتا ہے کہ ترچھے خطوط والے مخنیوں سے گرڈر پر عمل کرنے والا خمّاؤ کا معیار حاصل ہوگا۔ یہ دو مخنی خود مکافی ہیں، اور ہر ایک کا اعظم معین $\frac{ب\,ل^2}{64}$ ہے۔



شکل ۱۶۰

قبضہ دار مصلب گرڈروں کا معلق پُل

یہ ب ج کے وسطی نقطہ ن کے لیے اِس طرح ثابت کیا جاسکتا ہے:-

مکافی کا معین $= \frac{3}{4}$ ک

خطِ مستقیم کا معین $= \frac{1}{4}$ ک

∴ ن پر حاصل خماؤ کا معیار = ق ($\frac{3}{4}$ک - $\frac{1}{2}$ک) = ق × $\frac{1}{4}$ک

= $\frac{ب\,ل^2}{16\,ک} \times \frac{ک}{4} = \frac{ک\,ل^2}{64}$

اسی طرح حصہ ج ل میں نقطہ ع پر غور کرنے سے

مکافی کا معین = ھ ن = $\frac{3}{4}$ک

خماؤ کے معیار کے منحنی کا معین = ھ ع = $\left\{\frac{3}{8} \times \frac{ب\,ل}{4} \times \frac{ل}{4} - \frac{ب\,ل}{8} \times \frac{ل}{8}\right\}$

= $\frac{ب\,ل^2}{16}$ (یعنی ھ ع = ک)

∴ ع پر حاصل خماؤ کا معیار = $\frac{ب\,ل^2}{16}$ - ق × $\frac{3}{4}$ک

= $\frac{ب\,ل^2}{16} - \frac{3\,ب\,ل^2}{64} = \frac{ب\,ل^2}{64}$

اوپر کے نتائج کو اکٹھا کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ا اور ج کے درمیان گرڈر رسّے کو نیچے کھینچتا ہے اور اس طرح اس پر ایک پنجوار یکساں بوجھ حدت $\frac{ب}{2}$ کا ہے، اور ب اور ج کے درمیان رسّا گرڈر کو اوپر کھینچتا ہے اور اس طرح گرڈر پر ایک اوپر وار یکساں بوجھ حدت $\frac{ب}{2}$ کا ہے۔ اِس سے خماؤ کے معیار کے نقشے شکل کے مطابق حاصل ہونگے۔

پورے فصل پر یکساں بوجھ — اِس صورت میں گرڈروں پر کوئی خماؤ کا معیار نہیں ہوگا۔ پورا پُل ایک غیر متصلّب (Unstiffened) معلق پل کا عمل کریگا۔


بے قاعدہ بوجھ — اگر بوجھ بے قاعدہ ہو تو اوپر کی طرح خماؤ کا معیار اس طرح حاصل ہوگا کہ خماؤ کے معیار کے منحنی کو رج میں سے گزارا جائے اور رسّے کے مکافی اور اس منحنی کے درمیان کے معینوں کو قطبی فاصلے سے

ضرب دیا جائے۔ اِس صورت میں عمل وہی ہوگا (لیکن مقلوب) جو کہ تین کیلوں کی کمان کے لیے کیا جاتا ہے (صفحہ ۳۲۲)۔

کیبل دار گرڈروں سے متصلّب معلق پُل پر منفرد متحرک بوجھ۔

فرض کرو کہ ایک منفرد بوجھ و فی رسّا ایک متصلّب معلق پُل ا ج ب پر حرکت کرتا ہے (شکل ۱۶۱)۔

جب بوجھ سرے ا سے فاصلہ لا پر ہو اور حصہ د ج پر ہو تو رسّے کے نقطہ ص کے متناظر مصلب گرڈر کے نقطے پر خمأو کا معیار ق × س ص کے مساوی ہوگا۔ یہ اعظم ہوگا جب کہ ق اعظم ہو اور ق = $\frac{\text{ب}}{\text{ک}^2} \times \text{ل}$ جس میں ک حسب سابق رسّے کا جھوک ہے۔ اور ق اعظم ہوگا جبکہ ب اعظم ہو یعنی جب کہ و نقطہ ج کے اوپر ہو۔



اعظم خمأو کے معیار کے نقشے

شکل ۱۶۱۔ منفرد متحرک بوجھ کے قبضہ دار مصلب گرڈر

اس طرح اعظم منفی خماؤ کے معیار کا منحنی ایک مکافی ہوگا جس کا ارتفاع $\frac{و\,ل}{۱۶}$ ہوگا کیونکہ مکافی کا معین $\frac{۳}{۴}$ ک ہے اور اس طرح خماؤ کا معیار

$$= ق\left(\frac{۳}{۴}ک - \frac{۱}{۲}ک\right) = \frac{و\,ل}{۴\,ک} \times \frac{۱}{۴}ک = \frac{و\,ل}{۱۶}$$

اب د اور ف کے درمیان ایک نقطہ پر غور کرو جو د سے فاصلہ لا پر ہو۔

$$م_{لا} = ر_{ا} \times لا - ق \times گ\,ھ$$

$$= \frac{و\,ب}{ل} \times لا - \frac{و\,ا\,ل}{ل \times ۲ک} \times گ\,ھ$$

$$= و\left(\frac{ب\,لا}{ل} - \frac{ا \times گ\,ھ}{۲ک}\right)$$

$$= و\left\{\frac{(ل - ا)لا}{ل} - \frac{ا \times گ\,ھ}{۲ک}\right\}$$

$$= و\left\{لا - ا\left(\frac{لا}{ل} + \frac{گ\,ھ}{۲ک}\right)\right\} \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

ا کے بڑھنے سے یہ گھٹتا ہے اس لیے خماؤ کا معیارِ اعظم اُس وقت ہوگا جب کہ بوجھ نقطے پر سے ابھی ابھی ہٹا ہو۔ اب ایک نقطہ بوجھ سے آگے مرکز ج سے فاصلہ ما پر لو۔

$$م_{ع} = ر_{ع}\left(\frac{ل}{۲} + ما\right) - ق \times کع$$

$$= ر_{ع}\left(\frac{ل}{۲} + ما\right) - \frac{ر_{ع} \times ل \times کع}{۲ک}$$

$$= \frac{و\,ا}{ل}\left\{\left(\frac{ل}{۲} + ما\right) - \frac{ل \times کع}{۲ک}\right\} \quad \ldots\ldots\ldots (۲)$$

یہ ا کے بڑھنے سے بڑھتا ہے اِس لیے خماؤ کا معیار

اُس وقت اعظم ہوگا جب کہ بوجھ دیے ہوئے نقطے تک پہنچے۔
اس طرح دیکھو اگر بوجھ گرڈروں سے ایک پر ہو تو کسی نقطے پر خمائو کا معیار اُس وقت اعظم ہوگا جب کہ بوجھ اُس نقطے پر پہنچے۔
اِس لیے مساوات (۲) میں ا = $\frac{ل}{۲}$ - ما رکھنے سے

$$م_{ما} (اعظم) = \frac{و(\frac{ل}{۲} - ما)}{ل} \left\{ (\frac{ل}{۲} + ما) - \frac{ل}{۲ک} \times کوع \right\}$$

اب $کوع = ک - \frac{۴ک}{ل^۲} \times ما^۲$

$$\therefore م_{ما} (اعظم) = \frac{و(\frac{ل}{۲} - ما)}{ل} \left\{ (\frac{ل}{۲} + ما) - \frac{ل ک}{۲ک} (۱ - \frac{۴ما^۲}{ل^۲}) \right\}$$

$$= \frac{و(\frac{ل}{۲} - ما)}{ل} \left\{ \frac{ل}{۲} + ما - \frac{ل}{۲} + \frac{۴ما^۲}{۲ل} \right\}$$

$$= \frac{و(\frac{ل}{۲} - ما)}{ل} \left\{ ما + \frac{۴ما^۲}{۲ل} \right\}$$

$$= \frac{و(\frac{ل}{۲} - ما)(۱ + \frac{۲ما}{ل})ما}{ل}$$

$$= \frac{وما(\frac{ل}{۲} - ما)(ل + ۲ما)}{ل^۲} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

$$= \frac{وما}{۲ل^۲} (ل^۲ - ۴ما^۲) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

اعظم قیمت اُس وقت ہوگی جب کہ

$\frac{فرم_{ما}}{فرما} = ۰$ یعنی $ل^۲ - ۴ما^۲ + ما(-۸ما) = ۰$

یا $ل^۲ - ۱۲ما^۲ = ۰$

یعنی $ما = \frac{ل}{۱۲} = ۰٫۲۸۹ ل$

یعنی خماؤ کا معیار اعظم ہوگا جب کہ بوجھ مرکز سے ۰٫۲۸۹ ل کے فاصلہ پر ہو۔

اس وقت $مر = \frac{و \times ۰٫۲۸۹ ل (ل^۲ - \frac{ل^۲}{۳})}{۲ ل^۲} = ۰٫۰۹۶ و ل$

اس سے اعظم خماؤ کے معیار کا نقشہ وہ حاصل ہوگا جو شکل میں دکھایا گیا ہے۔ اس میں مثبت خماؤ کے معیار اساسی خط کے اوپر کی طرف ناپے گئے ہیں اور منفی نیچے کی طرف۔

* کیبل دار گرڈروں سے متصلب معلق پُل پر یکساں بوجھ متحرک ـــــ فرض کرو کہ فصل پر حدت ب فی رسے کا ایک یکساں بوجھ حرکت کرتا ہے اور فرض کرو کہ بوجھ کا اگلا سرا نقطہ گ تک پہنچا ہے (شکل ۱۶۲)۔ تب گرڈر کے حصہ ج ب کے کسی نقطے پر خماؤ کا معیار جب کہ بوجھ دوسرے حصے پر ہو $ق = \frac{ہ ب \times ل}{ک}$ کے متناسب ہوگا۔ اس لیے جب بوجھ ا ج پر ہو تو ج ب کے ہر نقطے پر خماؤ کا معیار اُس وقت اعظم ہوگا جب کہ $ہ_ب$ اعظم ہو یعنی جب کہ بوجھ کا اگلا سرا ج تک پہنچے۔

اب ج اور گ کے درمیان ج سے فاصلہ ما پر نقطہ ع پر غور کرو۔

$مع = ہ_ب \times ب_ع - ق \times ک_ع$

$= ہ_ب (ل + ما) - \frac{ہ_ب \times ل \times ک_ع}{ک}$

$$= \text{ب}_{\text{ب}} \left\{ \text{ما} + \text{ل} \left(1 - \frac{\text{ک}^2}{\text{ک}_3^2} \right) \right\}$$


$$= \text{ب}_{\text{ب}} \left(\text{ما} + \frac{\text{ل ما}^2}{\text{ل}^2} \right)$$

$$= \text{ب}_{\text{ب}} \text{ما} \left(1 + \frac{\text{ما}}{\text{ل}} \right) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (1)$$

یہ $\text{ب}_{\text{ب}}$ کے بڑھنے سے یعنی بوجھ کے فصل پر بڑھنے سے بڑھتا ہے۔

اب ا ا اور گ کے درمیان ج سے فاصلہ ی پر ایک نقطہ ف پر غور کرو۔

$$\text{م}_{\text{ف}} = \text{ب}_{\text{ب}} \times \text{ب}_{\text{ا}} \text{ف} - \text{ق} \times \text{ک} - \frac{\text{ب} \times \text{ف گ}^2}{2}$$



اعظم خاؤ کے معیار کے نقشے

شکل ۱۶۲

یکساں متحرک بوجھ کے قبضہ وار مصلب گرڈر

اوپر کی طرح استدلال کرنے سے

$$ک_۱ \times ب_۱ ف - ق \times ک_۱ = ک_۲ \times ی \left(۱ + \frac{ی}{ل}\right)$$

$$\therefore \quad م_ق = ک_۲ ی \left(۱ + \frac{ی}{ل}\right) - \frac{ب (ی - لا)^۲}{۲} \quad \ldots\ldots\ldots (۲)$$

$$= \frac{ب (ل - لا)^۲ ی}{۲ ل} \left(۱ + \frac{ی}{ل}\right) - \frac{ب (ی - لا)^۲}{۲} \quad \ldots\ldots (۳)$$

یہ اعظم ہوگا جب کہ $\frac{\text{فرم}_ق}{\text{فرلا}} = ۰$

یعنی $\frac{-۲ ب (ل - لا) ی}{۲ ل} \left(۱ + \frac{ی}{ل}\right) + \frac{۲ ب (ی - لا)}{۲} = ۰$

یا ل = ۲ل رکھنے سے

$$- ب \left\{ \frac{ی (ل - لا)(ل + ی)}{۲ ل^۲} - (ی - لا) \right\} = ۰$$

یا $$- \frac{ب}{۲ ل^۲} \left\{ ی (ل - لا)(ل + ی) - ۲ ل^۲ (ی - لا) \right\} = ۰$$

یا $$- \frac{ب}{۲ ل^۲} (ل - ی) \left\{ لا (۲ ل + ی) - ل ی \right\} = ۰$$

یا $$لا (۲ ل + ی) = ل ی$$

یعنی $$لا = \frac{ل ی}{۲ ل + ی} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

$$\therefore (ل - لا) = ل \left(۱ - \frac{ی}{۲ ل + ی}\right) = \frac{۲ ل^۲}{(۲ ل + ی)}$$

$$(ی - لا) = ی \left(۱ - \frac{ل}{۲ ل + ی}\right) = \frac{ی (ل + ی)}{(۲ ل + ی)}$$

$$\therefore \quad م_ف = \frac{ب\,(ل+ی)}{۲(۲ل+ی)^۲}\left\{ل^۲ ی - \frac{ی^۲(ل+ی)^۲}{۲}\right\}$$

$$= \frac{ب\,(ل+ی)ی}{۲(۲ل+ی)^۲}\left\{۲ل^۲ - ل ی - ی^۲\right\}$$

$$= \frac{ب\,ی\,(ل^۲ - ی^۲)}{۲\,(۲ل+ی)^۲} \qquad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۵)$$

اب ہم کو $م_ف$ کی اعظم قیمت معلوم کرنا ہے جو فصل پر کہیں واقع ہو۔ اس کے لیے ی کو متغیر لے کر $\frac{فرم_ف}{فری} = ۰$ رکھو

یعنی $(۲ل+ی)(ل^۲ - ۳ی^۲) - (ل^۲ - ی^۲)ی = ۰$

یا $ل^۲ - ۳ل ی - ی^۲ = ۰ \qquad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۶)$

ترسیم کے ذریعے اِس کا ایک حل ی = ۰٫۵۳ ل حاصل ہوتا ہے

تب $م_ف = ۰٫۰۵۳ ب ل^۲$

$$= \frac{ب\,ل^۲}{۱۸} \text{ تقریباً}$$

مصلب گرڈر جو مرکز پر کیبل دار نہ ہوں ـــــ اگر

مصلب گرڈر مرکز پر کیبل دار نہ ہوں تو تپش کی تبدیلیوں کی وجہ سے جھوک میں جو تبدیلی ہوگی اُس سے اِن میں قابلِ لحاظ زور پیدا ہونگے اور یہ زور ہوسکتا ہے کہ بے خطر زور کے نصف تک پہنچ جائیں۔ اِس صورت میں زور محسوب کرنا زیادہ مشکل ہے لیکن یکساں لداؤ کی صورت میں اِن کو اِس طرح محسوب کیا جاسکتا ہے:ـــ

فرض کرو کہ ا ج ب (شکل ۱۶۳) ایک معلق پل کا رسا ہے جس کے ساتھ ایک مصلب گرڈر ا ب ہے جو سروں پر سہارا ہوا ہے، اور فرض کرو حدت ب فی رسے کا ایک یکساں بوجھ پل پر حرکت کرتا ہے اور ا سے فاصلہ لا پر نقطہ ع تک پہنچتا ہے۔ تب چونکہ رسے کو مکافی کی شکل میں لٹکتا ہوا دکھایا جاتا ہے اس لیے حدت ح کا ایک یکساں بوجھ ہونا چاہیے جو رسے کو نیچے کھینچے اور اس طرح مصلب گرڈر کو اوپر کھینچے۔

∴ رسے پر مجموعی بوجھ = ج ل = ب لا

∴ $ح = \frac{ب\,لا}{ل}$ ..... (۱)

∴ ب لا اور ح ل ایک جفت ہونگے جس کا معیار = ب لا $(\frac{ل - لا}{۲})$

اس جفت کا توازن ردِّ عملوں $س_۱$ اور $س_۲$ سے عمل میں آئیگا

∴ $- س_۲ ل = + س_۱ ل = ب لا \frac{ل - لا}{۲}$

∴ $س_۱ = - س_۲ = \frac{ب لا (ل - لا)}{۲ ل}$ ..... (۲)


اب ع اور ا کے درمیان ایک نقطہ ف پر غور کرو جو ا سے فاصلہ ما پر ہو۔

ف پر خمائو کا معیار = $م_ف = س_۱ \times (ما) - (ب - ح) \frac{ما^۲}{۲}$ ..... (۳)

$= \frac{ب لا ما (ل - لا)}{۲ ل} - ب (۱ - \frac{لا}{ل}) \frac{ما^۲}{۲}$

$= \frac{ب (ل - لا)}{۲ ل} \left\{ لا ما - ما^۲ \right\}$

$$= \frac{ب\,(ل-لا)(لا-ما)}{۲\,ل} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$



شکل ۱۶۳ مصلب گرڈر وسطی قبضے کے بغیر

اب ع اور ب کے درمیان ا سے فاصلہ ی پر نقطہ گ پر غور کرو۔

$$\text{تب } م_ی = \frac{ب}{۲}(ل-ی) - \frac{ح}{۲}(ل-ی)^۲ \quad \ldots\ldots\ldots (۵)$$

$$= \frac{ب\,لا\,(ل-لا)(ل-ی)}{۲\,ل} - \frac{ب\,لا}{۲\,ل}(ل-ی)^۲$$

$$= \frac{ب\,لا\,(ل-ی)(ل-لا-ل+ی)}{۲\,ل}$$

$$= \frac{ب\,لا\,(ل-ی)(ی-لا)}{۲\,ل} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۶)$$

مساواتوں (۴) اور (۶) میں خاؤ کا معیار علی الترتیب لا = ما

اور لا = ی پر صفر ہوتا ہے۔

∴ بوجھ کا اگلا سرا ہمیشہ ایک نقطۂ انعطاف ہوگا اور ہم یہ مان لیتے ہیں کہ ا ع میں خماؤ کا معیار اس کے وسط میں اعظم ہوتا ہے یعنی جب کہ

ما = $\frac{\text{لا}}{۲}$

∴ ا ع میں اعظم خماؤ کا معیار = م = $\frac{\text{ب (ل - لا)}}{۲\text{ل}} \times \frac{\text{لا}^۲}{۴}$

$$= \frac{\text{ب لا}^۲ (\text{ل - لا})}{۸\text{ل}} \quad \ldots\ldots\ldots (۷)$$

یہ اعظم ہوگا جب کہ $\frac{\text{فرم}}{\text{فرلا}} = ۰$

یعنی جب ۲ لا (ل - لا) + لا^۲ × (-۱) = ۰

یعنی $$\text{لا} = \frac{۲\text{ل}}{۳} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۸)$$

اس طرح ایک غیر معین طول کے بوجھ کے لیے اعظم خماؤ کا معیار اس وقت واقع ہوگا جب کہ بوجھ فصل کے $\frac{۲}{۳}$ پر چھا جائے اور یہ فصل میں اعظم خماؤ کا

معیار = $\frac{\text{ب}}{۸\text{ل}} \times \frac{\text{ل}}{۳} \times \frac{۴\text{ل}^۲}{۹} = \frac{\text{ب ل}^۲}{۵۴} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۹)$

اس سے معلوم ہوا کہ اعظم خماؤ کا معیار $\frac{\text{ب ل}^۲}{۵۴}$ ہے اور فصل کے $\frac{۱}{۳}$ پر واقع ہوتا ہے۔

[دیکھو بوجھ کے طول $\frac{\text{ل}}{۲}$ کی صورت میں اعظم خماؤ کا معیار $\frac{\text{ب ل}^۲}{۳۲}$ حاصل ہوا تھا]

اس طرح اعظم خماؤ کے معیار کے نقشے اس طرح کے حاصل ہونگے جیسے کہ شکل میں دکھائے گئے ہیں۔ نقطہ دار نقشہ اس صورت کے لیے ہے

کہ بوجھ دوسری طرف سے آئے۔

کمانیں

کمان کو یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ مقلوب معلق پُل ہے (یا اس کے برعکس معلق پُل کو مقلوب کمان سمجھا جا سکتا ہے) معلق پُل میں رسا تناؤ میں ہوتا ہے اور کمان فشار میں ہوتی ہے۔ بوجھ کا کوئی نظام دیا ہو تو اُس کے لیے ایک نظری کمان ایسی تجویز کی جا سکتی ہے جو صرف فشار میں ہو۔ اِس کمان کا مرکزی خط ہم آگے چل کر دکھائینگے کہ اِس رسیمانی کثیر الاضلاع پر منطبق ہوگا جو کمان کے اندر کے دھکیل کے افقی جزوِ تحلیلی کو قطبی فاصلہ مان کر کھینچا جائے۔

اگر کمان کو جوڑدار کڑیوں سے بنایا جائے جیسا کہ رسے میں ہوتا ہے تو کمان تعادل میں تو ہوگی لیکن یہ تعادل غیر قایم ہوگا کیونکہ اگر بوجھ میں کوئی تبدیلی ہو تو اِس کی شکل بگڑ جائیگی۔ اِس لیے عمل میں کمان کو ایسا بنایا جاتا ہے کہ خماؤ کے معیار کو برداشت کر سکے۔


کمان تعمیر کی ایک بڑی قدیم قسم ہے اور ایک خوبصورتی کی چیز ہے اور ساتھ ہی بہت بالکفایت بھی ہے۔

دباؤ کا خط یا خطی کمان ـــــ کسی دی ہوئی کمان کے لیے اِس کے اوپر دیے ہوئے بوجھ کے لیے اگر ایک رسیمانی کثیر الاضلاع ایسے قطبی فاصلے کے ساتھ کھینچا جائے جو کمان میں کے افقی دھکیل کے مساوی ہو تو ایسا رسیمانی کثیر الاضلاع "دباؤ کا خط" یا "خطی کمان" کہلاتا ہے۔

اِس سارے باب میں ہم "دباؤ کا خط" کی اصطلاح استعمال کرینگے جیسا کہ ایسی ہی دوسری چیزوں کی بحث میں کر چکے ہیں (دیکھو صفحہ ۱۸۲)۔

ایڈی کا مسئلہ ـــــ فرض کرو کہ ا ب ج (شکل ۱۶۴)

ایک کمان کا مرکزی خط ہے جو کسی طور پر لدی ہوئی ہے اور فرض کرو کہ



شکل ۱۲۶۔ کمانوں کے زور ـــــ ایڈی کا مسئلہ

دباؤ کا خط ا ب ج د ع ف ہے۔ کمان پر کوئی نقطہ ط لو اور اس میں سے ایک انتصابی خط کھینچو جو دباؤ کے خط کو ل پر قطع کرے اور خط ا ف کو م پر۔

تب ط پر خماؤ کا معیار = ل م × قطبی فاصلہ - ق کا معیار ط کے گرد

$$= \text{ل م} \times \text{ق} - \text{ق} \times \text{ط م}$$

$$= \text{ق} (\text{ل م} - \text{ط م}) = -\text{ق} \times \text{ط ل}$$

$$= -\text{ق} \times \text{ص}$$

اس لیے معلوم ہوا کہ کمان کے کسی نقطہ پر خماؤ کا معیار

افقی دھکیل اور اس انتصابی مقطع ع کے حاصلِ ضرب کے مساوی ہے جو کمان کے مرکزی خط اور دباؤ کے خط کے درمیان ہو۔

یہ ایڈی[1] کا مسئلہ ہے۔

کمان کے زور ـــــ کمان کے زور معلوم کرنے کے لیے نقطہ ط پر غور کرو اور پہلے متناظر دھکیل د۳ کو دو سمتوں میں یعنی زیرِ غور نقطے پر کمان کے مرکزی خط کی جو سمت ہے اس کے متوازی اور علی القوائم تحلیل کرو۔ اس طرح ایک دھکیل د اور ایک جزی قوت ج حاصل ہوگی۔ تب اگر ب، مق ف، مق ت، ن ف، ن ت کے معنی حسبِ دستور ہوں تو

$$\text{اعظم فشاری زور} = \text{ن ف} = \frac{\text{د}}{\text{ب}} + \frac{\text{م}}{\text{مق ف}}$$

$$= \frac{\text{د}}{\text{ب}} + \frac{\text{ق} \times \text{صہ}}{\text{مق ف}} \quad \ldots\ldots (۱)$$

$$\text{اعظم تنشی زور} = \text{ن ت} = \frac{\text{م}}{\text{مق ت}} - \frac{\text{د}}{\text{ب}}$$

$$= \frac{\text{ق} \times \text{صہ}}{\text{مق ت}} - \frac{\text{د}}{\text{ب}} \quad \ldots\ldots (۲)$$

$$\text{تراش پر اوسط جزی زور} = \frac{\text{ج}}{\text{ب}} \quad \ldots\ldots (۳)$$

اُفقی دھکیل (ق) کی دریافت ـــــ اوپر کے بیان سے

---

[1] Eddy


ظاہر ہے کہ جوں ہی کہ کمان کا افقی دھکیل ق دریافت ہو جائے کمان کے زور آسانی سے نکل آتے ہیں۔ کمانوں کی تجویز میں ساری مشکل اسی افقی دھکیل کی دریافت ہے۔ یہ تین صورتوں میں بالکل سادہ طریقے سے صحیح صحیح دریافت ہو سکتا ہے:-

(۱) مکافی کمان پر یکساں بوجھ۔
(۲) مکافی کمان پر یکساں بوجھ نصف فصل پر۔
(۳) تین کیلوں کی کمان۔

دوسری صورتوں میں افقی دھکیل استوار کمانوں کے نظریے کے ذریعے معلوم کرنا پڑتا ہے جس سے آگے چل کر بحث کی جائیگی۔ ابھی ہم ان سادہ صورتوں سے بحث کرینگے۔

مکافی کمان پر یکساں بوجھ (شکل ۱۶۵) ——

اس صورت میں دباؤ کا خط کمان کے مرکزی خط پر منطبق ہوتا ہے۔ اس لیے مرکز کے گرد



شکل ۱۶۵

مکافی کمان پر یکساں بوجھ

اُفقی دھکیل کا معیار مرکز پر کے خماؤ کے معیار یعنی $\frac{ب ل^2}{8}$ کے مساوی ہونا چاہیے۔

$$\therefore \quad ق \times ر = \frac{ب ل^2}{8}$$

$$\text{یا} \quad ق = \frac{ب\,ل^2}{۸ر}$$

اِس صورت میں کمان پر خماؤ کا معیار نہیں ہوگا اور کمان کے کسی نقطہ ط پر دھکیل د اِس طرح حاصل ہوگا کہ ہمتی نقشے میں و میں سے کمان کی ط پر کی سمت کے متوازی ایک خط کھینچا جائے جو اُفق سے زاویہ ہ بنائیگا دھکیل کو حساب کے ذریعے سے بھی معلوم کیا جاسکتا ہے کیونکہ


$$د = ق \text{ قط } ہ$$

مکافی کمان پر نصف فصل پر یکساں بوجھ

تشاکل سے لازم آتا ہے کہ پورے فصل پر یکساں بوجھ ہو تو دونوں نصف حصے افقی دھکیل کو پیدا کرنے میں مساوی حصہ لیں۔ اس لیے موجودہ صورت میں افقی دھکیل گزشتہ صورت کا نصف ہوگا۔ اِس لیے اِس صورت میں

$$ق = \frac{ب\,ل^2}{۱۶ر}$$

اور دباؤ کا خط وہ ہوگا جو شکل ۱۶۶ میں دکھایا گیا ہے۔




شکل ۱۶۶۔ مکافی کمان جس کے نصف پر یکساں بوجھ ہو

تین کیلوں کی کمان

اگر کمان تین کیل دار جوڑوں یا

قبضوں والی ہو (اکثر صورتوں میں ایک قبضہ چوٹی پر ہوتا ہے اور ایک ایک قبضہ دونوں پیل پایوں کے سروں یا نقاطِ جست پر ہوتا ہے) تو دباؤ کا خط اِن تینوں میں سے گزرنا چاہیے کیونکہ اِن پر خماؤ کا معیار واقع نہیں ہو سکتا۔ اِس کی مدد سے افقی دھکیل یوں معلوم کیا جائیگا:—

فرض کرو کہ ا ب ج (شکل ۱۶۷) ایک کمان ہے جس کو ا، ب، ج پر کیل دار جوڑ ہیں اور فرض کرو کہ اِس پر بوجھوں کا کوئی نظام ۰، ۱، ۲، ۳، ۴ ہے۔ بوجھوں کو سمتی خط ۰، ۴ پر قائم کرو اور کوئی قطب ط لے کر رسیمانی کثیر الاضلاع ا ب ج د ع ف کھینچو۔ بہتر ہے کہ یہ کمان سے خوب اوپر یا نیچے ہو تاکہ خلط ملط نہ ہو جائے۔ خاتم ضلع ا ف کے متوازی ط ۰ اور ط ۴ کھینچو اور ۰ ۴ میں سے ایک افقی خط اور ط میں سے ایک انتصابی خط کھینچو۔ اِس طرح ایک نیا قطب ط حاصل ہوگا۔ اگر ط کو قطب مان کر ایک نیا رسیمانی کثیر الاضلاع کھینچا جائے تو معین تو وہی رہینگے جو پہلے کثیر الاضلاع ا ب ج د ع ف کے ہیں لیکن قاعدہ افقی ہو جائیگا۔



شکل ۱۶۷۔ تین کیلوں کی کمان

ج میں سے ایک انتصابی خط کھینچو جو ریسمانی کثیر الاضلاع کو گ، ھ پر اور اب کو د پر قطع کرے۔

تب اگر ط۲ لا پر ایک نقطہ و ایسا لیا جائے کہ و لا = $\frac{\text{ط}_2 \text{لا} \times \text{گ ھ}}{\text{ج د}}$،

تو ریسمانی کثیر الاضلاع ج میں سے گزریگا کیونکہ ریسمانی کثیر الاضلاع کے معین قطبی فاصلے کے بالعکس متناسب ہیں۔

اگر نئے قطب و کے ساتھ ریسمانی کثیر الاضلاع ا ب ج د ع ب کھینچا جائے تو یہ ریسمانی کثیر الاضلاع دباؤ کا خط ہوگا اور و لا سے افقی دھکیل ق حاصل ہوگا۔ یعنی

$$\text{ق} = \frac{\text{ط}_2 \text{لا} \times \text{گ ھ}}{\text{ج د}}$$


اُفقی دھکیل اور دباؤ کا خط حاصل ہو جانے کے بعد زور حاصل ہو جائینگے جیسا کہ سمجھایا جا چکا ہے۔

اس طرح تین کیلوں کی کمانوں کا فائدہ یہ ہے کہ ان کے زور آسانی سے معلوم ہو سکتے ہیں۔ ان میں یہ بھی فائدہ ہے کہ تپش کی تبدیلی سے ان میں کوئی زور نہیں پیدا ہوتا۔ البتہ استوار کمانوں کے مقابلے میں ایک نقص یہ ہے کہ انصراف زیادہ ہوتا ہے۔

دباؤ کا خط کوئی تین نقطوں میں سے ــــ اگرچہ تین کیلوں کی کمان میں جوڑ عملاً ہمیشہ چوٹی اور نقاط جست پر رکھے جاتے ہیں لیکن نظری طور پر یہ ضروری نہیں۔ بلکہ زور کم ہو جائینگے اگر ایک کیل چوٹی پر لگائی جائے اور باقی دو چوٹی اور نقاط جست کے درمیان۔ ذیل کے عمل سے ریسمانی کثیر الاضلاع کوئی تین نقطوں میں سے گزارا جا سکتا ہے، اور اس طرح تینوں کیلیں کہیں ہوں دباؤ کا خط حاصل کیا جا سکتا ہے۔

فرض کرو کہ ا ج ب شکل ۱۶۸ ایک کمان یا کوئی تعمیر ہے جس پر

بوجھ کا کوئی نظام ۰، ۱، ۲، ۳، ۴ عمل کرتا ہے۔ اور فرض کرو کہ ریسمانی کثیر الاضلاع کو تین نقاط د، ج، ع میں سے گزارنا ہے۔



شکل ۱۶۸۔ ریسمانی کثیر الاضلاع تین دیے ہوئے نقطوں میں سے

بوجھوں کو ایک سمتی خط ۰، ۴ پر قایم کرکے اور کوئی قطب ط لے کر ریسمانی کثیر الاضلاع ا ب ج د ع ف کھینچو۔ بازو کے نقطے د اور ع جن رقبوں میں ہیں اُن میں کے اضلاع ا ب اور د ع کو خارج کرکے کسی نقطہ ص پر ملنے دو۔ ص میں کے انتصابی خط پر کوئی نقطہ جا لو اور جا د اور جا ع کر ملاؤ اور اِن کے متناظر (سمتی نقشے کے) نقطوں ۰ اور ۳ سے

جاد اور جاع کے متوازی ۔ ط اور ۳ ط کھینچو۔ اِس طرح ایک نیا قطب ط حاصل ہوگا۔ اِس قطب کے ساتھ ریسمانی کثیر الاضلاع کا حصہ دب ج د ع کھینچو۔

د ع کو ملاؤ اور ج میں سے انتصابی خط کھینچو جو د ع کو ل پر اور ریسمانی کثیر الاضلاع کو ک پر قطع کرے۔

اب ط میں کے افقی خط پر ایک نیا قطب و ایسا لو کہ

$$\frac{\text{د لا}}{\text{ط لا}} = \frac{\text{ک ل}}{\text{ج ل}}$$

یعنی $$\text{د لا} = \frac{\text{ک ل} \times \text{ط لا}}{\text{ج ل}}$$


تب و کو قطب مان کر جو ریسمانی کثیر الاضلاع ا ب ج د ع ف کھینچا جائیگا وہ دیے ہوئے نقاط د، ج، ع میں سے گزریگا۔

تین کیلوں کی کمان پر متحرک بوجھ ——— تین کیلوں کی کمان پر بوجھ حرکت کرے تو خماؤ کے معیار وہی ہونگے جو کیل دار گرڈروں سے صلب کیے ہوئے معلق پُل میں ہوتے ہیں اس لیے منفرد اور یکساں بوجھوں کے لیے اشکال ۱۶۱ اور ۱۶۲ کے مطابق ہونگے۔

استوار کمانیں

فساد کی عام کیفیت ——— ہم پہلے وہ ربط معلوم کرینگے جو عام صورت میں کمان کی شکل اور اُس کے دھکیل اور خماؤ کے معیار کے درمیان پایا جاتا ہے اور اس کے بعد کمان کی خاص قسموں پر اُس کا اطلاق کرینگے۔

فرض کرو کہ ایک بے فساد کمان ا ن ج (شکل ۱۶۹) پر کوئی نقطہ ن ہے جس کے محدد ﷺ اور ما ہیں اور فرض کرو کہ ن پر کمان کا میلان انتصابی سمت سے طہ ہے اور ا پر عہ ہے۔



شکل ۱۶۹۔ استوار کمانیں

ن پر کمان کے ایک چھوٹے سے طول مف س پر غور کرو۔ تب

$$ر = \frac{\text{مف س}}{\text{مف طہ}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

جہاں ر نقطہ ن پر نصف قطر انحنا ہے اور مف طہ زیر بحث چھوٹے طول کے دونوں سروں پر کے مماسوں کا درمیانی زاویہ ہے۔

نیز

$$\text{مف ﷺ} = \text{مف س} \times \text{جب طہ} = ر \text{ جب طہ مف طہ} \ldots (۲)$$

$$\text{مف ما} = \text{مف س} \times \text{جم طہ} = ر \text{ جم طہ مف طہ} \ldots (۳)$$

اگر فساد کے بعد مقداریں لاحقہ ا کے ساتھ رکھی جائیں تو

$$ر_ا = \frac{\text{مف س}_ا}{\text{مف طہ}_ا} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

$$\text{مف ﷺ}_ا = \text{مف س}_ا \text{ جب طہ}_ا = ر_ا \text{ جب طہ}_ا \text{ مف طہ}_ا \ldots (۵)$$

$$\text{مف ما}_ا = \text{مف س}_ا \text{ جم طہ}_ا = ر_ا \text{ جم طہ}_ا \text{ مف طہ}_ا \ldots (۶)$$

$\therefore$ لا$_{۱}$ − لا = لا = ن کے افقی محل کی تبدیلی

$$= \frac{ن}{۲م_{۱}} (\text{مف}\ لا - \text{مف}\ لا_{۱})$$

$$= \frac{ن}{۲م_{۱}} (\text{مف}\ س\ \text{جب}\ طہ - \text{مف}\ س_{۱}\ \text{جب}\ طہ_{۱})$$

$$= \frac{ن}{۲م_{۱}} \{\text{مف}\ س\ (\text{جب}\ طہ - \text{جب}\ طہ_{۱}) - (\text{مف}\ س_{۱} - \text{مف}\ س)\ \text{جب}\ طہ_{۱}\}$$

$$= \frac{ن}{۲م_{۱}} \left\{\text{مف}\ س \times ۲\ \text{جم}\left(\frac{طہ + طہ_{۱}}{۲}\right)\ \text{جب}\left(\frac{طہ - طہ_{۱}}{۲}\right) - (\text{مف}\ س_{۱} - \text{مف}\ س)\ \text{جب}\ طہ_{۱}\right\}$$

$$= \frac{ن}{۲م_{۱}} \{\text{مف}\ س\ \text{جم}\ طہ\ (طہ - طہ_{۱}) - (\text{مف}\ س_{۱} - \text{مف}\ س)\ \text{جب}\ طہ_{۱}\} \quad (۷)$$

کیونکہ طہ − طہ$_{۱}$ کے بہت چھوٹا ہونے کی وجہ سے ہم لکھ سکتے ہیں

$\text{جم}\left(\frac{طہ + طہ_{۱}}{۲}\right) = \text{جم}\ طہ$ اور $\text{جب}\left(\frac{طہ - طہ_{۱}}{۲}\right) = \frac{طہ - طہ_{۱}}{۲}$

ہم یہ ثابت کر چکے ہیں کہ عام خماؤ کے لیے

$$\frac{م}{۲ے_{۱}} = \frac{۱}{ر_{۱}} - \frac{۱}{ر}$$

$$\left(\frac{۱}{ر_{۱}} - \frac{۱}{ر}\right) = \frac{\text{مف}\ طہ}{\text{مف}\ س} - \frac{\text{مف}\ طہ_{۱}}{\text{مف}\ س_{۱}}$$

$$= \frac{\text{مف}\ طہ}{\text{مف}\ س} - \frac{\text{مف}\ طہ}{\text{مف}\ س} + \frac{\text{مف}\ طہ}{\text{مف}\ س} - \frac{\text{مف}\ طہ_{۱}}{\text{مف}\ س_{۱}}$$

$$= \frac{\text{مف}\ طہ}{\text{مف}\ س} - \frac{\text{مف}\ طہ}{\text{مف}\ س}\left(۱ - \frac{\text{مف}\ س_{۱}}{\text{مف}\ س}\right)$$

$$= \frac{(\text{مف}\ طہ - \text{مف}\ طہ_{۱})}{\text{مف}\ س} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ (۸)$$

کیونکہ $\frac{\text{مف س}_{ا} - \text{مف س}}{\text{مف س}_{ا}}$ دوسرے رتبہ کی مقدار ہے اور نظر انداز کی جا سکتی ہے

$$\therefore \text{مف ط}_{ہ} - \text{مف ط}_{ہ_{ا}} = \left(\frac{ا}{ر^{ہ}} - \frac{ا}{ر^{ہ_{ا}}}\right) \text{مف س}$$

$$= \frac{\text{م}}{\text{ے}_{ا}} \text{مف س}$$

اب $\quad \text{ط}_{ہ} = \text{ع}_{ہ} + \sum_{ا}^{\text{ن}} \text{مف ط}_{ہ}$

$$\text{ط}_{ہ_{ا}} = \text{ع}_{ہ_{ا}} + \sum_{ا}^{\text{ن}} \text{مف ط}_{ہ_{ا}}$$

$$\therefore \text{ط}_{ہ} - \text{ط}_{ہ_{ا}} = (\text{ع}_{ہ} - \text{ع}_{ہ_{ا}}) + \sum_{ا}^{\text{ن}} \text{مف ط}_{ہ} - \sum_{ا}^{\text{ن}} \text{مف ط}_{ہ_{ا}}$$

$$= (\text{ع}_{ہ} - \text{ع}_{ہ_{ا}}) + \sum_{ا}^{\text{ن}} (\text{مف ط}_{ہ} - \text{مف ط}_{ہ_{ا}})$$

$$= (\text{ع}_{ہ} - \text{ع}_{ہ_{ا}}) + \sum_{ا}^{\text{ن}} \frac{\text{م}}{\text{ے}_{ا}} \text{مف س} \quad \ldots\ldots\ldots (۹)$$

اب $\frac{\text{مف س}_{ا} - \text{مف س}}{\text{مف س}_{ا}} = \text{مف س کی حدت فساد} = \frac{-\text{ق}}{\text{ے}_{ر}}$

جہاں ق دھکیل ہے، ے ینگ کا مقیاس اور ر تراشی رقبہ۔
پہلے تقرب کے طور پر ہم لکھ سکتے ہیں ——

$$\frac{\text{مف س}_{ا} - \text{مف س}}{\text{مف س}_{ا}} = \frac{+\text{ق}}{\text{ے}_{ر}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱۰)$$

ان نتائج کو مساوات (۷) میں درج کرنے سے

$$\text{لا} = \sum_{ا}^{\text{ن}} \left\{ \left(\frac{\text{م مف س}}{\text{ے}_{ا}} + (\text{ع}_{ہ} - \text{ع}_{ہ_{ا}}) \right) \times \text{مف س}_{ا} \text{ جب ط}_{ہ_{ا}} - \frac{\text{ق}}{\text{ے}_{ر}} \text{مف س}_{ا} \text{ جب ط}_{ہ_{ا}} \right\}$$

$$= \sum_{1}^{ن} \left\{ مف ما \left((عہ - عہ_1) + \frac{\sum_{1}^{ن} مرمف س}{ے_2} \right) - \frac{ق مف لا}{ے_2 ر} \right\} \quad \ldots\ldots (11)$$

$$= (عہ - عہ_1) \sum_{1}^{ن} مف ما + \sum_{1}^{ن} \left\{ مف ما \sum_{1}^{ن} \frac{مرمف س}{ے_2} - \frac{ق مف لا}{ے_2 ر} \right\}$$


ہم آگے چل کر دکھائینگے کہ مقدار $\frac{ق مف لا}{ے_2 ر}$ مقابلۃً ایک چھوٹی مقدار ہے۔ اس لیے اس کی بجائے $\frac{ق مف لا}{ے_2 ر}$ رکھا جاسکتا ہے۔ ایسا کرنے سے

$$لا = (عہ - عہ_1) ما + \sum_{1}^{ن} \left\{ مف ما \sum_{1}^{ن} \frac{مرمف س}{ے_2} - \frac{ق مف لا}{ے_2 ر} \right\} \quad \ldots\ldots (12)$$

اب $\sum_{1}^{ن} \left\{ مف ما \sum_{1}^{ن} \frac{مرمف س}{ے_2} \right\} = ما \sum_{1}^{ن} \frac{مرمف س}{ے_2} - \sum_{1}^{ن} \frac{مرما مف س}{ے_2}$

مغنی $\equiv \frac{مرمف س}{ے_2}$ کو ما کے اساس پر ترسیم کرنے سے یہ اچھی طرح واضح ہو جائیگا (شکل ۱۷)۔

اس طرح $لا = ما (عہ - عہ_1) + \sum_{1}^{ن} \frac{مرمف س}{ے_2} - \sum_{1}^{ن} \left\{ \frac{مرما مف س}{ے_2} + \frac{ق مف لا}{ے_2 ر} \right\} \quad \ldots\ldots (13)$



شکل ۱۷

دیے ہوئے لداؤ کے تحت نقطہ ن کی اُفقی حرکت کا یہ عام جملہ ہے۔
اب انتصابی ہٹاؤ پر غور کرو۔

ما۔ ما = ن کے انتصابی محل کا تغیر

$$= \text{ما} = \sum_{\text{ا}}^{\text{ن}} (\text{مف ما} - \text{مف ما}_{\text{ا}})$$

$$= \sum_{\text{ا}}^{\text{ن}} (\text{مف س جم طہ} - \text{مف س}_{\text{ا}} \text{ جم طہ}_{\text{ا}})$$

$$= \sum_{\text{ا}}^{\text{ن}} \{\text{مف س} (\text{جم طہ} - \text{جم طہ}_{\text{ا}}) + (\text{مف س} - \text{مف س}_{\text{ا}}) \text{ جم طہ}_{\text{ا}}\}$$

$$= \sum_{\text{ا}}^{\text{ن}} \left\{\text{مف س} \times ۲ \text{ جب} \frac{\text{طہ} + \text{طہ}_{\text{ا}}}{۲} \times \text{جب} \frac{\text{طہ} - \text{طہ}_{\text{ا}}}{۲} + (\text{مف س} - \text{مف س}_{\text{ا}}) \text{ جم طہ}_{\text{ا}}\right\}$$

$$= \sum_{\text{ا}}^{\text{ن}} \{(\text{طہ} - \text{طہ}_{\text{ا}}) \text{مف س جب طہ} + (\text{مف س} - \text{مف س}_{\text{ا}}) \text{ جم طہ}_{\text{ا}}\}$$

سابقہ استدلال سے یہ جملہ

$$= \sum_{\text{ا}}^{\text{ن}} \left\{(\text{عہ} - \text{عہ}_{\text{ا}}) \left(\frac{\text{ہ مف س}}{\text{ے}^{۲}} \sum_{\text{ا}}^{\text{ن}}\right) \text{مف لا} - \frac{\text{ق مف ما}}{\text{ے}^{۳}}\right\}$$

$$= -\text{لا} (\text{عہ} - \text{عہ}_{\text{ا}} + \sum_{\text{ا}}^{\text{ن}} \frac{\text{ہ مف س}}{\text{ے}^{۲}}) + \sum_{\text{ا}}^{\text{ن}} \left\{\frac{\text{ہ لا مف س}}{\text{ے}^{۲}} - \frac{\text{ق مف ما}}{\text{ے}^{۳}}\right. \quad (۱۳)$$

اِس سے دیے ہوئے لداؤ کے تحت نقطہ ن کی انتصابی حرکت کا عام جملہ حاصل ہوتا ہے۔


اب ذیل کی خاص صورتوں پر غور کرو۔

دو کیبلوں کی کمان یعنی ایسی کمان جس کو دو کیبل جوڑ ا اور ب پر ہوں۔ اِس صورت میں چونکہ فصل غیر امتداد پذیر ہے اِس لیے نقطہ ب کے لیے

لا = ۰ اور ما = ۰

یعنی نقطہ ب کے لیے

$$\frac{ب}{ز_{ا}} = ۰ = \left\{ \frac{\text{مر ما ف س}}{\text{ے آ}} + \frac{\text{ق مف لا}}{\text{ے ر}} \right\} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱۴)$$



شکل ۱۷۱۔ دو کیلوں کی کمان

اب مر لداؤ اور افقی دھکیل پر منحصر ہے۔

فرض کرو کہ ۰، ۱، ۲، ۳، ۴ بوجھ کا انتظام ہے (شکل ۱۷۱)، اور ا ب ج د ع ف کڑیوں کا کثیر الاضلاع ہے جو ایک آزمایشی قطبی فاصلہ ف کے ساتھ کھینچا گیا ہے۔ نیز فرض کرو کہ نقطہ ن پر کڑیوں کے کثیر الاضلاع کا معین م ہے۔

تب اگر ف افقی دھکیل ہے تو نقطہ ن پر خماؤ کا معیار

= مر = ف × ما − ف ب × م

$$\therefore \frac{\text{مر ما ف س}}{\text{ے آ}} = \frac{\text{ف ما ف س}}{\text{ے آ}} - \frac{\text{ف ب م ما ف س}}{\text{ے}}$$

∴ مساوات (۱۴) سے

$$\frac{ب}{\sum_{1}} \frac{ف\ ما^{2}\ مف\ س}{ے^{2}} - \frac{ب}{\sum_{1}} \frac{ف\ م\ ما\ مف\ س}{ے^{2}} + \frac{ب}{\sum_{1}} \frac{ق\ مف\ لا}{ے} = .$$

یعنی $ف \frac{ب}{\sum_{1}} \frac{ما^{2}\ مف\ س}{گ^{2}} - ف \frac{ب}{\sum_{1}} \frac{م\ ما\ مف\ س}{گ^{2}} + \frac{ب}{\sum_{1}} ق\ مف\ لا = .$

∴ گ کو مستقل فرض کریں تو

$$ف = \frac{ف \frac{ب}{\sum_{1}} م\ ما}{\frac{ب}{\sum_{1}} ما^{2}} - \frac{گ^{2} \frac{ب}{\sum_{1}} ق\ مف\ لا}{\frac{ب}{\sum_{1}} ما^{2}\ مف\ س} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱۵)$$

اب ہم دوسری رقم کے لیے ایک بالائی حد معلوم کرینگے۔ چپٹی کمانوں کے لیے ق تقریباً ف کے مساوی ہے۔

کمان کو مکافی مانیں تو $\frac{ب}{\sum_{1}} ما^{2}\ مف\ س = ۲ \frac{ب}{\sum_{1}} ما\ مف\ س \times \frac{ما}{۲}$

$= ۲ \times$ رقبے کا پہلا معیار قاعدہ اب کے گرد (تقریباً)

$$= ۲ \times \frac{۴\ ل\ ر^{2}}{۱۵} = \frac{۸\ ل\ ر^{2}}{۱۵}$$

$$\therefore \frac{گ^{2} \frac{ب}{\sum_{1}} ق\ مف\ لا}{\frac{ب}{\sum_{1}} ما^{2}\ مف\ س} = \frac{گ^{2}\ ف\ ل}{\frac{۸}{۱۵} ل\ ر^{2}} = \frac{۱۵\ گ^{2}}{۸\ ر^{2}} ف \text{ (تقریباً)}$$

اِس کو (۱۵) میں مندرج کرنے سے

$$\therefore ف = \frac{ف \frac{ب}{\sum_{1}} م\ ما}{\frac{ب}{\sum_{1}} ما^{2}} - \frac{ف \times ۱۵\ گ^{2}}{۸\ ر^{2}}$$

$$\text{یا } ف = \frac{ف \frac{ب}{\sum_{1}} م\ ما}{\frac{ب}{\sum_{1}} ما^{2}} \times \frac{۱}{\left(۱ + \frac{۱۵}{۸} \frac{گ^{2}}{ر^{2}}\right)} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱۶)$$

مقدار $\frac{۱}{۱ + \frac{۱۵}{۸} \frac{گ^{2}}{ر^{2}}}$ کو بہت سے مصنفین حذف کر کے حسبِ ذیل ضابطہ رکھتے ہیں

$$ف = \frac{ف_{ب} \frac{ب}{ا} م_{ا}}{\frac{ب}{ا} م_{ا}^{2}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱۷)$$

ف معلوم کرنے کا عمل ـــــ دیکھو کسی دو کیلوں کی کمان میں افقی دھکیل معلوم کرنے کے لیے پہلے دباؤ کا ایک آزمایشی خط قطبی فاصلہ ف ب کے ساتھ کھینچنا ہوگا اور اس کے بعد متعدد انتصابی خطوط کھینچنے چاہییں جو کمان پر چند مساوی حصے قطع کریں مثلاً ۱۰ یا ۲۰۔ اس کے بعد کمان کے اور دباؤ کے آزمایشی خط کے معینوں کے حاصل ضربوں کو جمع کیا جاتا ہے اور کمان کے معینوں کے مربعوں کو علٰحدہ جمع کیا جاتا ہے۔ ان مجموعوں کو علی الترتیب بوجھ کمان حاصل جمع اور کمان مربع حاصل جمع کہا جاتا ہے۔

$$\text{افقی دھکیل} = ف_{ب} \times \frac{\text{بوجھ کمان حاصل جمع}}{\text{کمان مربع حاصل جمع}} \quad (\text{تقریباً})$$

یا اگر زیادہ صحت مطلوب ہو تو مساوات (۱۶) استعمال کی جا سکتی ہے۔

اس قطبی فاصلے کے ساتھ کڑیوں کا کثیر الاضلاع کھینچا جائے تو دباؤ کا حقیقی خط حاصل ہوتا ہے اور اس سے زور صفحہ ۵۲۹ کے مطابق حاصل ہونگے۔

اگر کمان مکافی ہے تو $\frac{ب}{ا} م_{ا}$ مف س کی قیمت $\frac{۸ ر ل}{۱۵}$ ہے۔

تپش کے تغیرات سے دو کیلوں کی کمان میں دھکیل۔

فرض کرو کہ تعمیر کے وقت کمان کی جو تپش تھی اس سے اب تپش ت درجے زیادہ ہے اور فرض کرو کہ مادے کے پھیلاؤ کی شرح یہ ہے۔ فرض کرو کہ تپش کے

اضافے کی وجہ سے افقی دھکیل ف$_{ت}$ پیدا ہوتا ہے۔ تب اگر پھیلاؤ کی آزادی ہوتی تو فصل ل (۱ + بہ ت) = ل + ل بہ ت ہو جاتا لیکن چونکہ سہارے فصل کو ثابت رکھتے ہیں اس لیے اس سے وہی زور پیدا ہونگے جو ایک سہارے کو اندر کی طرف ل بہ ت کے بقدر حرکت دینے سے پیدا ہوتے

یعنی مساوات (۱۳) کے عام جملے کے حوالے سے

$$\text{لا} = -\text{ل بہ ت} = \text{ما}\left(\text{عہ} - \text{ص}_{\text{ا}} + \Sigma^{\text{ب}}_{\text{ا}} \frac{\text{م مف س}}{\text{ے آ}}\right)$$

$$- \Sigma^{\text{ب}}_{\text{ا}} \left\{ \frac{\text{م ما مف س}}{\text{ے آ}} + \frac{\text{ق مف لا}}{\text{ے ر}} \right\}$$

$$= \cdot - \Sigma^{\text{ب}}_{\text{ا}} \frac{\text{م ما مف س}}{\text{ے آ}} - \Sigma^{\text{ب}}_{\text{ا}} \frac{\text{ق مف لا}}{\text{ے ر}}$$

موجودہ صورت میں صرف ایک قوت ف$_{ت}$ عمل کر رہی ہے جس سے م = ف$_{ت}$ ما اور اس طرح

$$\text{ل بہ ت} = \Sigma^{\text{ب}}_{\text{ا}} \frac{\text{ف}_{ت}\, \text{ما مف س}}{\text{ے آ}} + \Sigma^{\text{ب}}_{\text{ا}} \frac{\text{ق مف لا}}{\text{ے ر}}$$

$$= \text{ف}_{ت} \Sigma \frac{\text{ما مف س}}{\text{ے آ}} \left(۱ + \frac{۱۵\,\text{اگ}^{۲}}{۲ر۸}\right) \text{تقریباً}$$

(دیکھو صفحہ ۵۴۲)

$$\therefore \text{ف}_{ت} = \frac{\text{ے آ ل بہ ت}}{\Sigma \text{ما مف س} \left(۱ + \frac{۱۵\,\text{اگ}^{۲}}{۲ر۸}\right)} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱۸)$$

چھوٹی کمانوں کے لیے جن کے ابعاد ایسے ہوں کہ $\frac{۱۵ اگ^۲}{۸ ر^۲}$ کو نظرانداز کیا جاسکے ہم مف س = مف لا لے سکتے ہیں۔

موجودہ صورت میں $\frac{ل}{\text{مف س}}$ = کمان کی وہ تعداد حصص جو کمان مربع حاصل جمع حاصل کرنے کے لیے اختیار کی گئی ہے = ن

$$\text{تب ف}_{ت} = \frac{\text{ے}^۲ \text{ ن ب ت}}{\text{کمان مربع حاصل جمع}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱۹)$$

دوگونہ دربستہ کمانیں (Built in) ـــــ اب ایک ایسی کمان پر غور کرو جس کے سرے محل اور سمت دونوں کے لحاظ سے ثابت ہیں۔

صفحہ ۵۳۷ پر کی عام صورت میں جو ترقیم اختیار کی گئی ہے اسی کو استعمال کرنے سے نقطہ ب پر غور کرنے سے

$$\text{ل}_{ب} = ۰$$

$$\text{ما}_{ب} = ۰$$

$$\text{طہ}_{ب} - \text{طہ}_{ا} = ۰$$

نیز نقطہ ا پر غور کرنے سے عہ - عہ$_{ا}$ = ۰

مساوات (۹) سے

$$\text{طہ}_{ب} - \text{طہ}_{ا} = (\text{عہ} - \text{عہ}_{ا}) + \sum_{ا}^{ب} \frac{\text{م}}{\text{ے}^۲} \text{ مف س}$$

اس لیے نقطہ ب پر اس کا اطلاق کرنے سے

$$۰ = ۰ + \sum_{ا}^{ب} \frac{\text{م مف س}}{\text{ے}^۲}$$

یعنی $\sum_{ا}^{ب} \text{م مف س} = ۰$ ..... (۲۰)

مساوات (۱۳) سے

$$\sum_{1}^{ب} \left\{ \frac{\text{مر ما مف س}}{\text{ے آ}} + \frac{\text{ق مف ہ}}{\text{ے ر}} \right\} = \cdots\cdots\cdots (۲۱)$$

دوسری رقم کو نظر انداز کرنے سے

$$\sum_{1}^{ب} \text{مر ما مف س} = \cdots\cdots\cdots\cdots\cdots\cdots (۲۲)$$

اسی طرح مساوات (۱۳ا) سے

$$\sum_{1}^{ب} \text{مر لا مف س} = \cdots\cdots\cdots\cdots\cdots (۲۳)$$

اب فرض کرو کہ ا، ب، ج، د، ع (شکل ۱۷۲) کڑیوں کا ایک آزمایشی کثیر الاضلاع ہے جو قطبی فاصلہ ف کے ساتھ کھینچا گیا ہے اور فرض کرو کہ ع ع ایک ایسا خط ہے (اس خط کو تحویل شدہ قاعدہ کہا جاتا ہے) کہ ∑ ص = ۰ اور ∑ ص لا = ۰


فرض کرو کہ ا ب ج د ع کمان کا حقیقی دباؤ کا خط ہے اور ی ی کمان کا تحویل شدہ قاعدہ۔ اور فرض کرو کہ تحویل شدہ قاعدہ ع ع کڑیوں کے آزمایشی کثیر الاضلاع کو نقاط د، و پر قطع کرتا ہے جن کو انتصاباً اوپر کو تظلیل کرنے سے ی ی پر نقاط ت، ت حاصل ہوتے ہیں۔ تب یہ نقاط ت، ت دباؤ کے حقیقی خط پر واقع ہونے چاہییں کیونکہ یہ محض ایک مختلف انتصابی پیمانے پر کھینچا ہوا کڑیوں کا آزمایشی کثیر الاضلاع ہے۔

اس لیے جوں ہی کہ حقیقی افقی دھکیل ف معلوم ہو جائے ہم دباؤ کا حقیقی خط کھینچ سکتے ہیں کیونکہ اس کو نقاط ت اور ت میں سے گزرنا چاہیے۔

اب مر مف س = ف (ط ھ - ف ھ) مف س

= ف مف س (ط گ - ف گ)

= (ف . ط گ - ف × ص) مف س



شکل ۱۷۲

درستہ سروں کی کمان

$$\therefore \Sigma م = ف \Sigma ط گ مف س - ف_ب \Sigma ص مف س$$

$$= ۰$$ کیونکہ ۶۶ اور ی ی تحویل شدہ قاعدے ہیں۔

اس لیے مساوات (۲۰) پوری ہو گئی۔

$$\text{نیز } \Sigma م لا مف س = ف \Sigma ط گ \times لا مف س$$

$$- ف_ب \Sigma ص \times لا مف س$$

$$= ۰$$

اس لیے مساوات (۲۳) پوری ہو گئی۔

مساوات (۲۲) سے

$$\frac{ب}{ا} م مف س = ۰$$

$$\therefore \frac{ب}{ا}ح\,(ف \times ط گ - ف_ب ص)\,ما\,مف\,س = .$$

$$\therefore ف\,\frac{ب}{ا}ح\,ما \times ط گ = ف_ب\,\frac{ب}{ا}ح\,ما \times ص$$

$$\therefore ف_ب\,\frac{ب}{ا}ح\,ما \times ر_ا = ف_ب\,\frac{ب}{ا}ح\,ما \times ص$$

$$\therefore ف = \frac{ف_ب\,\frac{ب}{ا}ح\,ما \times ص}{\frac{ب}{ا}ح\,ما \times ر_ا} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۲۴)$$

اب اگر کمان متشاکل ہو تو گ ک مستقل ہوگا اور

$$\frac{ب}{ا}ح\,ما \times ر_ا = \frac{ب}{ا}ح\,(ر_ا + گ ک)\,ر_ا = \frac{ب}{ا}ح\,ر_ا^۲ + گ ک\,\frac{ب}{ا}ح\,ر_ا$$

$$= \frac{ب}{ا}ح\,ر_ا^۲ + ۰ = \frac{ب}{ا}ح\,ر_ا^۲$$

$$\frac{ب}{ا}ح\,ما \times ص = \frac{ب}{ا}ح\,(ر_ا + گ ک)\,ص = \frac{ب}{ا}ح\,ر_ا \times ص + گ ک\,\frac{ب}{ا}ح\,ص$$

$$= \frac{ب}{ا}ح\,ر_ا \times ص + ۰ = \frac{ب}{ا}ح\,ر_ا \times ص$$

$$\therefore ف = \frac{ف_ب\,\frac{ب}{ا}ح\,ر_ا \times ص}{\frac{ب}{ا}ح\,ر_ا^۲} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۲۵)$$

یہ وہی جملہ ہے جو دو کیلوں کی کمان کے لیے حاصل ہوا تھا لیکن اس فرق کے ساتھ کہ معین $ر_ا$ اور ص تحویل شدہ قاعدوں سے ناپے جاتے ہیں۔

$$\therefore \text{ف} = \frac{\text{ف} \times \text{تحویل شدہ بوجھ کمان حاصل جمع}}{\text{تحویل شدہ کمان مربع حاصل جمع}}$$

اِس لیے معلوم ہوا کہ تحویل شدہ قاعدے معلوم ہو جائیں تو عمل بالکل گزشتہ صورت کی طرح ہوگا۔ اِس طرح جب ف معلوم ہو جائے تو دباؤ کا خط ق اور ت میں سے کھینچا جاتا ہے اور زور حسبِ دستور حاصل کیے جاتے ہیں۔

جملہ (۲۵) کو دو کیلوں کی کمان کی طرح زیادہ صحت کے ساتھ یوں لکھا جا سکتا ہے:-

$$\text{ف} = \frac{\text{ف} \frac{\text{ب}_{۲}}{\text{ب}_{۱}} \text{ر} \times \text{ص}}{\frac{\text{ب}_{۲}}{\text{ب}_{۱}} \text{ر}^{۲}} \quad \frac{۱}{\left(۱ + \frac{۴۵ \text{گ}^{۲}}{\text{ر}^{۲}}\right)}$$

یہ اصلاحی مقدار زیرِ بحث صورت میں دو کیلوں کی کمان سے زیادہ اہم ہے۔

تحویل شدہ قاعدوں کی تعیین

اِن تحویل شدہ قاعدوں کا محل معین کرنے والی شرائط تقریباً وہی ہیں جو ثابت سروں کے شہتیر کے خاؤ کے معیار کے منحنی کی صورت میں ہوتی ہیں بشرطیکہ حصوں کی تعداد کافی بڑی ہو۔ اور اس طرح تحویل شدہ قاعدے کا محل اُسی طرح نقشے پر معلوم ہو سکتا ہے جو صفحہ ۳۰۹ پر ثابت شہتیر کے لیے بیان کیا گیا ہے۔ متشاکل چپٹے منحنیوں میں (اور کمان تقریباً ہمیشہ ایسی ہی ہوگی) تحویل شدہ قاعدے کی بلندی اصلی قاعدے کے اوپر اوسط معین کے یعنی $\frac{\text{کمان اور قاعدے کے درمیان کا رقبہ}}{\text{فصل}}$ کے مساوی ہوگی اور مکافی کی کمان کی صورت میں $\frac{۲}{۳}$ ر کے مساوی ہوگی۔

دوگونہ درلسبتہ کمانوں میں تپش کی وجہ سے دھکیل

صفحہ ۵۴۳ کی طرح کے استدلال سے

$$-\text{ل بت} = -\frac{\text{ب}}{\text{ا}}\text{ح}\frac{\text{مرما مف س}}{\text{ے آ}} - \frac{\text{ب}}{\text{ا}}\text{ح}\frac{\text{ق مف لا}}{\text{ے ر}}$$

موجودہ صورت میں بوجھ صرف ایک ہے اور وہ افقی ہے۔ اِس طرح دباؤ کا خط تحویل شدہ قاعدے پر منطبق ہوگا۔

∴ تحویل شدہ قاعدہ تپش کے زوروں کے لیے دباؤ کا خط ہے۔

∴ ف$_{\text{ت}}$ قاعدے کے خط میں عمل کریگا۔

∴ م = ف$_{\text{ت}}$ × ر

$$\therefore \text{ل بت} = \text{ف}_{\text{ت}}\,\frac{\text{ب}}{\text{ا}}\text{ح}\frac{\text{رما مف س}}{\text{ے آ}} + \text{ح}\frac{\text{ق مف لا}}{\text{ے ر}}$$

مف س = مف لا = $\frac{\text{ل}}{\text{ن}}$ لینے سے

$$\text{ے آ بت} = \left\{\frac{\text{ف}_{\text{ت}}}{\text{ن}}\,\frac{\text{ب}}{\text{ا}}\text{ح}\,\text{رما}\right\}\left(1 + \frac{\text{۴۵ گ}^{۲}}{\text{ر}^{۲}}\right)$$

لیکن $\frac{\text{ب}}{\text{ا}}\text{ح}\,\text{رما} = \frac{\text{ب}}{\text{ا}}\text{ح}\,\text{ر}^{۲}$

$$\therefore \text{ف}_{\text{ت}} = \frac{\text{ے آ ن بت}}{\frac{\text{ب}}{\text{ا}}\text{ح}\,\text{ر}^{۲}\left(1 + \frac{\text{۴۵ گ}^{۲}}{\text{ر}^{۲}}\right)}$$

اگر حسب سابق $\frac{\text{گ}}{\text{ر}}$ کی رقوم کو نظر انداز کر دیں تو

$$\text{ف}_{\text{ت}} = \frac{\text{ے آ ن بت}}{\text{تحویل شدہ کمان مربع حاصل جمع}}$$

اُستوار کمانوں پر متحرک بوجھ

اُستوار کمانوں پر متحرک بوجھوں سے بحث کرتے وقت یہ عام طور پر مان لیا جاتا ہے کہ اعظم زور اُس وقت واقع ہوتے ہیں جب کہ نصف فصل پر بوجھ چھایا ہو۔ اعظم زور کے لیے بوجھ فصل کے کتنے حصے پر چھایا ہو اس کی مقدار درحقیقت ارتفاع اور فصل کی باہمی نسبت پر اور بوجھ کی نوعیت پر منحصر ہے اور یہ بہت دقت طلب مسئلہ ہے۔ کمان دائری ہو اور بوجھ یکساں ہو تو اس کی قیمت تقریباً $\frac{5}{8}$ فصل کے مساوی ہوتی ہے۔ اکثر صورتوں میں نصف فصل کا مفروضہ کافی صحیح ہے اور اس میں آسانی یہ ہے کہ ساکن بوجھ سے پیدا ہونے والے دھکیل کے لیے علٰحدہ حساب کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اگر ساکن بوجھ یکساں ہو اور اس کی حدت و ہو اور اس سے اُفقی دھکیل ف پیدا ہو اور اگر متحرک بوجھ یکساں اور حدت و کا ہو اور اس سے اُفقی دھکیل ف پیدا ہو جبکہ فصل نصف لدا ہو تو

$$ف_1 = \frac{و_1 ف}{و}$$

کمان کی نقشہ کشی پر نوٹ

معمولی مقابلۃً چپٹی کمانوں میں کمان کے مرکزی خط اور دباؤ کے خط کے درمیان فاصلہ بہت خفیف ہوگا اور اس طرح خمأو کے معیاروں کی صحیح تعیین مشکل ہوگی۔ اس وجہ سے کمانوں کے زوروں سے بحث کرتے وقت مناسب یہ ہے کہ کمان کے انتصابی معینوں کو پانچ گنا یا دس گنا کھینچا جائے۔ (اس طرح دائری کمان ناقصی ہو جائیگی)۔ ایسا کرنے کے لیے دباؤ کے خط کے لیے قطبی فاصلے کو اسی نسبت میں گھٹا دینا چاہیے۔

جگہ کی قلت کی وجہ سے یہاں استوار کمانوں سے مکمل بحث نہیں کی جا سکی۔ اس کی مزید بحث تفصیل کے ساتھ اور متعدد خاص صورتوں کے لیے ضابطے اور نقشے دے کر مصنف کی کتاب "تعمیروں کے نظریہ اور تجویز کے مزید مسائل" میں کی گئی ہے۔

چنائی کی کمانوں سے آیندہ باب میں بحث کی گئی ہے۔

چودھواں باب


چنائی کی تعمیریں

قائمیت کی عام شرائط ـــــ چنائی کی تعمیریں عموماً اس طرح تجویز کی جاتی ہیں کہ جن بلاکوں پر تعمیر مشتمل ہے اُن کے درمیان صرف فشاری زور عمل کرے۔ اگرچہ گچ میں تھوڑی تنشی مضبوطی بھی ہے لیکن برطانوی دستور یہ ہے کہ گچ کی تنشی مضبوطی کو معدوم فرض کیا جائے اور نیز یہ کہ چنائی اور گچ کے درمیان چپک نظر انداز کیے جانے کے قابل ہے۔ یعنی جز یاماسی زور چنائی اور چنائی کے درمیان کی طبعی رگڑ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔ اِس طرح حسبِ ذیل شرائط حاصل ہوتی ہیں جو چنائی کی تعمیروں میں پوری ہونی چاہییں۔

(۱) کسی تراش پر تنشی زور نہیں ہونا چاہیے۔

(۲) اعظم فشاری زور شے کے بے خطر زور کی حد کے اندر ہونا چاہیے۔

(۳) جزی زور چنائی کے درمیان کی طبعی رگڑ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔



شکل ۱۷۳

شرط ۱۔ فرض کرو کہ د ب (شکل ۱۷۳) ایک چنائی کی تعمیر کی تراش کو تعبیر کرتا ہے۔ ج مرکزِ ہندسی ہے۔ اور فرض کرو کہ دباؤ کا خط

(دیکھو صفحہ ۱۸۲) تراش کو بوجھ نقطہ ع پر قطع کرتا ہے اور ح تراش پر حاصل قوت ہے۔ تب ح کو جزی قوت مز اور راست دباؤ ف میں تحلیل کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح راست فشار فی مربع انچ = $\frac{ف}{ر}$ جہاں ر = تراش کا رقبہ۔

ایک خماؤ کا معیار بھی ہوگا جس کی مقدار ف × ج ع = ف × لا ہوگی اور اگر تراش کا گردشی نصف قطر گ ہو تو خماؤ کی وجہ سے فشاری زور $\frac{م}{ق_ن} = \frac{ف \times لا \times ق_ن}{ر \, گ^2}$ اور تنشی زور $\frac{م}{ق_ت} = \frac{ف \times لا \times ق_ت}{ر \, گ^2}$ ہوگا۔

اس لیے مرکب فشاری زور = $ز_ن = \frac{ف}{ر} + \frac{ف \, لا \, ق_ن}{ر \, گ^2}$

$= \frac{ف}{ر}\left(1 + \frac{لا \, ق_ن}{گ^2}\right)$ ..... (۱)

مرکب تنشی زور = $ز_ت = \frac{ف \, لا \, ق_ت}{ر \, گ^2} - \frac{ف}{ر}$

$= \frac{ف}{ر}\left(\frac{لا \, ق_ت}{گ^2} - 1\right)$ ..... (۲)

ہماری پہلی شرط یہ ہے کہ تنشی زور معدوم ہو۔

∴ $\frac{لا \, ق_ت}{گ^2} - 1$ منفی ہونا چاہیے

یا $\frac{لا \, ق_ت}{گ^2}$ چھوٹا ہونا چاہیے ۱ سے

یا لا " " $\frac{گ^2}{ق_ت}$ سے

یعنی لا کی اعظم قیمت = $\frac{\text{گ}^2}{\text{ق}_ت}$ ..... (۳)

اب ذیل کی خاص صورتوں پر غور کرو (شکل ۱۷۴):

(ا) ٹھوس مستطیلی تراش ـــــ یہ چنائی میں سب میں زیادہ عام صورت ہے۔

اگر د ب = ض، تو گ = $\frac{\text{ض}}{12}$

اور ق$_ف$ = ق$_ت$ = $\frac{\text{ض}}{2}$

∴ حد کے متعلق شرط ہوئی لا = $\frac{\text{ض}^2}{12} \times \frac{2}{\text{ض}} = \frac{\text{ض}}{6}$


یعنی ع نقاط ف اور گ کے درمیان کہیں واقع ہو سکتا ہے۔ ان نقاط کا باہمی فاصلہ = $\frac{\text{ض}}{3}$، حصہ ف گ کو تراش کا وسطی ثلث کہا جاتا ہے۔ اِس طرح ع کو وسطی ثلث کے اندر واقع ہونا چاہیے۔ یہ "**وسطی ثلث کا قانون**" کہلاتا ہے۔

اِس قانون کے متعلق یہ یاد رہے کہ یہ صرف مستطیلی تراشوں کے لیے درست ہے۔ چنائی کی تمام تعمیروں کے لیے نہیں جیسا کہ بعض اوقات سمجھا جاتا ہے۔

(ب) ٹھوس مستدیر تراش ـــــ اگر ق دائرے کا قطر ہے تو گ = $\frac{\text{ق}^2}{16}$ اور ق$_ف$ = ق$_ت$ = $\frac{\text{ق}}{2}$

∴ ہماری حد کی شرط ہوگی لا = $\frac{\text{ق}^2}{16} \times \frac{2}{\text{ق}} = \frac{\text{ق}}{8}$

∴ ع نقاط ف اور گ کے درمیان کہیں واقع ہو سکتا ہے



شکل ۱۷۴

چنائی کی تعمیریں

جن کا درمیانی فاصلہ = $\frac{ق}{۴}$ اس لیے اس صورت میں دباؤ کا خط تراش کے وسطی ربع کے اندر واقع ہونا چاہیے۔

(ج) کھوکھلی مستطیلی تراش ـــــ فرض کرو کہ تراش ایک کھوکھلا مستطیل ہے جو شکل میں دکھایا گیا ہے۔ تب

$$گ^{۲} = \frac{ع\ ض^{۳} - (ع - ۲م)(ض - ۲م)^{۳}}{۱۲\{ع\ ض - (ع - ۲م)(ض - ۲م)\}}$$

اور ف گ اس سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

(د) کھوکھلی مستدیر تراش ـــــ فرض کرو کہ تراش ایک حلقہ ہے جس کا اندرونی نصف قطر $ق_{۱}$ اور بیرونی نصف قطر ق ہے۔ تب

$$گ^{۲} = \frac{ق^{۴} - ق_{۱}^{۴}}{۱۶(ق^{۲} - ق_{۱}^{۲})} = \frac{ق^{۲} + ق_{۱}^{۲}}{۱۶}$$

∴ اس صورت میں $لا = \frac{ق^{۲} + ق_{۱}^{۲}}{۱۶} \times \frac{۲}{ق} = \frac{ق^{۲} + ق_{۱}^{۲}}{۸ ق}$

∴ $$ف گ = \frac{ق^{۲} + ق_{۱}^{۲}}{۴ ق} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

اگر حلقہ پتلا ہو تو ف گ کی قیمت تقریباً حسب ذیل ہوگی:۔

$$\frac{۲ ق^{۲}}{۴ ق} = \frac{ق}{۲}$$

اس لیے اس صورت میں دباؤ کا خط تراش کے وسطی نصف کے اندر واقع ہونا چاہیے۔

شرط ۲ ـــــ اگر دباؤ کا خط انتہائی محل میں ہے اور تراش متشاکل ہے جس کی وجہ سے $ق_{ن} = ق_{ش}$ تو

مساوات (۱) سے $ن_ن$ کی قیمت $= \frac{ف}{ر}\left(1+\frac{لا ق ت}{ض^2}\right)$

$= \frac{ف}{ر}(1+1)$

$= \frac{2ف}{ر}$ ..... (۵)

مستطیلی تراشوں میں $ن_ن = \frac{ف}{ر}\left\{1+\frac{\frac{لا ض^2}{2}}{\frac{ض^2}{12}}\right\}$

$= \frac{ف}{ر}\left(1+\frac{6لا}{ض}\right)$ ..... (۶)

اس لیے اس صورت میں دوسری شرط یہ ہوئی کہ $\frac{2ف}{ر}$ شے کے بے خط فشاری زور کی حدود کے اندر ہو۔

شرط ۳ - اگر شے کی رگڑ کی قدر مہ ہو تو رگڑ کی قوت = مہ ف

$\therefore$ ج < نہیں ہونا چاہیے مہ ف

$\therefore \frac{ج}{ف}$ < " " مہ

یعنی مس ط < " " مہ

لیکن اگر مس فہ = مہ تو فہ رگڑ کا زاویہ کہلاتا ہے۔ اس طرح شرط یہ ہوگئی کہ ط چنائی پر چنائی کی رگڑ کے زاویے سے بڑا نہیں ہونا چاہیے۔ یہ زاویہ چنائی کی مختلف اقسام کے لیے مختلف ہوتا ہے لیکن ۳۰° کے قرب وجوار میں ہوتا ہے۔ بعض مصنفین اس کی قیمت ۴° تا ۳۸° بتاتے ہیں۔

اکثر صورتوں میں یہ پایا جائیگا کہ اگر پہلی شرط پوری ہو جائے تو دوسری دونوں بھی پوری ہو جائینگی۔

قلب ـــــ ایک لچک دار شے کی کوئی تراش دی ہوئی ہو تو


اس تراش کے اندر ایک رقبہ ایسا ہوگا کہ اگر دباؤ کا خط اس کے اندر واقع ہو تو شے میں تنشی زور پیدا نہیں ہوگا اور اس کے باہر واقع ہو تو تنشی زور پیدا ہوگا۔ یہ رقبہ تراش کا قلب کہلاتا ہے۔

یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ "اگر تعدیلی محور ایک نقطے کے گرد گھومے تو بوجھ نقطہ ایک خطِ مستقیم میں حرکت کریگا"۔

اگر بوجھ نقطہ قلب کے کنارے پر واقع ہو تو تراش کے کنارے پر زور صفر ہوگا (دیکھو شکل ۱۷۶) اور اس طرح تعدیلی محور کنارے پر ہوگا۔ اب مستطیلی تراش ک ل م ن (شکل ۱۷۵) پر غور کرو۔ جب تعدیلی محور خط ل م پر ہو تو ف بوجھ نقطہ ہوگا اور جب تعدیلی محور خط ک ل پر ہو تو بوجھ نقطہ جہ ہوگا۔ اور اس طرح تعدیلی محور کے نقطہ ل کے گرد گھومنے سے بوجھ نقطہ خط ف جہ پر حرکت کریگا۔ اس لیے مستطیل کے لیے قلب ایک ہیرا نما شکل ہوگی جیسا کہ دکھایا گیا ہے۔


دائرے کے لیے، قلب ایک دائرہ قطر $\frac{ق}{۴}$ کا ہوگا۔

دیگر تراشوں کے لیے قلب آسانی سے معلوم کیا جا سکتا ہے لیکن چنائی کی سب میں عام تراشیں مستطیل اور دائرہ ہی ہیں۔



شکل ۱۷۵۔ تراش کا قلب

تراش پر زور کی تقسیم ـــــ چنائی کی تعمیر کی کسی تراش پر خماؤ اور راست زور کے اجتماع کی صورت میں زور کی تقسیم وہ ہوئی جو صفحہ ۲۱۷ پر دکھائی گئی ہے۔



شکل ۱۷۶

اگر دباؤ کا خط انتہائی محل میں ہو اور اس طرح تراش پر تناؤ عین آنے کو ہو تو زوروں کی تقسیم شکل ۱۷۶ کے مطابق ہوگی۔

اور اگر ق = ق جیسا کہ عام طور پر ہوتا ہے تو

$$\text{دجہ} = \frac{۲ \text{ ف}}{\text{ر}}$$

چنائی کی تعمیروں کے نظریے کی دقتیں

چنائی کی تعمیروں کی قائمیت پر پہلی شرط کا اطلاق کرتے ہوئے یعنی یہ کہ تنشی زور معدوم ہو یہ یاد رہے کہ وسطی ثلث کا قاعدہ جو مستطیلی تراشوں کے لیے ہے اور دیگر تراشوں کے متناظر قاعدے اس مفروضے پر مبنی ہیں کہ چنائی ایک لچک دار شے ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ مفروضہ حق بجانب نہیں۔ اس لیے کوئی تعجب کی بات نہیں کہ اکثر مصنفین ان قوانین کو ناقابلِ اطمینان بتاتے ہیں۔ ان قوانین کو عام طور پر سلامتی کی جانب سمجھا جاتا ہے اور بعض ماہرین کا خیال ہے کہ مستطیلی تراشوں میں دباؤ کا خط وسطی نصف کے اندر بحفاظت واقع ہو سکتا ہے۔ لیکن چنائی کا لچک دار نہ ہونا ہی ایک مشکل نہیں بلکہ چند اور مشکلات ہیں جو کٹوں

وغیرہ جیسی تعمیروں میں پائی جاتی ہیں۔ اِن دِقتوں کا باعث زیادہ تر یہ ہے کہ جز کی وجہ سے ثانوی زور (جو شہتیروں کی صورت میں عمق کے مقابلے میں طول کے بہت بڑے ہونے کی وجہ سے نظر انداز کرنے کے قابل ہوتے ہیں) اِن تعمیروں میں خاصے قابلِ لحاظ ہوتے ہیں۔ اِس مسئلے پر حال میں بہت تحقیق کی گئی ہے اور ہم کٹوں سے بحث کرتے وقت اس مسئلے سے پھر بحث کرینگے۔ بہت اچھا ہوگا اگر زمانۂ قریب میں چنائی کی تعمیروں کے مسئلے پر کوئی جامع تجرباتی کام عمل میں آئے۔ فی الوقت تو ہم کو ان ہی قواعد کی پیروی کرنی ہوگی جو ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔

بے سمنٹ بلاکوں کے متعلق رے[1] کا قاعدہ

جس صورت میں کہ بلاک صرف ایک دوسرے کے اوپر ٹکے ہوئے ہوں رے کا قاعدہ یہ ہے کہ دباؤ کی اعظم حدت کو معلوم کرنے کے لیے دباؤ کے عمادی جزوِ تحلیلی کے دو گنے کو بوجھ نقطہ اور قریب ترین کنارے کے درمیانی فاصلے کے تین گنے سے تقسیم کیا جائے بشرطیکہ یہ فاصلہ قاعدے کے ایک تہائی سے زیادہ نہ ہو۔ یہ حدت شے کے بے خطر دباؤ کی حدود کے اندر ہونی چاہیے۔ اِس عمل کی ایک مثال دیوار کے قاعدے پر کے دباؤ کے لیے صفحہ ۵۹۶ پر ملیگی۔


چنائی کے کٹے

چنائی کے کٹوں یا پانی کی پشتہ دیواروں کی قائمیت اوپر بیان کیے ہوئے قواعد کے ذریعے معلوم کی جاسکتی ہے۔ پہلے ایک کٹے پر غور کرو۔ جس کا ایک رُخ انتصابی ہے اور عقبی رُخ میں ایک سیدھا ڈھال یا سلامی ہے۔

فرض کرو کہ ا ب ج س (شکل ۱۷۰) ایک کٹے کی تراش ہے۔ مرکزِ ہندسی گ صفحہ ۱۱۴ پر بیان کی ہوئی ساخت کے ذریعے حاصل ہوگا

[1] Wray

یعنی اِس طرح کہ اج اور ب س کے وسطی نقاط کو ملائیں اور ج ھ = ب س اور ب ک = اج بنائیں اور ھ ک کو ملائیں۔



شکل ۱۷۷
چُنائی کے کٹّے

اب کٹے کی قائمیت فی طولی فٹ پر غور کرو۔

$$\text{کٹے کا وزن} = و = \frac{و\,(\text{اج} + \text{ب س}) \times \text{۱ ب}}{۲}$$

جہاں و کٹے کے مادّے کا وزن فی مکعب فٹ ہے۔ جب خزانہ خالی ہو تو دباؤ کا خط قاعدے کو بوجھ نقطہ ل پر قطع کریگا اور اس کے لیے قاعدے پر زور کی تقسیم شکل میں دکھائی گئی ہے۔ اس میں

$$\text{ب ع} = \frac{و}{ر}\left(۱ + \frac{۶\,\text{ل ف}}{\text{ب س}}\right)$$

$$\text{س ف} = \frac{و}{ر}\left(۱ - \frac{۶\,\text{ل ف}}{\text{ب س}}\right)$$

اب اُس صورت پر غور کرو کہ خزانہ بھرا ہوا ہے۔ پانی کی بلندی ع ہے۔

تب مجموعی دباؤ کٹے کے فی طولی فٹ = د = بھیگی ہوئی سطح کا رقبہ × مرکزِ ہندسی کی گہرائی پر دباؤ

$$= \text{ع} \times \frac{\text{صہ ع}}{۲} = \frac{\text{صہ ع}^۲}{۲}$$

جہاں صہ = پانی کا وزن فی مکعب فٹ = ۶۲٫۴ پونڈ تقریباً

یہ دباؤ کٹے پر چہرے کے علی القوائم ہوگا اور مرکزِ دباؤ ع پر عمل کریگا، یعنی ب سے فاصلہ $\frac{\text{ع}}{۳}$ پر۔ یہ شکل سے واضح ہوگا جہاں ن ق ب مختلف گہرائیوں پر دباؤں کو تعبیر کرتا ہے اور ب ق = صہ ع

تب حاصل دباؤ د = مثلث ب ن ق کا رقبہ = $\frac{\text{صہ ع} \times \text{ع}}{۲} = \frac{\text{صہ ع}^۲}{۲}$ اور مثلث کے مرکزِ ہندسی میں سے یعنی ب سے فاصلہ $\frac{\text{ع}}{۳}$ پر عمل کرتا ہے۔

د کو خارج کر کے د کے خطِ عمل سے یعنی گ میں کے انتصابی سے

نقطہ ا پر ملنے دو اور کسی مناسب پیمانے پر ا ب انتصاباً = و اور ب ج افقاً = د کھینچو۔ تب اگر ب س کو ا ج نقطہ م پر قطع کرے تو م بوجھ نقطہ ہے جس پر دباؤ کا خط بھرے ہوئے خزانے کی صورت میں قاعدے کو قطع کرتا ہے۔ یعنی خزانے کے اندر پانی چڑھے تو دباؤ کا خط بتدریج ل سے م کی طرف حرکت کرتا ہے۔ م کو وسطی ثلث کے اندر واقع ہونا چاہیے۔

بھرے ہوئے خزانے کی صورت میں قاعدے پر زوروں کی تقسیم شکل میں دکھائی گئی ہے جہاں

$$ب ع = \frac{و}{ر}\left(1 - \frac{٦ ف م}{ب س}\right)$$


$$س ف = \frac{و}{ر}\left(1 + \frac{٦ ف م}{ب س}\right)$$

نوٹ۔ دراصل ا م کٹے کے دباؤ کا خط نہیں بلکہ نقطہ م پر دباؤ کے خط کا مماس ہے اور اس سے قاعدے پر جو کمزور ترین تراش ہے زوروں کی تعیین ہوتی ہے۔ اگر کسی اور تراش پر زور مطلوب ہوں تو اس کو قاعدہ تصور کر کے یہی عمل کرنا ہوگا۔ آئندہ مثال میں ہم بتائینگے کہ پورا دباؤ کا خط کس طرح کھینچا جاتا ہے۔

منحنی پشت کا کٹہ ——— اگر کٹے کی پشت منحنی ہو اور چہرہ مستقیم یا منحنی تو دباؤ کا خط حسب ذیل طریقے پر کھینچا جاسکتا ہے: شکل ۱۷۸ میں دکھائے ہوئے کٹے پر غور کرو۔ متعدد افقی تراشیں (۱، ۱) (۲، ۲)، ..... (۵، ۵) لو اور بتائے ہوئے طریقے کے مطابق ان سب تراشوں کے مرکز ہندسی گ، گ، ..... گ معلوم کرو۔ حسب سابق کٹے کے ایک ٹکڑے کی قائمیت پر غور کرو جس کا طول کاغذ کے مستوی کے علی القوائم ایک فٹ یا کوئی اور اکائی لیا گیا ہے۔ اب بھرے ہوئے خزانے کی صورت میں

ہر تراش کے اوپر کٹے کا جو حصہ ہے اُس پر پانی کا حاصل دباؤ معلوم کرو۔ فرض کرو کہ یہ حاصل دباؤ د۱، د۲، ..... د۵ ہیں۔ اِس طرح د۴ پانی کا حاصل دباؤ خط ۴،۴ کے اوپر کٹے کے حصے کے لیے ہوگا اور خط ۴،۴ کی گہرائی کے دو تہائی پر کٹے کے چہرے کے علی القوایم عمل کریگا۔ اگر کٹے کا چہرہ قابلِ لحاظ طور پر منحنی ہو تو حاصل دباؤں کو مختلف حصوں پر کے دباؤں سے کڑیوں کے اور سمتی کثیر الاضلاع کی ساخت کے ذریعے معلوم کرنا چاہیے۔ اب ہم کو ہر تراش کے اوپر کٹے کے حصے کا مرکزِ ہندسی مطلوب ہے اور اِس کے لیے حسبِ ذیل عمل اختیار کیا جائیگا: مراکزِ ہندسی گ۱، گ۲، وغیرہ میں سے ہر ایک میں سے انتصابی خطوط کھینچو اور ایک انتصابی سمتی خط پر طول (۱،۱)، (۱،۲)، ..... (۴،۵) قایم کرو جو ہر ایک حصے کے وزن کو تعبیر کریں۔ کوئی قطب ط لو اور ایک کڑیوں کا کثیر الاضلاع ا، ب، ج، د، ع، ف کھینچو۔ پہلی اور آخری کڑی نقطہ ا پر ملیں۔ اب ہر ایک کڑی کو خارج کرکے ا ب سے ملنے والے دو مثلاً ف ع نقطہ ف پر ملے، وغیرہ۔ ا میں سے ایک انتصابی خط کھینچو جو ۵، ۵ کو ل۵ پر ملے۔ ف میں سے ایک انتصابی خط کھینچو جو ۴،۴ کو ل۴ پر ملے، وغیرہ۔ اب نقاط ل۱، ل۲، وغیرہ کو ملانے سے خالی خزانے کے لیے دباؤ کا خط حاصل ہوگا۔ اِن نقاط ل۱، ل۲، وغیرہ میں سے انتصابی خطوط کھینچو جو پانی کے دباؤں د۱، د۲، وغیرہ سے نقاط ف۱، ف۲، وغیرہ پر ملیں۔ تب د۵ کو تراش ۵،۵ کے اوپر کٹے کے وزن کے ساتھ ترکیب دے کر، جیسا کہ گزشتہ مثال میں بتایا گیا ہے، حاصل دھکیل کے متوازی ف۵ ع۵ کھینچا جائے تو بوجھ نقطہ ع۵ حاصل ہوگا۔ اِسی طرح ع۴ اِس طرح حاصل ہوگا کہ د۴ کو تراش ۴،۴ کے اوپر کٹے کے وزن کے ساتھ ترکیب دے کر ف۴ میں سے حاصل کے متوازی خط کھینچا جائے۔ وقس علی ہذا۔ اب اِن نقاط ف۱، ف۲، وغیرہ کو ملانے سے بھرے ہوئے خزانے کے لیے دباؤ کا خط حاصل ہوتا ہے۔ کسی تراش کے اوپر زور کی تقسیم سابق میں سمجھائے ہوئے طریقے کے مطابق حاصل ہوگی۔

دیکھو اوپر کی مثال میں دباؤ کے خطوط وسطی ثلث کے اچھی طرح اندر واقع ہیں بدترین تراش ۲، ۲ ہے۔




شکل ۱۷۸
منحنی پشت کٹہ

شکل میں بہت سے خطوط حذف کر دیے گئے ورنہ چھوٹے سے پیمانے کی وجہ سے گڑبڑ ہو جاتی۔ طلبہ اس طریقے سے مانوس ہونے کے لیے ایسی ایک مثال کو بڑے پیمانے پر حل کریں۔

منحرفی کٹے کے قاعدے کے عرض کا حساب — فرض کرو کہ

ا ب ج س (شکل ۱۷۹) ایک منحرفی کٹے کی ایک تراش ہے۔



شکل ۱۷۹
منحرفی کٹے

کٹے کا چہرہ انتصابی ہے۔ اور فرض کرو کہ ا ب کا طول ہ ہے اور ج س کا طول ب اور کٹے کا ارتفاع ع ہے۔ ہم کو ب کی ایسی قیمت معلوم کرنی ہے کہ دباؤ کا خطۂ ل تراش کے وسطی ثلث کے عین اندر رہے۔

پہلے ہم کو ع کا محل معلوم کرنا ہے جہاں تراش کے مرکز ہندسی گ میں سے گزرنے والا انتصابی خط قاعدے کو قطع کرتا ہے۔ فرض کرو کہ یہ س سے فاصلہ لا پر ہے۔ تب تراش کو ایک مستطیل اور ایک مثلث میں تقسیم کرنے سے اور س کے گرد معیار لینے سے

$$\text{لا}\left(\frac{\text{ہ}+\text{ب}}{۲}\right)\text{ع} = \text{ع ہ} \times \frac{\text{ہ}}{۲} + \frac{۱}{۲}\text{ع}\,(\text{ب}-\text{ہ})\left\{\text{ہ} - \frac{۱}{۳}\,(\text{ب}-\text{ہ})\right\}$$

$$= \frac{ع}{۲}\left\{ا^۲ + \frac{(ب-ا)(ب+۲ا)}{۳}\right\}$$

$$= \frac{ع}{۶}\left\{ب^۲ + اب + ا^۲\right\}$$

$$\therefore \quad لا = \frac{ا^۲ + اب + ب^۲}{۳(ا+ب)} \qquad \ldots\ldots (۱)$$

اب اگر چنائی اور پانی کے وزن فی مکعب فٹ د اور صہ ہوں تو

پانی کا مجموعی دباؤ فی فٹ $= د = \frac{صہ ع^۲}{۲}$

چنائی کا مجموعی وزن فی فٹ $= و = \frac{و(ا+ب)ع}{۲}$

اب $\frac{ع ل}{ع^۶} = \frac{د}{و} = \frac{صہ ع}{و(ا+ب)}$

$$\therefore \quad \frac{ما}{\frac{ع}{۳}} = \frac{صہ ع}{و(ا+ب)}$$

$$\therefore \quad ما = \frac{صہ ع^۲}{۳و(ا+ب)} \qquad \ldots\ldots (۲)$$

اب اگر دباؤ کا خط وسطی ثلث کے اندر واقع ہونا چاہیے تو

$$لا + ما = \frac{۲ب}{۳} \qquad \ldots\ldots (۳)$$

یا $$\frac{ا^۲ + اب + ب^۲}{۳(ا+ب)} + \frac{۳ صہ ع^۲}{۳و(ا+ب)} = \frac{۲ب}{۳}$$

$$ا^۲ + اب + ب^۲ + \frac{صہ ع^۲}{و} = ۲ب(ا+ب)$$

$$= ۲اب + ۲ب^۲$$

یا $ب^{۲} + ۱ب - ۱^{۲} - \frac{صہ ع^{۲}}{و} = ۰$ ..... (۴)

و، ع، صہ، و دیے ہوئے ہوں تو ب کی قیمت اس مساوات درجۂ دوم سے حاصل ہو سکتی ہے۔

مثلثی تراش — اگر کٹہ مثلثی تراش کا ہو تو ا = ۰

$$\therefore \quad ب = ع \sqrt{\frac{صہ}{و}}$$

مستطیلی تراش — اس صورت میں ا = ب

$$\therefore \quad ب = ع \sqrt{\frac{صہ}{و}}$$

عددی مثال — منحرفی تراش کا ایک چنائی کا کٹہ ۲۵ فٹ اونچا اور چوٹی پر ۴ فٹ چوڑا ہے۔ اگر چنائی کا وزن ۱۴۴ پونڈ فی مکعب فٹ ہو تو قاعدے کا ضروری عراض معلوم کرو جس سے تنشی زور نہ پیدا ہو۔ اس صورت میں اعظم فشاری زور کیا ہوگا۔

مساوات (۴) میں یہ قیمتیں مندرج کرنے سے

$$ب^{۲} + ۴ب - ۱۶ - \frac{۶۲۵ \times ۶۲۵۴}{۱۴۴} = ۰$$

$$ب^{۲} + ۴ب - ۲۸۶۵۸ = ۰$$

$$ب = \frac{-۴ + \sqrt{۱۶ + ۱۱۴۷۰۰}}{۲}$$

$$= \frac{-۴ + ۳۴}{۲}$$

$$= ۱۵ \text{ فٹ تقریباً}$$


اس صورت میں اعظم فشاری مضبوطی $= \frac{۲ و}{۱۵}$

$$= \frac{۲ \times ۲۵ \times ۹۶۵}{۱۵} \times \frac{۱۴۴}{۲۲۴۰} \text{ ٹن فی مربع فٹ}$$

$$= \underline{\text{۲ ٹن فی مربع فٹ تقریباً}}$$

کٹوں کی انتصابی تراشوں کی قائمیت ـــــ سب میں پہلے

مسٹر ایچرلی[1] اور پروفیسر کارل پیرسن نے ایک پرچے میں، جس کا عنوان "چنائی کے کٹوں کی قائمیت کے چند فروگزاشتہ نکات" ہے



شکل ۱۸۰۔ کٹوں کی انتصابی تراشوں پر زور

[1] Mr. L. W. Atcherley and Prof. Karl Pearson.

بتایا کہ اُفقی تراشوں کے علاوہ انتصابی تراشوں کی قائمیت پر بھی غور کرنا چاہیے۔

فرض کرو کہ ا ب ج س (شکل ۱۸۰) ایک کٹے کی تراش ہے اور فرض کرو کہ ب ع ف ج بھرے ہوئے خزانے کی صورت میں قاعدے پر کے زوروں کو تعمیر کرتا ہے۔ ان کو حاصل کرنے کا طریقہ سمجھایا جا چکا ہے۔ اب کٹے کی ایک انتصابی تراش جہ ک پر غور کرو۔ اس پر عمل کرنے والی قوتیں حسب ذیل ہیں:-

(ا) ایک اوپر وار دباؤ جو رقبہ ج ف مرجہ سے تعمیر ہوتا ہے۔

(ب) ایک نچوار دباؤ کٹے کے حصہ ج ک جہ کے وزن کی وجہ سے۔

(ج) ایک جزی قوت نر کٹے کے قاعدے پر۔

اب فرض کرو کہ نقشہ ب ع ف ج چنائی کے فٹوں کی رقوم میں کھینچا گیا ہے، یعنی انتصابی ایک انچ ارتفاع تراش کے ایک مربع انچ کے وزن کو تعمیر کرتا ہے۔ یا اگر خطی پیمانہ اً = لا فٹ ہو اور ایک مکعب فٹ چنائی کا وزن و پونڈ ہو تو ج ف پر ایک انچ و لا پونڈ فی مربع فٹ کو تعمیر کریگا۔

تب ج ک جہ کٹے کے حصہ ج ک جہ کے وزن کو تعمیر کریگا اور اس طرح فرق ج ف مرک تراش ک جہ پر حاصل اوپر وار دباؤ کو تعمیر کریگا۔ فرض کرو کہ یہ رقبہ ق پونڈ ہے اور فرض کرو کہ اس کے مرکزِ ہندسی میں سے گزرنے والا انتصابی خط قاعدے کو ن پر قطع کرتا ہے۔ تب تراش ک جہ کے مرکزِ ہندسی مر کے گرد خماؤ کا معیار ق × ن جہ ہوا۔

جزی قوت کی قیمت حاصل کرنے کے لیے ہم کو جز کی تقسیم کے لیے ایک قانون مان لینا پڑیگا۔ ایک پہلے تقرب کے طور پر فرض کرو کہ یہ ایک مکافی ج س ب ہے جس کا رقبہ مجموعی جز کو یعنی پانی کے دباؤ کو تعمیر کرتا ہے۔ تب نر جزی مخنی کے رقبہ ج جہ ھ کو تعمیر کریگا اور

مرکزِ ہندسی کے گرد اس کا معیار ز × جہ س ہوگا۔
ہم س اور ق کو ترکیب دے کر حاصلت معلوم کر سکتے ہیں۔
پھر ت کے متوازی ن ل کھینچ کر انتصابی تراش ک جہ کے لئے بوجھ نقطہ ل حاصل کر سکتے ہیں اور اگر ل وسطی ثلث کے باہر واقع ہو تو جہ پر تنشی زور ہوگا۔


کٹوں پر زیریں دباؤ ــــ مسٹر ایڈورڈ[1] گاڈفری نے

کئی سال سے اس پر زور دیا ہے کہ کٹوں میں "زیریں دباؤ" کا لحاظ رکھنا چاہیے اور یہ کہ کئی حادثات جن میں جانی نقصان بھی ہوا ہے اسی بات کا لحاظ نہ رکھنے کی وجہ سے ہوئے ہیں۔
اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ برطانوی مجوزین نے اس مسئلے پر "اچھال" کے نام سے غور کیا ہے لیکن یہ مسئلہ یقیناً کافی عام طور پر معلوم نہیں۔
اس مضمون پر شفیلڈ یونیورسٹی کے پروفیسر[2] جے ہسبنڈ نے بہت اچھی بحث کی ہے جو مارچ ۱۹۳۱ء کے رسالہ "تعمیری انجینیر" (لندن) میں ملیگی۔
نکتہ یہ ہے کہ بہت سی صورتوں میں پانی دباؤ کے ساتھ کٹے کے قاعدے کے نیچے راہ پا سکتا ہے جس کی وجہ سے کٹے پر ایک اٹھاؤ کا اثر ہوگا جس سے اس کی قائمیت بہت گھٹ جائیگی۔
بعض (شاذ) حالات میں ممکن ہے کہ پورے قاعدے پر دباؤ کا پورا ارتفاع موجود ہو لیکن معمولی کٹے میں جس بدترین صورت کا احتمال ہے وہ یہ ہے کہ چڑھاؤ سمت پر پورا ماقوائی دباؤ ہو اور بتدریج گھٹ کر نیچے پر صفر ہو جائے۔

---

[1] Mr. Edward Godfrey
[2] Prof. J. Husband

اِس صورت کو نقشے کے ذریعے شکل ۱۸۰ ا میں دکھایا گیا ہے۔



شکل ۱۸۰ ا۔
کنٹوں پر زیرین دباؤ

آبی چہرہ اس پر دباؤ کا نقشہ مثلث س ا ع ہے اور حاصل دباؤ د ہے۔

قاعدے پر اوپر وار دباؤ مثلث ا ج ب سے تعبیر ہوگا جس میں ا ج = ا ع اور حاصل اوپر وار دباؤ دَ ہے۔

کٹے کے وزن و کا خط دکھایا گیا ہے اور اگر اوپر وار دباؤ کو نظر انداز کیا جائے تو حاصل دباؤ کا خط وَ ل قاعدے کو بوجھ

نقطہ ل پر قطع کرے گا۔

اوپر وار دباؤ کا لحاظ رکھا جائے تو دباؤ کا خط ج لَ ہوگا اور بوجھ نقطہ لَ ہوگا۔

اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ زیرین دباؤ کی وجہ سے بوجھ نقطہ کس قدر ہٹ جاتا ہے۔

یہاں جس صورت پر غور کیا گیا ہے اس میں بوجھ نقطہ لَ عین وسطی ثلث کی حد پر واقع ہوتا ہے اور قاعدہ ارتفاع کا تقریباً ۸۵ء ہے۔

اگر کٹہ مثلثی تراش کا ہو تو صفحہ ۵۶۹ کے ضابطے کے متناظر ذیل کا نتیجہ حاصل ہوتا ہے:۔

اگر زیرین دباؤ پورے قاعدے پر پوری قیمت کا ہو تو

$$\text{ض} = \text{ع} \sqrt{\frac{\text{صہ}}{\text{و} - \text{صہ}}}$$

اگر زیرین دباؤ یکساں طور پر گھٹتا ہوا جیسا کہ شکل ۱۸۰ و میں ہے تو

$$\text{ض} = \text{ع} \sqrt{\frac{\text{صہ}}{\text{و} - \text{صہ}}}$$

طلبہ بطور مشق کے ان نتائج کی تصدیق کریں۔ یہ دیکھنا دلچسپی سے خالی نہیں کہ یہ دونوں نتائج ایک ہی ہیں۔

یہ معلوم ہوگا کہ گھٹ کنکریٹ کے لیے و = ۱۵۰ اور صہ = ۶۲ء۵، اس لیے ض = ۸۵ء ع۔

زیرین دباؤ کو نظر انداز کرنے سے ض = ۶۵ء ع حاصل ہوتا۔

مٹی کے دباؤ کے لیے پشتہ دیواریں


اس مضمون میں دو گونہ مشکلات ہیں۔ ایک تو خود پشتہ دیوار کی صحیح نظری بحث جیسا کہ کٹوں کے متعلق اشارہ کیا جا چکا ہے اور دوسرے

پشتہ دیواروں کی تجویز میں مٹی کے حاصل دباؤ کی مقدار، سمت اور نقطۂ عمل معلوم کرنے کی دقت۔ ایک بار جب اِس حاصل دباؤ د کی مقدار، سمت اور محل معلوم ہوجائے تو اِس کے بعد عمل بالکل کٹے کی طرح کرتا ہوگا، یعنی دباؤ د کے خطِ عمل کو خارج کرکے دیوار کے مرکزِ ہندسی میں سے گزرنے والے انتصابی سے ملنے دیا جائے اور د اور دیوار کے وزن و کا حاصل معلوم کرکے بوجھ نقطہ معلوم کیا جائے جہاں دباؤ کا خط قاعدے کو قطع کرتا ہے۔

ہم مٹی کے دباؤ کے تین نظریوں سے بحث کرینگے (۱) رینکن[۱] کا نظریہ (۲) فانے کا نظریہ (۳) شفلر[۲] کا نظریہ۔

اِن سب نظریوں میں ہم یہ فرض کرینگے کہ کسی نقطے پر دباؤ گہرائی کے متناسب ہے۔ اس طرح حاصل دباؤ، پانی کی طرح، قاعدے سے ایک تہائی بلندی پر عمل کریگا۔

ٹھہراؤ کا زاویہ ــــــ اگر مٹی کا ایک کٹہ اپنے حال پر چھوڑ دیا جائے تو موسمی اثرات کے تحت مٹی جھڑ جھڑ کر آخر کار ایک خاص ڈھال اختیار کرلیگی جیسا کہ شکل ۱۸۱ میں دکھایا گیا ہے۔ جس زاویے پر یہ جھڑنا موقوف ہو



شکل ۱۸۱

مٹی کے کام کی قائیت

۱ Rankine ۲ Scheffler

وہ ٹھہراؤ کا زاویہ کہلاتا ہے اور مٹی کی نوعیت اور اس کی تری پر منحصر ہوتا ہے۔

اب اگر ایک دیوار کھڑی کر کے اس جھڑنے اور گرنے کو روکا جائے تو مٹی کے ایک حصہ کی وجہ سے دباؤ پیدا ہوگا مثلاً فانہ ج ب س جو دیوار کو ہٹا لینے پر گر پڑیگا۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے دقت زیادہ تر یہی دباؤ معلوم کرنے میں ہے۔


مٹی کا ٹھہراؤ کا زاویہ عام اشیاء کے رگڑ کے زاویوں کے متناظر ہے۔ اس طرح دیکھو چنائی پر چنائی کا ٹھہراؤ کا زاویہ تقریباً ۳۰° ہوگا۔

مختلف اشیاء کے ٹھہراؤ کے زاویے اور وزن

شے	ٹھہراؤ کا زاویہ فہ درجے	وزن پونڈ فی مکعب فٹ
ریت، باریک خشک	۳۱ تا ۳۷	۸۹ تا ۱۱۸
ریت، گیلی	۲۶	
بناوٹی مٹی، خشک	۲۹	
" ، نم	۴۵ تا ۴۹	۱۰۰ تا ۱۲۰
" بہت گیلی	۱۷	
چکنی مٹی، خشک	۲۹	
" ، نم	۴۵	۱۲۰ تا ۱۳۵
" ، گیلی	۱۶	
بجری، صاف	۴۸	
بجری مع ریت	۲۶	۹۰ تا ۱۱۰
سٹے	۳۹	

مٹی کے دباؤ کے متعلق رنکین کا نظریہ

اِس نظریے میں مٹی کو ایک لچکدار ٹھوس تصور کیا گیا ہے جو فساد کی حالت میں ہو۔
فرض کرو کہ مٹی کے ایک مکعب میں جو فساد کی حالت میں ہے ایک دیے ہوئے نقطہ پر صدر زور (دیکھو صفحہ ۱۸) د اور ق ہیں۔



شکل ۱۸۲

مٹی کے دباؤ کے متعلق رنکین کا نظریہ

شکل ۱۸۲۔ تب مٹی صدر زوروں کے مستویوں کے سوا اِس نقطہ میں سے گزرنے والے کسی اَور مستوی پر پھسلنے کا تقاضا کریگی اور یہ تقاضا اُس مستوی پر زیادہ سے زیادہ ہوگا جس پر حاصل زور کا ترچھاپن زیادہ سے زیادہ ہے۔ اور اگر یہ ترچھاپن فہ کے مساوی ہو جائے تو پھسلن واقع ہوگی۔
صفحہ ۲۰ پر ہم نے ثابت کیا کہ زور د سے زاویہ طہ بنانے والے مستوی پر زور حسب ذیل ہونگے:

$$\text{ن}_{\text{ع}} = \text{عمادی زور} = \text{د جب}^{2}\ \text{طہ} + \text{ق جم}^{2}\ \text{طہ} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ (۱)$$

$$\text{ن}_{\text{م}} = \text{مماسی زور} = (\text{د} - \text{ق})\ \text{جب طہ جم طہ} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ (۲)$$

تب اگر حاصل زور عماد سے زاویہ ہ بنائے تو

$$\text{مم بہ} = \frac{\text{نع}}{\text{نم}} = \frac{\text{د جب}^2 \text{ط} + \text{ق جم}^2 \text{ط}}{(\text{د} - \text{ق}) \text{جب ط جم ط}}$$

$$= \frac{\text{د مس}^2 \text{ط} + \text{ق}}{(\text{د} - \text{ق}) \text{مس ط}}$$

یہ اعظم ہوگا جب کہ $\frac{\text{فرمم بہ}}{\text{فرط}} = 0$

یعنی $(\text{د} - \text{ق}) \text{مس ط} \times 2 \text{ د مس ط قط}^2 \text{ط} - (\text{د} - \text{ق})$

$\text{قط}^2 \text{ط} (\text{د مس}^2 \text{ط} + \text{ق}) = 0$

یا $(\text{د} - \text{ق}) \text{قط}^2 \text{ط} (2 \text{ د مس}^2 \text{ط} - \text{د مس}^2 \text{ط} - \text{ق}) = 0$

یا $\text{مس}^2 \text{ط} = \frac{\text{ق}}{\text{د}}$

$$\therefore \text{مم بہ} = \frac{\text{ق} + \text{ق}}{(\text{د} - \text{ق}) \sqrt{\frac{\text{ق}}{\text{د}}}}$$

$$\text{مم}^2 \text{بہ} = \frac{4 \text{ ق}^2}{(\text{د} - \text{ق})^2 \frac{\text{ق}}{\text{د}}} = \frac{4 \text{ د ق}}{(\text{د} - \text{ق})^2}$$

$$\frac{\text{جم}^2 \text{بہ}}{\text{جب}^2 \text{بہ}} = \frac{1 - \text{جب}^2 \text{بہ}}{\text{جب}^2 \text{بہ}} = \frac{4 \text{ د ق}}{(\text{د} - \text{ق})^2}$$

$$\frac{1}{\text{جب}^2 \text{بہ}} = \frac{(\text{د} - \text{ق})^2 + 4 \text{ د ق}}{(\text{د} - \text{ق})^2} = \frac{(\text{د} + \text{ق})^2}{(\text{د} - \text{ق})^2}$$

$$\therefore \text{جب بہ} = \frac{(\text{د} - \text{ق})}{(\text{د} + \text{ق})} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots \quad (3)$$


بہ کے بڑھنے کی حد بہ = فہ ہے

اس لیے $\text{جب فہ} = \frac{\text{د} - \text{ق}}{\text{د} + \text{ق}}$

یا $\frac{\text{ق}}{\text{د}} = \frac{1 - \text{جب فہ}}{1 + \text{جب فہ}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots \quad (4)$

یعنی چھوٹے اور بڑے صدر زور کی نسبت $\frac{1-\text{جب فہ}}{1+\text{جب فہ}}$ سے کم نہیں ہو سکتی۔

جب اُفقی صدر زور ممکنہ حد تک کم ہو تو مٹی نیچے پھسلنے کو ہو گی۔ لیکن جب اُفقی صدر زور ممکنہ حد تک زیادہ ہو تو مٹی اُوپر اُچھلنے کو ہو گی۔



شکل ۱۸۳

انتصابی پشت کی پشتہ دیوار کے لیے رنکین کا نظریہ

صورت ۱- انتصابی پشت کی پشتہ دیوار، مٹی افقی ــــ

اِس صورت میں اگر ہم مٹی کے ایک حصے پر غور کریں جو سطح سے گہرائی لا پر ہے تو د = وم لا جہاں وم مٹی کا وزن فی مکعب فٹ ہے (شکل ۱۸۳)۔

تعادل کو برقرار رکھنے کے لیے اقل اُفقی دباؤ

$$= ق = وم لا \frac{۱ - جب فہ}{۱ + جب فہ}$$

اِس طرح دیکھو ا ب ج سے افقی دباؤ کا تغیر معلوم ہوگا جہاں

$$ا ج = \frac{وم ع (۱ - جب فہ)}{۱ + جب فہ}$$

∴ مجموعی دباؤ د = ا ب ج کا رقبہ $= \frac{وم ع^۲}{۲} \left(\frac{۱ - جب فہ}{۱ + جب فہ}\right)$

اگر فہ = ۳۰° تو $د = \frac{وم ع^۲}{۶}$

د کے لیے ترسیمی ساخت ــــ ا ع کھینچو جو انتصابی سمت سے زاویہ فہ بنائے اور ب ں کے افقی خط کو ع پر ملے۔ ع کو مرکز مان کر اور نصف قطر ع ب لے کر قوس ب ف کھینچو۔

تب $د = \frac{۱}{۲} وم \times ا ف^۲$

کیونکہ $ا ف^۲ = (ا ع - ع ف)^۲ = (ا ع - ع ب)^۲$

$$= \left\{\left(\frac{ع}{جم فہ}\right) - (ع مس فہ)\right\}^۲$$

$$= ع^۲ \left(\frac{۱ - جب فہ}{جم فہ}\right)^۲ = \frac{ع^۲ (۱ - جب فہ)^۲}{جم^۲ فہ}$$

$$= \frac{\text{غ}^2 (1 - \text{جب ف م})^2}{(1 - \text{جب}^2 \text{ف م})} = \frac{\text{غ}^2 (1 - \text{جب ف})}{1 + \text{جب ف}}$$

اب د کو خارج کر کے مرکز ہندسی گ میں کے انتصابی سے اوپر ملنے دو اور ا ب = و = دیوار کا وزن فی طولی فٹ اور ب ج = د لو تب اگر ا ج قاعدے کو بوجھ نقطہ ل پر قطع کرے تو یہ نقطہ وسطی ثلث کے اندر ہونا چاہیے۔

صورت ۲۔ ڈھلواں پشت کی پشتہ دیوار، مٹی افقی

اس صورت میں اگر دیوار کا ڈھال ط ہو (شکل ۱۸۴) تو ہم کو صدر زوروں سے کسی نقطے پر کا حاصل زور معلوم کرنا ہے۔ اس کو یا تو مساوات (۳) صفحہ ۲۰ کی مدد سے یا ترسیماً حسب ذیل طریقے پر معلوم کر سکتے ہیں :—

ا ب کے علی القوائم اک کھینچو اور اس کو $\frac{\text{د}+\text{ق}}{2}$ کے مساوی بناؤ اور اک سے زاویہ ۲ ط پر ک م کھینچو اور اس کو $\frac{\text{د}-\text{ق}}{2}$ کے مساوی بناؤ۔ تب ا م حاصل زور ہوگا اور مثلث ب ا م کے رقبے سے حاصل دباؤ بتغیر ہوگا۔ ثبوت یہ ہے کہ اک پر عمود م ت کھینچو

تب م ت = م ک جب ۲ ط

= (د − ق) جب ط جم ط = ن م

$$\text{ا ت} = \text{اک} - \text{ت ک} = \frac{\text{د}+\text{ق}}{2} - \frac{\text{د}-\text{ق}}{2} \text{ جم ۲ ط}$$

$$= \frac{1}{2}\left\{(\text{د}+\text{ق})(\text{جب}^2 \text{ط} + \text{جم}^2 \text{ط}) - (\text{د}-\text{ق})(\text{جم}^2 \text{ط} - \text{جب}^2 \text{ط})\right\}$$

$$= \frac{1}{2}\left\{2 \text{ د جب}^2 \text{ط} + 2 \text{ ق جم}^2 \text{ط}\right\} = \text{د جب}^2 \text{ط} + \text{ق جم}^2 \text{ط}$$

$$= \text{ن ع}$$


$$\therefore \quad \text{ا م} = \sqrt{\text{ا ت}^2 + \text{م ت}^2}$$

$$= \sqrt{ز_ع^2 + ز_م^2}$$

$$= ز$$

حسب سابق $د = د_م ع$

$$ق = د_م ع \frac{(1 - جیب\ فہ)}{(1 + جیب\ فہ)}$$



شکل ۱۸۴

ڈھلوان پشت کی پشتہ دیوار کے لیے رنکین کا نظریہ

صورت ۳۔ سربار دیواریں — اگر مٹی کا ڈھال دیوار سے اوپر کی طرف ہو تو دیوار کو سربار کہا جاتا ہے۔ مٹی کا ڈھال صریحاً

ٹھہراؤ کے زاویے سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔

اب مٹی کے ایک چھوٹے متوازی السطوح ق ر س ت (شکل ۱۸۵) پر غور کرو۔ چہروں ق ر اور س ت پر کے دباؤ ز انتصابی ہیں اور چہروں ق ت اور س ر کے متوازی ہیں۔ اس لیے چہروں ق ت اور س ر کے حاصل زور ز۱ چہروں ق ر اور س ت کے متوازی ہونے چاہییں۔ زور (ز، ز۱) مزدوج کہلاتے ہیں۔ اب ہم کو ز اور ز۱ کے متناظر صدر زور د، ق معلوم کرنا ہے۔

فرض کرو کہ ز اور ز۱ معلوم ہیں اور ایک خط پر جو لا ے سے زاویہ عہ بناتا ہے طولوں لا و اور لا ما سے تعبیر کیے گئے ہیں۔ و ما کی ع پر تنغیف کرو اور لا ما پر ے ع عمود کھینچو۔ ے و اور ے ما کو ملاؤ۔ تب شکل ۱۸۴ کے لیے جو ساخت ثابت کی گئی ہے اُس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ

$$\text{لا ے} = \frac{\text{د} + \text{ق}}{۲}$$

$$\text{و ے} = \text{ے ما} = \frac{\text{د} - \text{ق}}{۲}$$

$$\text{لا ے} = \frac{\text{د} + \text{ق}}{۲} = \frac{\text{ز} + \text{ز}_۱}{۲} \times \frac{۱}{\text{جم عہ}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$


$$\text{ے ما}^۲ = \text{ے ع}^۲ + \text{ع ما}^۲ = (\text{لا ے}^۲ - \text{لا ع}^۲) + \text{ع ما}^۲$$

$$= \left\{\text{لا ے}^۲ - \left(\frac{\text{ز} + \text{ز}_۱}{۲}\right)^۲\right\} - \left(\frac{\text{ز} - \text{ز}_۱}{۲}\right)^۲$$

$$= \text{لا ے}^۲ - \text{ز ز}_۱$$

$$= \left(\frac{\text{ز} + \text{ز}_۱}{۲ \text{ جم عہ}}\right)^۲ - \text{ز ز}_۱$$

$$\therefore \quad \frac{د - ق}{٢} = ے ما = \sqrt{\left(\frac{ز + ز_١}{٢ \text{ جم } عہ}\right)^٢ - ز ز_١} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (٢)$$



شکل ۱۸۵

سربار پشتہ دیوار کے لیے رنکین کا نظریہ

(۲) اور (۱) کا مربع لے کر تقسیم کرنے سے

$$\frac{\left(\frac{ز+ز_۱}{۲\,جم\,عہ}\right)^۲ - ز\,ز_۱}{\left(\frac{ز+ز_۱}{۲\,جم\,عہ}\right)^۲} = \left(\frac{د-ق}{د+ق}\right)^۲$$

یعنی $$۱ - \frac{۴\,ز\,ز_۱\,جم^۲\,عہ}{(ز+ز_۱)^۲} = \left(\frac{د-ق}{د+ق}\right)^۲ \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ $\frac{د-ق}{د+ق} = جب\,فہ$

$$\therefore \quad \frac{۴\,ز\,ز_۱\,جم^۲\,عہ}{(ز+ز_۱)^۲} = ۱ - جب^۲\,فہ = جم^۲\,فہ$$

یا $$(ز+ز_۱)^۲ = \frac{۴\,ز\,ز_۱\,جم^۲\,عہ}{جم^۲\,فہ} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

طرفین میں سے $۴\,ز\,ز_۱$ تفریق کرنے سے

$$(ز-ز_۱)^۲ = ۴\,ز\,ز_۱\left(\frac{جم^۲\,عہ}{جم^۲\,فہ} - ۱\right) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۵)$$

$$\left(\frac{ز-ز_۱}{ز+ز_۱}\right)^۲ = \frac{جم^۲\,عہ - جم^۲\,فہ}{جم^۲\,عہ}$$

$$\frac{ز-ز_۱}{ز+ز_۱} = \sqrt{\frac{جم^۲\,عہ - جم^۲\,فہ}{جم^۲\,عہ}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۶)$$

$$\frac{ز}{ز_۱} = \frac{جم\,عہ \pm \sqrt{جم^۲\,عہ - جم^۲\,فہ}}{جم\,عہ \mp \sqrt{جم^۲\,عہ - جم^۲\,فہ}}$$

$$\therefore \quad \frac{ز_ا}{ز} = \frac{جم\,عہ - \sqrt{جم^۲\,عہ - جم^۲\,فہ}}{جم\,عہ + \sqrt{جم^۲\,عہ - جم^۲\,فہ}} \qquad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۷)$$

علامتیں اِس طرح لی گئی ہیں تاکہ $ز_ا$ کی اقل قیمت حاصل ہو

جس وقت $عہ = فہ$ تو $ز = ز_ا$ ..... (۸)

اب $ز = وم$ لاجم عہ کیونکہ رُخ ق س کا رقبہ بڑھ گیا ہے۔

$$\therefore \quad \text{قاعدے پر دباؤ} = وم\,ع\,جم\,عہ \frac{جم\,عہ - \sqrt{جم^۲\,عہ - جم^۲\,فہ}}{جم\,عہ + \sqrt{جم^۲\,عہ - جم^۲\,فہ}} = اج$$

$$\therefore \quad \text{حاصل دباؤ} = د = \frac{اج}{۲} \times ع$$

$$= \frac{وم\,ع^۲}{۲} جم\,عہ \left\{ \frac{جم\,عہ - \sqrt{جم^۲\,عہ - جم^۲\,فہ}}{جم\,عہ + \sqrt{جم^۲\,عہ - جم^۲\,فہ}} \right\} \ldots\ldots (۹)$$


اس کے بعد قائمیت گزشتہ صورت کی طرح معلوم کی جاتی ہے۔

دیوار انتصابی نہ ہو تو زور شکل ۱۸۴ کے مطابق ترسیماً معلوم کیا جاتا ہے لیکن طہ انتصابی سمت سے بننے والا زاویہ نہیں ہوگا بلکہ د کی سمت سے جو $عہ = فہ$ ہونے کی صورت میں انتصابی سمت سے زاویہ $۹۰° - \frac{فہ}{۲}$ بنائیگی۔

رینکن کے نظریے سے بنیاد کی اقل گہرائی

فرض کرو کہ دیوار کی دھنس ابھی موقوف ہوئی ہے تب دونوں طرف کی مٹی عین اوپر اُچھلنے کو ہوگی۔ شکل ۱۸۶۔

$$\therefore \quad \text{دیوار سے ذرا نیچے } \frac{ق}{د} = \text{اقل قیمت} = \frac{۱ - جب\,فہ}{۱ + جب\,فہ}$$



شکل ۱۸۶۔ بنیادوں کی گہرائی کے لیے رنکین کا نظریہ

اسی گہرائی پر بازو $\frac{ق_1}{د_1}$ کی قیمت ممکنہ اعظم ہوگی کیونکہ اچھال واقع ہونے کو ہے اور اس صورت میں افقی زور انتصابی زور سے بڑا ہے۔

$$\therefore \quad \frac{ق_1}{د_1} = \frac{1 + جب\ ف}{1 - جب\ ف}$$

لیکن $ق_1$ کو ق کے مساوی ہونا چاہیے۔

$$\therefore \frac{ق_۱}{د_۱} \div \frac{ق}{د} = \frac{د}{د_۱} = \left(\frac{۱+\text{جب فہ}}{۱-\text{جب فہ}}\right)^۲$$

اب $د = \frac{\text{دیوار کا وزن}}{\text{دیوار کا رقبہ}} = \frac{و}{ض}$،

کیونکہ قائمیت حسب سابق کاغذ کے مستوی کے علی القوائم ایک طولی فٹ میں لی گئی ہے۔

$د_۱$ = دباؤ مٹی کے ارتفاع گ کے ستون کی وجہ سے

$= وم\,گ$

$$\therefore \frac{و}{وم\,ض\,گ} = \left(\frac{۱+\text{جب فہ}}{۱-\text{جب فہ}}\right)^۲$$

$$گ = \frac{و}{وم\,ض}\left(\frac{۱-\text{جب فہ}}{۱+\text{جب فہ}}\right)^۲$$

عددی مثال۔ ایک تعمیر کو کنکریٹ کی بنیاد پر کھڑا کرنا ہے۔ تعمیر کا وزن کنکریٹ سمیت ۱۲۰۰ ٹن ہے۔ کنکریٹ کی بنیاد کے قاعدے کا رقبہ ۳۰۰ مربع فٹ ہے۔ اگر مٹی کا وزن ۱۰۰ پونڈ فی مکعب گز اور ٹھہراؤ کا زاویہ ۳۰° ہو تو بنیاد کا قاعدہ زمین کی سطح سے کتنا گہرا ہونا چاہیے (بی۔ ایس سی لندن ۱۹۰۷ء)۔

اس صورت میں جب فہ = ۰٫۶۱۵۷

$$\therefore \frac{۱-\text{جب فہ}}{۱+\text{جب فہ}} = \frac{۰٫۳۸۴۳}{۱٫۶۱۵۷}$$

$$\text{م} = \frac{\text{و}}{\text{ع}} = \frac{۳۰۰۰}{۲۷}$$

$$\text{د} = \frac{\text{ب}}{\text{ع}} \times \text{ا} = \frac{۱۲۰۰}{۳۰۰} \times ۲۲۴۰ = ۲۲۴۰ \times ۴$$

$$\therefore \quad \text{گ} = \frac{۲۷ \times ۲۲۴۰ \times ۴}{۳۰۰۰} \left(\frac{۱۳۸۴۳}{۱۶۱۵۷}\right)^{۲}$$

$$= \underline{۴۷۵۶ \text{ فٹ}}$$

مٹی کے دباؤ کا فانے کا نظریہ[1]

تجربے سے معلوم ہوتا ہے کہ جب کوئی دیوار ناکارہ ہوتی ہے تو مٹی پہلے ایک خط مثلاً ب ج پر نیچے کو پھسلتی ہے (شکل ۱۸۷)۔ یہ خط انشقاق کا خط کہلاتا ہے۔ اور مٹی آخر کار گر کر طبعی ڈھال ب س اختیار کر لیتی ہے۔ اِس طرح فانہ ا ب ج تین قوتوں کے تحت تعادل میں ہے۔

(۱) مٹی اور دیوار کے درمیان دباؤ د جس کو اُفقی اور گہرائی کے دو تہائی پر عمل کرتا ہوا مانا گیا ہے۔ یعنی ا ب پر کی رگڑ کو نظر انداز کیا گیا ہے۔

(۲) فانے ا ب ج کا وزن و۔

(۳) ردِّ عمل ر، جو عمادے زاویہ ف بناتا ہے۔

اب ہم کو خطِ انشقاق ب ج کا وہ محل معلوم کرنا ہے جس سے د اعظم ہو۔

شکل سے معلوم ہوگا کہ ر اور و کے درمیان زاویہ طہ ہے۔

---

[1] ۔ اس کو بعض اوقات کولمب کا نظریہ کہتے ہیں۔

∴ شکل میں جو قوتوں کا مثلث دکھایا گیا ہے اس سے د = و مس طہ۔
ب گ کھینچو جو ا ب سے زاویہ ف بنائے اور س ا مخروجہ کو گ پر ملے۔ اور ب س پر عمود ا ف اور ج ع کھینچو، اور فرض کرو کہ
ب س = ب، ج ع = لا، ب گ = ج، ا ف = ا
تب اگر ∠ ا س ب = بہ
تو د = و مس طہ = و (مثلث ا ب ج کا رقبہ) مس طہ
$= \frac{و}{۲} \times$ (ا ب - لاب) مس طہ

$= \frac{و}{۲} \times ب (ا - لا) \frac{لا}{ب ع}$

$= \frac{و}{۲} \times ب (ا - لا) \frac{لا}{(ب - لا مم بہ)}$ ..... (۱)

د اعظم ہوگا جب کہ $\frac{فرد}{فرلا} = ۰$.

یا (ب - لا مم بہ) [ا - ۲لا] - (ا لا - لا۲) (- مم بہ) = ۰

یا لا۲ مم بہ - ۲ ب لا + ا ب = ۰ ..... (۲)

یا ب (ا - لا) = لا (ب - لا مم بہ) ..... (۳)

لیکن لا (ب - لا مم بہ) = لا × ب ع = ۲ × ۵ ب ج ع


اور ب (ا - لا) = ۲ (۵ ا ب س - ۵ ج ب س)

= ۲ × رقبہ ۵ ا ب ج

∴ د اُس وقت اعظم ہوگا جب کہ مثلث ب ج ع اور ا ب ج رقبے میں مساوی ہوں۔

تب د = $\frac{و}{۲} \times$ لا۲

اور (۲) سے لا = $\frac{ب \pm \sqrt{ب۲ - ا ب مم بہ}}{مم بہ}$



شکل ۱۸۷

مٹی کے دباؤ کا فانے کا نظریہ

مثبت علامت ناقابلِ قبول ہے کیونکہ لامم بہ بڑا نہیں ہو سکتا ب سے۔

$$\therefore \quad \text{لا} = \frac{\text{ب} - \sqrt{\text{ب}^2 - 4 \text{ا ب م بہ}}}{2 \text{م بہ}} \qquad \ldots\ldots (۴)$$

اب $\quad \text{م بہ} = \frac{\text{ب}}{\text{ج}}$

$$\therefore \quad \text{لا} = \frac{\text{ب} - \text{ب} \sqrt{1 - \frac{4 \text{ا}}{\text{ج}}}}{\frac{2 \text{ب}}{\text{ج}}}$$

$$= \text{ج} \left\{ 1 - \sqrt{1 - \frac{4 \text{ا}}{\text{ج}}} \right\}$$

$$= \text{ج} - \sqrt{\text{ج} (\text{ج} - 4 \text{ا})} \qquad \ldots\ldots (۵)$$

$$\therefore \quad \text{د} = \frac{\text{ہ}^2}{2} \left\{ \text{ج} - \sqrt{\text{ج} (\text{ج} - 4 \text{ا})} \right\}^2$$


د کی ترسیمی دریافت

د کو ترسیماً حسب ذیل طریقے پر معلوم کیا جا سکتا ہے: قاعدہ ب سے ایک خط ب گ انتصابی سمت سے زاویہ ف پر کھینچو اور اسے زمین کی سطح کے مخروجہ خط سے گ پر ملنے دو۔ ب گ پر نیم دائرہ ب ھ گ کھینچو اور ب گ پر عمود ا ل اور اسے خارج کر کے نیم دائرہ سے ھ پر ملنے دو۔ گ کو مرکز مان کر ایک قوس ھ ک کھینچو جو ب گ کو ک پر ملے۔

تب $\quad \text{د} = \frac{\text{ہ}^2}{2} \times \text{ب ک}^2$

ثبوت۔ شکل کے بالائی حصے سے ظاہر ہے کہ ب ل = ا

$$\therefore \quad \text{گ ل} = (\text{ج} - \text{ا})$$



شکل ۱۸۸

ڈھلواں پشت کی پشتہ دیوار کے لیے فانے کا نظریہ

نیم دائرے کی خاصیت سے

$$گ ھ^{۲} = ب گ \times گ ل = ج (ج - ا)$$

$$\therefore \quad گ ک = گ ھ = \sqrt{ج (ج - ا)}$$

$$\therefore \quad ب ک = ج - \sqrt{ج (ج - ا)}$$

$$\therefore \quad \frac{د_م}{۲} \times ب ک^{۲} = \frac{د_م}{۲} \left\{ ج - \sqrt{ج (ج - ا)} \right\}^{۲}$$

سطح افقی ـــــ مٹی کی سطح افقی ہو تو بہ = فہ

$$\therefore \quad ا = ع \text{ جب } ا ب ف = ع \text{ جم فہ}$$

$$= ج = \frac{ع}{\text{جم فہ}}$$

$$\therefore \quad \left\{ ج - \sqrt{ج (ج - ا)} \right\}^{۲} = ع^{۲} \left\{ \frac{۱}{\text{جم فہ}} - \sqrt{\frac{۱}{\text{جم فہ}} \left(\frac{۱}{\text{جم فہ}} - \text{جم فہ} \right)} \right\}^{۲}$$

$$= \frac{ع^{۲}}{\text{جم}^{۲} \text{فہ}} \left\{ ۱ - \sqrt{۱ - \text{جم}^{۲} \text{فہ}} \right\}^{۲}$$

$$= \frac{ع^{۲} (۱ - \text{جب فہ})^{۲}}{\text{جم}^{۲} \text{فہ}}$$

$$= ع^{۲} \frac{(۱ - \text{جب فہ})^{۲}}{(۱ - \text{جب}^{۲} \text{فہ})}$$

$$= ع^{۲} \frac{۱ - \text{جب فہ}}{۱ + \text{جب فہ}}$$

$$\therefore \quad د = \frac{د_م}{۲} ع^{۲} \cdot \frac{۱ - \text{جب فہ}}{۱ + \text{جب فہ}}$$

سطح کے اُفقی اور دیوار کی پشت کے انتصابی ہونے کی صورت میں اِس نظریے سے وہی نتیجہ حاصل ہوتا ہے جو رینکین کے نظریے سے حاصل ہوتا ہے۔

مٹی کے دباؤ کے متعلق شفلر[1] اور پانسی لٹ[2] کے نظریے۔

اِن میں یہ فرض کیا گیا ہے کہ حاصل دباؤ اُفق سے ٹھہراؤ کے زاویہ فہ کے مساوی میلان رکھتا ہے لیکن جزئیات میں اِن میں حسب ذیل اختلاف ہے۔ د کو فانے کے نظریے کے مطابق معلوم کیا جاتا ہے۔ پھر شفلر کے نظریے میں اس کو انتصابی سمت میں اور اُفق سے فہ کے زاویے پر تحلیل کیا جاتا ہے لیکن پانسی لٹ کے نظریے میں اُفقی سمت سے اور انتصابی سمت سے فہ کے زاویوں پر تحلیل کیا جاتا ہے (دیکھو شکل ۱۸۹)

مٹی کے دباؤ کے متعلق بیکر[3] کے عملی قواعد ــــ سر بنجمن بیکر


اپنے طویل تجربے کی بنا پر جو ان کو پشتہ دیواروں کی عملی تجویز کے متعلق حاصل ہے یہ مشورہ دیتے ہیں کہ پشتہ دیواروں کو اِس طرح تجویز کرنا چاہیے گویا کہ مٹی ایک ایسے سیال کے معادل ہے جس کا وزن ۲۰ پونڈ فی مکعب فٹ ہے اور قاعدے کی موٹائی بلندی کے $\frac{1}{4}$ سے $\frac{1}{2}$ تک ہونی چاہیے۔

فہ = ۴۰° اور وم = ۱۲۰ پونڈ فی مکعب فٹ لیا جائے تو اُفقی سطح کی صورت میں $د = \frac{۱۲۰ ع^۲}{۶} = ۲۰ ع^۲$

بیکر کے مشورے کی رُو سے $د = \frac{۲۰ ع^۲}{۲} = ۱۰ ع^۲$ یعنی رینکین کے

---

[1] Scheffler [2] Poncelet [3] Baker



زمین کے دباؤ کا نقشہ

دباؤ پونڈ فی مربع فٹ میں

شکل ۱۸۹

نظریے یا فانے کے نظریے سے قدرِ سلامتی بیکر کے نظریے کے مقابلہ میں دگنی ہوتی ہے۔

ڈھلواں پشت کی دیوار کے لیے فانے کا نظریہ

اگر دیوار کی پشت میں ڈھال ہو تو فانے کے نظریے میں دستور ہے کہ مٹی کے ۵ ب ۱۱ (شکل ۱۸۸) کو دیوار کا معاون فرض کیا جائے۔ فرض کرو کہ گ، اور گ، علی الترتیب دیوار اور ۵ کے مرکزِ ہندسی ہیں اور ان کے وزن و، اور و، ہیں۔ ب گ، سے افقاً ایک خط کھینچو جو و، کو تعبیر کرے اور گ، سے ایک افقی خط جو و، کو تعبیر کرے۔ سروں کو ترچھا ملاؤ۔ یہ گ، گ، کو جس نقطہ گ پر قطع کرے اس میں سے حاصل وزن و، + و، عمل کریگا۔ اس کے بعد معلوم کیا جاتا ہے اور باقی عمل حسب دستور کیا جاتا ہے۔

زمین پر دباؤ جب کہ دباؤ کا خط قاعدے کے وسطی ثلث کے باہر ہو

شکل ۱۸۹ میں کنکریٹ کی ایک پشتہ دیوار دکھائی گئی ہے جس کو تراش ا ا پر محکم کیا گیا ہے جہاں تنشی زور پیدا ہوتے ہیں اور جس میں دباؤ کا خط قاعدے کے وسطی ثلث کے باہر جا پڑتا ہے۔ دیوار ایک سرہار کے تحت ہے جو ۲ فٹ ۶ انچ مٹی کے معادل ہے اور نقطہ دار خطوط سے دباؤ کا خط بالائی حصے اور تراش ا ا کے لیے ظاہر ہوتا ہے۔ حساب سے مٹی کا حاصل دباؤ دیوار کے فی فٹ طول ۸۸۴۰ پونڈ آتا ہے اور دکھائے ہوئے خط میں افقاً عمل کرتا ہے۔ دیوار کا وزن فی فٹ طول ۱۶۹۲۰ پونڈ ہے اور بوجھ نقطہ ل سامنے سے افقی فاصلہ ۲٫۳۷ فٹ پر ہے۔ زمین پر انتصابی دباؤ کی تقسیم مثلث ع ف گ سے تعبیر ہوتی ہے اور سرے (Wray) کے قاعدے کے استعمال سے اس طرح حاصل ہوتی ہے:-

ف ع کو = ۳ ف ل = ۳ × ۲٫۳۷ = ۷٫۱۱ بناؤ اور ف گ ایسا حاصل کرو کہ مثلث ع ف گ کا رقبہ مجموعی وزن و = ۱۶۹۲۰ پونڈ کے مساوی ہو یعنی

$$\frac{\text{ف گ} \times ۷٫۱۱}{۲} = ۱۶۹۲۰$$

یا $$\text{ف گ} = \frac{۲ \times ۱۶۹۲۰}{۷٫۱۱} = ۴۷۶۰ \text{ پونڈ فی مربع فٹ}$$


آخر میں اس کا اقرار ضروری ہے کہ مٹی کے دباؤ کے متعلق ان میں سے کوئی بھی نظریہ فی الحقیقت قابلِ اطمینان نہیں البتہ ان سے جو نتائج حاصل ہوتے ہیں وہ عملاً قابلِ اطمینان ہیں اس لیے ان کو ایک بے خطر رہنما کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اِس مضمون پر مزید تجرباتی تحقیقات کی سخت ضرورت ہے۔

پشتہ دیواروں کی عددی مثالیں

(۱) ایک پشتہ دیوار ۲۰ فٹ اونچی ہے اور مٹی کی سطح اُفقی ہے۔ دیوار قاعدے پر ۶ فٹ اور چوٹی پر ۳ فٹ چوڑی ہے اور اِس کا وزن ۱۲۰ پونڈ فی مکعب فٹ ہے۔ پشت انتصابی ہے۔ اگر مٹی کے لیے ٹھہراؤ کا زاویہ ۳۰° ہو اور وزن ۱۰۰ پونڈ فی مکعب فٹ ہو تو دیوار کی قائمیت کو جانچو۔

اِس صورت میں $$د = \frac{\text{وم ع}^۲}{۲} \frac{(۱ - \text{جب ف})}{(۱ + \text{جب ف})}$$

$$= \frac{۲۰ \times ۲۰ \times ۱۰۰}{۲} \frac{(۱ - ۰٫۵)}{(۱ + ۰٫۵)} \text{ پونڈ}$$



شکل ۱۹۰۔ پشتہ دیوار کی مثال۔

$$= \frac{\frac{1}{2}}{\frac{3}{2}} \times \frac{۴۰۰ \times ۱۰۰}{۲۲۴۰ \times ۲} \text{ ٹن}$$

$$= ۲،۹۷ \text{ ٹن}$$


$$و = \frac{۱۲۰ \times \frac{(۳+۶)}{۲} \times ۲۰}{۲۲۴۰} = \frac{۹ \times ۱۲۰۰}{۲۲۴۰}$$

$$= ۴،۸۲ \text{ ٹن}$$

شکل ۱۹۰ میں دیوار کی تراش دکھائی گئی ہے۔ مرکزِ ہندسی معلوم کرنے کا طریقہ بھی دکھایا گیا ہے۔ قاعدے سے ایک تہائی ارتفاع پر اب افقاً ۲،۹۷ ٹن کے مساوی قایم کرو اور اس کو مرکزِ ہندسی میں سے گزرنے والے انتصابی خط سے نقطہ س پر ملنے دو۔ اب س ع انتصاباً مساوی ۴،۸۲ ٹن کے کھینچو اور ع ف افقاً مساوی اب کے، تب س ف دباؤ کا خط ہوگا اور قاعدے کے باہر واقع ہوتا ہے اس لیے معلوم ہوا کہ دیوار رینکین کے اور فاتے کے نظریے کی رُو سے غیر قائم ہے۔ شفلر[1] کے نظریے کے لیے ب ب میں سے ایک انتصابی خط کھینچو اور اج زاویہ قہ = ۳۰° پر کھینچو اور اج کو خارج کرکے مرکزِ ہندسی کے انتصابی سے س پر ملنے دو۔ تب اگر اج اور س ع کے حاصل کے متوازی س ل ہو تو ل شفلر کے نظریے کی رُو سے بوجھ نقطہ ہوگا۔ یہ بوجھ نقطہ قاعدے کے اندر واقع ہوتا ہے لیکن وسطی ثلث کے باہر ہے۔

---

[1] Scheffler



شکل ۱۹۱ - سر بارشیتہ دیوار کی مثال۔

(۲) ایک سر بار پشتہ دیوار شکل ۱۹۱ میں دکھائی ہوئی تراش کی ہے۔ سر باری ۰٫۲ ہے اور مٹی کا وزن ۱۲۰ پونڈ فی مکعب فٹ اور ٹھہراؤ کا زاویہ ۲۹° ہے۔ اگر چنائی کا وزن ۱۵۰ پونڈ فی مکعب فٹ ہو تو دیوار کی قائمیت کی جانچ کرو۔

پہلے مرکزِ ہندسی معلوم کیا جاتا ہے جیسا کہ نقطہ دار خطوط سے دکھایا گیا ہے اور دیوار کا وزن فی طولی فٹ معلوم کیا جاتا ہے۔ یہ وزن ۱۰٫۴ ٹن ہوتا ہے۔

فانے کے نظریے کی رُو سے طول ب ک معلوم کیا گیا جو شکل ۱۸۶ میں حاصل کیا گیا ہے اور یہ ۱۴٫۹ فٹ آتا ہے۔

$$\therefore \quad د = \frac{۱۵٫۲ \times ۱۵٫۳}{۲۲۴۰} \times \frac{۱۲۰}{۲} = ۵٫۹۵ \text{ ٹن}$$

تب گزشتہ صورت کی طرح س ع = ۱۰٫۴ اور ع ف = ۵٫۹۵ قایم کرنے سے بوجھ نقطہ ل حاصل ہوگا جو وسطی ثلث کے ذرا باہر واقع ہوتا ہے۔

رینکن کے نظریے کی رُو سے د افق سے ۰٫۲ بناتا ہوا مساوی ہے

$$\frac{\text{ثم ع}^{۲} \text{جم ۲۰}}{۲} \left(\frac{\text{جم ۲۰} - \sqrt{\text{جم}^{۲} ۲۰ - \text{جم}^{۲} ۲۹}}{\text{جم ۲۰} + \sqrt{\text{جم}^{۲} ۲۰ - \text{جم}^{۲} ۲۹}} \right)$$

یہ تقریباً ۵٫۶۵ ٹن آتا ہے۔ اس طرح س ع = ۱۰٫۴ اور ع ف = ۵٫۶۵ کو افق سے ۰٫۲ پر کھینچنے سے رینکن کے نظریے کی رو سے بوجھ نقطہ ل حاصل ہوتا ہے جو وسطی ثلث کے اندر واقع ہوتا ہے۔

اگر شغلو کے نظریے کو بھی آزمایا جائے جیسا کہ گزشتہ صورت میں کیا گیا ہے تو بوجھ نقطہ وسطی ثلث کے اندر پایا جائیگا۔

چلتی ہوا کے زیرِ عمل دیواروں اور دُود کشوں کی قائمیت۔

چنائی کی دیواروں اور دُود کشوں کی قائمیت حسبِ ذیل طریقے پر آسانی سے جانچی جاسکتی ہے۔

ہوا کے دباؤ فی مربع فٹ کو اُفقی اور بلندی پر غیر منحصر سمجھا جاتا ہے۔ اس طرح ہوا کا حاصل دباؤ د (شکل ۱۹۲) مرکزِ ہندسی پر عمل کرتا ہے اور دُود کشوں کی صورت میں مساوی ہے دباؤ فی مربع فٹ اور تراش کے معادل رقبے کے حاصل ضرب کے۔

یعنی $د = \frac{ق^2}{٢} \times ا_ع \times ق$

جہاں $ا_ع$ = ایک مستقل جو تراش کی شکل پر منحصر ہے ($ا_ع$ کی قیمتیں صفحہ ۶۴ پر دی گئی ہیں)۔

ع = بلندی

ق = اوسط قطر ہوا کی سمت کے علی القوائم

$ق^2$ = ہوا کے دباؤ کی حدت

دیواروں کی صورت میں قائمیت فی طولی فٹ محسوب کی جاتی ہے


اور $د = \frac{ق^2}{٢} \times ع$

فرض کرو کہ و دُود کش یا دیوار کا وزن فی طولی فٹ ہے۔

د کو خارج کر کے وزن کے خطِ عمل سے نقطہ ا پر ملنے دو

ا ب = و اور ب ج = د بناؤ، اور ا ج کو ملاؤ جو ب س کو ع پر ملے۔

تب اگر ع قاعدے کے باہر ہو اور دیوار قاعدے پر صرف ٹکی ہوئی ہو تو دیوار اُلٹ جائیگی۔



شکل ۱۹۲- دیواروں اور دُود کشوں کی قائمیت

اگر ع قلب کے باہر ہو (یا دیوار کی صورت میں وسطی ثلث کے باہر) تو گچ میں ب پر تناؤ پیدا ہوگا اور اگر ع قلب کے اندر ہو تو دیوار بالکل قایم ہوگی۔

بہت سی دیواروں میں پایا جائیگا کہ دباؤ کے خط کے وسطی ثلث میں سے گزرنے کی شرط پوری نہیں ہوتی اور اس کے باوجود وہ کھڑی رہتی ہیں۔ اس کی کئی توجیہیں ممکن ہیں۔ غالباً اُن پر ہوا کا دباؤ اس حدت کا کبھی نہیں پڑا جو حساب میں فرض کی جاتی ہے۔ اِس کے علاوہ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اگر دباؤ کا خط وسطی ثلث کے باہر ہو تو دیوار اُلٹ جائیگی۔

صرف یہ کہا جا سکتا ہے کہ گیج میں تھوڑا تشنی زور پیدا ہوگا اور اگر یہ زور گیج میں تخریب سی تڑاق پیدا کرنے کے لیے کافی ہو تو بھی یہ لازم نہیں آتا کہ دیوار زمین پر آ رہیگی کیونکہ ہو سکتا ہے کہ باقی تراش کے اوپر فشار کی زور پھر بھی بے خطر حدود کے اندر ہو۔ یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ نقطہ ع کو ٹھیک ٹھیک کہاں پہنچنا چاہیے کہ دیوار منہدم ہو جائے۔ جیسا کہ ہم پہلے کہہ چکے ہیں بعض مصنفین کا بیان ہے کہ وسطی نصف بالکل بے خطر ہے۔ دیواروں کے متعلق ایک اور بات یاد رکھنی چاہیے۔ اوپر کا استدلال صرف غیر معین طول کی دیواروں کے لیے درست ہے۔ دراصل عملی صورتوں میں جانبی دیواریں جو زیر بحث دیوار سے علی القوایم ملحق ہیں قائمیت میں خاصا اضافہ کرتی ہیں۔ لیکن نظریہ میں اس کی قابلِ اطمینان رعایت مشکل ہے۔


پشتوں اور پایوں کی قائمیت ——— پشتہ یا پایہ ایسی تعمیر ہے جو دھکیل کو برداشت کرنے کے لیے تجویز کی گئی ہو۔ بالعموم پشتے، کمانوں خاص کر کماندار چھتوں کے دھکیل کو سہارتے ہیں اور ان کو اس طرح تجویز کرنا چاہیے کہ دباؤ کا خط وسطی ثلث کے اندر ہو۔ ان کی قائمیت پر بالکل اسی طرح غور کیا جاتا ہے جس طرح کٹوں پر، یعنی اس طرح کہ کسی دی ہوئی تراش کے اوپر کے دھکیل یا دھکیلوں کو اوپر کے وزن کے ساتھ ترکیب دیا جاتا ہے اور معلوم کیا جاتا ہے کہ بوجھ نقطہ کہاں واقع ہوتا ہے۔

فرض کرو کہ ایک پشتہ شکل ۱۹۳ کے مطابق ہے اور اس پر دھکیل س اور ت ہیں۔ تب خطوط ا ا، ب ب، ج ج، پر قائمیت یوں معلوم کی جاتی ہے:—

فرض کرو کہ تینوں حصوں کے مرکزِ ہندسی گ۱، گ۲، گ۳ ہیں اور وزن و۱، و۲، و۳۔

اب ۰، ۱ = و۱، ۱، ۲ = و۲، ۲، ۳ = و۳ قایم کرو اور نیز ۰، ۴ = س

اور ۴، ۵ = ت قایم کرو۔ س کو خارج کر کے گ ہیں کے انتصابی سے
ا پر ملنے دو اور ۱، ۴ کے متوازی ا ا کھینچو جو ۱۱ سے ۱ پر ملے۔



شکل ۱۹۳۔ پشتوں کی قائمیت۔

فرض کرو کہ یہ گ۲ میں کے انتصابی کو ب پر ملتا ہے۔ ۲، ۴ کے متوازی ب ج کھینچو جو ت کو ج پر ملے۔ ۲، ۵ کے متوازی ج د کھینچو جو ب ب سے د پر ملے اور فرض کرو کہ یہ گ۳ میں کے انتصابی کو د پر ملتا ہے۔ ۳، ۵ کے متوازی د ع کھینچو جو ج ج کو ع پر ملے۔ تب اگر گچ میں تناؤ نہیں ہونا چاہیے تو خط ا د ع کو وسطی ثلث کے اندر ہونا چاہیے۔

پشتوں کی قائمیت کو محسوب کرنے میں جس دیوار سے پشتہ نکلا ہوا ہوتا ہے اُس کے وزن کو بھی پشتے کے وزن کے ساتھ لینا چاہیے اور اس کے لیے دیوار کا وہ طول لینا چاہیے جو پشتوں کے درمیان ہے۔ سطحی خاکے میں دیوار اور پشتہ ملاکر ایک چھوٹی ٹانگ کا T ہوتے ہیں اور گ۱، گ۲، وغیرہ اسی تراش کے مرکزِ ہندسی لیے جاتے ہیں۔

پشتوں پر کے کلس ——— گرجاؤں اور دیگر پشتہ دار عمارتوں میں عموماً پشتوں کی چوٹی پر زیبائش کے کلس بنائے جاتے ہیں۔ اوپر کے بیان سے واضح ہوگا کہ یہ کلس زیبائش کے علاوہ کارآمد بھی ہوتے ہیں کیونکہ ان سے پشتوں کے وزن میں اضافہ ہوجاتا ہے اور اس طرح قائمیت بڑھ جاتی ہے خاص کر اُن نقطوں پر جو دھکیل کے نقطوں سے تھوڑا فاصلہ نیچے ہوتے ہیں۔

دیواروں، دُودکشوں اور پشتوں کی نقشہ کشی کے متعلق

نوٹ ——— دیواروں، دُودکشوں اور پشتوں کی قائمیت کو ترسیماً معلوم کرتے وقت یہ پایا جائیگا کہ قاعدے کو قابلِ لحاظ جسامت کا حاصل کرنے کے لیے نقشہ کو بہت بڑے پیمانے پر کھینچنا پڑیگا۔ اس وجہ سے بہتر یہ ہوگا کہ اُفقی فاصلوں کو انتصابی فاصلوں سے بڑے پیمانے پر کھینچا جائے لیکن تراش سے وزن وغیرہ محسوب کرتے وقت پیمانوں کے اختلاف کو

احتیاط کے ساتھ ذہن میں رکھا جائے۔


چنائی کی کمانیں

تعمیروں کے نظریے میں چنائی کی کمان کی قائمیت کی خاطر خواہ دریافت سب میں تکلیف دہ مسئلہ ہے۔ پہلے تو یہ کہ بھرائی سے کتنی مزید مضبوطی حاصل ہوتی ہے اس کا تعین دشوار ہے اور اگر کمان کے حلقے کو لچکدار شے کی کمان سمجھیں اور یہ اصول قایم کریں کہ دباؤ کا خط وسطی ثلث کے اندر واقع ہونا چاہیے تب بھی افقی دھکیل حاصل کرنے میں دشواری ہے۔

چنائی کی کمانوں کے متعلق اصطلاحیں (دیکھو شکل ۱۹۴)

کمان کا شکم اور پشت کمان کے حلقے کی اندرونی اور بیرونی حدود ہیں۔

کمان ٹیک وہ مائل پیل پایہ ہے جس پر کمان کا سب سے نچلا سرا یا جست (یا پہلو) ٹکتا ہے۔



شکل ۱۹۴۔ چنائی کی کمانیں

فصل کمان ٹیکوں کے نچلے کناروں کے درمیان ناپا جاتا ہے۔

ارتفاع یا چکا کمان ٹیکوں کے نچلے سروں کو ملانے والے خط سے شکم تک ناپا جاتا ہے۔

ڈاٹیے فارغ بلاک ہیں جن سے کمان بنتی ہے۔ یہ ڈاٹیے بعض اوقات فرضی ہوتے ہیں۔

شانہ پشت اور چوٹی پر کے افقی مماس کے درمیان کی جگہ کو کہتے ہیں۔

قائمیت دریافت کرنے کے لیے دباؤ کے فاصل خط کا


طریقہ ——— اگر چنائی کی کمان کو سمجھا جائے کہ متعدد ڈاٹیوں سے بنی ہے جو باہم سیمنٹ کے بغیر رکھ دیے گئے ہیں تو دیکھو کہ کمان مقلوب کڑیوں (صفحہ $\frac{۵۰۸}{۵۰۹}$) سے بہت زیادہ قایم ہوگی کیونکہ کمان میں جب تک دباؤ کے خط کو وسطی ثلث (یا شفر کی رو سے وسطی نصف) کے اندر رکھا جائے لداؤ کو جس طرح چاہیں بدل سکتے ہیں۔ اب فرض کرو کہ دباؤ کے فاصل خط کی یہ تعریف کی جاتی ہے کہ یہ دباؤ کا وہ خط ہے جو اس وقت واقع ہوتا ہے جب کہ ڈاٹیے عین کھلنے کو ہوں۔ اگر کمان گر جانے کو ہو یعنی ڈاٹیے کھل پڑنے کو ہوں تو دباؤ کا خط حرکت کریگا اور اس طرح اگر دباؤ کے فاصل خط کو وسطی ثلث کے اندر رکھا جاسکے تو اس طرح کے خط میں مزید حرکت کا میلان نہیں ہوگا اور اس طرح کمان قایم ہوگی۔

لداؤ متشاکل ہو تو تجربے سے معلوم ہوا ہے کہ ناکارگی کے وقت کمان چوٹی پر اور چوٹی اور حبت کے درمیان کسی نقطے پر کھلتی ہے جیسا کہ شکل ۱۹۴ میں نقطہ دار خطوط سے دکھایا گیا ہے۔ اس طرح دباؤ کے فاصل خط کو وسطی ثلث کی بیرونی حد کو چوٹی پر اور اندرونی حد کو چوٹی اور حبت کے درمیان کسی نقطے پر مس کرنا چاہیے۔

اس لیے کسی دی ہوئی صورت میں حسب ذیل عمل کیا جائیگا:—

نصف کمان پر غور کرو۔ پہلے وسطی ثلث کے خطوط ا ا اور ب ب

(شکل ۱۹۵) کھینچو اور کمان کو چند انتصابی (عموماً مساوی) تراشوں سے تقسیم کرو



شکل ۱۹۵۔ چنائی کی کمان کے لئے دباؤ کا فاصل خط۔

اور ہر حصے کے مرکزی خطوط کھینچو۔ اِس کے بعد ہر حصے پر پڑنے والا وزن (جس کے اندر خود کمان کے حصے کا وزن بھی شامل ہے) محسوب کرو اور ان وزنوں کو خطوطِ قوت (۰، ۱) (۱، ۲) وغیرہ میں عمل کرتی ہوئی قوتیں سمجھو۔ اِن وزنوں کو ایک خط ۰، ۱، ۲ وغیرہ میں سے بقیر کرو اور ۰ میں سے ایک افقی خط لے کر اِس پر کوئی قطب ط لو۔ یہاں شکل میں پیچیدگی سے بچنے کے لیے صرف

۶ حصے کیے ہیں۔ کمان کے اوپر یا نیچے کسی مناسب فاصلے پر دباؤ کا ایک آزمایشی خط اَ بَ ج د ..... گ کھینچو اور ہر ایک کڑی کو خارج کر کے پہلی کڑی اَ بَ سے نقاط جَ، دَ، ..... گ پر ملنے دو۔ اب اِن نقاط کو وسطی ثلث کے بیرونی خط ا ا کے افقی تماس پر انتصاباً تطلیل کرو جس سے نقاط ا، ب۲، ج۲، د۲ ..... گ۲ حاصل ہونگے۔ اب اِن نقاط میں سے ہر ایک پر غور کرو کہ آیا کسی میں سے ایک خط کھینچا جا سکتا ہے جو وسطی ثلث کے اندرونی خط ب ب کو کمان کے اسی قطعے میں مس کرے۔ اگر اس طرح کا خط مل سکے (موجودہ صورت میں یہ خط نقطہ ع۲ سے حصہ ۴ کو ھ پر مس کرتا ہے) تو اس کے متناظر سمتی خط پر جو نقطہ ۴ ہے اس میں سے ایک خط اِس خط ع۲ ھ کے متوازی کھینچو۔ اِس سے نیا قطب ط حاصل ہوگا جس کے ذریعہ دباؤ کا فاصل خط کھینچا جائیگا جیسا کہ دکھایا گیا ہے اور ہ ط = افقی دھکیل ق۔

اگر ایسا کوئی خط نہ کھینچا جا سکے تو کمان کے حلقے کی جسامت کو بڑھانا پڑیگا۔

دباؤ کے فاصل خط کو حاصل کرنے کے بعد ابھی یہ دیکھنا باقی ہے کہ اعظم فشاری زور بے خطر حدود کے اندر ہے یا نہیں۔ اور دباؤ کا خط کمان کے مرکزی خط سے بہت بڑا زاویہ تو نہیں بناتا۔

قائمیت معلوم کرنے کے لیے اقل مزاحمت کے خط کا طریقہ

اکثر کتابوں میں چنائی کی کمانوں کی قائمیت معلوم کرنے کا جو طریقہ دیا گیا ہے وہ اسی نام سے موسوم ہے اور ہم نے اوپر جو طریقہ بتایا ہے اُس سے ملتا جلتا ہے۔ لیکن اتنا فرق ہے کہ دباؤ کے خط کو فرض کیا جاتا ہے کہ وسطی ثلث کی حدود کو چوٹی اور جبت پر مس کرتا ہے اور اِس طرح عمل حسب ذیل ہوگا:— دباؤ کا آزمایشی خط اَ بَ ج ... گ حسبِ سابق کھینچا جاتا ہے۔ اور آخری کڑی کو پیچھے خارج کر کے

نقطہ گ معلوم کیا جاتا ہے۔ تب اگر گ ہیں کے انتصابی خط کا فاصلہ جست پر کے نقطہ ب سے لا ہو اور ب کا انتصابی فاصلہ ا ہیں کے انتصابی سے ما ہو اور اگر نصف کمان پر مجموعی بوجھ و ہو اور افقی دھکیل ق ہو تو

ق = $\frac{\text{و لا}}{\text{ہ}}$ ۔ اس لیے اب اس کو نیا قطبی فاصلہ لے کر دباؤ کے خط کو کھینچو۔ شروع ا میں کے افقی خط سے کرو۔ تب اگر یہ دباؤ کا خط وسطی ثلث کے اندر ہو تو کمان قائمیت کی پہلی شرط کو پورا کرتی ہے۔ اگر اندر نہ ہو تو دباؤ کے خط کو شروع ا سے ذرا نیچے ا اور ب کے درمیان کسی نقطے سے کیا جاتا ہے یا ختم ا اور ب کے درمیان کیا جاتا ہے یہاں تک کہ آزمایش سے دباؤ کا ایسا خط حاصل ہو جائے جو وسطی ثلث کے اندر رہتا ہو۔ اگر پیہم آزمایش کے بعد بھی ایسا کوئی خط نہ مل سکے تو کمان کی موٹائی بڑھا دی جاتی ہے اور یہ عمل دہرایا جاتا ہے۔

چنائی کی کمانوں کے لیے عملی قاعدے ـــــ (۱) کمان کی موٹائی

م = کمان کی موٹائی مرکز پر انچوں میں
ر = چوٹی پر نصف قطر فٹوں میں
ف = فصل فٹوں میں

رینکن کا قاعدہ، $\frac{\text{م}}{۱۲}$ = ہ ۱۲ء ر اکیلے فصلوں کے لیے

= ہ ۱۰ء ر فصلوں کے سلسلے کے لیے۔

ٹراؤٹ وائین کا قاعدہ، م = $\frac{\text{ہ ر} + \frac{۱}{۲}\text{ص}}{۴}$ + ۲ء

(۲) پیل پایوں کی موٹائی

$$ط = \frac{ر}{5} + \frac{ل}{10} + ۲$$

جہاں ل = ارتفاع فٹوں میں

پیل پایوں کی اونچائی قاعدے کے ۱½ گنے سے زیادہ نہ ہو۔

(۳) وسطی پایہ (سلسلے کے اندر) موٹائی (⅙ تا ⅐) فصل

(۴) اینٹ کی کمانوں کے لیے عمدہ عام قاعدہ۔ فصل کے ہر ۵ فٹ کے لیے حلقے میں نصف اینٹ استعمال کی جائے۔

(۵) ریلوے کا عام دستور:—

$$\text{ارتفاع} = \frac{\text{فصل}}{5}$$

$$\text{موٹائی} = \frac{\text{فصل}}{18}$$

پیل پایوں کی موٹائی = (¼ تا ⅕) فصل

وسطی پایوں کی موٹائی = (⅙ تا ⅐) فصل

پندرھواں باب

محکم کنکریٹ اور مماثل تعمیریں

تمہید ـــــ اس دس سال کے عرصہ میں اُس طریقۂ تعمیر میں جو محکم کنکریٹ کے نام سے مشہور ہے بے انتہا ترقی ہوئی ہے۔ کنکریٹ کو بطور ایک تعمیری شے کے صدیوں سے استعمال کیا جا رہا ہے لیکن معلوم ہوا کہ اس میں تنشی مضبوطی بہت کم ہے اور پچاس سال سے زیادہ ہوئے کہ یہ خیال ظاہر کیا گیا کہ اس کی اس کمزوری کی تلافی کرنی چاہیے اور وہ اس طرح کہ تعمیر کے جس حصے میں تناؤ واقع ہونے والا ہو اس میں لوہے کی سلاخیں یا چھڑیاں گاڑی جائیں۔ اِس طریقے کا استعمال زیادہ تر چھتوں پر کیا گیا۔ اور اگرچہ اِس طرح "محکم کی ہوئی" کنکریٹ کی سلوں پر کئے ہوئے بہت پہلے کے تجربات کا پتہ چلتا ہے لیکن اِن تعمیروں پر نظری علم کا اطلاق کر کے ان کی تجویز کو سائنٹفک اُصول پر لانے کی کوشش حال ہی میں کی گئی ہے۔ انگریز انجینیر جو طبعاً نئے طریقوں کے اختیار کرنے میں جن کو ابھی زمانے نے جانچا نہ ہو جلدی نہیں کرتے محکم کنکریٹ کے استعمال میں پیچھے رہے ہیں۔ اِس طرح اِس کا بیشتر حصہ یورپ کے دیگر ممالک اور امریکہ میں انجام پایا ہے۔

محکم کنکریٹ کے پورے نظریے کو ابھی معیاری بننے کا رتبہ حاصل

نہیں ہوا ہے اس لیے جو لوگ کہ اُس کی تجویز کے اصول کو سمجھنا چاہیں اُن کو بہت سے تجربات کے نتائج اور نظری بحثوں کا ذہن نشین کرنا ضروری ہے۔ یہ نتائج اور بحثیں مبتدی کے لیے بہت پُرخطر ہیں کیونکہ یہ عموماً اشیاء کے مخصوص اوصاف اور مخصوص حالات سے مختص ہوتے ہیں اس لیے اگر کسی ضابطے کی ہر رقم کا مفہوم معلوم نہ ہو اور اس کا صحیح فیصلہ نہ کیا جاسکے کہ آیا یہ ضابطہ زیرِ غور مسئلے پر قابلِ اطلاق ہے یا نہیں تو ایسے ضابطے کے استعمال سے بڑی غلطی کا احتمال ہے۔ موجودہ باب کا مقصد یہ ہے کہ بنیادی اُصول بیان کیے جائیں جن پر محکم کنکریٹ کی نظری تجویز مبنی ہوتی ہے اور اس طرح طالب علم کو اس قابل بنا دیا جائے کہ ان مفصل اور دقیق بحثوں کو سمجھ سکے جو اس مضمون کی معیاری درسی کتابوں میں پائی جاتی ہیں۔

کسی تجویز کی عمدگی اس پر موقوف ہے کہ آیا یہ دیے ہوئے شرائط کو پورا کرکے ممکنہ طور پر ارزاں ہے یا نہیں۔ اس لیے محکم کنکریٹ کی تعمیر اسی صورت میں اختیار کی جائیگی کہ اسی قدر سلامتی کے ساتھ وہ بالکل فولاد یا بالکل کنکریٹ کی تعمیر سے ارزاں ہو (یہ فرض کیا گیا ہے کہ دیگر اخراجات ہر صورت میں وہی ہیں)۔ فولاد مساوی حجم کے کنکریٹ سے تقریباً ۵۰ گنی قیمت کا ہوتا ہے اور فولاد مساوی تراشی رقبے کے کنکریٹ سے فشار میں تقریباً تیس گنا اور تناؤ میں تقریباً تین سو گنا زیادہ مضبوط ہوتا ہے۔ اس لیے خالص فشار میں کنکریٹ ایک دیے ہوئے بوجھ کو فولاد کی $\frac{3}{25}$ لاگت پر برداشت کریگا اور تناؤ میں اس کی لاگت ۶ گنی ہوگی۔ اس لیے ظاہر ہے کہ ان دونوں اشیا کو موزوں طور پر اس طرح ترتیب دے کر کہ وہ ایک جسم بن جائیں باکفایت تعمیر پیدا کی جاسکتی ہے۔ محکم کنکریٹ کی سائنٹفک تجویز میں یہی کیا جاتا ہے یعنی دونوں اشیاء کا سب میں زیادہ باکفایت تناسب اور ترتیب اختیار کی جاتی ہے۔

کنکریٹ کے خواص ——— کنکریٹ کے خواص اس کی عمر پر

اور اس کے اجزا کے تناسب اور وصف پر منحصر ہوتے ہیں اور تجویز میں بے خطر زور کے لیے جو عدد اختیار کیا جائے اُس کے لیے یہ اطمینان کر لینا ضروری ہے کہ کنکریٹ اس وصف اور اِس عمر کا ہے جس کے لیے یہ اعداد اختیار کیے جاتے ہیں۔

فشار — کنکریٹ کی فشاری مضبوطی تقریباً سیمنٹ کے تناسب کے متناسب ہوتی ہے۔ شکل ۱۹۵ ا میں مسٹر جی۔ ڈبلیو۔ رافٹر (نیویارک) کے تجربات کے نتائج سے حاصل کر کے ایک نقشہ دکھایا گیا ہے۔ صاف خالص سلیکا ریت اور پورٹلینڈ سیمنٹ استعمال کی گئی تھی اور گٹی ریتیلے پتھر کی تھی جو ۲ انچ کے حلقے میں سے گزر سکتی تھی اور جس میں دھمس کے بعد ۳، فیصدی خلا رہتا تھا۔


فشاری مضبوطی عمر کے ساتھ بڑھتی ہے اور شکل ۱۹۶ میں ایک نقشے کے ذریعے معمولی سیمنٹ کے ساتھ کیے ہوئے تمثیلی تجربات کے نتائج دکھائے گئے ہیں۔

مخنی ا ایک حصہ سیمنٹ، دو حصے ریت، اور چار حصے گٹی کے آمیزے کے لیے ہے اور مخنی ب ۱ : ۳ : ۶ کے آمیزے کے لیے۔ دی ہوئی شکلیں ایک ہی قسم کی سیمنٹ کے لیے ہیں۔ ۱ : ۲ : ۴ کے آمیزے کے لیے جس میں سیمنٹ اعلیٰ درجے کی ہو اور ریت صاف اور نوکدار ہو اور گٹی توڑے ہوئے پتھر یا بجری کی ہو خماؤ کے حسابات میں بے خطر فشاری زور ۲۸ دن کے بعد ۶۰۰ پونڈ فی مربع انچ لیا جا سکتا ہے۔


آج کل کی "فوراً سخت ہو جانے والی" سیمنٹوں سے مضبوطی مقابلۃً بہت تھوڑی مدت میں بہت زیادہ ہو جاتی ہے اور ان سے ۷ دن میں وہ مضبوطی حاصل کی جا سکتی ہے جو معیاری سیمنٹ سے ۲۸ دن میں حاصل ہوتی ہے۔

تناؤ — کنکریٹ کی تنشی مضبوطی پر اتنے تجربات نہیں کیے گئے جتنے فشاری مضبوطی پر۔ تنشی مضبوطی ترکیب اور عمر پر منحصر ہے اور اکثر

Mr. G. W. Rafter ۵



شکل ۱۹۵



شکل ۱۹۶۔

ماہرین فن کا اس پر اتفاق ہے کہ تنشی مضبوطی اسی عمر اور ترکیب کی فشاری مضبوطی کا دسواں حصہ لی جائے۔ موسیو کنسی دیر[۵] نے، جو اس فن کے چوٹی کے ماہرین میں سے ہیں، تجربات سے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ احکام کے بعد کنکریٹ اس سے بہت زیادہ تنشی زور برداشت کر سکتا ہے کیونکہ احکام کی وجہ سے تطول کی تقسیم طول میں یکساں ہوتی ہے۔ لیکن انھوں نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ اس کھنچی ہوئی حالت میں کنکریٹ کوئی مزید بوجھ برداشت نہیں کر سکتا۔ پروفیسر ٹرنیر[۱] نے اسی طرح کے تجربات کیے لیکن ان سے کنسی دیر کے نظریے کی تردید ہوتی ہے۔ ان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس بیش فساد کنکریٹ میں باریک باریک تڑقیں پیدا ہو جاتی ہیں جو آنکھ سے نظر نہیں آتیں لیکن ان میں سے پانی نفوذ کر سکتا ہے۔ اور یہ کہ ان تڑقوں سمیت جو امتحانی ٹکڑے لیے گئے اُن کی مضبوطی اُن ٹکڑوں سے بہت کم ثابت ہوئی جو ان تڑقوں کے درمیان سے کاٹے گئے تھے۔ زیادہ حال میں کیے ہوئے تجربات سے پروفیسر ٹرنیر کے نتائج کی تصدیق ہوتی ہے محکم کنکریٹ کے اکثر نظریوں میں یہ فرض لیا جاتا ہے کہ کنکریٹ کی تنشی مضبوطی قابل نظر انداز ہے اور یہ کہ سارا تناؤ احکام کو برداشت کرنا ہوتا ہے۔ یہ شہتیروں کی بحث میں زیادہ وضاحت سے سمجھایا جائیگا۔

جز ——— کنکریٹ کی جزی مضبوطی بہت صحت کے ساتھ معلوم نہیں۔ کسی چیز کی بھی جزی مضبوطی کا تجربے سے معلوم کرنا درحقیقت بہت دقت طلب امر ہے اور ایک پیچیدہ نوعیت کا کام ہے کیونکہ اس میں فشاری اور تنشی مضبوطیاں داخل ہو جاتی ہیں۔ مختلف ماہرین کا خیال ہے کہ جزی مضبوطی فشاری مضبوطی کے ۱/۱۲ سے ۱/۲ تک ہوتی ہے۔ فشار کے لیے جو ترکیب دی گئی ہے اس ترکیب کے لیے بے خطر جزی زور ۷۵ پونڈ فی مربع انچ لیا جا سکتا ہے۔

لچک کا مقیاس ——— یہ چیز معمولی تعمیروں کی تجویز میں بہت

۵ M. Considere ۱ Prof. Tnrneare

زیادہ شامل نہیں ہوتی۔ لیکن محکم کنکریٹ میں بے حد اہمیت رکھتی ہے۔ یہ زور فی مربع انچ اور فساد فی انچ طول کی نسبت ہے۔ اس کے اس قدر اہم ہونے کی وجہ یہ ہے کہ کنکریٹ اور فولاد ایک جسم واحد کی طرح عمل کرتے ہیں اور راست بوجھ کے تحت دونوں کے فساد ایک ہی ہونگے۔ اور ایک خاص فساد سے ایک خاص زور پیدا ہوتا ہے اور یہ زور اسی صورت میں معلوم ہوگا کہ لچک کا مقیاس معلوم ہو محکم کنکریٹ کی تجویز میں فولاد اور کنکریٹ کے مقیاسوں کی نسبت درکار ہوتی ہے نہ کہ ہر ایک کی مختلف قیمت۔

اگر کنکریٹ فشار میں ہو تو زور اور فساد کا نقشہ ایک خطِ مستقیم نہیں ہوتا جیسا کہ شکل ۳ صفحہ (۱۰) سے معلوم ہوگا۔ اس لیے لچک کے مقیاس کا نام لینا درست نہیں کیونکہ اس کی قیمت زور کے ساتھ بدلتی رہتی ہے۔ فشار میں ۱:۲:۴ والے کنکریٹ کے لچک کے مقیاس کی قیمت، مختلف تجربات کی رُو سے تقریباً ۱۳۰۰۰۰۰ (۱۳ ملین) پونڈ فی مربع انچ سے تقریباً ۴۰۰۰۰۰۰ (۴ ملین) پونڈ فی مربع انچ تک بدلتی ہے اور اونچے زوروں پر کم ہوتی ہے اور پست زوروں پر زیادہ۔ نرم فولاد کا لچک کا مقیاس اس سے بہت کم متغیر ہے اور اس کی قیمت تقریباً ۲۹ ملین پونڈ فی مربع انچ ہے۔ اس طرح دیکھو مقیاسوں کی نسبت ۳ء۲۲ سے ۲۵ء۷ تک بدلتی ہے۔ اس نسبت کو ہم آیندہ م سے تعبیر کرینگے۔ عملاً اس کی قیمت ۸ سے ۱۵ تک اختیار کی جاتی ہے۔ قیمت ۱۵ بہت عام ہوگئی ہے اور اکثر برطانوی مجوز اس کو معیاری قیمت سمجھتے ہیں۔ لیکن یہ نسبت اتنی اہم چیز ہے کہ اس کی مزید تحقیق ہونی چاہیے اور یہ یاد رہے کہ کسی خاص مثال میں اختیار کرنے کے لیے بہترین قیمت وہ ہے جو زیرِ استعمال آمیزے کے لیے زیرِ تجویز زور کی حدود کے لیے پائی جائے۔ کنکریٹ کا مقیاس تناؤ میں وہ نہیں جو فشار میں ہے اور تجربات کے نتائج میں باہم بہت عدم مطابقت پائی جاتی ہے۔ دستور یہ ہے کہ کنکریٹ کی تنشی مزاحمت کو نظر انداز کر دیا جائے۔ اس لیے اس مقیاس کے متعلق ہم کوئی مزید بیان

نہیں دینگے۔

کنکریٹ اور فولاد کے درمیان چپک ـــــ محکم کنکریٹ کی کسی تعمیر میں یہ بالکل ضروری ہے کہ کنکریٹ اور فولاد کے درمیان اچھی پکڑ ہو کیونکہ فولاد اپنا حصۂ زور اسی صورت میں برداشت کریگا کہ فولاد اور کنکریٹ کے درمیان کوئی اضافی حرکت واقع نہ ہو۔ جوں ہی کہ ایسی کوئی اضافی حرکت واقع ہو کنکریٹ پر تنشی زور پڑیگا اور تڑق پیدا ہوگی۔ پکڑ میں عمدگی پیدا کرنے کے لیے احکامی سلاخوں کے متعلق بہت سی تجویزیں کی گئی ہیں یعنی ان میں کٹھنے بنا دینا یا ان کو بل دینا یا کوئی اور میکانی ذرائع اختیار کرنا۔ سادہ گول سلاخوں کی صورت میں فولاد کی سطح کی فی مربع انچ چپک اس طرح معلوم کی جاسکتی ہے کہ فولادی سلاخ کا ایک ٹول کنکریٹ میں گاڑ دیں اور پھر دیکھیں کہ اس کو باہر کھینچ لینے کے لیے کتنی قوت درکار ہوتی ہے۔ اگر گاڑا ہوا ٹول ل ہو اور قطر ق تو تماسی سطح کا رقبہ π ق × ل ہوگا اور اگر سلاخ کو کنکریٹ میں سے کھینچنے کے لیے قوت ق درکار ہو اور چپک کا زور فی اکائی رقبہ ز ہو تو

$$ز = \frac{ق}{\pi ق \times ل}$$

اس کے متعلق بھی تجربات میں بہت اختلاف ہے۔ ز کی قیمت تقریباً ۱۵۰ سے ۶۰۰ پونڈ فی مربع انچ تک پائی گئی۔ لیکن ہم نے جس قسم کے آمیزے کے لیے اعداد دیے ہیں اس کے چپک کے زور کے لیے ۷۵ پونڈ فی مربع انچ ایک قابلِ اطمینان کامی زور سمجھا گیا ہے۔

پھیلاؤ کی شرح ـــــ محکم کنکریٹ کی تعمیر کی موافقت میں ایک بات اکثر بیان کی جاتی ہے اور وہ یہ کہ کنکریٹ اور فولاد دونوں کی شرح پھیلاؤ

ایک ہی ہے اور اس طرح تپش کی تبدیلی سے تعمیر میں کوئی اندرونی زور نہیں پیدا ہوتے۔ بہت سے ماہرین اس سے پورے متفق نہیں۔ اُن کا بیان ہے کہ کنکریٹ کی شرح ۱۰×۵۵ ، اور فولاد کی ۱۰×۶۶ فی درجہ فارن ہیت ہے۔

فولاد کے خواص ـــــ فولاد کے خواص باب ۱ میں بیان کیے گئے ہیں۔

لچک کی حدـــ لچک کی حد فولاد میں کاربن کے تناسب پر منحصر ہے اور برطانوی نرم فولاد کے لیے اس کو ۳۲۰۰۰ پونڈ فی مربع انچ لیا جاسکتا ہے لیکن جب کبھی ممکن ہو ٹھیک ٹھیک قیمت حاصل کر لینی چاہیے۔ اس مقدار کو معمولی فولادی تعمیروں میں زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی لیکن محکم کنکریٹ میں اس کی بڑی اہمیت ہے کیونکہ تمام حسابات لچک کی حد تک کے لچک کے مقیاس پر منحصر ہیں اور جوں ہی کہ زور لچک کی حد سے گزر جائے یہ مقیاس تیزی سے گھٹتا ہے جس کی وجہ سے کنکریٹ پر زور دفعۃً بڑھ جاتا ہے۔ اس لیے فولاد کے تناؤ کا بے خطر کامی زور لچک کی حد کی ایک کسر لینا چاہیے نہ کہ انتہائی مضبوطی کی۔ اس ملک میں (یعنی انگلستان میں) اکثر مجوز لندن کاؤنٹی کونسل کے ضوابط کی پیروی کرتے ہیں جن میں فولاد کے کامی زور کی حد ۱۶۰۰۰ پونڈ فی مربع انچ قرار دی گئی ہے۔ فشار میں فولاد کی مضبوطی اور دیگر خواص بالکل تناؤ کے سے لیے جاسکتے ہیں۔

جزـــــ فولاد کی جزی مضبوطی اُس کی تنشی مضبوطی کی تقریباً $\frac{4}{5}$ ہے اور جز میں کامی زور ۱۲۰۰۰ پونڈ فی مربع انچ لیا جاسکتا ہے۔

محکم کنکریٹ سادہ فشار میںـــــ ذیل میں سادہ فشار کے تحت محکم کنکریٹ کی مضبوطی پر جو بیان دیا گیا ہے اس سے خمار کے نظریے کے سمجھنے میں آسانی ہوگی جو آگے چل کر آنے والا ہے۔

آسان ترین صورت کے لیے ایک کنکریٹ کا ستون لو جس کو مرکزی فولادی قلب کے ساتھ محکم کیا گیا ہے۔ ہم کو یہ مان لینا ہوگا کہ ستون اتنا چھوٹا ہے کہ جھکاؤ کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے اور یہ مفروضہ جائز ہے اگر طول اقل قطر کے ۱۵ گنے سے زیادہ نہ ہو۔ ہم اس مسئلے سے صفحہ $\frac{۴۵}{۴۹}$ پر عمومی بحث کر چکے ہیں لیکن محکم کنکریٹ کی صورت کے لیے اس کا اعادہ کرتے ہیں۔ فرض کرو کہ بوجھ و ہے اور طول ل، اور فرض کرو کہ فولاد اور کنکریٹ کے تراشی رقبے علی الترتیب $ب_ف$ اور $ب_ک$ ہیں۔ جب بوجھ عمل کرتا ہے تو ایک خاص تقصر فی اکائی طول پیدا ہوتا ہے۔ جو فرض کرو کہ لا ہے (لا = مجموعی تقصر ÷ ل)۔ اور فرض کرو کہ فولاد اور کنکریٹ کے لچک کے مقیاس $ے_ف$ اور $ے_ک$ ہیں اور ان کے اندر فشاری زور علی الترتیب $ف_ف$ اور $ف_ک$ ہوتے ہیں تب

$$ے_ک = \frac{ف_ک}{لا} \quad \text{یا} \quad لا = \frac{ف_ک}{ے_ک} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

لیکن چونکہ فولاد اور کنکریٹ کے درمیان پھسلن واقع نہیں ہوتی اس لیے کنکریٹ کا فساد بھی لا ہوگا۔

$$\therefore \quad لا = \frac{ف_ف}{ے_ف} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$$

$$\therefore \quad \frac{ف_ک}{ے_ک} = \frac{ف_ف}{ے_ف}$$

$$\text{یا} \quad ف_ف = \frac{ے_ف}{ے_ک} \times ف_ک = م \times ف_ک \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

اب فولاد پر بوجھ $= ف_ف \times ب_ف$

اور کنکریٹ " $= ف_ک \times ب_ک$


$\therefore$ مجموعی بوجھ $و = ف_ف \times ب_ف + ف_ک \times ب_ک$

$$= ف \times م \times ب_ن + ف \times ب_ک$$

$$= ف (ب_ک + م ب_ن) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

$$\text{یا} = ف_ن \left(\frac{ب_ک}{م} + ب_ن \right) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۵)$$

اِس طرح دیکھو محکم ستون وہی عمل کرتا ہے جو اسی طول کا ایک کنکریٹ کا ستون کریگا جس کا رقبہ کنکریٹ کے رقبے مثبت فولاد کے رقبے کے م گنے کے مساوی ہو۔



شکل ۱۹۷۔

ذیل کی عددی مثال سے یہ واضح ہو جائیگا:۔

شکل ۱۹۷ میں ایک ستون دکھایا گیا ہے جو ۲۰ انچ مربع ہے اور جو چار ۱¼ انچ سلاخوں سے محکم کیا گیا ہے۔ کامی بی جمہ معلوم کرو اگر کنکریٹ کا کامی فشاری زور ۴۵۰ پونڈ فی مربع انچ لیا جائے۔ (راست فشار کے لئے مضبوطی عموماً خماؤ کے فشار سے کسی قدر کم لی جاتی ہے)۔

اس صورت میں

$ب_ن = ۴ \times ۱٫۲۲۲۷ = ۴٫۹۱$ مربع انچ تقریباً

$ب_ک = ۲۰ \times ۲۰ - ۴٫۹۱ = ۳۹۵$ تقریباً

تب اگر $م = ۱۵$ تو

$و = ۴۵۰ (۳۹۵ + ۱۵ \times ۴٫۹۱)$ پونڈ

$= ۲۱۰۸۷۰$ پونڈ تقریباً

$= ۹۴$ ٹن تقریباً

فولاد کے زور کے لیے (۵) سے

$$ف_ن = \frac{و}{\frac{ب_ک}{م} + ب_ن} = \frac{م\,و}{ب_ک + م\,ب_ن} = \frac{۱۵ \times ۲۱۰۸۷۰}{۴۶۸٫۶}$$

$= ۶۷۳۰$ پونڈ فی مربع انچ تقریباً

[نوٹ از جانب مترجم:- اس سے زیادہ آسانی سے (۳) سے

$ف_ن = م \times ف = ۱۵ \times ۴۵۰ = ۶۷۵۰$ پونڈ فی مربع انچ]

چپک کا زور اس صورت میں بہت صحت کے ساتھ نہیں معلوم کیا جا سکتا۔ اگر بوجھ کو تراش کے اوپر یکساں منقسم مانا جائے تو ہر ایک سلاخ کا حقیقی بوجھ حاصل ہوگا۔ اس حقیقی بوجھ اور فولاد پر کے محسوبہ بوجھ کے فرق کو چپک سے برداشت ہونے والا بوجھ سمجھا جا سکتا ہے۔

محکم کنکریٹ کے شہتیر

محکم کنکریٹ کے شہتیروں کی مضبوطی کے لیے کئی ضابطے ہیں۔ یہ ضابطے خمیدہ شہتیر کے اندر زور کی تقسیم کے متعلق چند مفروضات سے اخذ

کیے جاتے ہیں۔

ہم محکم کنکریٹ کے شہتیروں کے زور محسوب کرنے کے تین طریقوں پر غور کرینگے۔ ہر صورت میں تراش مستطیلی لی جائیگی کیونکہ یہی سب میں زیادہ عام ہے۔ اور اِن تینوں طریقوں میں ہم ذیل کے مفروضات اختیار کرینگے:-

(۱) یہ کہ شہتیر کی جو تراش خمیدگی سے پہلے مستوی تھی وہ خمیدگی کے بعد بھی مستوی رہتی ہے (برنولی کا مفروضہ (دیکھو صفحہ ۱۸۸)۔

(۲) یہ کہ شہتیر خالص خماؤ کے تحت ہوتا ہے یعنی مجموعی فشاری زور مجموعی تنشی زور کے مساوی ہوتا ہے۔

معیاری ترقیم ـــــ اس سارے باب میں ہم ذیل کی ترقیم اختیار کرینگے (دیکھو شکل ۱۹۸)۔

$$م = \frac{\text{ینگ کا مقیاس فولاد یا کسی اَور دھات کے لیے}}{\text{ینگ کا مقیاس کنکریٹ کے لیے}} = \frac{مے ف}{مے ک}$$

ت = تنشی زور فی مربع انچ اِحکام میں

$ت_ک$ = " " " کنکریٹ "

ف = فشاری " " اِحکام "

$ف_ک$ = " " " کنکریٹ "

ب = تراشی رقبہ اِحکام کا

$ب_ک$ = " " کنکریٹ کا

ض = شہتیر کا عرض

گ = شہتیر کی مجموعی گہرائی

گ = شہتیر کی گہرائی احکام کے مرکز تک

ع = تعدیلی محور (ق، م) کی گہرائی فشاری کنارے سے

گ - ع = " " احکام کے مرکز سے


ع / گ = نسبت

ر = احکام کے رقبے کا تناسب اس کے اوپر کے رقبے سے

= ب ت / ض گ

آ / ع = تراش کا معادل معیارِ جمود

پہلا طریقہ۔ معمولی خماؤ کا نظریہ ——— پہلا طریقہ جس پر




شکل ۱۹۰۔ محکم کنکریٹ کے شہتیروں کے لیے ترقیم۔

ہم غور کر رہے ہیں زیادہ استعمال نہیں ہوتا کیونکہ اس سے بے خطر بوجھ کی مقدار امتحان سے حاصل ہونے والی مقدار سے کم حاصل ہوتی ہے۔ لیکن دو یکدار اشیا سے بنے ہوئے شہتیروں سے بحث کرنے کا عام طریقہ یہی ہے اور اس مضمون کے لیے یہ ایک مفید اور سبق آموز تمہید کا کام دیگا۔

اس طریقے میں یہ فرض کیا جاتا ہے کہ محکم کنکریٹ کا شہتیر بالکل ایک معمولی متجانس شہتیر کا عمل کرتا ہے جس میں احکام کی بجائے کنکریٹ کی ایک پتلی پٹی تعدیلی محور سے مستقل فاصلے پر رکھ دی گئی ہو جس کا رقبہ احکام کے رقبے کا م گنا ہو۔

اس طرح کی معادل متجانس تراش کا مرکز ہندسی، معیارِ جمود، اور گردشی نصف قطر معلوم کرنے کا طریقہ ہم صفحہ $\frac{104}{105}$ پر بتا چکے ہیں۔

عام صورت میں فرض کرو کہ تعدیلی محور (معادل مرکزِ ہندسی) تک فاصلہ ع ہے (شکل ۱۹۹) اور اس مرکزِ ہندسی کے گرد معیارِ جمود آ ع ہے۔



شکل ۱۹۹۔ محکم کنکریٹ کے شہتیر۔ پہلا طریقہ۔

$$\text{تب } \quad ت_{ک} = \frac{م (گ_م - ع)}{آ_ع} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

$$ف = \frac{م_ع}{آ_ع} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$$

$$ت = \frac{۲ م (گ - ع)}{آ_ع} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

جہاں م خاؤ کا معیار ہے۔

مستطیلی شہتیر کی صورت میں حسب ذیل نتائج حاصل ہونگے :۔

تراش کا معادل رقبہ = ض گ + (م-۱) ب$_{ت}$ ..... (۴)

جیسا کہ صفحہ ۱۰۵ پر سمجھایا گیا ہے رقبے کا اضافہ (م - ۱) ب$_{ت}$ ہے کیونکہ اِحکام کو نکال کر اس کی بجائے اس کے رقبے کا م گنا کنکریٹ رکھ دیا جائے تو پہلے اُن سوراخوں کو بھرنا ہوگا جن میں اِحکام تھا۔ اِس میں رقبہ ب$_{ت}$ صَرف ہوگا۔ اِس طرح اضافہ = (م-۱) ب$_{ت}$

چوٹی کے گرد معیار لینے سے

$$ع \{ض گ_م + (م-۱) ب_{ت}\} = \frac{ض گ_م^{۲}}{۲} + (م-۱) ب_{ت} گ$$

$$\therefore \quad ع = \frac{\frac{ض گ_م^{۲}}{۲} + (م-۱) ب_{ت} گ}{ض گ_م + (م-۱) ب_{ت}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۵)$$

اِس سے تعدیلی محور کا محل معین ہوتا ہے۔

تعدیلی محور کے گرد دوسرے معیار لینے سے

$$آ_{ا}^{۳} = \frac{ض ع^{۳}}{۳} + \frac{ض (گ_م - ع)^{۳}}{۳} + (م-۱) ب_{ت} (گ - ع)^{۲} \quad \ldots\ldots (۶)$$

اِس ضابطے میں اِحکام کا اِس کے ذاتی محور کے گرد معیارِ جمود نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

عددی مثال ۔ مثال کے طور پر ایک شہتیر لو جس کا عرض ۶" اور گہرائی ۱۲ انچ ہے ۔ احکام کا مرکز نچلے کنارے سے ۲ انچ ہے اور احکام کا رقبہ = ۱۶۴۴ (دیکھو شکل ۲۰۰)۔

م = ۱۵ لینے سے

$$ع = \frac{۱۰ \times ۱۶۴۴ \times ۱۴ \times ۲ + ۱۴۴ \times ۶}{۲ (۱۶۴۴ \times ۱۴ + ۷۲)}$$

= ۶٫۸۷ انچ

∴ گ ۔ ع = ۱۲ - ۵٫۱۳ = ۶٫۸۷

$$آ^۲ = \frac{۶ \times (۶٫۸۷)^۳}{۳} + \frac{۶ \times (۵٫۱۳)^۳}{۳} + ۱۶۴۴ \times ۱۴ \times (۳٫۱۳)^۲$$

= ۶۱۲۸ + ۲۷۰ + ۱۹۷ = ۱۱۱۵ تقریباً

∴ کنکریٹ کے تناؤ کے لیے بے خطر زور ۱۰۰ پونڈ فی مربع انچ لینے سے

بے خطر خاؤ کا معیار = $\frac{۱۱۱۵ \times ۱۰۰}{۱۲ \times ۵٫۱۳}$ = ۱۸۲۰ پونڈ فٹ

تب ت ک = کنکریٹ کا فشاری زور = $\frac{۶٫۸۷ \times ۱۰۰}{۵٫۱۳}$ = ۱۳۴ پونڈ فی مربع انچ


اور ت = فولاد کا تنشی زور = $\frac{۳٫۱۳ \times ۱۰۰ \times ۱۵}{۵٫۱۳}$ = ۹۱۵ پونڈ فی مربع انچ

دیکھو ت ک = ۱۰۰ لیا گیا ہے جو معمول سے زیادہ ہے لیکن اگر کنکریٹ تڑق جائے تو بھی فولاد کی گرفت باقی رہیگی اس لیے اتنا زیادہ زور لینے میں ہم حق بجانب ہیں۔

اوپر کی مثال سے ظاہر ہوگا کہ اس طریقۂ حساب سے شہتیر کچھ زیادہ

باکفایت ثابت نہیں ہوتا کیونکہ فولاد پر بہت کم زور پڑتا ہے اور کنکریٹ کا فشاری زور بھی بہت کم ہے۔

اس وجہ سے دستور یہ ہے کہ کنکریٹ کے تنشی زور کو نظر انداز کر دیا جائے یعنی اگر کنکریٹ تڑق بھی جائے تو کوئی حرج نہ ہو۔ عملاً یہ پایا گیا ہے کہ ایسی تڑقوں سے (دیکھو صفحہ ۶۱۸ سطر) کوئی حرج نہیں ہوتا جب تک کہ فولاد اور کنکریٹ کے درمیان چپک اچھی ہو اور فولاد کا تنشی زور اور کنکریٹ کا فشاری زور بے خطر حدود کے اندر ہوں۔



شکل ۲۰۰

اس سلسلے میں یہ بیان کر دینا مناسب ہوگا کہ کنکریٹ کے تنشی زوروں کو نظر انداز کرنے سے قدرِ سلامتی بڑھ نہیں جاتی جیسا کہ بعض مصنفین کا بیان ہے۔ آگے چل کر معلوم ہوگا کہ ان زوروں کو نظر انداز کرنے سے بے خطر خماؤ کے معیار کی قیمت بہت بڑی حاصل ہوتی ہے اور اس طرح قدرِ سلامتی گھٹ جاتی ہے۔

اسی شہتیر کی مضبوطی بغیر احکام کے ــــ مقابلے کی غرض سے

ہم ایک بغیر احکام کے ۱۲" × ۶" کے شہتیر کی مضبوطی معلوم کرینگے۔

احکام موجود نہ ہو تو $\frac{ت}{ک} = \frac{م \times ۶}{\frac{۶ \times (۱۲)^۳}{۱۲}} = \frac{م}{۱۴۴}$

اِس صورت میں بے خطر تی = ۵۰ پونڈ فی مربع انچ لینے سے

بے خطر خمأو کا معیار = $\frac{۱۴۴ \times ۵۰}{۱۲}$ = ۶۰۰ پونڈ فٹ

اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے طریقۂ حساب کی رُو سے محکم شہتیر کی مضبوطی بے اِحکام شہتیر کی تین گنی ہوتی ہے۔ اس کی لاگت تقریباً دوگنی ہوگی۔ اس طرح دیکھو ۵۰ فیصدی کی کفایت ہوئی۔

دوسرا طریقہ۔ تناسب مستقیم اور صفر تناؤ والا طریقہ۔

اِس طریقے کا یہ نام ہم نے اس لیے رکھا ہے کہ اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ مزید مفروضے کیا اختیار کیے گئے ہیں۔

مزید مفروضے یہ اختیار کیے جائینگے:۔

(ا) تمام تنشی زور اِحکام پر پڑتا ہے۔

(ب) کنکریٹ میں زور، فساد کے متناسب ہوتا ہے۔

(ج) اِحکام کا رقبہ اتنا خفیف ہے کہ اِس پر زور مستقل فرض کیا جاسکتا ہے۔

شکل ۲۰۱ء میں تراش، فساد کا نقشہ، اور زور کا نقشہ دکھایا گیا ہے۔

ہمارے پہلے مفروضے (صفحہ $\frac{۶۲۵}{۶۲۶}$) کی رُو سے انتصابی مستوی تراش ا ب مائل مستوی تراش أ ب ہو جائیگی۔ تعدیلی محور نقطۂ ج پر ہے۔

ہم کو پہلے تعدیلی محور کا محل معین کرنا ہے۔

أ أ اور د د علی الترتیب کنکریٹ اور فولاد کے اعظم فسادات کو ظاہر کرتے ہیں۔ اور چونکہ خط أ ب کو مستقیم فرض کیا گیا ہے اِس لیے یہ فسادات تعدیلی محور سے فاصلے کے متناسب رہینگے۔

$$\therefore \frac{\text{کنکریٹ کا اعظم فساد}}{\text{فولاد کا اعظم فساد}} = \frac{ع}{(گ - ع)} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۷)$$

لیکن کنکریٹ کا اعظم فساد = $\frac{ف}{مے_ک}$

اور فولاد کا اعظم فساد = $\frac{ت}{مے_ف}$

$$\therefore \frac{ع}{گ-ع} = \frac{ف}{ت} \cdot \frac{مے_ف}{مے_ک} = \frac{م ف}{ت}$$

$$\therefore ع\ ت = م\ ف\ (گ-ع) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۸)$$


$$گ-ع = \frac{ع\ ت}{م\ ف}$$

$$\therefore \quad گ = ع\left(۱ + \frac{ت}{م\ ف}\right)$$

$$\therefore \quad ع = \frac{گ}{۱ + \frac{ت}{م\ ف}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۹)$$

اِس سے تعدیلی محور کا محل معین ہوگا جب کہ ف اور ت معلوم ہوں، لیکن ف اور ت ہمیشہ معلوم نہیں ہونگے۔ اگر احکام کی سلاخیں دی ہوئی جسامت کی ہوں تو ت اِس جسامت پر منحصر ہوگا اور تعدیلی محور کا محل معلوم کرنے کے لیے حسب ذیل عمل کرنا ہوگا:۔ زور نقشے سے تراش میں زور کی تقسیم معلوم ہوتی ہے۔ چونکہ زور کو فساد کے متناسب مانا گیا ہے اِس لیے کنکریٹ کا زور کا نقشہ ایک مثلث ہوگا۔ اِس لیے اوسط فشاری زور $\frac{ف}{۲}$ ہوگا اور چونکہ فشاری رقبہ ض × ع ہے اِس لیے مجموعی فشاری زور $\frac{۱}{۲}$ ض ف ع ہوگا۔

چونکہ فولاد میں زور یکساں فرض کیا گیا ہے اِس لیے فولاد کا مجموعی تنشی زور ت ب ہوگا اور اگر شہتیر پر خالص خماؤ عمل کر رہا ہو تو یہ فشار اور تناؤ مساوی ہونگے۔



شکل ۲۰۱ ۔ محکم کنکریٹ کے شہتیر ۔ دوسرا طریقہ ۔

$$\therefore \text{ت ب}_{\text{ت}} = \frac{1}{2} \text{ف ض ع} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (10)$$

$$\text{یا} \quad \frac{\text{ف}}{\text{ت}} = \frac{2 \text{ ب}_{\text{ت}}}{\text{ض ع}}$$

اس کا (۸) سے مقابلہ کرنے سے

$$\frac{2 \text{ ب}_{\text{ت}}}{\text{ض ع}} = \frac{\text{ع}}{\text{م (گ - ع)}}$$

$$\therefore \text{ض ع}^2 = 2 \text{ م ب}_{\text{ت}} \text{ (گ - ع)} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (11)$$

$$\therefore \text{ض ع}^2 = 2 \text{ م ب}_{\text{ت}} \text{ گ} - 2 \text{م ب}_{\text{ت}} \text{ ع}$$

$$\text{یا} \quad \text{ض ع}^2 + 2 \text{ م ب}_{\text{ت}} \times \text{ع} - 2 \text{م ب}_{\text{ت}} \text{ گ} = 0$$

اس کا قابلِ قبول حل یہ ہوگا :—

$$\text{ع} = \frac{\text{م ب}_{\text{ت}}}{\text{ض}} \left\{ -1 + \sqrt{1 + \frac{2 \text{ ض گ}}{\text{م ب}_{\text{ت}}}} \right\} \quad \ldots\ldots\ldots (12)$$

چونکہ اس جملے میں تمام مقداریں معلوم ہیں اس لیے اِس سے

تعدیلی محور کا محل معین ہو جائیگا۔

ہم اس کو یوں لکھ سکتے ہیں :-

$$\frac{ع}{گ} = \frac{م_{مبت}}{ض_{گ}} \left\{ \sqrt{1 + \frac{2 ض_{گ}}{م_{مبت}}} - 1 \right\}$$

یا $$\frac{ع}{گ} = ع_{ر} = ر_{م} \left\{ \sqrt{1 + \frac{2}{ر_{م}}} - 1 \right\} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱۳)$$

اگر م = ۱۵ لیا جائے تو یہ حاصل ہوتا ہے۔—

ر =	$\frac{ع}{گ}$ =
۰۰۷ء	۳۶۵ء
۰۱۰ء	۴۱۷ء
۰۱۵ء	۴۸۳ء
۰۲۰ء	۵۳۰ء

مزاحمت کا معیار ——— اب ہم مزاحمت کا معیار مقابلۃً آسانی سے معلوم کر سکتے ہیں۔ حاصل فشار اپنے مثلث کے مرکزِ ثقل[۵] پر عمل کریگا۔ اس لیے حاصل فشار اور تناؤ کے درمیان فاصلہ گ - $\frac{ع}{۳}$ ہوگا۔ اس لیے اگر یہ حاصل فشار اور تناؤ ف اور ت سے تعبیر کیے جائیں تو مزاحم زوروں کا معیار جسے مزاحمت کا معیار کہا جاتا ہے یہ ہوگا :—

$$م_{ز} = ف (گ - \frac{ع}{۳})$$

$$= \frac{۱}{۲} ف ض ع (گ - \frac{ع}{۳}) \quad \ldots\ldots\ldots (۱۴)$$

یا $$م_{ز} = ت (گ - \frac{ع}{۳})$$

$$= ت_{مبت} (گ - \frac{ع}{۳}) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱۵)$$

۵ centre of gravity

اور یہ مزاحمت کا معیار اعظم خماؤ کے معیار کے مساوی ہونا چاہیے۔

عددی مثال — وہی تراش لو جو گزشتہ ضابطے کے سلسلہ میں لی گئی ہے (دیکھو شکل ۲۰۰) اور ف = ۶۰۰ پونڈ فی مربع انچ لو۔

مساوات (۱۲) سے

$$ع = \frac{۱۵ \times ۱۶۴۴}{۶} \left\{ ۱ - \sqrt{۱ + \frac{۱۰ \times ۶ \times ۲}{۱۵ \times ۱۶۴۴}} \right\}$$

$$= ۵۶۱ \text{ انچ}$$

$$گ - ع = ۱۰ - ۵۶۱ = ۴۳۹ \text{ انچ}$$

تب کنکریٹ کے لحاظ سے معیارِ مزاحمت یا بے خطر خماؤ کا معیار حسب ذیل ہوگا:

$$\frac{۶ \times ۶۰۰}{۲} \times ۵۶۱ \left\{ ۴۳۹ + \frac{۲}{۳} \times ۵۶۱ \right\} \text{ پونڈ انچ}$$

$$= \frac{۱۸۰۰}{۱۲} \times ۵۶۱ \times ۸۱۳ = ۶۸۲۰ \text{ پونڈ فٹ تقریباً}$$

اس کا مقابلہ پہلے طریقہ سے حاصل ہونے والے بے خطر خماؤ کے معیار سے کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ اُس کا تقریباً چار گنا ہے۔

اِس صورت میں فولاد میں زور $\frac{\text{م ن}}{\text{ب} (گ - \frac{ع}{۳})}$

$$= \frac{۱۲ \times ۵۷۰۰}{۸۱۳ \times ۱۶۴۴} = ۵۷۲۰ \text{ پونڈ فی مربع انچ}$$

فصل ۱۰ فٹ لیا جائے اور بوجھ یکساں منقسم ہو تو اعظم خماؤ کا معیار $\frac{و \times ۱۰}{۸}$ فٹ پونڈ ہوگا۔

$$\therefore \frac{و \times ۱۰}{۸} = ۵۷۲۰$$

یا $و = ۴۵۷۰$ پونڈ

اِس میں شہتیر کا وزن شامل ہے جو تقریباً

$$\frac{۱۰ \times ۱۲ \times ۶}{۱۴۴} \times ۱۴۴ \text{ پونڈ} = ۷۲۰ \text{ پونڈ}$$

ہے۔

اِس لیے بے خطر یکساں منقسم بوجھ

$$= ۷۲۰ - ۴۵۷۰$$

$$= ۳۸۵۰ \text{ پونڈ}$$

فولاد کے زور سے معلوم ہوگا کہ اِحکام کا رقبہ ضروری سے زیادہ ہے۔ مساوات (۹) اور (۱۰) کو ملانے سے ب کی ایسی قیمت حاصل ہوسکتی ہے جس سے کنکریٹ کے فشاری زور ۶۰۰ پونڈ فی مربع انچ کے لیے فولاد کا کوئی معقول زور مثلاً ۱۶۰۰۰ پونڈ فی مربع انچ حاصل ہو۔

اِس ضابطے کے نتائج امتحانات کے نتائج سے بہت مطابق ہوتے ہیں اور عملاً اِسی ضابطے کا استعمال سب میں زیادہ ہے۔

تیسرا طریقہ۔ عام صفر تناؤ کا طریقہ ——— اس طریقے میں ہم حسب سابق یہ فرض کرینگے کہ تمام تنشی زور فولاد برداشت کرتا ہے لیکن ہم یہ فرض کرینگے کہ کنکریٹ کے لیے زور فساد کا منحنی ایک خطِ مستقیم نہیں بلکہ کوئی اَور منحنی ہے۔

اِس طرح فساد کے نقشے سے زور نقشہ (شکل ۲۰۲ع) حاصل ہوگا۔


فرض کرو کہ اس کا رقبہ = ک × ف × ع اور اِس کا مرکزِ ہندسی چوٹی سے فاصلہ ما پر ہے۔

تب مساوات (۸) اور (۹) کی طرح

$$ع = \frac{(گ - ع)\, م\, ف}{ت}$$

$$\therefore \quad ع = \frac{گ}{1 + \frac{ت}{م\, ف}}$$

centroid



شکل ۲۰۲۔ محکم کنکریٹ کے شہتیر۔ تیسرا طریقہ۔

اب چونکہ مجموعی فشاری زور اور مجموعی تنشی زور مساوی ہونے چاہئیں اس لیے

$$\text{ت ب} = \text{ک ض ع ف} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (16)$$

$$\therefore \quad \text{ع} = \frac{(\text{گ} - \text{ع})\,\text{م ب}_{\text{ت}}}{\text{ک ض ع}}$$

$$\therefore \quad \text{ک ض ع}^{2} = \text{م ب}_{\text{ت}} (\text{گ} - \text{ع})$$

$$\text{یا} \quad \text{ک ض ع}^{2} + \text{م ب}_{\text{ت}}\,\text{ع} - \text{م ب}_{\text{ت}}\,\text{گ} = 0 \quad \ldots\ldots (17)$$

$$\therefore \quad \text{ع} = \frac{\text{ب}_{\text{ت}}\,\text{م}}{2\,\text{ک ض}} \left\{ \sqrt{1 + \frac{4\,\text{گ ک ض}}{\text{م ب}_{\text{ت}}\,\text{ع}}} - 1 \right\} \quad \ldots\ldots (18)$$

$$\text{یا} \quad \frac{\text{ع}}{\text{گ}} = \frac{\text{ر م}}{2\,\text{ک}} \left\{ \sqrt{1 + \frac{4\,\text{ک}}{\text{ر م}}} - 1 \right\} \quad \ldots\ldots (19)$$

اور معیارِ مزاحمت

$$= \text{م ر} = \text{ت ب}_{\text{ت}} (\text{گ} - \text{ا}) \quad \text{تناؤ کے لیے} \quad \ldots\ldots (20)$$

$$= \text{ک ض ع ف} (\text{گ} - \text{ا}) \quad \text{فشار کے لیے} \quad \ldots\ldots (21)$$

عددی مثال، زور فساد کا منحنی مکافی ـــــ تراش دہی لوجو

سابقہ مثالوں کے لیے لی گئی ہے (دیکھو شکل ۲۰۰)۔

اگر زور فساد کا منحنی ایک مکافی ہے جو فشاری کنارے پر حاسی ہو تو

$$ک = \frac{۲}{۳}$$

$$ما = \frac{۵}{۸} گ$$

اور دی ہوئی تراش کے لیے $ع = \frac{۱۵ \times ۱٫۴۴}{۶ \times \frac{۲}{۳} \times ۲} \left\{ ۱ - \sqrt{۱ + \frac{۶ \times ۱۰ \times ۲ \times ۴}{۳ \times ۱٫۴۴ \times ۱۵}} \right\}^{۲}$

$$= ۵٫۱۲''$$

$$\therefore گ - ع = ۱۰ - ۵٫۱۲ = ۴٫۸۸$$

$$\therefore$$ کنکریٹ کے لیے بے خطر م ن

$$= \frac{۲}{۳} \times ۶ \times ۵٫۱۲ \times ۶۰۰ (۴٫۸۸ + ۳٫۲۰) \quad \text{پونڈ انچ}$$

$$= \frac{۲}{۳} \times \frac{۶}{۱۲} \times ۵٫۱۲ \times ۶۰۰ \times ۸٫۰۸ \quad \text{پونڈ فٹ}$$

$$= ۸۳۰۰ \text{ پونڈ فٹ تقریباً}$$


اور احکام کا زور $= ز = \frac{م ن}{ف} = \frac{۱۲ \times ۸۳۰۰}{۱٫۴۴ \times ۸٫۰۸} = ۸۵۷۰$ پونڈ فی مربع انچ

دیکھو اس طریقے سے بے خطر خاؤ کے معیار کی قیمت اور بھی زیادہ حاصل ہوتی ہے۔ کنکریٹ کا زور فساد کا منحنی اگرچہ تقریباً مکافی ہوتا ہے لیکن مکافی کار اس ۶۰۰ پونڈ فی مربع انچ کے زور پر نہیں ہوگا۔

ہمارا خیال ہے کہ اوپر کے بیان سے اب یہ واضح ہو گیا ہوگا کہ اگر کنکریٹ کے خواص صحت کے ساتھ معلوم ہوں اور کیا مفروضات اختیار کر رہے ہیں یہ ذہن میں صاف ہو تو پھر محکم کنکریٹ کے شہتیروں کے

زور معلوم کرنے میں کوئی دقت نہیں ہونی چاہیے۔

محکم کنکریٹ کے T شہتیر ــــ محکم کنکریٹ کے سقف عموماً محکم سلوں پر مشتمل ہوتے ہیں جن کے ساتھ محکم شہتیر ایک طولی سمت میں معین فاصلوں سے ہوتے ہیں اور سل اور شہتیر یک لختہ ہوتے ہیں۔ شکل ۲۰۳ میں اس طرح کے ایک سقف کی تراش دکھائی گئی ہے جس کو متعدد T شہتیروں کا مجموعہ سمجھا جاسکتا ہے۔ سل کے اندر ان T شہتیروں کے طول کے علی القوائم احکامی سلاخیں ا دی گئی ہیں اور ان کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ سل کے مسلسل ہونے کی وجہ سے جہاں بالائی حصے میں خماؤ کا معیار معکوس ہو وہاں تناؤ کو برداشت کرے۔



شکل ۲۰۳۔

دستور یہ ہے کہ T شہتیروں کی کوروں کے موثر عرض کو T شہتیر کے فصل کے $\frac{1}{4}$ سے یا سل کی موٹائی کے ۱۲ گنے سے زیادہ نہ رکھا جائے۔

اب ہم صفر تناؤ تناسب مستقیم والا طریقہ اختیار کر کے شہتیر کے زوروں پر غور کرینگے۔

صورت ۱۔ اگر گ ں > ع تو وہی قواعد حاصل ہونگے جو طریقہ (۲) سے مستطیلی شہتیروں کے لیے حاصل ہوئے تھے اگر ض کی بجائے ض ں درج کر دیا جائے۔

صورت ۲ــ اگر گ ں < ع تو حسبِ ذیل عمل کرنا ہوگا:ــ

حسب سابق فساد کے نقشے پر غور کرنے سے

$$ع = \frac{(گ - ع)\, م\, ف}{ت}$$

$$ع = \frac{گ}{\frac{ت}{م\, ف} + ۱}$$

اب مجموعی زور کے نقشے (شکل ۲۰۴) پر غور کرو جس میں فشار کی شکل کا افقی معین = فشاری زور فی مربع انچ × شہتیر کا عرض۔

اب تراش پر مجموعی فشاری زور

= ف = رقبہ (ک د ھ۔ ھ ق گ)

$$= \frac{ف\, ض_{س}\, ع}{۲} - \frac{(ض_{س} - ض_{ر})\, لا}{۲} \times \frac{لا}{ع} \times ف$$

$$= \frac{ف}{۲}\left\{ض_{س}\, ع - \frac{(ض_{س} - ض_{ر})\, لا^{۲}}{ع}\right\}$$

لیکن $ف = ت = ت_{ب}$

$$\therefore ت_{ب} = \frac{ف}{۲}\left\{ض_{س}\, ع - \frac{(ض_{س} - ض_{ر})\, لا^{۲}}{ع}\right\} \quad \ldots\ldots (۲۲)$$


$$\therefore \frac{ف}{ت} = \frac{۲\, ب_{ت}}{\left\{ض_{س}\, ع - \frac{(ض_{س} - ض_{ر})\, لا^{۲}}{ع}\right\}}$$

$$\therefore ع = \frac{۲\, ب_{ت}\, م\, (گ - ع)}{\left\{ض_{س}\, ع - \frac{(ض_{س} - ض_{ر})\, لا^{۲}}{ع}\right\}}$$

یا $ع\left\{ض_{س}\, ع - \frac{(ض_{س} - ض_{ر})\, (ع - گ_{س})^{۲}}{ع}\right\} = ۲\, ب_{ت}\, م\, (گ - ع)$

$$ع \left\{ ض_ر ع + ۲ گ_س (ض_س - ض_ر) + \frac{گ_س^۲}{ع} (ض_ر - ض_س) \right\}$$
$$= ۲ جـ_ب م (گ - ع)$$

یا $$ض_ر ع^۲ + ۲ ع \left\{ جـ_ب م - ۲ گ_س (ض_س - ض_ر) \right\}$$
$$= ۲ جـ_ب م گ + (ض_س - ض_ر) گ_س^۲ \quad \ldots\ldots\ldots (۲۳)$$



شکل ۲۰۴ - محکم ⊤ شہتیر۔

اس مساوات درجۂ دوم سے ع کی قیمت حاصل ہو سکتی ہے۔
تب اگر زور فساد کے منحنی کے فشاری حصے کے رقبے کا مرکزِ ہندسی احکام کے مرکز سے فاصلہ و پر ہو تو
بے خطر خاؤ کا معیار = ف × و
فرض کرو کہ فشاری حصے کا مرکزِ ہندسی بالائی کنارے سے فاصلہ ما پر ہے۔
یہ مرکزِ ہندسی وہی ہوگا جو ایک اسی طرح کے جسم پر سیالی دباؤ کا مرکز دباؤ ہوتا جب کہ تعدیلی محورِ خطِ آب ہو۔ اِس صورت میں یہ آسانی سے ثابت کیا جا سکتا ہے کہ

$$ع - ما = \frac{\text{تعدیلی محور کے اوپر کے حصے کا دوسرا میعار تعدیلی محور کے گرد}}{\text{تعدیلی محور کے اوپر کے حصے کا پہلا میعار تعدیلی محور کے گرد}}$$


$$= \frac{\frac{ض_{س} ع^{۲}}{۳} - \frac{(ض_{س} - ض_{ر}) لا^{۲}}{۳}}{\frac{ض_{س} ع^{۲}}{۲} - \frac{(ض_{س} - ض_{ر}) لا^{۲}}{۲}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۲۴)$$

اِس کے ذریعے ع معلوم ہو سکیگا۔

اکثر مصنفین زور کے نقشے کے حصہ ف ع ھ کو نظر انداز کر دیتے ہیں لیکن اِس سے حسابات میں کوئی ایسی بہت آسانی نہیں پیدا ہوتی اس لیے ہم اِسے نظر انداز نہیں کرینگے۔

[نوٹ:۔ ایک بہت آسان تقریب جو عملاً اکثر حسابات کے لیے کافی ہے یہ ہے کہ ما = ۴ د گس اور ف = ۰٫۴ ض گس لیا جائے]۔

اِس صورت کے لیے اور مستطیلی شہتیر کے لیے یہ بھی کیا جا سکتا ہے کہ معادل تراش کا میعارِ جمود معلوم کیا جائے اور زور پہلے طریقے کے ضابطوں سے معلوم کیے جائیں۔



شکل ۲۰۵۔

⊤ شہتیر کی عددی مثال — ⊤ شہتیر کی وہ تراش لو جو شکل ۲۰۵ میں دکھائی گئی ہے۔ اِس صورت میں ہم اِحکام کے رقبہ جات کو دیا ہوا نہیں فرض کرینگے بلکہ اس کو حسب ذیل شرائط کے لیے محسوب کرینگے

ف = ۶۰۰ پونڈ فی مربع انچ

ت = ۱۶۰۰۰ " "

م = ۱۵

$$\text{اب ع} = \frac{\text{گ}}{1 + \frac{\text{ت}}{\text{م ف}}}$$

$$= \frac{15}{1 + \frac{16000}{15 \times 600}} = ۵٫۴ \text{ انچ}$$

∴ مساوات (۲۲) سے

$$16000 \times \text{جت} = \frac{600}{2}\left\{۴۸ \times ۵٫۴ - \frac{۳۸ \times (۱٫۹)^2}{۵٫۴}\right\}$$

∴ جت = ۴٫۳۸ مربع انچ

اِس کے لیے یہ کر سکتے ہیں کہ $\frac{3}{8}$" کی ۳ سلاخیں لی جائیں۔

معادل معیارِ جمود کے طریقے سے عمل کریں تو

$$\text{آع} = 15 \times ۴٫۴۹ \times (۱٫۹۶)^2 + ۴۸ \times \frac{(۵٫۴)^3}{3} - \frac{۳۸ \times (۱٫۹)^3}{3}$$

$$= ۸۶۴۱$$

∴ بے خطر خماؤ کا معیار = $\frac{۸۶۴۱ \times ۶۰۰}{۵٫۴}$ = ۹۶۰۰۰۰ پونڈ انچ

تقریبی قاعدے سے جو پہلے دیا گیا ہے :-

ا = ۱۵ - ۴٫۱ × ۳٫۵ = ۱۳٫۶

∴ ف = ۴۰۰ × ۴۸ × ۳٫۵ = ۶۷۲۰۰ پونڈ

∴ ت = ۶۷۲۰۰ پونڈ

∴ ب = $\frac{۶۷۲۰۰}{۱۶۰۰۰}$ = ۴٫۲ مربع انچ


بے خطر خماؤ کا معیار = ف × ا = ۶۷۲۰۰ × ۱۳٫۶ = ۹۱۰۰۰۰ پونڈ انچ

اتنی مطابقت عملی اغراض کے لیے کافی ہے۔

محکم کنکریٹ کے شہتیروں میں جزی زور اور چپک

محکم کنکریٹ کے شہتیروں کے جزی زوروں پر اب تک کچھ زیادہ روشنی نہیں ڈالی گئی۔ تجربات سے یہ قاعدہ کلیہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ معمولی فصل اور احکام کے معمولی فیصد کے شہتیر میں جہاں تک انتصابی جز کا تعلق ہے ۶۰ پونڈ فی مربع انچ کا بے خطر جزی زور اختیار کیا جاسکتا ہے۔

محکم کنکریٹ کے شہتیر کا جز تختی گرڈر کے جز سے اس لحاظ سے مختلف ہے:۔ تختی گرڈر میں جز کے فشاری جزو سے پیدا ہونے والے جھکاؤ کی رعایت سے کسنیاں لگانی پڑتی ہیں اور محکم شہتیر میں کسنیوں کی بجائے سلاخیں لگانی پڑتی ہیں جو جز کے تنشی جزو کو برداشت کریں اور ان سلاخوں کو اتنا لنگر ہونا چاہیے کہ اُن میں یہ تناؤ پیدا ہوسکے۔




شکل ۲۰۶ ۔ جزی احکام

شکل ۲۰۶ میں جزی زور کے انتظام کا ایک طریقہ دکھایا گیا ہے۔ مزید مثالیں اشکال ۲۰۹، ۲۱۰ میں دی گئی ہیں۔

طولی جز اور چپک ـــــ ایک محکم کنکریٹ کے شہتیر دو نقاط

ا اور ب پر کی دو انتصابی تراشوں پر غور کرو جو ایک چھوٹے فاصلے لا پر ہیں (شکل ۲۰۷)۔ نقطہ ا پر خماؤ کے معیار کی وجہ سے مجموعی زور ف اور ق ہیں اور ب پر ف اور ق۔



شکل ۲۰۷۔ محکم شہتیروں میں جزی زور۔

$$\text{اب} \quad \text{ت} = \frac{\text{ف}}{\text{لا}}$$

$$\text{ت} = \frac{\text{ف}}{\text{لا}}$$

$$\therefore \quad ت - ت = \frac{م - م_ب}{ل}$$

$$\therefore \quad \frac{ت - ت}{لا} = \frac{م - م_ب}{لا \times ل} = \frac{ق}{ل}$$

جہاں ق حصہ ا ب پر جزی قوت ہے اور لا کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے $\frac{م - م_ب}{لا}$ کے مساوی ہے۔

لیکن $\frac{ت - ت}{لا}$ احکام کی کھینچ کا فرق فی اکائی طول ہے اور یہ وہ قوت ہے جو احکام کو کنکریٹ میں سے کھینچ کر نکال لینے کا تقاضا کرتی ہے، یا بالفاظِ دیگر

$\frac{ت - ت}{لا}$ = چپک کی قوت شہتیر کے فی اکائی طول

اب فرض کرو کہ چپک کا بے خطر زور = ز اور احکام کا مجموعی گھیر ھ ہے۔

تب ز × ھ = چپک کی بے خطر قوت فی اکائی طول

اس لیے ق کو (ز × ھ × ل) سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

مثلاً صفحہ ۶۳۵ پر حل کی ہوئی مثال لو۔

اگر احکام دو گول سلاخوں پر مشتمل ہو تو ھ = ۸٫۶۳، اور اس مثال میں ل = ۸٫۳۱ اور ق = $\frac{۴۵۶۰}{۲}$ = ۲۲۸۰ تھا۔

$$\therefore \quad ز = \frac{۲۲۸۰}{۸٫۶۱ \times ۸٫۳۱} = ۳۱٫۹ \text{ پونڈ فی مربع انچ}$$

یہ بالکل بے خطر ہے۔

محکم کنکریٹ کے ستون


چھوٹے ستون مرکزاً لدے ہوئے ـــــ صفحہ $\frac{۶۲۳}{۶۲۴}$ پر دکھایا گیا ہے کہ

جس ستون میں جھکاؤ قابلِ نظر انداز ہو (اور اس کے لیے طول اقل قطر کے ۱۵ گنے سے کم ہونا چاہیے) اس کے لیے بے خطر بوجھ یہ ہوگا:-

$$د = ف\,(ب_ک + م\,ب_ن) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots \quad (۲۵)$$

اِحکام کی آڑی بندش ——— طولی اِحکام کے علاوہ کسی قسم کی بندش ضروری ہے تاکہ سلاخیں مطلوبہ فاصلے پر قایم رہیں۔ اِس کی وجہ یہ ہے :—

فرض کرو کہ ایک محکم ستون پر جس میں سلاخیں ا ب اور ج د ہیں (شکل ۲۰۸) فشار ڈالا جاتا ہے تو پورے ستون کے جھکاؤ سے بالکل علٰحدہ یہ ستون بیچ میں پھول جائیگا جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے اور اِحکامی سلاخیں جھک جائینگی کیونکہ ان کے لیے $\frac{ل}{ک}$ کی قیمت یا جھکاؤ کی قدر بہت بڑی ہوگی۔ اگر اِحکامی سلاخوں کو باہم باندھ دیا جائے،



شکل ۲۰۸۔ محکم کنکریٹ کے ستون۔

جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے، جس کی وجہ سے وہ جھک نہ سکیں تو ستون کا بیچ میں سے پھولنا بہت ہی گھٹ جائیگا اور اس طرح مضبوطی زیادہ ہو گی۔ موسیو[1] کنسی دیر نے بہت سے تجربات سے معلوم کیا ہے کہ بہترین نتائج اُس وقت حاصل ہوتے ہیں جب کہ مرغولی لچھے احکامی سلاخوں کے گرد لچھے کے قطر کے ½ تا ⅒ کے باہمی فاصلوں سے ہوں۔

موسیو کنسی دیر کا مشورہ ہے کہ لچھوں سے ستون کی مضبوطی پر جو اثر پڑتا ہے اس کی رعایت یوں رکھی جائے:۔

فرض کرو کہ مرغولی لچھوں کا معادل رقبہ طولی احکام کی شکل میں ب ل ہے (یعنی ب ل = $\frac{\text{لچھوں کی دھات کا حجم}}{\text{ستون کا طول}}$)

تب بے خطر بوجھ = ف (ب ک + م ب ف + ۲٫۴ م ب ل) ..... (۲۶)

لیکن آر۔ آئی۔ بی۔ اے کی رپورٹ میں اس کو اختیار نہیں کیا گیا۔

لمبے ستون مرکز اً لدے ہوئے ــــ محکم کنکریٹ کے لمبے ستونوں کی زیادہ تحقیق نہیں کی گئی۔

بعض ماہرین آئیلر کا ضابطہ استعمال کرتے ہیں جو متجانس تراش کے لیے وضع کیا گیا ہے یعنی

بے خطر زور = ز ج = $\frac{\text{۲ ط ے}}{\text{۴ ج ۲}}$ (دیکھو صفحہ ۴۵۹)،

جس میں ج جھکاؤ کی قدر ہے۔ ج کی قیمت کے لیے معادل متجانس تراش کا گردشی نصف قطر (دیکھو صفحہ ۱۰۵) استعمال کیا جاتا ہے۔ یعنی

$$\text{گ} = \sqrt{\frac{\text{آ}}{\text{ب}}}$$

[1] M. Considére

جہاں $ب = ب_ک + م\ ب_ن$

$آ$ = معادل دوسرا معیار

$= آ + (م-۱)\ ب_ن\ ر^۲$ (اس تراش کے لیے جو شکل ۲۰۸ میں دکھائی گئی ہے)

جہاں $آ$ اِحکام کو چھوڑ کر باقی تراش کا معیارِ جمود ہے۔

اِس طرح
$$آ = \frac{\pi\ ق^۴}{۶۴} + (م-۱)\ ب_ن\ ر^۲ \quad \text{دائرے کے لیے}$$
$$= \frac{ض\ ھ^۳}{۱۲} + (م-۱)\ ب_ن\ ر^۲ \quad \text{مستطیل کے لیے} \qquad \text{(۲۷)}$$

تب بے خطر بوجھ $= ز_ج \times (ب_ک + م\ ب_ن)$

رنکین کا ضابطہ بھی ذیل کی شکل میں استعمال کیا جا سکتا ہے:

$$ز_ج = \frac{۴۰۰}{۱ + \frac{ج^۲}{۸۰۰۰}}$$

[نوٹ۔ اِس میں ۴۰۰ کی بجائے ۵۰۰ استعمال کرنا چاہیے اگر خماؤ کے لیے ۶۰۰ استعمال کیا گیا ہے]

ج کی قیمت ل اور گ کی رقوم میں سروں کے مختلف حالات کے لیے صفحہ ۴۶۴ پر دی گئی ہے۔

محکم کنکریٹ، راست زور اور خماؤ ایک ساتھ

فرض کرو کہ محکم کنکریٹ کی کسی تعمیر میں دباؤ کا خط تراش کو معادل مرکزِ ہندسی سے فاصلہ ی پر قطع کرتا ہے، اور عمادی دباؤ د ہے۔ تب راست زور $\frac{د}{ب}$ ہوگا اور خماؤ کا معیار $د \times ی$ ہوگا۔

اب فرض کرو کہ ب = معادل متجانس رقبہ

آ = معاول متجانس دوسرا میار
لا = معادل مرکزِ ہندسی کا فاصلہ فشاری کنارے سے
ما = " " " تنشی " "

تب کنکریٹ میں فشاری زور

$$= ن_ک = \frac{د}{ب} + \frac{د \times لا \times ی}{آ}$$

$$= د \left(\frac{۱}{ب} + \frac{لا \times ی}{آ} \right) \ldots\ldots\ldots\ldots (۲۹)$$

کنکریٹ میں حاصل تنشی زور

$$= ن_ک = د \left(\frac{لا ی}{آ} - \frac{۱}{ب} \right) \ldots\ldots\ldots\ldots (۳۰)$$

بہت سے ماہرین کمانوں، کٹوں، پشتہ دیواروں، دُوکشوں وغیرہ جیسی تعمیروں کے لیے اُسی طریقے کو پسند کرتے ہیں جو کہ شہتیروں کے طریقہ نمبر ۱ (صفحہ ۶۲۷) کے معادل ہے۔

بے خطر زور $ن_ک$ اور $ن_ک$ علی الترتیب ۶۰۰ اور ۶۰ پونڈ فی مربع انچ لی جاسکتی ہے۔

مربعوں اور مستطیلوں کے لیے آ کی وہ قیمتیں لی جاسکتی ہیں جو مساوات (۲۷) میں دی گئی ہیں۔

دیگر لحاظات سے محکم کنکریٹ کی کمانوں، کٹوں، پشتہ دیواروں، دُوکشوں وغیرہ کی قائمیت کے حسابات ویسے ہی ہونگے جیسے کہ اِس باب میں دیے گئے ہیں۔

اگر تنشی زور اوپر کی مقدار سے زیادہ ہوجائے تو اوپر کے ضابطوں کا اطلاق نہیں ہوسکیگا اور بہت دِقّت طلب عمل کرنا ہوگا۔ اِس کا خاکہ مصنف کی کتاب "محکم کنکریٹ[۱] کی تعمیر کے مبادیات" میں دیا گیا ہے۔

[۱] Elements of Reinforced Concrete Construction

محکم کنکریٹ کی تعمیر کی تفصیلات کی مثالیں

اگرچہ اس کتاب کی وسعت اس کی اجازت نہیں دیتی کہ اُن کثیر التعداد عملی مسائل سے بحث کی جائے جو محکم کنکریٹ کی تفصیلی تجویز میں شریک ہوتے ہیں تاہم اشکال ۲۰۹ تا ۲۱۴ میں چند تمثیلی صورتیں دکھائی جائینگی جن سے مصنف کو سابقہ پڑا ہے۔

فولادی ڈھانچوں کی عمارتوں کے فرشوں کی سلیں (شکل ۲۰۹)۔

فولادی شہتیر جو فرش کے ڈھانچے کے طور پر ہیں نقطہ دار خطوط سے دکھائے گئے ہیں اور احکامی سلاخیں متبادلاً "سر اور دُم" کے طریقے پر رکھی گئی ہیں تاکہ بالائی احکام سہاروں پر کے منفی خماؤ کے معیار کو برداشت کر سکے۔ تمام سلاخوں کے خماؤ کی تفصیل اور ان کی تعداد جدول میں دکھائی گئی ہے۔ محکم کنکریٹ کے نقشوں میں علامت فہ سادہ مدور سلاخوں کو ظاہر کرتی ہے۔

محکم کنکریٹ کا شہتیر (شکل ۲۱۰)۔

یہ شکل محکم کنکریٹ کے ایک تمثیلی شہتیر کو دکھاتی ہے جو ایک مسلسل تعمیر کا ایک حصہ ہے۔ اوپر دو سلاخیں د بالکل سیدھی گزرتی ہیں اور جزی کڑیوں س کو ان کی جگہ قائم رکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ سروں پر کے جزی احکام کی تکمیل سلاخ ج سے کی گئی ہے جس کو موڑ دیا گیا ہے۔ دیکھو اس سلاخ کے موڑ بڑے نصف قطر کے ہیں۔ تیز موڑوں سے بچنا چاہیے۔

دو ستونوں کے لیے متحد پایہ (شکل ۲۱۱) ــــ دونوں ستون

محکم کنکریٹ کے ایک مقلوب T شہتیر پر ہیں جو دونوں سروں پر ستونوں سے باہر نکلا ہوا ہے۔ قاعدے کی اس برآمدہ بیرمی سل کے لیے احکامی سلاخیں ج ہیں۔

محکم کنکریٹ کی دیواروں کے زمیں دوز حوض (شکل ۲۱۱ل)۔ انتصابی دیواروں کو بطور سلوں کے تجویز کیا گیا ہے جن کا فصل چوٹی اور تہ کے درمیان ہے اور جن کے سرے ثابت ہیں۔ احکام "چوٹی اور تہ دونوں" کا دیا گیا ہے کیونکہ جب حوض خالی ہوگا تو زمین کا دباؤ باہر سے ہوگا اور جب بھرا ہوا ہوگا تو دباؤ اندر سے ہوگا۔ دیکھو کنکریٹ کا آمیزہ معمولی ۱:۲:۴ والے آمیزہ سے زیادہ طاقتور ہے۔ اس سے آمیزہ پن روک ہوگا۔ نیز دیکھو ان نقشوں میں سے اکثر میں آمیزے کی تخصیص سیمنٹ کے وزن اور ریت اور گٹی کے حجم سے کی گئی ہے۔ مصنف اس طریقے کا بہت حامی ہے۔

کوٹھے کی کرسی کی پشتہ دیوار (شکل ۲۱۲) ــــ یہ ایک برآمدہ بیرمی دیوار ہے جس کی ایڑی کسی قدر پیچھے نکلی ہوئی ہے۔ یہ ایڑی انتصاباً بھی نکلی ہوئی ہے تاکہ پھسلن کی مزید روک ہو سکے۔ سلاخوں دھ سے ایڑی پر کی ناکارگی کو روکنے کے لیے مزید مضبوطی حاصل ہوتی ہے۔

محکم کنکریٹ کا لٹھا (شکل ۲۱۳) ــــ صدر احکامی سلاخوں کو اچھی موٹی پوشش (۲½ انچ) دی جاتی ہے اور احکامی ڈھانچے کو استوار کرنے کے لیے سانچے میں رکھنے سے پہلے ڈھلی ہوئی فاصلہ بند سلاخوں ج کو وتری ارکان کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس قسم کے لٹھے کی تجویز میں اس کا خیال رہے کہ کاندھوں پر رکھ کر لے جاتے وقت جو خاؤ کے زور پیدا ہوتے ہیں وہ بے خطر حد سے زیادہ نہ ہوں۔

محکم کنکریٹ کا پہلے سے ڈھلا ہوا وتری رباط (شکل ۲۱۴)ــ

یہ ایک پہلے سے ڈھلا ہوا وتری رباط ہے جو ستونوں کو لگایا جائیگا اور تہ پر ایک افقی رباط ہوگا جو نقطہ دار خطوط سے دکھایا گیا ہے۔ دیکھو آگے کو نکلی ہوئی بندشی سلاخیں مہیا کی گئی ہیں۔


چھتوں وغیرہ کو آگن روک بنانے کے لیے معمولی فولاد کاری کے ساتھ جو محکم کنکریٹ کی ساخت استعمال ہوتی ہے اُس کی مزید مثالیں باب ۱۶ میں دی گئی ہیں۔

اوپر کی بحث میں ہم نے عملی نکات مثلاً قالب بندی، سانچے، کنکریٹ بچھانا، وغیرہ سے بحث کرنے کی کوشش نہیں کی۔ مضمون پر پورا عبور حاصل کرنے کے لیے ان کا جاننا ضروری ہے۔ ہماری بحث ایک تمہید ہے جس سے مقصود یہ ہے کہ عام باتیں معلوم ہوں اور نظریہ ممکنہ حد تک واضح ہو جائے۔ مزید معلومات کے لیے طلبہ جاریہ رسالوں اور مشہور مقالوں کا مطالعہ کریں جن میں سے مینگ[1] کی "محکم کنکریٹ کی تجویز"، فیبر[2] اور باؤی کی "محکم کنکریٹ کی تجویز"، اور آلبن ایچ سکاٹ[3] کی "محکم کنکریٹ کا استعمال" قابلِ ذکر ہیں۔ نیز مصنف نے بھی ایک مختصر کتاب لکھی ہے جس کا ذکر صفحہ ۶۵۰ پر کیا گیا ہے۔

---

[1] Manning [2] Faber and Bowie

[3] Alban H. Scott



تراش ا-ا


احکامی جدول

کشتیاں		سلاخیں				
نشان	نشان	جسامت	اعداد	لمبائی	خاکہ	ریمارکس
ا	ا	½ فٹ	۲۱	۸ فٹ ۷ انچ		ا اور ب متبادلاً
	ب	½ فٹ	۲۲	۱۰ فٹ ۹½ انچ		سر اور دُم ۵" پر مرکز بہ مرکز
ب	ج	½ فٹ	۳۸	۱۰ فٹ ۱۱½ انچ		سر اور دُم ۵" پر مرکز بہ مرکز
ج	د	½ فٹ	۷	۹ فٹ ۱½ انچ		سر اور دُم متبادلاً ۸" پر مرکز بہ مرکز
	ع	½ فٹ	۸	۹ فٹ ۱½ انچ		
د	ف	½ فٹ	۱۵	۸ فٹ ۲½ انچ		سر اور دُم ۸" پر مرکز بہ مرکز
ع	ک	½ فٹ	۱۵	۸ فٹ ۱۱½ انچ		سر اور دُم ۸" پر مرکز بہ مرکز

½ فٹ لفیتی سلاخیں ہر جگہ ۶" مرکز بہ مرکز۔ جوڑوں پر آغوش ۲ فٹ صدر سلاخوں کو تار سے کسی ہوئی

۳۰ سیمنٹ	کل ۶ ۲ معیاری حجم
پوٹی اور پیندے پر ہر جگہ ½" کی پوشش ہونی چاہیے۔	
کنکریٹ کا آمیزہ ۲۰۰ پونڈ اعلیٰ سیمنٹ ۴ مکعب فٹ ریت ۸ مکعب فٹ ½ تک کی کھڑی گٹی کے ۸ مکعب فٹ	

شکل ۲۰۹۔ محکم کنکریٹ کی فرش کی سل۔




احکام				
نشان	جسامت	اعداد	طول	خاکہ
ا	⅞ ف	۲	۵ آ ۴	
ب	⅞ ف	۲	۵ آ ۱۰	
ج	⅞ ف	۱	۱ آ ۶	
د	⅞ ف	۲	۵ آ ۴	
س	½ ف	۴۴	۸	

موکیں
⅞ ف × ۳½ اندرونی قطر
موک سے باہر مستقیم حصے پر طول = ۳½
خموں پر نصف قطر تمام موکوں پر = ۱۲، زاویہ = ۵۰°

کنکریٹ کا آمیز
۱ حصہ پورٹلینڈ سیمنٹ
۲ حصے ریت
۴ حصے گٹی


شکل ۲۱۰۔






اساس میں احکام

نشان	جسامت	اعداد	طول	خاؤ
ا	۱/۲ اً فہ	۲	۵ ۵ اَ	
ب	۱/۲ اً فہ	۲	۵ ۵ اَ	
ج	۵/۸ فہ	۲۷	۶ ۶	
د	۱/۲ فہ	۲	۳ ۱۴ اَ	
ع	۵/۸ فہ	۲	۵ ۱۴ اَ	
ف	۱/۲ اً فہ	۱۴	۵ ۵	۱۸ اَ بیرون

شکل ۲۱۱ محکم کنکریٹ کی بنیاد۔



احکام				
نمادُ	طول	اعداد	جسامت	نشان
	۱۵ ف ۸ ۱/۲	۱۷	۳/۸ فٹ	و
	۱۷ ف ۸	۱۷	۳/۸ فٹ	ب
	۲ ف ۸	۱۷	۳/۸ فٹ	ج
	۲ ف ۱۱	۹	۳/۸ فٹ	د
مستقیم	۹ ف ۸	۶	۳/۸ فٹ	ع
مستقیم	۷ ف ۳	۱۱	۵/۱۶ فٹ	ف


۱/۲ انچ = ۱ فٹ معیاری پیمانہ

پوشش ۲ انچ جز اُن مقاموں کے جہاں اس کے خلاف درج ہو۔


کنکریٹ آمیزہ

۱ حصہ (۲۰۴ پونڈ) پورٹلینڈ سیمنٹ
۲ حصے فٹ ریت
۴ حصے فٹ بجری


شکل ۲۱۱ ۔ محکم کنکریٹ کے حوض کی تفصیل۔



شکل ۲۱۲ محکم کنکریٹ کی پشتہ دیوار۔


۱۰ فٹ
۲۹ فٹ
۱۰ فٹ
۱۰ فٹ
۱ فٹ ۶ انچ
۲ فٹ ۶ انچ
۳ فٹ ۴ انچ
۳ فٹ ۴ انچ
۳ فٹ ۸ انچ
۲ فٹ ۶ انچ
۱ فٹ ۶ انچ
۱۰ انچ
۳ انچ
۹ انچ
۱۲ انچ
۱۲ انچ
۱۲

بھرے ہوئے خطوط سے پہلے سے ڈھلا ہوا کا مظاہر ہوتا ہے
نقطہ دار خطوط سے وہ کام ظاہر ہوتا ہے جو "فی محلہ"
ڈھالا گیا ہو۔



احکام				
نشان	جسامت	تعداد	طول	خاکہ
ا	أ فہ	٨	۱۸ أ	
ب	⅝ فہ	۳۲	۳	اندرونی
ج	½ فہ	۴	۳ أ	
د	½ فہ	۴	۴	
ع	½ فہ	٨	۴ أ	
ف	½ فہ	۴	۴ أ	

پیکس

أ فہ - ۴ اندرونی قطر تک کے باہر سیدھا طول ۴
½ فہ - ۴ " " " ۲

کنکریٹ کا آمیزہ

۱ حصہ سیمنٹ
۲ حصے ریت
۴ حصے گٹی

شکل ۲۱۴ محکم کنکریٹ کا پہلے سے ڈھلا ہوا رباط

سولھواں باب

عمارتوں وغیرہ کی فولاد کاری کی تجویز

تمہید ـــــ آج کل عمارتوں کو جو جسیم اور بھاری بوجھ برداشت کرنے پڑتے ہیں اُن کی وجہ سے اب عمارتیں ایسی بنائی جانے لگی ہیں جو تقریباً فولاد کا ایک ڈھانچہ ہوتی ہیں جو چنائی سے ڈھکا ہوتا ہے۔

عمارت کے فولادی ڈھانچہ کو اس طرح تجویز کرنا چاہیے کہ خشت کاری کی امداد کے بغیر تمام بوجھوں کو برداشت کرلے۔ خشت کاری کی موٹائی مقامی قوانین کی تابع ہوگی۔

تراشوں کی جسامتوں اور شکلوں کا انتخاب ـــــ ہم باب ۲ میں بیان کرچکے ہیں کہ دو تجویزیں مضبوطی میں مساوی ہوں تو اُن میں بہتر وہ ہے جس کی لاگت کم ہو (یہ لازماً وہ نہیں ہوگی جس میں مال مسالا کم صرف ہو)۔ لاگت زیادہ تر مال مسالے کی مقدار، کاریگری کی اجرت، اور کھڑا کرنے کی آسانی پر اور مطلوبہ مال مسالے کی فراہمی کی آسانی پر منحصر ہوگی۔ مختلف ابعاد کی تراشوں کے مال کی تھوڑی مقدار کی لاگت ایک ہی تراش کی کثیر مقدار کی لاگت سے زیادہ ہوگی اور نیز جو تراش دوکان میں ہمیشہ موجود رہتی ہے وہ بہت ارزاں ہوتی ہے بہ نسبت اُس تراش کے جو فہرست میں تو موجود ہو لیکن اس کو خاص طور پر بیل کرمہیا کرنا پڑے جس میں تاخیر بہت ہوتی ہے۔ اس لیے کوشش یہ ہونی چاہیے کہ تجویز میں ایسی تراشیں استعمال

کی جائیں جو فوراً یا جلد دستیاب ہو سکیں اور نیز جہاں تک معقولیت کے ساتھ ممکن ہو ارکان کی زیادہ سے زیادہ تعداد ایک ہی تراش کی ہو۔

عملی آدمی کتابی علم کو اکثر مشتبہ نظروں سے دیکھتے ہیں۔ وہ اپنے شبہات کی تائید میں یہ کہتے ہیں کہ سائنٹفک تجویزوں میں تراشیں $\frac{1}{32}$ انچ تک محسوب کی جاتی ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایک چھوٹی سی چھت قینچی میں بھی تمام سلاخیں مختلف تراشوں کی ہوتی ہیں۔ دراصل اس میں فنِ تجویز کی غلطی نہیں بلکہ مجوز کی جس نے فن کا ایک حصہ ذہن میں رکھا اور جو سب میں اہم چیز ہے یعنی عقلِ سلیم اسی کا استعمال نہیں کیا۔

بے شک خصوصی صورتوں میں مثلاً بہت بڑے فصل کے پُل جن میں تعمیر کا مردہ بوجھ اکثر بعد میں پڑنے والے بوجھوں سے زیادہ ہوتا ہے، تراشوں کو صحت کے ساتھ محسوب کرنا چاہیے۔ لیکن اکثر صورتوں میں اُن ہی تراشوں کا استعمال ارزاں ہوگا جو عام استعمال میں ہوں۔

مثلاً ذیل کی تراشیں مقابلۃً آسانی سے دستیاب ہوتی ہیں:۔

T تراشیں:۔ تمام نئی معیاری تراشیں (یہ ضمیمے میں دی گئی ہیں)۔

مساوی لے تراشیں:۔ تمام معیاری تراشیں (یہ ضمیمے میں دی گئی ہیں) سوائے $9'' \times 9''$، $8'' \times 8''$، $4'' \times 4\frac{1}{2}''$ کے۔

نامساوی لے تراشیں:۔ $9'' \times 4''$، $8'' \times 4''$، $6'' \times 3\frac{1}{2}''$، $6'' \times 4''$، $6'' \times 3\frac{1}{2}''$، $6'' \times 3''$، $5'' \times 3''$، $4'' \times 3''$، $3'' \times 2\frac{1}{2}''$۔

نالی دار تراشیں:۔ تمام نئی معیاری تراشیں سوائے $7'' \times 4''$ اور $10'' \times 3''$ کے۔

Z تراشیں بہت کم استعمال ہوتی ہیں۔

چپٹی سلاخیں۔ $6''$ تا $9''$۔ اور عرض میں انچوں کے جفت اعداد $20''$ تک پھر $24''$، $30''$، $36''$۔

یہ معلوم ہو کہ اوپر کی فہرست صرف رہبری کے لیے ہے اور یہ نہ سمجھا جائے کہ کارخانے دوسری تراشیں لازماً نہیں ہی رکھینگے۔

بعض کارخانے "فولادی مال کے زائد دام" کے نام سے ایک کتاب شایع کرتے ہیں جس کو مجوز دیکھ لیا کریں تو مناسب ہے۔

ٹکڑوں کے طول۔ کارخانوں کا دستور ہے کہ چند مقررہ طولوں سے زیادہ کے لیے زیادہ دام لیتے ہیں۔ اِن مقررہ طولوں کے اوسط تقریباً حسب ذیل ہیں:۔

چپٹی سلاخیں	۴۰ فٹ
زاویے اور T	۶۰ "
I شہتیر اور نالیاں	۵۰ "
تختیاں	۳۵ فٹ تقریباً، ۶ فٹ ۶ انچ کے عرض تک

تختیوں کی موٹائی ـــــ سب میں زیادہ کثیرالاستعمال موٹائیاں $\frac{3}{8}$"، $\frac{1}{2}$" اور $\frac{5}{8}$" ہیں اور اگر اس سے زیادہ موٹائی درکار ہو تو عموماً دو تختیوں کو ریوٹ کرلیا جاتا ہے۔ لیکن پٹیا تختیوں کے لیے اکثر $\frac{3}{4}$" تا 1" استعمال کیے جاتے ہیں۔ $\frac{1}{32}$ انچ کے طاق ضعفوں سے عموماً احتراز کیا جاتا ہے کیونکہ ان سے کھڑا کرنے میں پیچیدگی ہوتی ہے۔

فولادکاری کی تکمیل۔ یہ تخصیص عام طور پر کی جاتی ہے کہ کور کی تختیوں کے کنارے رندہ کیے ہوئے ہوں لیکن دراصل بہتر یہ ہوگا کہ رندہ کی ہوئی تختیوں کے بجائے چپٹی سلاخیں استعمال کی جائیں کیونکہ رندہ کرنے میں بہت وقت لگتا ہے اور کارگاہ میں اِس کی وجہ سے چپقلش ہوجاتی ہے اور اس کے علاوہ بیلی سلاخوں کی کھال تکسید کی مدافعت زیادہ اچھی طرح کرتی ہے۔ اور اگر تعمیر کی تکمیل کے بعد یہ کنارے نظر آنے والے نہ ہوں تو رندہ کرنے کی کوئی ضرورت ہی نہیں۔ ہاں البتہ جن تختیوں اور دیگر تراشوں میں عمدہ مسندی سطح پیدا کرنے کی ضرورت ہو اُن کو رندہ کرنا لازمی ہے۔

عمارتوں پر کے بوجھ۔ مُردہ بوجھ ـــ اس میں دیواروں، چھتوں،

ٹانکیوں، اور تمام مستقل تعمیر کے وزن شامل ہیں اور اس کو سرسری نقشوں سے جتنا صحت کے ساتھ حاصل ہو سکے حاصل کرنا چاہیے۔

زندہ بوجھ۔ ذیل کی جدول میں وہ معادل مردہ بوجھ دیے گئے ہیں جو مختلف ماہرین نے فرش کے فی مربع فٹ تخصیص کیے ہیں۔ لندن کے قانونِ تعمیر کی ذیل میں جو اعداد دیے گئے ہیں اُن کے متعلق یہ معلوم ہو کہ اب لندن کونٹی کونسل کو ان اعداد میں ترمیم کا اختیار حاصل ہے اور مصنف کا خیال ہے کہ لندن کونٹی کونسل کو درخواست دینے پر بہت سی صورتوں میں تعمیری انجینیروں کی مجلس کے قائم کیے ہوئے اعداد کی اجازت دی گئی ہے۔

فرش کی قسم	اوپر سے پڑنے والا بوجھ پونڈ فی مربع فٹ				
	لندن کا قانونِ تعمیر سنہ ۱۹۰۶ء	تعمیری انجینیروں کی مجلس	کینیڈا	نیویارک	جرمنی
سکونتی مکان	۷۰	۴۰ تا ۶۰	۳۰ تا ۴۰	۴۰	۴۱
ہوٹلوں کی خوابگاہیں و دفاتر	۸۴	۶۰	۴۰	۴۰	—
زمینی فرش	۱۰۰	۱۰۰	۸۰	۱۰۰	۱۰۲
بالائی فرش	۱۰۰	۸۰	۴۰	۵۰	۱۰۲
چلر فروشی کی دوکانیں	۱۱۲	۱۰۰	۸۰	۷۵	۷۲ تا ۱۰۲
ہلکے کارخانے	۱۱۲	۱۰۰	۸۰	۱۲۰	۱۰۲
ناٹک گھر، گرجا وغیرہ	۱۱۲	۱۰۰	۶۰ یا ۸۰	۷۵ تا ۱۰۰	۱۰۲
ورزش خانے اور ناچ گھر	۱۵۰	۱۵۰	۱۲۰	—	—
مال خانے	۲۲۴	۲۰۰	۱۲۰	۱۲۰	۱۰۲ سے کم نہیں
بوجھ چھت سے منقسم ڈھال ۲۰° یا کم	۲۸	۵۰ یا ۲۵	۳۰ تا ۴۰	۴۰	—
ڈھال ۲۰° سے زیادہ	۵۶	۲۵ یا ۱۵	۲۵ (برس ۲ فٹ)	۳۰	—

اگر گودام کسی خاص جنس مثلاً غلہ کی ایک معین حجمی مقدار کے رکھنے کے لیے ہو تو اس کے حقیقی وزن کے لیے بطور خاص حساب کرنا ہوگا۔

بہت سے ماہرین کا اب خیال ہے کہ اوپر سے پڑنے والے فی مربع فٹ بوجھ کے علاوہ منفرد بوجھوں مثلاً تجوریوں وغیرہ کی بھی رعایت رکھنی چاہیے اور وہ یہ تخصیص کرتے ہیں کہ نہ صرف فرش کو اس طرح کی کسی جدول کے مطابق یکساں بوجھ سہارنے کے قابل ہونا چاہیے بلکہ فرش کے ہر صد شہتیر کو ۳۰۰۰ تا ۵۰۰۰ کا ایک منفرد بوجھ سہارنے کے قابل ہونا چاہیے۔ اس کو ایک مزید بوجھ نہ سمجھا جائے بلکہ شہتیر کو اس یکساں بوجھ اور اس منفرد بوجھ دونوں میں سے جس سے خماؤ کا معیار زیادہ پیدا ہو اس کے لحاظ سے تجویز کیا جائے۔

امریکہ میں تین بڑے دفتروں کی عمارتوں پر کے حقیقی وزن دیکھے گئے اور ان کی اعظم قیمت ۴۰٫۲ پونڈ فی مربع فٹ حاصل ہوئی اور اکثر اس سے بہت کم تھے۔ اب اس امر کی رعایت رکھتے ہوئے کہ اس کا ایک خاصا حصہ زندہ بوجھ ہوگا معادل مُردہ بوجھ ۵۰ پونڈ بالائی فرشوں کے لیے بالکل قابل اطمینان ہے۔

دو سے زیادہ منزلہ عمارتوں کے لیے کم تجویز کرنے میں دستور یہ ہے کہ زندہ بوجھوں کو ذیل کے طریقے یا اس جیسے کسی اور طریقے کے مطابق گھٹا دیا جائے:۔ چھت اور بالائی منزلے کے لیے زندہ بوجھ پورا محسوب کیا جائے۔ اس سے نچلے منزلے کے لیے زندہ بوجھ ۱۰٪ کم۔ اس سے نچلے کے لیے ۲۰٪ کم۔ اور اسی طرح یہاں تک کہ کمی ۵۰٪ تک پہنچ جائے۔ اس کے بعد یہی کمی بحال رکھی جائے۔ مال خانوں کے لیے اس طرح کی کوئی کمی اختیار نہیں کی جاتی۔

ستون، ٹوپ، اور قاعدے ــــ کھموں کے کامی زور

باب ۱۲ کے مطابق حاصل کیے جاتے ہیں۔ ان کے حسابات میں ذیل کے امور کا خیال رکھا جائے:۔

(۱) اگر ستون پر گرڈر صرف ایک جانب ہو یا دونوں جانب کے

گرڈروں پر کے منقسم بوجھ مساوی نہ ہوں تو بوجھ کے خروج المرکز کا لحاظ رکھنا چاہیے۔

(ب) کونوں کے ستونوں کو یعنی اُن ستونوں کو جو عمارت کے کونوں میں ہوں جن پر دو گرڈر صرف علی القوائم سمتوں میں ہوں، خارج المرکز بوجھوں کے لیے تجویز کرنا چاہیے۔

(ج) جن ستونوں پر دونوں جانب ایسے گرڈر ہوں جن پر متحرک حمالے حرکت کریں (دیکھو شکل ۲۰۸ع) اُن کو اس صورت کے لیے تجویز کرنا چاہیے جب کہ ستون پر صرف ایک حمالہ چڑھی ہوئی ہو۔ ایسے ستونوں میں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اگر متحرک حمالہ کو ایک دم بریک لگایا جائے تو اس سے ستون پر ایک افقی گھسیٹنے والی قوت پیدا ہوگی جس کو متحرک حمالہ کے ۲، تک مثبت وہ جتنا بوجھ اُٹھا رہی ہو اس کا ۱/۵ لیا جاسکتا ہے۔ علی القوائم حرکت کرنے والے حمالہ (Crab) کے لیے گھسیٹنے والی قوت عموماً اس کی نصف لی جاتی ہے۔

(د) کسی ستون کے سرے کو ثابت اسی صورت میں سمجھا جاسکتا ہے کہ وہ دو مستویوں میں ثابت ہو۔ اگر کسی صورت میں یہ صرف ایک مستوی میں ثابت ہو جیسا کہ اُن ستونوں کی صورت میں ہوتا ہے جو ایک مچان گرڈر کو سہارتے ہیں تو اس کو سمت میں ثابت سمجھا جائے محل میں ثابت نہ سمجھا جائے جس کا ذکر صورت ۳ صفحہ ۴۶۳ میں کیا گیا ہے۔


اکثر ماہرین کا خیال ہے کہ فولادی ڈھانچے کی عمارت میں معمولاً جو کھم استعمال ہوتے ہیں اُن میں پوری نظری ثبیت حاصل نہیں ہوتی اور وہ جھکاؤ کی قدر ۱، ل ÷ ک سے کم نہیں لیتے۔ مصنف اس سے اتفاق کرتا ہے۔

ستونوں کی تراشیں ـــــ نرم فولاد کے ستونوں کے لیے

اگرچہ بعض اوقات ٹھوس مدور تراشیں استعمال کی جاتی ہے اور بعض ماہرین اس کے حامی ہیں لیکن اکثر اوقات خصوصاً کارخانوں میں ساختہ تراشیں استعمال کی جاتی ہیں۔ اور یہ ان صورتوں میں یقیناً کارآمد ہیں جن میں ستونوں کے مجموعی ابعاد کو ممکنہ طور پر

چھوٹا رکھنا مناسب ہو جیسا کہ نائک گھروں میں گیلریوں کو سہارنے والے کھموں کی صورت میں ہوتا ہے۔ آج کل تو گیلریوں کے نیچے ستون دیے ہی نہیں جاتے اور ان کی بجائے "ماٹل" شہتیر اور برآمدہ بیرم لگائے جاتے ہیں جو صدر گرڈروں میں سے یا اُن کے اوپر سے گزرتے ہیں اور عمارت کے یا کونوں کے لحاظ سے آڑے ہوتے ہیں۔

دستیابی اور کاریگری کی سہولت سے قطع نظر کی جائے تو بہترین تراش



شکل ۲۱۵۔ ستون، ٹوپ اور قاعدے

وہ ہے جس میں تراش کے اسی رقبہ کے لیے گردشی نصف قطر زیادہ سے زیادہ ہو۔ تجویز میں اُس کو ذہن میں رکھنا بے حد ضروری ہے۔

یہ تخصیص عام طور پر کی جاتی ہے کہ کسی فولادی ستون میں بے سہارا طول اس کے اقل گردشی نصف قطر کے ۱۶۰ گنے سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔ اور ڈھلے لوہے کے ستون میں ۸۰ گنے سے۔

ستون کے ٹوپ اور قاعدے ـــــ ستونوں کے ٹوپوں

کی جسامت اِن ستونوں پر آنے والے گرڈروں کی جسامت اور شکل پر منحصر ہوگی۔ ریویٹوں کی تعداد اس کے لیے کافی ہونی چاہیے کہ بوجھ کو گرڈروں سے ستونوں تک بے خطر منتقل کر سکیں۔ ٹوپ کی جسامت جتنی کم ہو اچھا ہے تاکہ لداؤ خارج المرکز نہ ہونے پائے۔ اشکال ۲۱۵ (ا) اور (ب) میں ٹھوس مدور اور ساختہ تراشوں کے لیے ٹوپوں اور قاعدوں کے تمثیلی نمونے دکھائے گئے ہیں۔ ٹھوس مدور تراشوں میں ٹوپ اور قاعدے پہنا کر سکڑائے جاتے ہیں اور درمیانی رابطے خصوصی ڈھلوانوں کی مدد سے حاصل ہوتے ہیں یا فولادی تختیوں کے شکنجوں سے جو ستون کے گرد جمائے جاتے ہیں اور کیلوں یا بولٹوں کے ذریعے ثابت کیے جاتے ہیں۔

قاعدے کی جسامت وہ جس پائے یا بنیاد میں نصب کیا جاتا ہے اس کی قوتِ برداشت پر منحصر ہے۔ یہ قوتِ برداشت (یعنی بے خطر دباؤ) آگے چل کر دی جائیگی۔

عام طور پر قاعدے کا عرض ستون کے عرض کے ۲ سے ۳ گنے تک رکھا جاتا ہے اور کلی نما تختیوں کی بلندی ستون کے عرض کی ۱½ ـــــ سے ۳ گنی تک۔

قاعدے کی تختی کا نکلا ہوا حصہ کسی صورت میں اتنا زیادہ نہیں ہونا چاہیے کہ اگر اس کو ایک بر آمدہ بریم سمجھا جائے جس پر یکساں بوجھ اس پر کے اوپر وارد دباؤ کے مساوی ہو تو اس میں جزی زور ۵ ٹن فی مربع انچ سے اور


تنشی زور ۸ ٹن فی مربع انچ سے زیادہ ہو۔ بعض ماہرین یہ قاعدہ اختیار کرتے ہیں کہ تختی کا نکلا ہوا حصہ موٹائی کے ۸ گنے سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

قاعدے کی تختی کو ستون سے جوڑنے والے ریوٹوں کی تعداد اتنی ہونی چاہیے کہ مجموعی بوجھ کے تقریباً $\frac{2}{3}$ کو برداشت کر سکیں۔


بھاری بوجھ اٹھانے والے ستونوں کے لیے اب یہ دستور ہے کہ قاعدے پر سلیں دی جائیں۔ ان کو مشین کیا جاتا ہے تاکہ ستون کے مشین کئے ہوئے سرے سے پورا تماس حاصل کر سکیں۔ زاویوں کا صرف یہ کام ہوتا ہے کہ چیزوں کو ان کے محل پر برقرار رکھیں۔

شکل ۲۱۵ و میں ایک بھاری ستون مع سل دکھایا گیا ہے جو ایک اڑناٹی پر رکھا جا رہا ہے۔

فولادی قاعدوں کے نیچے بعض اوقات ڈھلے لوہے کے قاعدے رکھے جاتے ہیں تاکہ فولادی قاعدے بہت بڑی جسامت کے نہ رکھنے پڑیں۔ ان ڈھلے لوہے کے قاعدوں کی بلندی بڑے سے بڑے عرض کی $\frac{1}{3}$ سے $\frac{1}{2}$ تک ہونی چاہیے اور دھات کی موٹائی کم از کم ایک انچ۔



شکل ۲۱۵ و۔



شکل ۲۱۶ - چوڑی کور کے شہتیر اور ستون کے ساتھ ان کے جوڑ۔

ستون کے قاعدے کی تختیوں یا سلوں کی موٹائی

ستون کے قاعدے کی تختیوں یا سلوں کی موٹائی محسوب کرنے کے کئی طریقے بیان کیے جاتے ہیں مصنف ذیل کے طریقے کی سفارش کرتا ہے :-

شکل ۲۱۵ کے حوالے سے :-

تراش ما ما پر غور کرو اور فرض کرو کہ نچلی جانب دباؤ یکساں حدت د کا ہے۔

نکلے ہوئے حصے پر بوجھ فی اکائی طول = د ما

تناظر خماؤ کا معیار = م = د ما × $\frac{ما}{۲}$ = $\frac{د ما^۲}{۲}$

∴ اگر قاعدے کی موٹائی ٹ ہو تو تراش کا مقیاس $\frac{۱ \times ٹ^۲}{۶}$ ہوگا۔

اس لیے اگر زور نہ ہو تو

$$ز \times \frac{ٹ^۲}{۶} = \frac{د ما^۲}{۲}$$

یا $$ز = \frac{۳ د ما^۲}{ٹ^۲} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

اسی طرح تراش مَا مَا پر غور کرنے سے

$$زَ = \frac{۳ د مَا^۲}{ٹ^۲}$$

دیکھو شکل ۲۱۶

یہ زور باہم علی القوائم ہیں اس لیے فساد کے نظریے کی رُو سے اور پوائسن کی نسبت = $\frac{۱}{۴}$ لینے سے

ماما پر معادل پر زور = ز - $\frac{ز}{۴}$

= $\frac{د۳}{۲ط}$ (ما^{۲} - $\frac{۱}{۴}$ ما^{۲}) ..... (۲)

مَاماَ پر معادل زور = $\frac{د۳}{۲ط}$ (مَا^{۲} - $\frac{۱}{۴}$ ما^{۲}) ..... (۳)

موٹائی ٹ اِس طرح حاصل ہوگی کہ دیکھیں کسی دیے ہوئے کامی زور کے لیے (۲) اور (۳) میں سے کس سے ٹ کی قیمت زیادہ حاصل ہوتی ہے اور وہ قیمت اختیار کریں۔

متبادل طریقہ ــــ بعض مجوز مرکزی خطوط ج اور جَ جَ کے گرد معیار لیتے ہیں پوائی سن کی نسبت کا لحاظ نہیں کرتے، اور نچوار دباؤ کو سایہ دار رقبے پر یکساں منقسم سمجھتے ہیں۔

اگر مجموعی بوجھ و ہو تو ج پر غور کرنے سے ایک اوپر وار قوت $\frac{و}{۲}$ ہوگی جو بازو $\frac{ل}{۴}$ پر عمل کریگی اور ایک نچوار قوت $\frac{و}{۲}$ ہوگی جو بازو $\frac{ل}{۴}$ پر عمل کریگی۔

اِس سے ج ج پر خمّاؤ کا معیار

= $\frac{و}{۲} \times \frac{ل}{۴} - \frac{و}{۲} \times \frac{ل}{۴}$

= $\frac{و}{۸}$ (ل - ل)

= $\frac{و ما}{۴}$


تراش کا مقیاس $\frac{ل ز^{۲}}{۶}$ ہے اِس لیے

ز = $\frac{۳ و ما}{۲ ط^{۲} ل}$ ..... (۴)

اِسی طرح تراش جَ جَ کے لیے

زَ = $\frac{۳ و ماَ}{۲ ط^{۲} ل}$ ..... (۵)

ایک دیے ہوئے کامی زور کے لیے موٹائی (۴) اور (۵) میں سے جس سے زیادہ حاصل ہو اُس سے حاصل کرنی چاہیے۔




شکل ۲۱۷ - فولادی کھم کے لئے سل کا قاعدہ -

دیکھو شکل ۲۱۷

مصنّف کا خیال ہے کہ اِس طریقے کے قابلِ اطلاق ہونے کے لیے ضروری ہے کہ سل میں سایہ دار رقبے کے مرکز اور سل کے کناروں کے درمیان انصراف ہو اور اِس سے دباؤ کناروں کی طرف منتقل ہوگا۔


بہت سے مجوز جو ضابطہ (۴) اور (۵) استعمال کرتے ہیں کامی زور فولاد کے عام کامی زور ۸ ٹن فی مربع انچ سے زیادہ لینے کے حامی ہیں۔ یعنی وہ بھی اقرار کرتے ہیں کہ اِن ضابطوں سے نتائج اصلی سے زیادہ حاصل ہوتے ہیں۔



شکل ۲۱۸۔ ورکشاپ کے لیے ستون

صفحہ ۶۷۷ پر دیے ہوئے اڑنا ٹی شہتیروں کی تجویز میں بھی اسی طرح کی باتوں کا لحاظ کرنا ہوگا جیسا کہ ستونوں کے قاعدوں کے لیے کیا گیا۔

استعمال سے ستونوں کی مثالیں ـــــ اشکال ۲۱۶ تا ۲۲۰ میں ستونوں کی مستعمل مثالیں دکھائی گئی ہیں جن کے مطالعہ سے ساخت کے بہت سے نکات واضح ہونگے۔



شکل ۲۱۹۔ ورکشاپ کے لیے ستون

شکل ۲۱۶ میں ایک تمثیلی کلیٹ دار جوڑ ستونوں اور گرڈروں کا دکھایا گیا ہے جو "چوڑی کور کے شہتیروں" سے بنے ہیں۔ اس کی مکمل تفصیل ایک عمدہ کتابچہ میں دی گئی ہے جو اسکلٹن اینڈ کمپنی نے شایع کی ہے (کتابچہ نمبر ۱ "تعمیری فولاد" شایع کردہ اسکلٹن اینڈ کمپنی) اشکال ۲۱۸ اور ۲۱۹ میں کارخانوں کے استعمال کے تمثیلی ستون

دکھائے گئے ہیں اور شکل ۲۲۰ میں ورکشاپ کی قسم کی ایک واحد فولادی ڈھانچے کی عمارت کی تفصیلات دکھائی گئی ہیں۔

ستونوں کی بنیادیں — ستونوں اور کھمبوں کی بنیادوں کی تجویز میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ ساری تعمیر کا قیام بنیادوں پر منحصر ہے۔ اس لیے بنیادوں کے لیے زر بہت پست رکھے جاتے ہیں۔

بنیادیں ہمیشہ اس طرح تجویز کرنی چاہییں کہ دھساؤ یکساں ہو یعنی ایک عمارت کے تمام ستونوں کی بنیادوں کے لیے ایک ہی کامی دباؤ فی مربع فٹ استعمال ہونا چاہیے۔

بنیادوں کے لیے بے خطر دباؤ — تجویز میں بنیادوں پر بے خطر دباؤں کے لیے ذیل کے اعداد لیے جا سکتے ہیں۔ اگر کسی اہم صورت میں گرد و پیش کی زمین کی قوتِ برداشت کے متعلق کوئی معلومات نہ مل سکیں تو اس زمین کی اعظم برداشت استوانوں کو بار کر کے معلوم کی جائے۔ اور ان اعظم دباؤں پر قدرِ سلامتی کم از کم ۲ اختیار کی جائے۔

زمین کی نوعیت :-	
ساختہ زمین	½ ٹن فی مربع فٹ
نرم چکنی مٹی	۱ " " "
سخت " یا بنڈول	۲ تا ۴ " " "
خشک، گھٹ ریت	۲ تا ۴ " " "
خشک، موٹی بجری	۴ تا ۷ " " "
نرم سودنی چٹان	۳ تا ۵ " " "
معمولی چٹان	۵ تا ۱۵ " " "
سخت، گھٹ چٹان	۲۰ تا ۳۰ " " "

پایے اور داسے کے پتھر :-

	ٹن فی مربع فٹ	پونڈ فی مربع انچ
گرینائٹ	۳۵	۵۵۰
چُونا پتھر	۱۵	۲۵۰
ریتیلا پتھر یا "یارک کا پتھر"	۲۰	۳۰۰
سیمنٹ کنکریٹ، بہترین (۱:۴)	۱۵	۲۵۰
" " (۱:۶)	۱۰	۱۶۰
چُونا کنکریٹ (۱:۶)	۲ تا ۴	۳۰ تا ۶۰
خشت کاری سیمنٹ میں	۸ تا ۱۲	۱۲۰ تا ۱۸۰
گنڈ کی بندش سیمنٹ میں	۱۰	۱۶۰


اگر بوجھ بہت زیادہ نہ ہو تو ستونوں کے قاعدے کنکریٹ کے بلاکوں پر ٹکائے جا سکتے ہیں، جیسا کہ شکل ۲۲۰ میں دکھایا گیا ہے۔ ان بلاکوں کا رقبہ زمین کی قوتِ برداشت پر منحصر ہوگا۔ کنکریٹ کی موٹائی (یا گہرائی) ستون کے قاعدے کی تختی سے بلاک کے نکلے ہوئے حصے کے عرض کے دو گنے سے کم نہیں ہونی چاہیے۔ موٹائی کی اقل حد ۱۲ انچ ہے۔

بنیاد کی تہ اتنی گہری ہونی چاہیے کہ پالے، وغیرہ، کا اثر نہ ہو۔ اِس ملک (یعنی انگلستان) میں ۳ فٹ گہرائی کافی سمجھی جاتی ہے۔

کھم کے قاعدے کی تختی کنکریٹ بلاک میں لمبے بولٹوں کے ذریعے نصب کی جاتی ہے جن کے سروں پر بڑے بڑے واشر ہوتے ہیں۔ بلاک میں مربع تراش کے گاؤدُم سوراخ اتنے بڑے چھوڑ دیے جاتے ہیں کہ واشر گذر سکے، اور بولٹ ڈالنے کے بعد سمنٹ کا پلاوا بھر دیا جاتا ہے۔ اس سے یہ ہوتا ہے کہ کھم نصب کرنے میں کچھ تھوڑی گنجایش رہتی ہے۔

اینٹوں کے پایے ——— بعض اوقات جب کہ وزن بہت ہو اور بنیاد کو زیادہ گہرا رکھنا مطلوب ہو اینٹوں کے پایے استعمال

کیے جاتے ہیں۔ اِس طرح کا ایک پایہ شکل ۲۲۱ میں دکھایا گیا ہے۔



شکل ۲۲۱ ۔ اینٹ کے پایہ والی بنیاد

اِن پایوں کے لیے حسب ذیل قواعد اختیار کیے جائیں:۔

(۱) ہر ایک رقبہ، اوپر کے رقبے سے ۲ ¼ انچ نکلا ہوا ہونا چاہیے یا پایے میں ۲ میں ۱ کی سلامی ہونی چاہیے۔

(۲) کنکریٹ کی موٹائی ۱۲ انچ سے کم نہیں ہونی چاہیے، اور نیز خشت کاری سے کنکریٹ کے نکلے ہوئے حصّے کے عرض کے دو گنے سے بھی کم نہیں ہونی چاہیے۔

(۳) پتھر کے ٹوپن یا داسے کی موٹائی اس کے پہلو کے طول کے ¼ سے کم نہیں ہونی چاہیئے، اور نیز قاعدے کی تختی سے داسے کے نکلے ہوئے حصّے کے ½ ۱ گنے سے کم نہیں ہونی چاہیے۔

عددی مثال — فرض کرو کہ قاعدے پر منتقل ہونے والا بوجھ ۱۰۰ ٹن ہے۔


تب بے خطر دباؤ ۲ ٹن فی مربع فٹ اختیار کرنے سے قاعدے کا رقبہ = $\frac{۱۰۰}{۲}$ = ۵۰ مربع فٹ، یا کہو ۷ فٹ مربع۔ اگر یارک کے پتھر کی ٹوپن ہے تو کھم کے قاعدے کی تختی کا رقبہ = $\frac{۱۰۰}{۲۰}$ = ۵ مربع فٹ یا کہو ۲ ۳ مربع۔

سیمنٹ کی خشت کاری کے لیے ۱۰ ٹن فی مربع فٹ اختیار کریں تو ٹوپن کا رقبہ = $\frac{۱۰۰}{۱۰}$ = ۱۰ مربع فٹ، یا کہو ۳ ۳ مربع۔ اگر خشت کاری کے ۶ ردّے جمائے جائیں تو قاعدہ ۳ ۳ + ۲ (۶ × $\frac{۱}{۴}$ ۲) = ۵ ۶ ہوگا۔ اس لیے کنکریٹی تہ ۷ فٹ مربع اور ۱۸ گہری قابلِ اطمینان ہوگی۔ اس کا نکلا ہوا حصہ ۹ ہوگا۔

اڑناٹی بنیاد — بنیاد کی یہ قسم اُس وقت اختیار کی جاتی ہے جب کہ بوجھ بھاری ہوں اور زمین ایسی نہ ہو کہ بھاری دباؤ برداشت کر سکے اور جہاں گہرا کھودنے سے احتراز مناسب ہو خاص کر جہاں ایک پتلا اور گھٹ طبقہ ملے اور اس کے نیچے نرم طبقات ہوں۔ اس بنیاد کا استعمال سب سے پہلے امریکہ میں ہوا۔ یہ I شہتیروں یا بعض اوقات پٹریوں کی دو یا زاید تہوں پر مشتمل ہوتا ہے جن میں ایک تہ دوسری کے علی القوائم ہوتی ہے اور کڑیوں کے درمیان کی جگہ کنکریٹ بھر کر اچھی طرح گھٹ کر دی جاتی ہے۔ شکل ۲۲۲ میں ایک اڑناٹی دکھایا گیا ہے جو ایک ۲۰۰ ٹن کے بوجھ کے لیے تجویز کیا گیا ہے۔ اس طرح کے اڑناٹی ذیل کے قواعد کے مطابق تجویز کیے جاتے ہیں:-

شہتیروں میں اعظم باہمی فصل ۱۸ مرکز بہ مرکز

اقل " کوروں کے درمیان ۳ تاکہ کنکریٹ کو ٹھونسنے کے لیے کافی جگہ رہے۔



شکل ۲۲۲ - ارٹاٹی بنیاد۔

خماؤ کا معیار حسب ذیل طریقے پر معلوم کر کے شہتیروں کو تجویز کیا جا سکتا ہے۔

فرض کرو کہ کسی تہ میں شہتیروں کا طول ل ہے، اور ان کی تعداد ن ہے اور ستون کے ذریعے منتقل ہونے والا مجموعی بوجھ د ہے اور فرض کرو کہ برآویختگی ما ہے۔

تب اگر برآویختہ سروں کو برآمدہ بیرم سمجھا جائے جن پر یکساں دباؤ اُوپر وار عمل کر رہا ہے تو

$$\text{اعظم خماؤ کا معیار} = \frac{\text{ف ما}^{۲}}{۲} = \frac{\text{د}}{\text{ن ل}} \times \frac{\text{ما}^{۲}}{۲}$$

ن کی قیمت اوپر دیے ہوئے قاعدوں کی مدد سے پہلے ہی معین کی جا چکی ہوگی۔

بہت سے مجوز یہ فرض کرتے ہیں کہ وزن قاعدے کی تختی پر یکساں منقسم ہے اور اس طرح اعظم خماؤ کا معیار مرکز پر واقع ہوگا۔ یہ اعظم خماؤ کا معیار حسب ذیل ضابطے سے حاصل ہوگا:۔

$$\text{اعظم خماؤ کا معیار} = \frac{\text{د ما}}{\text{ن}^{۴}}$$

اِس ضابطے کے ثبوت کو طالب علم کے لیے بطور مشق کے چھوڑا جاتا ہے۔


مصنف کا خیال ہے کہ اِس ضابطے سے نتائج کی قیمت بہت زیادہ حاصل ہوتی ہے اور ایک درمیانی روش اختیار کرنے کے لیے اُس کا مشورہ ہے کہ ضابطہ تو برآمدہ بیرم والا اختیار کیا جائے لیکن فاصلہ ما بالائی تہ کے لیے کھم کے کنارے تک اور دیگر تہوں کے لیے بیرونی شہتیر کے مرکزی خط تک ناپا جائے۔

اِن اڑناٹی شہتیروں کی تجویز میں یہ خاص طور پر یاد رہے کہ چھوٹے فصلوں میں جز مقابلۃً زیادہ اہم ہوتا ہے۔ اِس لیے اِس کا اطمینان

کرلیا جائے کہ جزی قوت بہت زیادہ نہیں ورنہ پٹیا جھک جائیگا۔
بہت بھاری بوجھوں کے لیے فولادی قاعدے اور اڑناٹی کے درمیان ڈھلے لوہے کے قاعدے رکھے جاتے ہیں۔

متحدہ اڑناٹی (Combined Grillage)۔ بعض اوقات دو یا زیادہ ستون ایک ہی اڑناٹی پر رکھے جاتے ہیں کیونکہ اس سے اکثر ستونوں سے ایک سمت میں جگہ کی کفایت ہوتی ہے۔ اس صورت میں اڑناٹی کے مرکزِ جاذبہ کو بوجھوں کے مرکزِ جاذبہ کے ساتھ منطبق ہونا چاہیے ورنہ دباؤ یکساں نہیں ہوگا۔

لٹھوں کی بنیادیں ـــــ بعض صورتوں میں لٹھے زمین میں بنیاد کے پورے طول میں گاڑے جاتے ہیں۔ سروں کو مسطح قطع کر کے کنکریٹ میں



شکل ۲۲۳ لٹھوں کی بنیادیں

مدفون کر دیا جاتا ہے۔ شکل ۲۲۳ میں اس طرح کی ایک بنیاد دکھائی گئی ہے۔
اِن لٹھوں پر بے خطر دباؤ اُن کے گاڑنے پر منحصر ہے اور اس کے لیے بہت سے ضابطے تجویز کیے گئے ہیں۔ جن میں ذیل کے دو ضابطے شامل ہیں:-

(۱) میجر سانڈرس کا ضابطہ

$$د = \frac{و ھ}{۸ ف}$$

جہاں د = ہر ایک لٹھے پر بے خطر بوجھ
و = ہتھوڑ کا وزن جس کے ذریعے لٹھا گاڑا گیا۔
ھ = ہتھوڑ کا اُتار انچوں میں
ف = اخیر ضرب سے لٹھے کا دھساؤ انچوں میں

(۲) انجینیرنگ نیوز میں دیا ہوا ضابطہ


$$د = \frac{و ھ}{۶ (ف + ۱)}$$

کیسان[۱] کی بنیادیں

بہت بھاری بوجھوں کے لیے استعمال کی جاتی ہیں جب کہ بنیاد چٹان کے اوپر رکھنا مناسب ہو۔ اس کی ایک قسم یہ ہے کہ فولادی استوانے $\frac{۳}{۸}$ انچ موٹے، ۶ تا ۱۰ فٹ قطر کے، اور ۳ فٹ کے طولوں میں وزن ڈال کر چٹان تک دھسائے جائیں۔ پہلے حصّے کے کنارے کو دھار ہوتی ہے اور پمپ کے ذریعے پانی اندر پہنچایا جاتا ہے تاکہ دھنسنے میں آسانی ہو۔ چٹان پر پہنچ جانے کے بعد قلب کو کھود کر نکال لیا جاتا ہے اور کنکریٹ یا اینٹوں سے بھر دیا جاتا ہے۔ شکل ۲۲۴ میں اس طرح کی ایک بنیاد دکھائی گئی ہے۔

---

[۱] Caisson




شکل ۲۲۴ - کیسان بنیاد

برآمدہ بیرمی بنیادیں ——— بنیاد کی یہ قسم اُس وقت استعمال کی جاتی ہے جب کہ کسی متصل احاطے کی دیوار کے نیچے اپنی دیوار کی بنیاد کھودنا مناسب نہ ہو اور جب کہ بیرونی ستون دیوار کے یا دیوار کے پائے کے مرکزی خط پر واقع نہیں کیے جا سکتے۔ شکل ۲۲۵ میں برآمدہ بیرمی بنیاد کی ایک قسم دکھائی گئی ہے۔ بیرونی ستون ایک برآمدہ بیرمی گرڈر پر نصب کیا گیا ہے جس کے دوسرے سرے پر ایک اندرونی ستون نصب ہے۔ گرڈر کے پیل پایے کو بنیاد اس طرح دی جاتی ہے جس طرح کہ شکل میں دکھائی گئی ہے۔

بنیادوں پر خارج المرکز بوجھ ——— اگر ستون کے دباؤ کا خط بنیاد کے مرکزی خط پر نہیں آتا تو اس سے دباؤ کی جو نامساوی تقسیم ہوگی

اُس کی رعایت رکھنی چاہیے۔ اِس کا طریقہ بالکل وہی ہوگا جو چنائی کی




شکل ۲۲۵۔ برآمدہ بیرمی بنیاد

تعمیروں کے لیے بیان کیا گیا ہے (دیکھو باب ۱۴)۔

ستونوں کی عرضی رباط بندی ——— فولادی ڈھانچے میں ہوا وغیرہ جیسی اُفقی قوتوں کے مقابلے میں جانبی قائمیت پیدا کرنے کے لیے اونچی عمارتوں میں اکثر رباط بندی کی جاتی ہے۔ معمولی عمارتوں میں، اگر ستونوں کو جوڑنے والے شہتیر بہت اُتھل نہ ہوں، اور ستونوں کو مضبوطی کے ساتھ جوڑے گئے ہوں تو پیدا ہونے والے خماؤ کے معیار ان جوڑوں میں سے منتقل ہو سکتے ہیں اور اس طرح کی کسی رباط بندی کی ضرورت نہیں۔ لیکن بہت اونچی عمارتوں میں، جن میں زمینی خاکے کا رقبہ مقابلۃً تھوڑا ہوتا ہے، خصوصی رباط بندی اکثر ضروری ہوتی ہے۔ یہ رباط بندی عموماً ذیل کی اقسام میں سے کسی ایک قسم کی ہوتی ہے۔

(۱) **وتری رباط** — یہ کیلوں سے جڑی ہوئی سلاخوں پر

مشتمل ہوتی ہے جو ستونوں کے درمیان وتراً رکھے جاتے ہیں (شکل ۲۲۶) اور یہ پورا انتظام مل کر ایک انتصابی جالی دار برآمدہ بیرم کا عمل کرتا ہے۔



شکل ۲۲۶۔ عمارتوں کے لئے عرضی رباط بندی۔

(ب) رُکبی رباط بندی یا مثلثی کلی نما تختیاں ——— اِن کا خاکہ شکل ۲۲۶ میں دکھایا گیا ہے۔ کلی نما تختی کو یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ ایک ٹھوس پیٹے کی رُکبی رباط بندی ہے۔ رُکبی رباط بندی کے زور میاروں کے ذریعے معلوم کیے جا سکتے ہیں جیسا کہ صفحہ ۴۲۸ پر دکھایا گیا ہے۔


(ج) کماندار چوکھٹے ——— یہ ایک بہت اُستوار قسم کی ساخت ہے اور اِس میں اس سے پہلے کی دونوں ساختوں سے بہت زیادہ لاگت آتی ہے۔ اس میں ایک کماندار چوکھٹا ڈھانچے کی ہر ایک کشتی میں

لگایا جاتا ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔

عمارتوں کے گرڈر

گرڈروں کی تجویز کی عام بحث باب ۱۸ میں کی گئی ہے۔ عمارتوں میں بھاری گرڈر عموماً نالیوں یا I شہتیروں اور تختیوں سے مرکب ہوتے ہیں جیسا کہ شکل ۲۲۷ میں دکھایا گیا ہے، اور ان گرڈروں کے حسابات میں کوئی ایسی مشکل نہیں پیش آتی۔ تراش کا معیار جمود رائج کی اکائیوں میں صفحات $\frac{111}{113}$ کے بیان کے مطابق معلوم کیا جاتا ہے۔ اور اس سے تراش کا مقیاس (مق) فوراً حاصل ہو جاتا ہے۔ تب

$$\text{اعظم خ م (فٹ ٹن میں)} = \frac{\text{۸ مق}}{\text{۱۲}}$$



شکل ۲۲۷

جس میں ۸ نرم فولاد کا کامی سکونی بے خطر زور ٹن فی مربع انچ میں ہے اور ۱۲ کا عدد اس لیے ہے کہ خ م فٹ ٹن میں ہے۔

اگر بوجھ یکساں منقسم ہو اور و ٹن ہو اور فصل ل فٹ ہو تو

$$\text{اعظم خ م} = \frac{\text{و ل}}{۸}$$

$$\therefore \quad \frac{\text{و ل}}{۸} = \frac{۸ \text{ مق}}{۱۲}$$

$$\therefore \quad \text{مق} = \frac{۳ \text{ و ل}}{۱۶}$$

اس سے تراش کا وہ مقیاس انچ کی اکائیوں میں حاصل ہوتا ہے جو و ٹن کے ایک یکساں بوجھ کو ل فٹ کے فصل پر برداشت کرنے کے لیے ضروری ہے۔

اکثر کارخانے اپنی "تراش کی کتابوں" میں مختلف ساختہ گرڈروں کے مختلف فصلوں کے لیے مقیاس اور بے خطر بوجھ شایع کرتے ہیں۔

گرڈروں کی گہرائی اور انصراف ـــــ عمارتوں کے گرڈروں کی گہرائی ایسی ہونی چاہیے کہ انصراف $\frac{۱}{۲۵}$ انچ فی فٹ فصل سے یعنی فصل کے $\frac{۱}{۳۰۰}$ سے زیادہ نہ ہو۔

یکساں بوجھ کے لیے ثابت کیا گیا ہے (صفحہ ۲۶۴) کہ

$$\text{صہ} = \frac{۵ \text{ و ل}^۳}{۳۸۴ \text{ آ ے}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

اور زور ز $= \frac{\text{م ق}_۱}{۲}$، جہاں ق$_۱$ نصف گہرائی ہے اور گرڈر کو متشاکل مانا گیا ہے۔ اس طرح

$$\text{ز} = \frac{\text{م ق}}{۲} \quad \text{جہاں ق مجموعی گہرائی ہے} \ldots\ldots (۲)$$

$$\text{م} = \frac{\text{و ل}}{۸}$$

$$\therefore \quad ز = \frac{و\,ل\,ق}{\frac{۳}{۴}\,۱۶} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

$$\therefore \quad صہ = \frac{۵\,ل^{۲}}{\frac{۷}{۲۴}} \left(\frac{و\,ل}{\frac{۳}{۴}\,۱۶}\right)$$

$$= \frac{۵\,ل^{۲}\,ز}{\frac{۷}{۲۴}\,ق}$$

اب ز = ۸ ٹن فی مربع انچ، ے = ۱۳۰۰۰ ٹن فی مربع انچ لینے سے اور ل کو فٹوں اور ق کو انچوں میں ناپنے سے انصراف انچوں میں حسبِ ذیل ہوگا :-


$$صہ = \frac{۰٫۱۸۵\,ل^{۲}}{ق} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

عام قاعدہ یہ ہے کہ اگر گہرائی فصل کے $\frac{۱}{۲۰}$ سے کم نہ ہو تو انصراف بہت زیادہ نہ ہوگا۔ اگر یہ قیمت مساوات (۴) میں رکھی جائے اور اس کا خیال رکھا جائے کہ ق انچوں میں ہے تو اس سے صہ = ۰٫۰۳۷ ل، یا انصراف کو فٹوں میں لانے سے صہ = ۰٫۰۰۳۱ ل حاصل ہوتا ہے۔ یہ فصل کے $\frac{۱}{۳۰۰}$ سے کم ہے اس لیے معلوم ہوا کہ یہ قاعدہ قابلِ اطمینان ہے۔

گرڈروں کے سروں کی تنصیب ـــــ اگرچہ گرڈر ستونوں کو کلیٹوں کے ذریعے جوڑے جاتے ہیں جن کی جدولیں وغیرہ صفحات $\frac{۱۳۳}{۱۳۶}$ میں دی گئی ہیں لیکن یہ رابطے اس کے لیے کافی نہیں کہ شہتیروں کو "ثابت" ٹھہرائیں۔ اس کے متعلق ایک نوٹ صفحہ ۳۲۴ پر دیا گیا ہے۔ اس طرح کے کلیٹی رابطے انصراف کو کم ضرور کر دینگے اور انصراف $\frac{۱}{۳۸۴}\,\frac{و\,ل^{۳}}{آ\,ے}$ اور $\frac{۵}{۳۸۴}\,\frac{و\,ل^{۳}}{آ\,ے}$ کے درمیان کوئی قیمت اختیار کریگا۔

تحدب ـــــ گرڈروں میں عموماً ایک ابتدائی اوپردار انصراف یا تحدب رکھا جاتا ہے تاکہ بوجھ پڑنے کے بعد جب انصراف ہو تو منصرف شکل نظر نہ آئے۔ یہ تحدب $\frac{1}{2}$ انچ فی ۱۰ فٹ فصل رکھا جا سکتا ہے۔


مرکب I گرڈروں کے فارق ـــــ جہاں دو یا زیادہ I شہتیر پہلو بہ پہلو رکھے جاتے ہیں تاکہ ایک مرکب گرڈر بنائیں تو ہر چار یا پانچ فٹ کے فاصلہ سے اور ہر مرتکز بوجھ کے مقام پر فارق



شکل ۲۲۵۔ گرڈروں کے لئے ڈھلے لوہے کے فارق۔

لگا دیے جاتے ہیں۔ یہ فارق عموماً اُس شکل کے ہوتے ہیں جو شکل ۲۲۵ میں دکھائی گئی ہے۔ اگر شہتیروں کی گہرائی ۶ انچ سے کم ہو تو ان فارقوں کی بجائے ۱ انچہ گیس کی نلیوں کے ٹکڑے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

دیواروں میں چنے ہوئے گرڈر ـــــ جو گرڈر دیواروں میں چُنے ہوئے ہوتے ہیں اور گنیلوں (bressummers) کا عمل کرتے ہیں جیسا کہ دوکانوں کے سامنے کے حصّے میں ہوتا ہے تو عموماً یہ کیا جاتا ہے



شکل ۲۳۰ ۔ ایک عمارت کے لیے بھاری تختی گرڈر کی تفصیل

اگن روک تعمیر

اشیاء کے اگن روک وصف کے متعلق ایک بہت عمدہ مضمون ویبسٹر[1] کا لکھا ہوا انسٹی ٹیوٹ[2] آف سول انجینیر کی روداد جلد ۱۰۵ میں موجود ہے۔

فولاد کاری اگر عریاں ہو تو آگ میں بے طرح بل کھا جاتی ہے۔ یہ بگاڑ اُن ثانوی زوروں سے پیدا ہوتا ہے جو فولاد میں پیکر پذیری پیدا ہونے سے ظہور میں آتے ہیں۔

خشت کاری آگ کو اور آگ بجھانے کے عمل کو پتھر کی بہ نسبت بہت اچھی طرح برداشت کرتی ہے۔ پتھر، آگ اور پانی کے متحدہ عمل کی وجہ سے چورا ہو جاتا ہے۔

پکی مٹی (Terra-cotta) بہت اچھی اگن روک شے ہے اور امریکہ میں کثرت سے استعمال ہوتی ہے لیکن اس کی قیمت معمولی کاموں کے لیے تقریباً ممتنع ہے۔


کنکریٹ بہت اچھی اگن روک شے ہے خاص کر جب کہ فولاد سے محکم کیا جائے اور جس آسانی سے استعمال ہو سکتا ہے اس کی وجہ سے یہ فولاد کاری کے غلاف کے طور پر ایک بڑی کارآمد شے ہے۔

کوک کے چورے کا کنکریٹ اکثر ماہرین استعمال کرتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ جلدی نہیں تڑقیا۔ اس میں یہ جو نقص ہے کہ یہ آتشزدگی میں معاون ہوتا ہے عملاً کوئی ایسا بڑا نقص نہیں پایا گیا۔

اگن روک سقف ——— اس ملک (یعنی انگلستان) میں اگن روک سقفوں کے جو سربرآوردہ طریقے ہیں اُن میں سے چند

---

[1] Webster [2] Vol.CV.*Proc.Inst.C.E.*



شکل ۲۳۲


درج ذیل ہیں۔ ان کو معمولی محکم کنکریٹ کی تعمیر سے تمیز کرنا چاہیے (دیکھو صفحہ ۶۵۴)۔

کھوکھلے کویلوؤں کا محکم کنکریٹ کا سقف ـــــ شکل ۲۳۳


میں سقف کی ایک قسم دکھائی گئی ہے جو دفتروں اور ہوٹلوں کی عمارتوں میں کثرت سے استعمال ہوتی ہے۔ کھوکھلے جلی ہوئی مٹی کے کویلو سرے سے سرا ملا کر قطاروں میں رکھے جاتے ہیں۔ ان قطاروں کے درمیان تھوڑی سی جگہ چھوڑی جاتی ہے۔ ان درمیانی جگہوں میں اِحکامی سلاخیں ترتیب دی جاتی ہیں اور تسلسل پیدا کرنے کی غرض سے صدر فولادی شہتیر پر موڑ دی جاتی ہیں۔ پھر کویلوؤں کی درمیانی جگہوں میں اور اِن کے اُوپر ۲ انچ یا زیادہ کنکریٹ بھر دیا جاتا ہے۔ ان جگہوں کی تہ پر بعض اوقات زیریں کویلو (Soffit tiles) رکھے جاتے ہیں تاکہ پلاستر کرنے کے لیے اندر کی جانب جلی مٹی کی ایک مکمل سطح حاصل ہو۔

بھرنی کڑی (Fillers joist) **سقف** ـــــ سقف کی اس قسم میں جو شکل ۲۳۴ میں دکھائی گئی ہے کنکریٹ I شہتیروں کے درمیان ڈالا جاتا ہے جن کو عموماً بھرنیاں (Fillers) کہا جاتا ہے اور جو تھوڑے فصل سے ہوتی ہیں (اپنی گہرائی کے تقریباً ۶ گنے تک)۔ بھرنیاں (Fillers) صدر شہتیروں پر رکھی جاتی ہیں اور صدر شہتیروں کو اکثر اوقات شیلف زاویے (Shelf angles) لگائے جاتے ہیں۔

اس قسم کی سقف بڑی حد تک صنعت گاہوں کی عمارتوں میں استعمال ہوتی ہے اور تجربے سے معلوم ہوا ہے کہ اس کی حقیقی مضبوطی محسوبہ مضبوطی سے زیادہ ہوتی ہے۔ یہ محسوبہ مضبوطی میں کنکریٹ سے پیدا ہونے والی مضبوطی شمار نہیں کی جاتی۔ اب ان سقفوں کی تجویز میں یہ کیا جانے لگا ہے کہ مضبوطی صرف بھرنیوں کی محسوب کی جائے لیکن کامی زور معمول سے زیادہ لیا جائے۔ ایک قاعدہ یہ ہے کہ بالائی کوروں کے



شکل ۲۳۳۔ کھوکھلے کویلو کی محکم کنکریٹ کی چھت



شکل ۲۳۴۔ بھرنی کڑی سقف۔

اوپر کے کنکریٹ کے ہر انچ کے لیے زور ۱ ٹن فی مربع انچ زیادہ لیا جائے بشرطیکہ اس طرح زور ۱۱ ٹن فی مربع انچ سے زیادہ نہ ہو۔

مال خانوں کی بھاری سقفوں کے لیے ایک پرانی لیکن بہت عمدہ ساخت یہ ہے کہ گہرے بھرنی (Filler) شہتیروں کے درمیان کنکریٹ کو کمانداربنایا جائے۔ یہ شکل ۲۵۵ میں دکھائی ہوئی "کمانچہ" (Jackarch) ساخت کے مماثل ہوگی۔

سیگ وارٹ[1] کی آگن روک سقف ——— یہ سقف کنکریٹ کے کھوکھلے شہتیروں پر مشتمل ہوتی ہے جن میں فولاد کی انحکامی سلاخیں ہوتی ہیں۔ یہ علٰحدہ ڈھالے جاتے ہیں اور تعمیر کے مقام پر پہنچائے جاتے ہیں اور یہاں اُن کو چڑھا کر دیواروں پر یا فولاد کاری پر پہلو بہ پہلو رکھا جاتا ہے جیسا کہ اشکال ۲۳۵ اور ۲۳۵ ا میں دکھایا گیا ہے۔ پھر جوڑوں میں پلاوا بھر دیا جاتا ہے۔ سقف کی اس قسم میں قالب دینے کی ضرورت نہیں ہوتی اور کنکریٹ کے جمنے کے لیے جو مدت درکار ہوتی ہے اور جس سے کام میں تاخیر ہوتی ہے وہ بھی اس میں نہیں ہوتی۔


کھوکھلے کویلو اور بھرنی (Filler) کڑیوں کی سقف۔ شکل ۲۳۶ میں بھرنی (Filler) کڑیوں کے سقف کی ایک ترمیم یافتہ قسم دکھائی گئی ہے جو دفتروں کی اور سکونتی عمارتوں کے لیے بہت موزوں ہے کیونکہ یہ بڑی عمدہ آواز روک چیز ہے، اس کا وزن کم ہوتا ہے، اور قالب کی ضرورت نہیں ہوتی۔

شکل میں جو قسم دکھائی گئی ہے اس میں جے۔ اے۔ کنگ اینڈ کمپنی کے بنائے ہوئے جلائی مٹی کے کویلو استعمال کیے گئے ہیں۔ ان کے پہلوؤں میں


[1] Siegwart

سروں پر گٹھوں کھانچے اور کٹنے بنے ہوئے ہیں تاکہ بھرنی (Filler) کڑیوں کی نچلی کوروں پر گرفت حاصل کریں۔


کوملوں کے اوپر کنکریٹ ڈالا جاتا ہے اور شکل میں جو قسم دکھائی گئی ہے اس میں بھرنی (Filler) کڑیوں کے درمیان کنکریٹ میں تھوڑا شیب رکھا جاتا ہے تاکہ اوپر آنے والے چوبی فرش کے حامل اس میں رکھے جاسکیں اور نیز برقی ٹھنابیں گیس کی نلیاں وغیرہ بھی رکھی جاسکیں۔



شکل ۲۵ - ۲۵ - سیخ دار اگن روک سقف



شکل ۲۵ - ۲۴ - سیخ دار اگن روک سقف۔



شکل ۲۳۶۔ کمرہ کھلے کمرہ کے برابر بھرنی کردیوں کی سقف

سترہواں باب

چھتوں کی تجویز

گزشتہ ابواب میں اور خاص کر باب ۱۱ میں دکھایا گیا ہے کہ چھت قینچیوں میں زور کس طرح معلوم کیے جاتے ہیں۔ زور معلوم ہو جانے کے بعد کٹ چوبینہ یا ارکان کے ضروری ابعاد آسانی سے معلوم ہو جاتے ہیں۔ بندھنوں کا رقبہ اتنا رکھا جاتا ہے کہ خالص رقبے اور کامی زور کا حاصل ضرب مجموعی پڑنے والے زور کے مساوی ہو۔ بندھنوں کی صورت میں خالص رقبے سے مراد سلاخ کا رقبہ منفی اس میں کے ریوٹوں کا رقبہ ہے۔

چھتوں کی تجویز میں اس بات کا خیال رہے کہ جو تراشیں فی الواقع اختیار کی گئی ہیں ان کا مرکزی خط جہاں تک ممکن ہو ڈھانچے کے اس نقشے کے مطابق ہو جس کے لئے زور محسوب کئے گئے اور یہ کہ خارج المرکز زور نہ پیدا ہوں۔

پہلے گول بندھن اور "آنکھ اور دوشاخہ" والے سرے استعمال کیے جاتے تھے لیکن اب ان کی جگہ زاویہ آہن کے بندھن اور کلی نما گنجیوں کے جوڑ لے رہے ہیں۔ اس طرح کے جوڑ زیادہ باکفایت سمجھے جاتے ہیں کیونکہ ان میں لوہار کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ توہم باب ۱۶ میں

کہ چکے ہیں کہ سلاخوں کی جتنی تعداد معقولیت کے ساتھ ممکن ہو ایک ہی تراش کی ہونی چاہیے۔

چھتوں کی پوششوں کے وزن

	پونڈ فی مربع فٹ
سیسے کی پوشش	۵٫۵ تا ۸٫۵
جست " (۱۴ تا ۱۶ جست کا ناپ)	۱٫۵ تا ۱۷٫۵
نابدار لوہا (۱۶ ب۔ و۔ گ)	۳٫۵
سلیٹ	۸ تا ۱۰
کویلو	۱۲ تا ۱۸
سلیٹ بدے	۲
تختے $\frac{3}{4}$ انچ موٹے	۲٫۵
" ۱ "	۳٫۵
شیشہ بندی، $\frac{1}{4}$ انچہ تختی	۵

برف کا وزن ۴ تا ۵ پونڈ فی مربع فٹ لیا جاسکتا ہے لیکن بہت سے ماہرین اس ملک (یعنی انگلستان) میں اس کی رعایت نہیں رکھتے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ برف اور ہوا ایک ساتھ عمل نہیں کر سکتے۔

چھت قلیچی کا وزن ـــــ چھت قلیچیوں کے وزن کے لیے حسب ذیل ضابطے پیش کیے گئے ہیں (ص = فصل فٹوں میں)۔

فولاد کی قلیچیاں :ـــ

قلیچی کا وزن = $\frac{3}{4}\left(1+\frac{ص}{12}\right)$ پونڈ فی مربع فٹ جس پر قلیچی چھائی ہو (T سلاخوں اور چپٹی سلاخوں کے ساتھ)

اسٹوارڈ[1]

[1] Stewart

$= \frac{5}{16}(1 + \frac{ص}{12})$ پونڈ فی مربع فٹ جس پر قینچی چھائی ہو (دو ہرے زاویہ آہنوں کے ساتھ) } ۱ اسٹوارٹ[1]

$= \frac{3}{4}(1 + \frac{ص}{10})$ پونڈ فی مربع فٹ جس پر قینچی چھائی ہو } (مرایمن)[2]

$= \frac{ص}{25} + 4$ پونڈ فی مربع فٹ جس پر قینچی چھائی ہو } (جانسن بریان اور ٹرنیر)[3]

چوبی قینچیاں:-

$\frac{1}{4}(1 + \frac{ص}{10})$ پونڈ فی مربع فٹ جس پر قینچی چھائی ہو } (مرایمن)[2]

۴۰ فٹ کے فصلوں تک دستور یہ ہے کہ چھت قینچی کو ۴۰ پونڈ فی مربع فٹ زمین کے انتصابی بوجھ کے حساب سے تجویز کیا جائے۔ اس میں ہوا کا دباؤ شامل رہتا ہے۔

چھت قینچیوں کی قسمیں ——— شکل ۲۳۷ میں چھت قینچیوں کی عام طور پر استعمال ہونے والی قسمیں دکھائی گئی ہیں اور اشکال ۲۳۸ تا ۲۴۲ میں ان میں سے چند کی تفصیلی تجویزیں دی گئی ہیں۔ ان قسموں کے نام مختلف لوگوں کے پاس مختلف ہیں۔ ان ناموں میں قابل اعتبار وہی ہیں جو قینچی کی ساخت کو ظاہر کرتے ہیں مثلاً عمودی داب روک والی قینچی۔ دوسرے نام التزام کے ساتھ استعمال نہیں ہوتے۔

---

[1] Stewart [2] Merriman

[3] Turneare 'Bryan 'Johnson




۲۵ فٹ فصل تک



۲۵ فٹ تا ۴۰ فٹ فصل
زاویہ قائمہ کے داب روک والی قینچی




فرانسیسی قینچی ۴۰ تا ۶۰ فصل راج کم یا انتصابی بندھن والی قینچی




۴۰ فٹ فصل تک
بلجیمی قینچی

۴۰ فٹ فصل تک
رانی کم قینچی




مینسرڈ قینچی ہلالی قینچی


شکل ۲۳۷ ۔ چھت قینچیوں کی قسمیں ۔




شکل ۲۳۸ ۔ اینٹ کی دیواروں پر رکھنے کے لیے چھت قینچی




شکل ۲۳۹ چھت کا شہتیر اور کھم۔ دو منزلہ عمارت کی تفصیلات




شکل ۲۳۰۔ بڑے فصل کی چھت قینچی کی تفصیلات۔ بازو اور وسط میں پیدل راستے۔



شکل ۲۴۱ـN ہلکی قینچیوں کا سلسلہ صدر گرڈروں سے سہارا ہوا، جو قینچیوں میں دابتیں ہیں۔



شکل ۲۲۲ ۔ شکل ۲۲۱ کی چھت کے لیے صدر گرڈر کی تفصیل



شکل ۲۴۳ ۔ شکل ۲۴۱ کے کچھ حصہ میں قینچیوں اور گرڈروں کی ترتیب کا نقشہ۔

رانی کم قینچی جو دکھائی گئی ہے فولاد کاری کے لیے موزوں نہیں کیونکہ یہ "ناقص" ہے اور بند حن کو پیدا ہونے والا خمّاؤ کا معیار برداشت کرنے کے لیے تجویز کرنا ہوتا ہے۔

قینچی کا ارتفاع عموماً فصل کے $\frac{1}{4}$ سے $\frac{1}{5}$ تک ہوتا ہے اور جب بند حن سلاخ کو تحدب دیا جاتا ہے تو یہ تحدب عموماً فصل کے $\frac{1}{40}$ سے $\frac{1}{20}$ تک ہوتا ہے۔

یہاں جو تجویزیں دی گئی ہیں ان میں کلی تختیاں اور چپٹی سلاخیں یا زاویۂ آہن استعمال کیے گئے ہیں۔ "دو شاخہ اور آنکھ" والی سلاخیں استعمال نہیں کی گئیں۔

کڑی کے لیے سب میں زیادہ کثیر الاستعمال تراش T یا دو زاویہ آہن ہیں جو پشت بہ پشت تھوڑے فاصلے سے رکھے جاتے ہیں۔ یہ دوسری ترکیب عموماً ارزاں ہوتی ہے۔

ہر ایک کی ساخت شکلوں سے بخوبی سمجھ میں آجائیگی۔

شکل ۲۴۴ میں جوڑ کی دو قسمیں دکھائی گئی ہیں جو بعض لوگ استعمال


کرتے ہیں۔ یہ جوڑ قابلِ اعتراض ہیں۔ دوسری قسم میں غیر ضروری صرفہ ہے۔ اور اُس میں اُستواری نہیں ہوتی۔ اور پہلی قسم میں نقص یہ ہے کہ داب روک پر بوجھ خارج المرکز ہے اور نیز یہ داب روک بندھن کی چوڑیوں کو گھس دیتا ہے۔


صدر کڑیوں کا باہمی فصل ـــــ صدر کڑیوں یا قینچیوں کے باہمی فصل کے متعلق کوئی مقررہ قاعدہ نہیں۔ ۴۰ فٹ فصل تک غالباً ۱۰ فٹ سب میں زیادہ کثیر الاستعمال ہے اور اس سے زیادہ فصل کے لیے ایک موٹا سا قاعدہ یہ ہے کہ فصل کا $\frac{1}{4}$ رکھا جائے۔

پکھاڑیوں کی ترتیب ـــــ پکھاڑیاں یعنی قینچیوں کے علی القوائم سلاخیں جن کے ذریعے چھت کی پوشش کو قینچیوں سے وصل کیا جاتا ہے عموماً زاویہ یا I یا ناؤلی کی تراش کی ہوتی ہیں۔ اگر پکھاڑیاں کڑیوں کو صرف عقدوں یعنی جوڑوں پر نہ جوڑی جائیں تو مقامی خمآؤ کا لحاظ رکھنا چاہیے جیسا کہ صفحہ ۴۲۲ پر بیان ہوا ہے۔ پکھاڑیوں کے تسلسل کا لحاظ رکھا جا سکتا ہے۔

قینچی کے سروں کی تنصیب ـــــ معمولی فصلوں کی صورت میں قینچی کے سروں کے نیچے مسندی یا تل تختی بنیاد بولٹوں کے ذریعہ ایک پتھر کے واسے (Template) پر یا فولادی کھموں کو کس دی جاتی ہے۔

بعض اوقات ایک سرے پر بولٹوں کے لیے سوراخ کی بجائے نالی بنائی جاتی ہے تاکہ حرکت کر سکیں اور بڑے فصلوں کی صورت میں پھر کی مسندیں استعمال کی جاتی ہیں جیسا کہ پُلوں کی صورت میں کیا جاتا ہے لیکن زمانۂ حال میں میلان اس جانب ہے کہ بڑے فصل کی چھت قینچیوں سے احتراز کیا جائے۔






شکل ۲۴۴۔

چھتوں اور دیگر تعمیروں کے لیے آنکھ دار سلاخیں ——

ہم اس سے پہلے کہ چکے ہیں کہ کیل سے جڑی ہوئی آنکھ دار سلاخیں اس ملک (یعنی انگلستان) میں پلوں کی تعمیر میں زیادہ استعمال نہیں ہوتیں اور چھت کے کاموں میں تو تقریباً بالکل متروک ہوگئی ہیں۔ تاہم ان سلاخوں کی بعض وقت ضرورت ہوتی ہے اس لیے ہم ان کی تجویز کے متعلق چند قاعدے بیان کرینگے۔ ان کی تجویز کے عام قاعدے یہ ہیں کہ آنکھ پر تنشی مضبوطی کم از کم سلاخ کے جسم کی مضبوطی کے مساوی ہونی چاہیے اور کیل کی جزی اور مسندی مضبوطی سلاخ کی تنشی مضبوطی کے مساوی ہونی چاہیے۔

امریکہ والے جنہیں آنکھ دار سلاخوں کا بہت تجربہ ہے عموماً سلاخ کی چوڑائی موٹائی کی ۶ گنی رکھتے ہیں۔ آنکھ دار سلاخوں کے متعلق دستور یہ ہے کہ اس کی رعایت رکھی جائے کہ ممکن ہے کہ بٹھائی (Fitting) ذرا ناقص ہو اور اس



شکل ۲۴۵ - آنکھ دار سلاخوں کی شکلیں۔

لحاظ سے مسندی زور ریوٹوں سے کسی قدر کم لیا جاتا ہے، مثلاً فولاد کے لیے ۸ ٹن فی مربع انچ۔

فرض کرو کہ کیل کا قطر ق ہے، سلاخ کی موٹائی ٹ اور عرض ض۔ تب نرم فولاد کے لیے تناؤ میں ۸ ٹن فی مربع انچ اور جز کے لیے ۵ ٹن فی مربع انچ لینے سے

تناؤ کی مضبوطی = ۸ ض ٹ

= ۸ ٹ ٢ اگر ض = ٦ ٹ ..... (١)

کیل کی مضبوطی دوہرے جزیں = ٢ × ٤ ٥ ٧٨٥ ٠ × ٥ ق ٢

= ٤ ٥ ٧٨٥ ٠ ق ٢ ..... (٢)

" مسندی لحاظ سے = ٨ ق ٹ ..... (٣)

اگر (١) = (٢) تو

٤ ٥ ٧٨٥ ٠ ق ٢ = ٨ ٤ ٨ ٹ ٢

ق = ٤ ٧ ٢ ٠ ٹ = ١ ٤ ٠ ض تقریباً

اگر (١) = (٣) تو

٨ ق ٹ = ٨ ٤ ٨ ٹ ٢

ق = ٦ = ٥ ٧ ٠ ض

اِس سے ق کی ضروری قیمت ق = $\frac{٣}{٤}$ ض حاصل ہوگی۔


معلق پُل، معمولی پل، اور چھت کے کام کی آنکھ دار سلاخوں پر بہت سے تجربات کیے گئے ہیں۔ ذیل کے ماہرین نے جو ابعاد تجویز کیے ہیں وہ شکل ٢٤٥ میں دیے گئے ہیں (ا) برکلے[1] (ب) شیلر اسمتھ[2] (ہتھوڑے سے پیٹا ہوا) (ج) شیلر اسمتھ (ماقوائی طور پر گھڑا ہوا)، (د) سر چارلس فاکس[3]۔ گول سلاخوں کے لیے دو شاخی ڈگیا جوڑ (Knuckle-joints) کے

---

[1] Berkley [2] Shaler Smith

[3] Sir Charles Fox

واسطے اَنوِن[1] کے تجویز کردہ ابعاد شکل ۲۴۶ میں دیے گئے ہیں۔



شکل ۲۴۶ - کانٹے اور آنکھ دار سلاخ کا جوڑ

بہت سے رابطوں کے لیے جیسے کہ امریکی قینچی کے پُلوں میں واقع ہوتے ہیں کیلوں کو تجویز کرتے وقت کیلوں پر کے خاؤ کے معیاروں پر بھی غور کرنا پڑتا ہے۔ خاؤ کے معیار کی رعایت کے متعلق طالب علم برائن[2]، جانسن[3] و ٹرنیر[4] کی کتاب " زمانۂ حال[5] کے چوکھٹے دار ساختیں" کا مطالعہ کریں۔

---

[1] Unwin [2] Bryan [3] Johnson [4] Turneare
[5] Modern Framed Structures (Wiley & Sons)

چوبی چھت قینچیاں


چوبی چھت قینچیوں کے جوڑوں وغیرہ کی تفصیلات فنِ تعمیر اور بخاری کی اکثر درسی کتابوں میں ملینگی۔

۱۰ فٹ باہمی فصل اور $\frac{1}{4}$ ارتفاع، کی شمالی صنوبر (Pine) کی قینچیوں اور سلیٹ کی پوشش کی چھتوں کے لیے استعمال ہونے والی راج کھم اور رانی کھم قینچیوں کے لیے ذیل کے کٹ چوبینے انجنوں میں اختیار کیے جاتے ہیں۔

فصل (فٹ)	بندِ من شہتیر	راج کھم	رانی کھم	صدر کڑیاں	افقی زیرِ کش	ترچھے زیرِ کش	پھنسا ڑیاں	معمولی کڑیاں
۲۰	۴×۹$\frac{1}{2}$	۳×۴	—	۴×۴	—	۲×۳$\frac{1}{2}$	۸×۴$\frac{3}{4}$	۲×۳$\frac{1}{2}$
۲۲	۵×۹$\frac{1}{2}$	۳×۵	—	۵×۳$\frac{1}{2}$	—	۲$\frac{3}{4}$×۳$\frac{3}{4}$	۵×۸$\frac{1}{2}$	۲×۳$\frac{3}{4}$
۲۴	۵×۱۰$\frac{1}{2}$	۵×۳$\frac{1}{2}$	—	۴×۵	—	۴×۲$\frac{1}{2}$	۵×۸$\frac{1}{2}$	۲×۴
۲۶	۵×۱۱$\frac{1}{2}$	۴×۵	—	۵×۴$\frac{1}{4}$	—	۲$\frac{1}{2}$×۴$\frac{1}{4}$	۵×۸$\frac{3}{4}$	۲×۴$\frac{1}{4}$
۲۸	۶×۱۱$\frac{1}{2}$	۴×۶	—	۶×۳$\frac{1}{2}$	—	۲$\frac{3}{4}$×۴$\frac{1}{2}$	۵$\frac{1}{4}$×۸$\frac{3}{4}$	۲×۴$\frac{1}{2}$
۳۰	۶×۱۲	۴$\frac{1}{2}$×۶	-	۴×۶	—	۳×۴$\frac{3}{4}$	۵$\frac{1}{2}$×۹	۲×۴$\frac{3}{4}$
۳۲	۱۰×۴$\frac{1}{2}$	—	۴×۴$\frac{1}{2}$	۶$\frac{3}{4}$×۴$\frac{1}{2}$	۴$\frac{1}{2}$×۶$\frac{3}{4}$	۲$\frac{3}{4}$×۳$\frac{3}{4}$	۴$\frac{3}{4}$×۸	۲×۳$\frac{1}{2}$
۳۴	۱۰×۵	—	۳$\frac{1}{2}$×۵	۶$\frac{1}{2}$×۵	۵×۶$\frac{3}{4}$	۲$\frac{1}{2}$×۴	۵×۸$\frac{1}{4}$	۲×۳$\frac{3}{4}$
۳۶	۱۰×۵$\frac{1}{2}$	—	۴×۵	۶$\frac{3}{4}$×۵	۵×۷	۲$\frac{1}{2}$×۴$\frac{1}{4}$	۵×۸$\frac{1}{2}$	۲×۴
۳۸	۱۰×۶	—	۳$\frac{3}{4}$×۶	۶×۶	۶×۷$\frac{1}{4}$	۲×۴$\frac{1}{2}$	۵×۸$\frac{1}{2}$	۲×۴
۴۰	۱۱×۶	—	۴×۶	۶$\frac{1}{2}$×۶	۶×۸	۲$\frac{1}{2}$×۴$\frac{1}{2}$	۵×۸$\frac{1}{2}$	۲×۴$\frac{1}{4}$
۴۲	۱۱$\frac{1}{2}$×۶	—	۴$\frac{1}{2}$×۶	۶$\frac{3}{4}$×۶	۶×۸$\frac{1}{4}$	۲$\frac{3}{4}$×۴$\frac{1}{2}$	۵$\frac{1}{4}$×۸$\frac{3}{4}$	۲×۴$\frac{1}{2}$
۴۴	۱۲×۶	—	۵×۶	۷×۶	۶×۸$\frac{1}{2}$	۳×۴$\frac{1}{2}$	۵×۹	۲×۴$\frac{3}{4}$
۴۶	۱۲$\frac{1}{2}$×۶	—	۵$\frac{1}{2}$×۶	۷$\frac{1}{4}$×۶	۶×۹	۳×۴$\frac{3}{4}$	۵$\frac{1}{2}$×۹	۲×۵

ہنسلی شہتیر اور ہتوڑا شہتیر کی چھت قینچیاں ——


قینچیاں گرجاؤں اور پبلک ہالوں میں کثرت سے استعمال ہوتی ہیں۔ ان میں خوبی یہ ہے کہ دیکھنے میں اچھی معلوم ہوتی ہیں لیکن نقص یہ ہے کہ ان کی تجویز سائنٹفک نہیں۔ ان کے زور ٹھیک ٹھیک معلوم نہیں کیے جا سکتے۔ کیونکہ دیوار کی مزاحمت یا دھکیل معلوم نہیں ہوتی۔



شکل ۲۴۷ ہنسلی شہتیر قینچی

ہنسلی شہتیر قینچی کے لئے ۳۰ فٹ فصل اور ۵ فٹ ارتفاع کے لیے ایک تجویز شکل ۲۴۷ میں دکھائی گئی ہے۔ ہنسلی شہتیر میں بندھن سلاخ نہیں ہوتی۔ دھکیل کو دیوار کے ذریعے یا کڑی کے خاؤ کے زور کے ذریعے برداشت کیا جاتا ہے۔ یہ ایک کامل ڈھانچہ نہیں اور اس میں زور اُس وقت تک نہیں معلوم ہو سکتے جب تک کہ دیوار کی دھکیل کی مزاحمت کی طاقت نہ معلوم ہو۔ اگر دیواریں

بالکل استوار ہوں جس کی وجہ سے حاصل دھکیل کڑی کی سمت میں ہو تو ہنسلی شہتیر فشار میں ہوتا ہے اور زور شکل ۲۴۸ (و) کے مطابق ہونگے۔ دیواروں کے دھکیل ۱۰ اور ۱۰ اُسے حاصل ہونگے (ہم نے لداؤ مساوی لیا ہے جیسا کہ عموماً ہوتا ہے)۔ لیکن اگر دیواریں پشتہ دار نہ ہوں اور افقی دھکیل کی مزاحمت نہ کر سکیں تو کڑی پر خماؤ کا معیار ہوگا اور ہنسلی شہتیر تناؤ میں ہوگا۔ صورت (ب)۔



شکل ۲۴۸ ہنسلی شہتیر قینچی۔

اِس صورت میں زور، زور کے نقشے کے ذریعے آسانی سے نہیں معلوم ہو سکتے۔ ہنسلی شہتیر کا زور معیاروں کے طریقے سے اِس طرح حاصل ہوگا:۔


ا کے گرد معیار لو۔

$$\text{ب د کا زور} \times \text{ھ} = (۲\text{و} - ۵٫\text{و})\,\text{ما} - \text{و} \times \text{لا}$$

$$\text{ب د کا زور} = \frac{(۵٫\text{ما} - \text{لا})\,\text{و}}{\text{ھ}}$$

کڑیوں میں دھکیل ج یا ج پر کی حاصل قوت ۲ و - ۵٫ و = ۵٫ ا و کا جزو تحلیلی ہوگا اور خماؤ کے معیار کا نقشہ ویسا ہوگا جیسا کہ دکھایا گیا ہے۔ اعظم خماؤ کا معیار ۵٫ ا و ما ہوگا۔

دیوار کو پشتہ دینا چاہیے تاکہ صورت (و) کا دھکیل برداشت



شکل ۲۳۹ - ہتوڑا شہتیر قینچی

کر سکیں۔ دیکھو چھت کی مضبوطی ایسی رکھنی چاہیے کہ اگر دیواریں بیکار ہو جائیں تو نقصان نہ ہو اور دیواریں ایسی ہونی چاہئیں کہ دھکیل سے باہر نہ گر پڑیں۔ عموماً خماؤ کے معیار کو برداشت کرنے کے لیے ایک چوبی کمان بنا دی جاتی ہے جیسا کہ شکل ۲۴۷ میں دکھایا گیا ہے اور اس کو اعظم خماؤ کے معیار کے مقام پر فولاد یا لوہے کی تختیوں کے ذریعے مضبوط کیا جا سکتا ہے جیسا کہ ہتوڑا شہتیر قینچی کی صورت میں دکھایا گیا ہے (شکل ۲۴۹)۔ ہوا کے دباؤ سے پیدا ہونے والے زوروں کا حساب اس صورت میں بہت دقت طلب ہے۔

اسی طرح کی ایک قینچی فولادی کماندار بندھن کے ساتھ شکل ۱۵۰ میں حل کر کے دکھائی گئی ہے۔

ہتوڑا شہتیر قینچی کے لیے ۳۴ فٹ فصل کی ایک تجویز شکل ۲۴۹ میں دکھائی گئی ہے۔ اس میں بھی بندھن سلاخ نہیں ہوتی۔ لیکن یہ عملاً ایک کامل قینچی ہے جیسا کہ ڈھانچے کے نقشے میں دکھایا گیا ہے جس کی متکافی شکل بھی کھینچی گئی ہے۔ اس صورت میں دونوں ردِّ عمل حاصل قوت کے متوازی لیے گئے ہیں۔ عملاً دیواروں پر ایک دھکیل ہوگا جو ان کو باہر کی طرف جھکا دینے کی کوشش کریگا اور اس دھکیل سے قینچی کے زور کم ہو جائینگے۔ لیکن مناسب یہ ہے کہ تجویز کرتے وقت اس کمی کا کوئی لحاظ نہ کیا جائے۔ دیواروں پر پڑنے والا اعظم دھکیل اکثر اتنا ہوگا کہ حاصل ردِّ عملوں کو سمتوں ۱۸ اور ۸ ک ٹن لے آئے۔

جہاں کہیں ممکن ہو بندھن سلاخ لگانی چاہیے کیونکہ اس صورت میں زور بہت زیادہ صحت کے ساتھ معلوم ہو سکتے ہیں اور ارکان کو بہت کچھ ہلکا بنایا جا سکتا ہے۔

اٹھارواں باب

پُلوں اور گرڈروں کی تجویز

اب ہم پُلوں اور گرڈروں کی تجویز میں اُن اصولوں کا اطلاق کرینگے جو گزشتہ ابواب میں سمجھائے گئے ہیں۔ اشیائے تعمیر کی جسامتوں کے متعلق صفحہ ۶۶۱ پر ایک نوٹ دیا گیا ہے۔

پُلوں پر کے بوجھ ——— مُردہ بوجھ۔ یہ مستقل تعمیر کا بوجھ ہے اور خود فولاد کاری، گٹی، سمنٹ، سلیپروں وغیرہ کے وزن پر مشتمل ہے اور اس کو جہاں تک ممکن ہو حقیقی ابعاد سے محسوب کرنا چاہیے۔

ذیل کے اعداد تجویز میں مدد دینگے :-

کمانچہ سقف بندی	۲۵۰ پونڈ فی مربع فٹ
ناقد سقف بندی	۱۳ تا ۵۰ " "
محکم کنکریٹ	۱۲ پونڈ فی مربع فٹ فی انچ موٹائی
سڑک کندے (Roadway setts)	۱۲۰ پونڈ فی مربع فٹ
پٹریاں	۰٫۶ ٹن فی فٹ فی لائین
گٹی	۱٫۵ تا ۱٫۲ " " "
چوبینہ	۰٫۷ تا ۱٫۷ " " "

گرڈروں کے وزن ـــ خود گرڈروں کے وزن کی تقریبی رعایت رکھنے کے لیے ذیل کے ضابطے تجویز کیے گئے ہیں:-

(۱) اَنوِن کا ضابطہ

$$\text{و}_1 = \text{گرڈر کا وزن فی طولی فٹ} = \frac{\text{و ن}}{\text{م ز} - \text{ل ن}}$$

جہاں و = گرڈر پر پڑنے والا بوجھ (ٹن)

ل = فصل (فٹ)

ن = گہرائی اور فصل کی نسبت

ز = کامی زور (ٹن فی مربع انچ)

م = ایک مستقل، جو چھوٹے تختی گرڈروں کے لیے ۱۲۰۰ سے ۱۴۰۰ تک اور قینچی گرڈروں کے لیے ۱۷۰۰ سے ۱۹۰۰ تک لیا جا سکتا ہے۔

(۲) تختی گرڈروں کے لیے تقریبی قاعدہ

$$\text{و}_1 = \frac{\text{و ل}}{۷۰۰}$$

(۳) جانسن[۱]، برائن[۲]، ٹرنیر[۳] کا ضابطہ ("زمانہ حال کے ڈھانچے")

ل = فصل (فٹ)

و = گرڈر کا وزن پونڈ فی طولی فٹ میں

عرشہ تختی گرڈر $\text{و} = ۹\ \text{ل} + ۱۲۰$

عرشہ جالی گرڈر $\text{و} = ۷\ \text{ل} + ۲۰۰$

میانہ پن پل $\text{و} = ۵\ \text{ل} + ۳۵۰$

یہ اعداد اکہری لائن کے ریل کے پل کے لیے ہیں:-

وزن کا اس سے زیادہ صحیح تخمینہ خاص کر بڑے فصلوں کے لیے اُن تخمینوں سے حاصل ہوگا جو بہت سے پلوں کے حقیقی وزن کے مطالعہ سے

۱ Johnson ۲ Bryan ۳ Turneare

اخذ کیے گئے ہیں۔ طالب علم کو اُس مضمون کا حوالہ دیا جاتا ہے جو مسٹر ڈبلیو۔ ایچ تھارپ نے "رسالۂ انجینیرنگ" ۳۰ اکتوبر ۱۹۲۵ء میں لکھا ہے۔

سڑک کے پلوں کے لیے امریکی دستور :—

عرشہ تختی گرڈر $و = ۲٫۵ + \frac{ل}{۴۸}$

سرتاسر تختی گرڈر $و = ۳٫۲ + \frac{ل}{۵۶}$

سرتاسر قینچی گرڈر $و = ۲٫۸ + \frac{ل}{۱۱۲}$

جہاں $و$ = فولاد کا وزن پونڈ فی مربع فٹ جس پر پل چھایا ہو

$ل$ = فصل (فٹ)

ریل کے پلوں پر زندہ بوجھ —— باب ۱۷ میں بتایا جا چکا ہے کہ ریل کے پلوں کے لیے دستور ہے کہ فصل کے اوپر ایک معیاری گاڑی کی حرکت کے لیے تجویز اختیار کی جائے۔

ریل کے پلوں کے لیے برطانوی معیاری بوجھ —— اس ملک (یعنی انگلستان) میں حسب ذیل معیاری بوجھ اختیار کیے گئے ہیں (دیکھو برطانوی معیاروں کی مجلس کی تخصیص نمبر ۱۵۳، ضمیمہ)۔

Mr. W. H. Thorpe, A. M. Inst. C. E.

برطانوی معیاری اکائی لداؤ اکہرے راستے کے پُلوں کے لیے
گیج ۴ فٹ ۸½ انچ

فصل فٹ	صدر گرڈر اور پٹریوں کے حامل					آڑے گرڈر
	اعظم خمائو کا معیار (فٹ ٹن)	مجموعی معادل یکساں منقسم بوجھ (ٹن)	اعظم خمائو کا معیار (فٹ ٹن)	مجموعی معادل یکساں منقسم بوجھ (ٹن)	اعظم جز (ٹن)	آڑے گرڈر کا اعظم ردِ عمل (ٹن)
	فصل کے وسط میں		فصل کے ¼ کے نقطے پر		پل پائے پر / فصل کے وسط میں	
۱۰	۳ ۱۲۵	۲ ۵۰۰	۲ ۸۱۳	۳ ۰۰۱	۰ ۶۲۵ / ۱ ۷۵۰	۲ ۰۰۰
۵۰	۴۶ ۷۵۲	۷ ۴۸۰	۳۷ ۱۲۵	۷ ۹۳۰	۱ ۴۱۵ / ۴ ۴۲۰	۶ ۴۶۰
۱۰۰	۱۶۱ ۹۲۲	۱۳ ۹۵۲	۱۲۶ ۲۵۰	۱۳ ۶۴۷	۲ ۲۱۰ / ۷ ۵۷۰	۱۱ ۸۶۰
۲۰۰	۵۹۴ ۰۳۷	۲۳ ۷۶۱	۴۵۰ ۷۵۰	۲۴ ۰۴۰	۳ ۷۸۵ / ۱۳ ۱۸۵	۲۰ ۹۷۵
۳۰۰	۱۲۵ ۸۰۶	۳۲ ۶۸۸	۹۵۹ ۲۵۰	۳۴ ۱۰۷	۵ ۲۴۰ / ۱۸ ۳۹۰	۳۰ ۶۵۰

درمیانی تمام فصلوں کے لیے قیمتیں مذکورہ ضمیمے میں موجود ہیں۔
اوپر کے اعداد اکائی بوجھ کے لیے ہیں۔ صدر لائینوں کے لیے بوجھ آج کل ۲۰ اکائیاں لیا جاتا ہے۔

ریل کے پُلوں کے لیے کُوپر کے بوجھ

امریکہ میں تھیوڈور کُوپر کے معیار لینے کا دستور ہے جو ذیل میں تفصیل کے ساتھ درج کیے جاتے ہیں۔ کُوپر کا معیاری لداؤ دو حرا کے مع ٹنڈر اور

Theodore Cooper ۵

ان کے پیچھے یکساں بوجھ پر مشتمل ہے۔ باہمی فصل شکل ۲۴۹ ا میں دکھائے گئے ہیں۔ بھاری پن کے لحاظ سے مختلف درجے کیے گئے ہیں اور لداؤ حسب ذیل ہیں:-

کوپر کے معیاری بوجھ


(ہزار پونڈ کی اکائی میں)

درجہ	بوگی (ب)	ڈرائیور (ڈ)	ٹنڈر (ٹ)	یکساں بوجھ فی فٹ (ی)
ع ۳۰	۱۵٫۰	۳۰٫۰	۱۹٫۵۰	۳٫۰
ع ۳۵	۱۷٫۵	۳۵٫۰	۲۲٫۷۵	۳٫۵
ع ۴۰	۲۰٫۰	۴۰٫۰	۲۶٫۰۰	۴٫۰
ع ۴۵	۲۲٫۵	۴۵٫۰	۲۹٫۲۵	۴٫۵
ع ۵۰	۲۵٫۰	۵۰٫۰	۳۲٫۵	۵٫۰
ع ۵۵	۲۷٫۵	۵۵٫۰	۳۵٫۷۵	۵٫۵
ع ۶۰	۳۰٫۰	۶۰٫۰	۳۹٫۰۰	۶٫۰

درمیانی درجوں اور اعلیٰ درجوں کی قیمتیں اسی تناسب میں لی جاسکتی ہیں۔

برطانوی معیاری اکائی بوجھ ریل کے اکہرے راستے کے پُلوں کے لیے


گیج ۴ فٹ ۸½ انچ



صدر لائنوں کے لیے ۲۰ اکائی لداؤ کی سفارش کی گئی (اکائی = ۱ ٹن)

کُوپر معیاری بوجھ ریل کے اکہرے راستہ کے پُلوں کے لیے

گیج ۴ فٹ ۸½ انچ



شکل ۲۴۹ ا

گرڈروں کو ان بوجھوں کے لیے تجویز کرنے میں اعظم معیار اور اعظم جز مطلوب ہونگے اور عموماً اس کو کافی صحیح سمجھا جاتا ہے کہ پل کو ان بوجھوں کے معادل یکساں بوجھ کے لیے تجویز کیا جائے۔ یہ مقداریں ذیل کی جدول سے حاصل ہونگی:-

کوپر کے بوجھ کے لیے اعظم خ م اور سرے کا جز

[جدول کے اعداد کو درجے کے نمبر سے ضرب دو مثلاً درجہ ع ۵۰ کے لیے جدول کی قیمتوں کو ۵۰ سے ضرب دو]

فصل (فٹ)	اعظم خ م (۱۰۰۰ افٹ پونڈ)	اعظم جز (۱۰۰۰ پونڈ)	معادل یکساں بوجھ (۱۰۰۰ پونڈ فی طولی فٹ) خ م	معادل یکساں بوجھ (۱۰۰۰ پونڈ فی طولی فٹ) جز	فصل (فٹ)	اعظم خ م (۱۰۰۰ افٹ پونڈ)	اعظم جز (۱۰۰۰ پونڈ)	معادل یکساں بوجھ (۱۰۰۰ پونڈ فی طولی فٹ) خ م	معادل یکساں بوجھ (۱۰۰۰ پونڈ فی طولی فٹ) جز
۱۰	۲۵۸۲	۱۵۵۰	۲۲۵۰	۳۰۰۰	۴۰	۳۲۵۷۸	۳۵۷۸	۱۶۴۰	۱۸۸۶
۱۱	۳۵۲۸	۱۶۶۴	۲۱۷۲	۲۹۷۶	۴۲	۳۵۶۹۸	۳۵۹۰	۱۶۱۸	۱۸۶۰
۱۲	۴۵۰۰	۱۷۷۶	۲۲۳۲	۲۹۱۶	۴۴	۳۸۵۵۸	۴۵۰۲	۱۵۹۴	۱۸۳۰
۱۳	۴۵۷۶	۱۵۸۴	۲۲۴۸	۲۸۴۲	۴۶	۴۱۵۴۸	۴۵۱۴	۱۵۶۸	۱۸۰۰
۱۴	۵۵۵۰	۱۷۹۲	۲۲۴۴	۲۷۵۶	۴۸	۴۴۵۳۸	۴۵۲۴	۱۵۴۲	۱۷۶۸
۱۵	۶۵۲۶	۲۵۰۰	۲۲۲۲	۲۶۶۶	۵۰	۴۷۵۵۴	۴۵۳۶	۱۵۲۲	۱۷۴۲
۱۶	۷۵۰۰	۲۵۱۲	۲۱۸۸	۲۶۵۶	۵۲	۵۰۵۷۶	۴۵۴۶	۱۵۰۲	۱۷۱۶
۱۷	۷۵۷۶	۲۵۲۴	۲۱۴۶	۲۶۳۰	۵۴	۵۴۵۰۶	۴۵۵۶	۱۴۸۴	۱۶۸۸
۱۸	۸۵۵۰	۲۵۳۴	۲۰۹۸	۲۵۹۲	۵۶	۵۸۵۶۰	۴۵۶۶	۱۴۷۰	۱۶۶۶
۱۹	۹۵۳۰	۲۵۴۲	۲۰۶۸	۲۵۴۸	۵۸	۶۱۵۱۶	۴۵۷۶	۱۴۵۴	۱۶۴۴

۲۰	۱۰٫۳۲	۲٫۵۰	۲٫۶۲ کر	۲۵۰۰ر	۶۴٫۹۴	۶۰	۴٫۸۸	۱۴۴۴ر	۱۶۲۶ر
۲۱	۱۱٫۳۰	۲٫۵۸	۲٫۵۰ کر	۲۴۴۸ر	۶۸٫۸۲	۶۲	۵٫۰۰	۱۴۳۲ر	۱۶۱۴ر
۲۲	۱۲٫۲۸	۲٫۶۴	۲٫۳۰ کر	۲۳۹۶ر	۷۲٫۷۸	۶۴	۵٫۱۲	۱۴۲۲ر	۱۶۰۲ر
۲۳	۱۳٫۲۸	۲٫۷۰	۲٫۰۰۸ کر	۲۳۴۴ر	۷۶٫۹۸	۶۶	۵٫۲۴	۱۴۱۴ر	۱۵۹۰ر
۲۴	۱۴٫۲۶	۲٫۷۸	۱٫۹۸۰ کر	۲۳۱۰ر	۸۱٫۱۸	۶۸	۵٫۴۰	۱۴۰۴ر	۱۵۸۶ر
۲۵	۱۵٫۲۶	۲٫۸۴	۱٫۹۵۲ کر	۲۲۷۲ر	۸۵٫۳۸	۷۰	۵٫۵۲	۱۳۹۴ر	۱۵۷۸ر
۲۶	۱۶٫۲۴	۲٫۹۰	۱٫۹۲۲ کر	۲۲۳۶ر	۸۹٫۵۸	۷۲	۵٫۶۶	۱۳۸۲ر	۱۵۷۴ر
۲۷	۱۷٫۲۴	۲٫۹۶	۱٫۸۹۲ کر	۲۱۹۴ر	۹۳٫۹۸	۷۴	۵٫۸۲	۱۳۷۲ر	۱۵۷۲ر
۲۸	۱۸٫۲۸	۳٫۰۲	۱٫۸۶۴ کر	۲۱۵۸ر	۹۸٫۵۰	۷۶	۵٫۹۶	۱۳۶۴ر	۱۵۶۶ر
۲۹	۱۹٫۴۰	۳٫۰۸	۱٫۸۴۶ کر	۲۱۲۲ر	۱۰۳٫۲۰	۷۵	۶٫۰۸	۱۳۵۸ر	۱۵۶۰ر
۳۰	۳۰٫۵۲	۳٫۱۶	۱٫۸۲۴ کر	۲۱۰۲ر	۱۰۷٫۹۸	۸۰	۶٫۲۲	۱۳۵۰ر	۱۵۵۲ر
۳۱	۲۱٫۶۴	۳٫۲۲	۱٫۸۰۲ کر	۲۰۷۸ر	۱۱۲٫۷۶	۸۲	۶٫۳۴	۱۳۴۲ر	۱۵۴۸ر
۳۲	۲۲٫۷۸	۳٫۲۸	۱٫۷۸۰ کر	۲۰۵۴ر	۱۱۷٫۸۲	۸۴	۶٫۴۸	۱۳۳۶ر	۱۵۴۴ر
۳۳	۱۳٫۹۰	۳٫۳۴	۱٫۷۵۶ کر	۲۰۲۸ر	۱۲۲٫۹۰	۸۶	۶٫۶۰	۱۳۳۰ر	۱۵۳۶ر
۳۴	۲۵٫۰۲	۳٫۴۰	۱٫۷۳۲ کر	۲۰۰۲ر	۱۲۸٫۱۲	۸۸	۶٫۷۴	۱۳۲۴ر	۱۵۳۰ر
۳۵	۲۶٫۱۴	۳٫۴۶	۱٫۷۰۸ کر	۱۹۷۶ر	۱۳۳٫۴۸	۹۰	۶٫۸۶	۱۳۱۸ر	۱۵۲۴ر
۳۶	۲۷٫۴۴	۳٫۵۲	۱٫۶۹۴ کر	۱۹۶۰ر	۱۳۸٫۸۲	۹۲	۶٫۹۸	۱۳۱۲ر	۱۵۲۰ر
۳۷	۲۸٫۷۲	۳٫۶۰	۱٫۶۷۸ کر	۱۹۴۲ر	۱۴۴٫۱۸	۹۴	۷٫۱۲	۱۳۰۶ر	۱۵۱۴ر
۳۸	۳۰٫۰۰	۳٫۶۶	۱٫۶۶۲ کر	۱۹۲۴ر	۱۴۹٫۵۲	۹۶	۷٫۲۴	۱۲۹۸ر	۱۵۰۸ر
۳۹	۳۱٫۳۴	۳٫۶۷۲	۱٫۶۴۸ کر	۱۹۰۴ر	۱۵۵٫۱۰	۹۸	۷٫۳۸	۱۲۹۲ر	۱۵۰۴ر
					۱۶۰٫۹۶	۱۰۰	۷٫۵۰	۱۲۸۸ر	۱۵۰۰ر

صدمے کی رعایت ـــــ باب ۲ میں دکھایا گیا ہے کہ تغیر کی رعایت سے کامی زور لون ہارڈت[1] ۔ ویراش کے ضابطے سے کس طرح حاصل کیے جاسکتے ہیں ۔ یہ ضابطہ حکومت فرانس استعمال کرتی ہے اِس لیے اس کو فرانسیسی ضابطہ بھی کہتے ہیں ۔

امریکہ میں اور حال میں اِس ملک (یعنی انگلستان) میں اب دستور یہ ہوگیا ہے کہ اِس کی بجائے ایک صدمے کا ضابطہ استعمال کیا جائے ۔

واڈل[2] کا صدمے کا ضابطہ یہ ہے :-

$$ص = \frac{۴۰۰}{ل + ۵۰۰}$$

جہاں ل فصل کے اُس حصے کا طول فٹوں میں ہے جس پر اعظم زور پیدا ہونے کے وقت زندہ بوجھ چھایا ہوا ہو اور ص وہ تناسب ہے جس سے اعظم سکونی زور کو بڑھا دینا چاہیے ۔

اِسی طرح کا ایک ضابطہ (امریکی پُل ساز کمپنی کا) یہ ہے :-

$$ص = \frac{۳۰۰}{ل + ۳۰۰}$$

برطانوی تجویز میں صدمے کی معیاری رعایت برطانوی معیاروں کی مجلس کے تخصیص نامے نمبر ۱۵۳ حصہ ۳ میں درج ہے جس سے ذیل کے اعداد یہاں درج کیے جاتے ہیں :-

(ا) $ص = \frac{۱۲۰}{۹۰ + \frac{ن+۱}{۲} ل}$ بھاپ حراکوں کی ریلوں کے لیے

اِس میں ص اور ل حسب سابق ہیں اور ن راستوں کی تعداد ہے جس کو سہارنے کے لیے گرڈر یا رکن کو تجویز کرنا ہے ۔

(ب) بالکل بجلی سے چلنے والی ریل کے لیے (ا) میں کے ص کو

[1] Launhardt - Weyrauch [2] Waddell

انجینیر اپنے صوابدید سے کم کردے۔

(ج) سڑک کے پلوں کے لیے (۱) کے ص کا $\frac{۲}{۳}$، اور اس کی اعظم حد ۷۰ء۔ اس میں ن آمدورفت کی لائنوں کی تعداد ہے۔

مسٹر اسٹون نے اس بات کی کوشش کی کہ حکومت ہند نے متحرک بوجھوں کے تحت پلوں کے انصراف کے متعلق جو اعداد و شمار حاصل کیے ہیں اُن کے ذریعے اندازہ کیا جائے کہ صدمے کی رعایت کے لئے زندہ بوجھ کو مختلف صورتوں میں کس عدد سے ضرب دینا چاہیے۔ اُنھوں نے یہ فرض کیا ہے کہ زندہ بوجھ کی نسبت مردہ بوجھ کے ساتھ (یا اُن کے الفاظ میں متحرک بوجھ کی نسبت ثابت بوجھ کے ساتھ) جتنی زیادہ ہو صدمہ کی اہمیت اُسی تناسب سے بڑھتی ہے۔

ذیل میں چند اعداد و شمار مسٹر اسٹون کی مرتب کی ہوئی ایک جدول سے درج کیے جاتے ہیں۔

مرکب بوجھ کی نوعیت نسبت کا فیصد		متحرک بوجھ کا فوری اثر بمقابلہ ثابت بوجھ کے اثر کے
ثابت بوجھ	متحرک بوجھ	فیصد
۰	۱۰۰	—
۲٫۵	۹۷٫۵	۱۴۷٫۴۰
۵	۹۵	۱۳۳٫۷۸
۱۰	۹۰	۱۲۲٫۶۳
۱۵	۸۵	۱۱۶٫۸۶
۲۰	۸۰	۱۱۳٫۰۶
۲۵	۷۵	۱۱۰٫۲۷
۳۰	۷۰	۱۰۸٫۱۳

Mr. Stone ⌐

مرکب بوجھ کی نوعیت نسبت کا فیصد		متحرک بوجھ کا فوری اثر بمقابلہ ثابت بوجھ کے اثر کے
ثابت بوجھ	متحرک بوجھ	فیصد
۳۳٫۳	۶۶٫۷	۱۰۷٫۱۴
۳۵	۶۵	۱۰۶٫۶۳
۴۰	۶۰	۱۰۵٫۴۷
۴۵	۵۵	۱۰۴٫۶۲
۵۰	۵۰	۱۰۳٫۸۷
۵۵	۴۵	۱۰۳٫۲۳
۶۰	۴۰	۱۰۲٫۶۳
۶۵	۳۵	۱۰۲٫۱۰
۶۶٫۷	۳۳٫۳	۱۰۱٫۹۶
۷۰	۳۰	۱۰۱٫۶۴
۷۵	۲۵	۱۰۱٫۲۱
۸۰	۲۰	۱۰۰٫۸۲
۸۵	۱۵	۱۰۰٫۵۳
۹۰	۱۰	۱۰۰٫۳۰
۹۵	۵	۱۰۰٫۱۳
۱۰۰	-	۱۰۰٫۰۰

آڑے گرڈروں میں صدمے کی رعایت صدر گرڈروں سے اکثر زیادہ رکھی جاتی ہے۔

سڑک کے پُلوں پر زندہ بوجھ

آدمیوں کا مجمع = ۱۲۰ پونڈ فی مربع فٹ

عام آمدورفت = ۲۰۰ تا ۳۰۰ پونڈ فی مربع فٹ

اس میں جرّ انجنوں وغیرہ کے بوجھ شامل ہیں اور یہ غالباً ضرورت سے زیادہ ہے۔

ایک متبادل طریقہ جو بعض لحاظ سے زیادہ قابلِ اطمینان ہے یہ ہے کہ ۱۰۰ تا ۱۵۰ پونڈ فی مربع فٹ کی اور نیز جرّ انجنوں کے ۱۰ تا ۲۵ ٹن کے متحرک بوجھ کی رعایت رکھی جائے۔

شاہراہوں کے پُلوں کے لیے برطانوی معیاری بوجھ (جس کو عام طور پر وزارتِ حمل ونقل کا تخصیص کردہ بوجھ کہتے ہیں) شکل ۲۴۹ ب میں دکھایا گیا ہے۔


خمّاؤ کے معیاروں وغیرہ کی پوری تفصیلات بی۔ای۔ایس۔ اے (برطانوی انجینیری معیاروں کی مجلس) کے تخصیص نامے کے ضمیمے میں ملینگی جس سے ذیل کے اعداد چند فصلوں کے لیے نقل کیے جاتے ہیں:۔

شاہراہوں کے پُلوں کے لیے برطانوی معیاری اکائی بوجھ

فصل (فٹ)	صدر گرڈر اور سڑک کے طولی حامل					آڑے گرڈر
	اعظم خمّاؤ کا معیار (فٹ ٹن)	مجموعی معادل یکساں منقسم بوجھ (ٹن)	اعظم خمّاؤ کا معیار (فٹ ٹن)	مجموعی معادل یکساں منقسم بوجھ (ٹن)	اعظم جز (ٹن)	آڑے گرڈر کا اعظم ردِّ عمل (ٹن)
	فصل کے مرکز پر		فصل کے ½ کے نقطے پر		فصل کے مرکز پر / پیل پائے پر	
۱۰	۲٫۵۰۰	۲٫۰۰۰	۱٫۸۷۵	۲٫۰۰۰	۵۰۰ / ۱٫۰۰۰	۱٫۰۰۰
۵۰	۲۰٫۶۵۲	۳٫۲۲۰	۱۵٫۹۳۸	۳٫۴۰۰	۵۷۵ / ۱٫۹۰۰	۲٫۷۲۰
۱۰۰	۶۸٫۲۷۹	۵٫۴۶۲	۵۱٫۸۱۳	۵٫۵۲۷	۰٫۸۴۵ / ۳٫۱۰۵	۵٫۱۴۰
۲۰۰	۲۵۷٫۲۷۸	۱۰٫۲۹۱	۱۹۴٫۰۰۰	۱۰٫۳۴۷	۱٫۴۵۳ / ۵٫۶۲۵	۱۰٫۱۷۵
۳۰۰	۵۷۲٫۲۳۳	۱۵٫۲۶۰	۴۲۹٫۴۳۸	۱۵٫۲۶۹	۲٫۰۹۳ / ۸٫۱۴۵	۱۵٫۲۱۳

شاہراہوں کے پلوں کے لیے برطانوی معیاری اِکائی بوجھ

(یہ فرض کرنا چاہیے کہ پُل کے گاڑی راستے کے ہر دس فٹ عرض پر معیاری گاڑیوں کا
ایک سلسلہ پورے طور پر چھایا ہوا ہے)



وزارتِ حمل و نقل نے برطانیہ کی تمام سڑکوں کے پُلوں کے لیے
اقل درجہ ۱۵ اکائیوں کے ضعف کی سفارش کی ہے

شکل ۲۴۹ ب

پلوں کی قسمیں ـــــ عرشہ پل (Deck Bridge) وہ ہے جس میں بوجھ گرڈروں کی اوپر کی کور پر پڑتے ہیں۔

میانہ پل وہ ہے جس میں بوجھ نچلی کور پر پڑتے ہیں۔

پل کا مؤثر فصل اس کی مسندوں کے مرکزوں کا فاصلہ ہے اور خالص فصل مسندوں کے کناروں کا فاصلہ ہے۔

۱۵ یا ۲۰ فٹ تک کے فصل کے لیے سادہ بیلی ہوئی تراش کے شہتیر سب میں زیادہ موزوں ہونگے۔ ۱۵ سے ۹۰ فٹ تک کے لیے تختی یا بکس نما گرڈر۔ اس سے بڑے فصل کے لیے عموماً ڈھانچہ دار گرڈر موزوں ہوں گے۔ بہت بڑے فصلوں کے لیے معلق پلوں، برآمدہ بیرمی گرڈر پلوں اور کمانوں کی ضرورت ہوگی۔

باکفایت فصل ـــ ایک بڑے فصل کو متعدد چھوٹے چھوٹے فصلوں میں تقسیم کرنا ہو تو باکفایت فصل حسب ذیل طریقے سے حاصل ہو سکتے ہیں:۔

فرض کرو کہ پ = ایک پائے کی لاگت

گ = ایک فصل کے لیے صدر گرڈروں کی لاگت

ن = چھوٹے فصلوں کی تعداد

ل' = چھوٹے فصلوں کا طول

ل = مجموعی فصل

$$\text{تب} \qquad ن = \frac{ل}{ل'}$$

پایوں کی لاگت = (ن - ۱) پ

صدر گرڈروں کی لاگت = ن گ اور گ کو فصل کے مربع کے متناسب مانا جا سکتا ہے۔ اس طرح

$$گ = و\ ل^{۲}$$

$$\therefore \quad \text{مجموعی لاگت} = م = (ن-۱)پ + ن\ و\ ل^{۲}$$

م کی اقل قیمت حاصل کرنے کے لیے ل کے لحاظ سے تفرق کر کے صفر کے مساوی رکھنا چاہیے۔

$$\frac{فرم}{فرل} = ۰$$

اب
$$م = \frac{ل - ل_{۱}}{ل_{۱}} پ + \frac{ل\ و\ ل^{۲}}{ل_{۱}}$$

$$= \frac{ل\ پ}{ل_{۱}} - پ + ل\ و\ ل_{۱}$$

$$\frac{فرم}{فرل} = \frac{-ل\ پ}{ل^{۲}_{۱}} + ل\ و = ۰$$

$$\therefore \quad \frac{پ}{ل^{۲}_{۱}} = و$$

یا
$$پ = و\ ل^{۲}_{۱} = گ$$

∴ سب میں زیادہ باکفایت انتظام وہ ہے جس میں ایک فصل کے صدر گرڈروں کی لاگت = ایک پائے کی لاگت۔

اگر گ = ۱۰۰ فٹ فصل کے صدر گرڈروں کی لاگت تو اوپر کے نتیجے کو یوں بیان کیا جا سکتا ہے:

$$\text{باکفایت فصل} = \frac{۱۰۰\ ما\ پ}{ما\ گ}$$

صدر گرڈروں اور فرش بندی کی ترتیب ــــ تفصیلی تجویز سے پہلے صدر گرڈروں اور فرش بندی کی ترتیب کا تصفیہ کر لینا چاہیئے۔


بالعموم عرشہ پل، میانہ پل سے زیادہ باکفایت ہوتا ہے۔
ہر صورت میں فرش کو پن روک بنانا چاہیے اور پن بہاؤ کا انتظام ہونا چاہیے۔ پن بہاؤ میں تحدب مدد دیگا۔ زنگ خوردگی سے بچانے کے لیے اُن پٹیوں کو جو گٹی وغیرہ کے ساتھ تماس میں ہوں ایک محافظ (fender) یا زنگ تختی ریویٹ کر دینا چاہیے۔

شکل ۲۵۰ میں ایک بہت باکفایت انتظام دکھایا گیا ہے جب کہ گزر بلندی کافی ہو۔ صدر گرڈر ریل کے پلوں میں ہر ایک پٹڑی کے نیچے اور سڑک کے پلوں میں تھوڑے تھوڑے فاصلوں سے رکھے جاتے ہیں اور ان کے درمیان فرش کی تختیاں جو بعض اوقات رکابی نما (Dished) یا مڑی ہوئی ہوتی ہیں ریوٹ کر دی جاتی ہیں یا نائد نما فرش استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اوپر کی مثال میں فصل ۰، فٹ ہے۔

شکل ۲۵۱ میں اس صورت کے لیے ایک انتظام دکھایا گیا ہے جس میں کافی گزر بلندی نہ ہو۔ آڑے گرڈر، فٹ مرکز تا مرکز رکھے گئے ہیں اور پٹڑیاں پٹڑی حاملوں یا زدبانوں (stringers) پر رکھی گئی ہیں۔ پٹڑی حامل اور آڑے گرڈر دونوں چھوٹے تختی گرڈر ہیں اور آڑے گرڈر اس طرح تجویز کیے گئے ہیں کہ ایک پہیے پر آنے والے زیادہ سے زیادہ بوجھ کو برداشت کر سکیں۔ اس بوجھ کو پٹڑیوں پر مرتکز سمجھا جاتا ہے۔ چونکہ اس صورت میں گرڈروں کی گہرائی مجلس تجارت کے اس قاعدے کی وجہ سے محدود ہے کہ اگر صدر گرڈروں کی کور اور پٹڑی کے درمیان افقی فاصلہ ۲ ۳ سے کم ہو تو صدر گرڈروں کی چوٹی پٹڑی کی سطح سے ۶ سے زیادہ اونچی نہیں ہونی چاہیے اس لیے یہ انتظام مقابلۃً چھوٹے فصلوں یعنی تقریباً ۴۰ فٹ تک کے لیے موزوں ہے۔ ہر صورت میں ایک منڈیر یا کنگر پٹڑی کی سطح سے ۴ ۶ اونچا ہونا چاہیے۔

اشکال ۲۵۲ اور ۲۵۲ا میں اوپر کی قسم کی ایک بدلی ہوئی شکل ۴۲ فٹ کے فصل پر دکھائی گئی ہے۔ اس صورت میں منڈیر کا کوئی گرڈر نہیں اور چونکہ پٹڑی کے کنارے اور کور کے درمیان فاصلہ ۲ ۳ ہے اس لیے


کور کی چوٹی پٹڑی کی چوٹی سے ۲ ۶" تک اونچی رکھی جا سکتی ہے۔ یہ قسم ۶۰ فٹ تک کے فصلوں کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس سے بڑے فصل میں ۲ ۳" کی بجائے ۲ ۶" کا فاصلہ رکھنا چاہیے۔ اوپر کی دونوں قسمیں مرمت، توسیع وغیرہ کے لیے بہت موزوں ہیں۔




شکل ۲۵۰ پل کا فرش (قسم اول)


شکل ۲۵۳ میں ایک قسم دکھائی گئی ہے جس میں ایک دوہری لائن کے لیے ایک مرکزی گرڈر ہے۔ دی ہوئی مثال میں فرش کو بطور خاص تجویز کرنا ہوگا کیونکہ گزر بلندی بہت محدود ہے۔ اس قسم میں آڑے گرڈروں کو متبادل ترتیب (Staggers) کرنا چاہیے تاکہ جوڑنے والے ریویٹ مرکزی گرڈر کے آر پار نہ ہو جائیں۔

اگر فصل ۶۰ فٹ سے زیادہ ہے اور لائن کی چوڑائی زیادہ نہیں کی جا سکتی تو مرکزی گرڈر کو حذف کر دیا جا سکتا ہے۔ لیکن یہ صرف غیر معمولی صورتوں میں ہونا چاہیے۔




شکل ۲۵۱ پل بالا ورشن قسم دوم






شکل ۲۵۲ و شکل ۲۵۱ کے صدر گرڈر کا ڈرکار۔



شکل ۲۵۳ - پل کا وش قسم چہارم


شکل ۱۵۴ میں ایک چھوٹے فصل کا پل دکھایا گیا ہے جس میں مربع ناند نما (Trough) فرش بندی کی گئی ہے تاکہ گزر بلندی کافی ہو۔



شکل ۱۵۴۔ سانحہ نالہ ارکشن


شکل ۱۵۵ میں "کمانچہ" فرش بندی کا ایک پل دکھایا گیا ہے۔ فرش بندی کی یہ قسم بہت قابلِ اعتماد ہے لیکن وزنی بہت ہوتی ہے۔ اس لیے بڑے فصلوں کے لیے ناموزوں ہوتی ہے۔ سڑک کے پلوں میں کمانچے عموماً گرڈروں کے درمیان بنائے جاتے ہیں اور اس طرح

آڑے گرڈروں کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ اس میں خاصی گز بلندی درکار ہوتی ہے۔




شکل ۲۵۵ ۔ کمانچہ، فرش بندی

ناندنما فرش بندی ـــــ حال میں ناندنما فرش بندی کثرت سے استعمال ہوئی ہے۔ یہ عموماً بیلی ہوئی تراش کی ہوتی ہے اور ایک کثیر الاستعمال شکل کے مقیاس وغیرہ ڈارمن، لانگ اینڈ کمپنی کی شایع کردہ "جیبی رفیق" میں ملینگے۔



شکل ۲۵۶ ۔ ناندنما فرش بندی سڑک کے پل کے لئے

شکل ۲۵۶ میں ایک سڑک کے پل پر استعمال ہونے والی ناندنما فرش بندی کی تراش دکھائی گئی ہے اور شکل ۲۵۷ میں ایک بڑے قینچی پل کی ناندنما فرش بندی کی تراش دکھائی گئی ہے۔ یہ اس برآمدہ بیری گرڈر پل کا آویزی (slung) فصل ہے جو حال میں دریائے سندھ پر بنایا گیا ہے۔ چھوٹے سڑک پلوں کے لیے ناندنما فرش بندی صدر گرڈروں کے بغیر اختیار کی جا سکتی ہے۔



شکل ۲۵۷ - بندرگاہ سڈنی کا پل جس میں ناند نما فرش بندی دکھائی گئی ہے -

تحدب ــــ گرڈروں میں عموماً ایک اتنا ابتدائی اوپر وار انصراف پیدا کر دیا جاتا ہے کہ بوجھ پڑنے کے بعد افقی وضع سے نیچے نہ جھک جائے۔ اس اوپر وار انصراف یا تحدب کی مقدار عموماً فصل کے ہر ۱۰ فٹ کے لیے مرکز پر $\frac{1}{4}$ انچ ہوتی ہے۔ کوروں کے طول کے متناظر اضافے اس طرح معلوم کیے جا سکتے ہیں:-

ح = تحدب انچوں میں

ن = خانوں کی تعداد

گ = کوروں کے مرکزوں کے درمیان گہرائی

ل = ایک خانے کا طول فٹوں میں

ف = نچلی کور کا افقی طول

لا = ایک خانے میں بالائی کور کے طول کا اضافہ انچوں میں

ما = بالائی کور کے طول کا مجموعی اضافہ

تب $$\text{لا} = \frac{۸ \text{ ح گ}}{\text{ن}^۲ \text{ ل}}$$

$$\text{ما} = \frac{۸ \text{ ح گ}}{\text{ن ل}}$$ جب کہ ح = ۴۰ فٹ میں اُ

$$\text{لا} = \frac{\text{ف گ}}{۵ \text{ن}^۲ \text{ ل}}$$

$$\text{ما} = \frac{\text{ف گ}}{\text{ن ل}}$$

اس تحدب سے وہ مزید زور بھی نہیں پیدا ہونے پاتا جو انصراف کی صورت میں منحنی پر حرکت کرنے سے گاڑی کی مرکز گریز قوت کی وجہ سے پیدا ہوتا۔

بکس اور تختی گرڈر کی تجویز

بکس یا تختی گرڈر پر پڑنے والے وزنوں کا تصفیہ ہو جانے کے

بعد تفصیلی تجویز اس طرح کی جاتی ہے:-

گرڈروں کی گہرائی - تختی گرڈروں کے لیے باکفایت گہرائی فصل کے $\frac{1}{10}$ سے $\frac{1}{15}$ تک لی جاسکتی ہے۔ عام طور پر $\frac{1}{12}$ اختیار کی جاتی ہے۔ بکس گرڈروں کے لیے گہرائی اس سے کم لی جاتی ہے۔ عموماً فصل کی $\frac{1}{20}$ لی جاتی ہے۔ گہرائی دراصل عموماً گزربلندی پر منحصر ہوتی ہے۔

کوروں کی چوڑائی ـــــ گرڈر کی گہرائی کے تصفیے کے بعد کوروں کی چوڑائی کا تصفیہ کیا جاتا ہے۔ یہ عموماً گہرائی کی $\frac{1}{2}$ یا فصل کی $\frac{1}{30}$ تا $\frac{1}{40}$ لی جاتی ہے۔

کوروں کا تقریبی رقبہ ـــــ کوروں کا رقبہ معین کرنے کے لیے پہلے اعظم خ م معلوم کیا جاتا ہے اور کامی زور کا تصفیہ کیا جاتا ہے۔ پھر اپنی دستوری ترقیم اختیار کرنے سے

$$م = ز\ مق$$

یعنی $$مق = \frac{م}{ز}$$

صفحہ ۲۲۵ پر دکھایا جاچکا ہے کہ I یا بکس تراش کے شہتیر میں جن کی گہرائی کور اور پیٹے کی موٹائی کے مقابلے میں بڑی ہوتی ہے۔

$$مق = گ\ (ب + \frac{بہ}{ا}) \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ (۱)$$

جہاں گ = گہرائی کوروں کے مرکزوں کے درمیان

ب = ایک کور کا رقبہ

بہ = پیٹے کا رقبہ

عملاً گ کے لیے زاویوں کے اوپر کی گہرائی لی جاتی ہے کیونکہ کوروں کے مرکزوں کے درمیان کی گہرائی تراش میں کسی قدر متغیر ہوتی ہے اور اُس وقت تک معین نہیں ہوتی جب تک کہ کوروں کی جسامت معین نہ ہو۔

$$\therefore \quad (1) \text{ سے } \quad ب = \frac{م}{ز \times گ} - \frac{ب}{6}$$


یکساں امداد کی صورت میں جو کہ سب میں زیادہ عام صورت ہے۔

$$م = \frac{وَل}{8}$$

∴ یہ ضابطہ یہ ہو جاتا ہے:-

$$ب = \frac{وَل}{8 \, ز \, گ} - \frac{ب}{6}$$

اس ضابطے میں ب ایک کور کا خالص رقبہ ہے جس میں زاویوں کے بالائی بازو شامل ہونگے لیکن ریوٹوں کا رقبہ خارج کیا جائیگا۔ یہ خالص رقبے شکل ۲۵۸ کے مطابق ہونگے۔




شکل ۲۵۸

بعض مجوزین زاویے کے پورے رقبے کو ب میں شامل کرتے ہیں اور ضابطہ میں یہ ترمیم کرتے ہیں کہ $\frac{ب}{6}$ کی بجائے $\frac{ب}{8}$ لیتے ہیں۔

اگر ریوٹ کاری زنجیری ہو جیسا کہ شکل ۲۵۹ (ا) میں دکھایا گیا ہے تو

خالص رقبہ حاصل کرنے کے لیے چار ریوٹوں کا رقبہ منہا کرنا چاہیے۔



شکل ۲۵۹

اگر ریوٹ کاری کج مج (Zigzag) ہو جیسا کہ شکل ۲۵۹ (ب) میں دکھایا گیا ہے تو دو ریوٹوں کا رقبہ منہا کرنا چاہیے۔ بعض ماہرین اس صورت کے لیے تین ریوٹوں کا رقبہ منہا کرتے ہیں اور اس کی وجہ یہ پیش کرتے ہیں :-
پھٹاؤ بجائے خط ا ب پر واقع ہونے کے خط ج د پر ہو سکتا ہے جس کا ا ب سے کم ہونا ممکن ہے اگر گھائی چھوٹی سی ہو۔

عددی مثال ـــــ ایک تختی گرڈر کا فصل ۴۸ فٹ ہے اور اس پر ایک ثابت یکساں بوجھ اس کے ذاتی وزن سمیت ۸،۷ ٹن ہے۔ کامی زور ۷ ٹن فی مربع انچ لے کر اور پیٹے کی موٹائی $\frac{5}{8}$ انچ مان کر یک موزوں تراش معلوم کرو۔ ریوٹوں کا قطر $\frac{7}{8}$ انچ۔

زاویوں کے اوپر گہرائی $= \frac{\text{فصل}}{12} = 4$ فٹ

کور کی چوڑائی $= \frac{\text{فصل}}{25} = 16$ انچ لو

اعظم خ م $= \frac{\text{ق ل}}{8} = \frac{7 \times 48 \times 8.7}{8} = 12$ انچ ٹن

∴ مطلوبہ مقیاس = $\frac{۱۲ \times ۴۸ \times ۸٫۷۵}{۸ \times ۷}$ انچ اکائیاں

= ۹۰۰ تقریباً

اِس لیے

(۱) پیٹے کو نظر انداز کرنے سے

ب = $\frac{۹۰۰}{۱۲ \times ۴}$ = ۱۸٫۷۵ مربع انچ

زاویے ۳″ × ۳½ × ½″ کے استعمال کرنے سے زاویوں کے بالائی حصوں کا خالص رقبہ

= ۲ (۳½ − $\frac{۷}{۸}$) × ½ = ۲٫۶ مربع انچ تقریباً

∴ تختیوں کا مطلوبہ خالص رقبہ = ۱۸٫۷۵ − ۲٫۶ = ۱۶٫۲ مربع انچ

کوروں کا خالص عرض دو ریوٹوں کو منہا کرنے کے بعد

= (۱۶ − ۲ × $\frac{۷}{۸}$) = ۱۴٫۲۵ انچ

∴ کوروں کی موٹائی = $\frac{۱۶٫۲}{۱۴٫۲۵}$ = ۱٫۱۴ انچ تقریباً

∴ ⅜ انچ والی تین تختیاں استعمال کی جاسکتی ہیں۔

(۲) پیٹے کا لحاظ رکھنے سے

پیٹے کے رقبے کا ⅙ = $\frac{۵}{۸} \times \frac{۴۸}{۶}$ = ۵ مربع انچ

زاویوں کے بالائی حصوں کا رقبہ = ۲٫۶ " حسب سابق

مجموعہ = ۷٫۶ مربع انچ

∴ تختیوں کا مطلوبہ خالص رقبہ = ۱۸٫۷۵ − ۷٫۶ = ۱۱٫۲ مربع انچ

کوروں کا خالص عرض = ۱۴٫۲۵ انچ حسب سابق

∴ ضروری موٹائی = $\frac{۱۱٫۲}{۱۴٫۲۵}$ = ۰٫۷۸۶ انچ تقریباً

∴ ایک ½ انچ والی اور ایک ⅜ انچ والی تختیاں کافی ہونگی۔

بطور ایک تنقیح کے ہم اس تراش کے لیے جو پیٹے کا لحاظ رکھنے سے حاصل ہوتی ہے اور جو کہ شکل نمبر ۲۶۰ کے مطابق ہوگی مقیاس زیادہ صحت کے ساتھ محسوب کرینگے۔

پہلے تعدیلی محور کے گرد نصف تراش کا معیارِ جمود اس طرح معلوم کرینگے:۔


آ ۲ تختیوں کا تعدیلی محور کے گرد = $\frac{۱۴٫۶۲۵}{۳}$ ($۲۲٫۸۷۵^{۳} - ۲۲٫۹۵^{۳}$) = ۵۰۰، تقریباً

آ ۲ زاویوں کا اُن کے " " جدولوں سے = ۷

ب ف ۲ زاویوں کے لیے = $۲۲٫۹۵ \times ۶٫۵^{۲}$ = ۳۴۳۴

آ پیٹے کا = $\frac{۲۴}{۳} \times \frac{۵}{۸}$ = ۲۸۸۰

مجموعہ ۱۳۸۲۱ انچ کائیاں




شکل نمبر ۲۶۰ تختی دار گرڈر تراش

$$\therefore \quad \text{مقیاس} = \frac{۱۳۸۲۱ \times ۲}{۲۴} = ۱۱۵۲ \text{ تقریباً}$$

مطلوبہ مقیاس = تقریباً ۹۰۰، اس لیے دیکھو جس قاعدے میں پیٹے کا لحاظ رکھا گیا ہے وہ بھی حفاظت کی جانب ہے اور جو تجویز اس پر مبنی ہوتی ہے وہ پیٹے کو نظر انداز کرنے والے قاعدے کے مقابلے میں زیادہ باکفایت ہوتی ہے۔

تختی اور زاویے کے رقبوں کا ربط ——— حالیہ دستور

میں یہ مناسب سمجھا گیا ہے کہ کوروں کی تختیوں کے رقبے اور زاویوں یا دیگر رابطوں کے رقبے کی جو کوروں کی تختیوں کو پیٹے سے جوڑیں ان دونوں کے رقبوں کی نسبت کی کوئی حد مقرر کرنی چاہیے۔




شکل ۲۶۱ ا۔

اس کا ٹھیک ٹھیک قاعدہ مختلف مجوزین کے نزدیک مختلف ہے۔ مصنف کی رائے ہے کہ کوروں کی تختیوں کا رقبہ زاویوں اور دیگر رابطوں کے رقبے کے جو کہ کور کو پیٹے سے جوڑیں دو گنے سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

شکل ۲۶۱ میں ایک حالیہ تختی دار گرڈر کی تراش دکھائی گئی ہے جس کا فصل ۸۴ فٹ اور گہرائی ۸ فٹ ہے۔ یہ ۵۰۰ ٹن سے زیادہ بوجھ کے لیے تجویز کیا گیا ہے۔

فشاری کور ——— اوپر کا حساب صرف تنشی کور کے لیے صحیح ہے۔ فشاری کور پر غور کرتے وقت ریوٹوں کو منہا کرنے کی ضرورت نہیں لیکن کامی زور کم ہوگا۔ عملاً یہ بہتر ہوگا کہ فشاری کور کو تنشی کور سے مختلف نہ رکھا جائے۔ اگر فشاری کور کے لیے علیحدہ حساب کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ضروری موٹائی تقریباً وہی آتی ہے جو تنشی کور کے لیے حاصل ہوئی۔

کور تختیوں کی تخفیف ——— اگر گرڈر کی تراش اُس کے سارے طول میں مستقل رکھی جائے تو لداؤ کی اکثر اقسام کے لیے گرڈر پیل پایوں کے



شکل ۲۶۱ یکساں مضبوطی کے تختی دار گرڈر۔

نزدیک ضرورت سے زیادہ مضبوط ہوگا۔ اس لیے گرڈر کی مضبوطی کو متغیر بنانے کے لئے کوئی طریقہ اختیار کیا جاتا ہے تاکہ جہاں تک ممکن ہو کامی زور مستقل ہو۔ اس کے لیے ذیل کے طریقوں میں سے (جو شکل ۲۶۱ میں دکھائے گئے ہیں) کوئی ایک طریقہ اختیار کیا جاسکتا ہے۔

(ا) گہرائی مستقل رکھی جائے اور کور کی موٹائی گرڈر کے طول میں متغیر ہو۔

(ب) گرڈر کی گہرائی متغیر رکھی جائے اور کور کی موٹائی مستقل ہو۔ اس سے یکساں بوجھوں کے لیے مکانی گرڈر حاصل ہوگا۔ منحنی خماؤ کے معیار کے منحنی سے شکل میں تقریباً مطابق ہونا چاہیے لیکن پورا پورا نہیں اگر پیٹے کا لحاظ رکھا جائے۔

(ج) اور (د)۔ گہرائی اور کور کی موٹائی دونوں کو متغیر رکھا جائے۔ اگر بالائی کور خمدار رکھی جائے تو خوک پشت گرڈر (ج) حاصل ہوگا اور نچلی کور خمدار رکھی جائے تو ماہی شکم گرڈر (د) حاصل ہوگا۔

اکثر صورتوں میں طریقہ (ا) زیادہ باکفایت ہوگا۔

طریقہ (ا) کے لیے کور تختیوں کی تخفیف ذیل کے طریقے سے عمل میں آسکتی ہے:-

فرض کرو کہ ا ج ب (شکل ۲۶۲) فصل ا ب کے گرڈر پر کے خماؤ کے معیار کے منحنی کو تعبیر کرتا ہے۔ ا میں سے ایک انتصابی خط کھینچو جو خماؤ کے معیار کے منحنی کے افقی مماس کو د پر ملے اور کسی مائل خط ا د پر نقاط ا، ب، ج، د اس طرح قائم کرو:-

ا د = کور کا مجموعی خالص رقبہ (+ پیٹے کے رقبے کا ½ اگر اس کا حسابات میں لحاظ کیا جارہا ہو)


د ج = بالائی کور تختی کا خالص رقبہ

ج ب = دوسری " "

ب ا = تیسری " "

اور علیٰ ہذا یہاں تک کہ

ا ا = نچلی تختی کا خالص رقبہ + زاویوں کے بالائی حصّے (+ پیٹے کے رقبے کا $\frac{1}{4}$ اگر اس کا لحاظ کیا جا رہا ہو)




شکل ۲۶۲ - کور تختیوں کی تخفیف

د د کو ملاؤ اور اس کے متوازی ج ج، ب ب، ا ا کھینچو اور ا، ب، ج سے افقی خطوط کھینچو جو خاؤ کے معیار کے منحنی کو ا ا وغیرہ پر ملیں۔ تب ا ا وغیرہ کور تختیوں کے مطلوبہ طول کو تعبیر کرینگے۔ ان طولوں میں مزید ۶ انچ سے لے کر ۱۲ انچ تک کی رعایت رکھی جاتی ہے۔

خوک پشت اور ماہی شکم گرڈروں میں حسب ذیل تقریبی عمل کیا جا سکتا ہے:- فرض کرو کہ ا د ب (شکل ۲۶۳) خاؤ کے معیار کا منحنی ہے اور گرڈر کی اعظم گہرائی ج پر گ ہے۔ فرض کرو کہ ع ف منحنی کا کوئی معین ہے اور ع پر گرڈر کی گہرائی گ ہے۔ ع ف = $\frac{\text{ع ف} \times \text{گ}}{\text{گ}}$ کھینچو۔


ف جیسے نقاط کو ملانے سے مصحح خاؤ کے معیار کا منحنی حاصل ہوگا جس پر بالکل گزشتہ صورت کی طرح عمل کیا جا سکتا ہے۔ البتہ یہ یاد رہے کہ اس صورت میں پیٹے کو نظر انداز کرنا چاہیے کیونکہ اس کا رقبہ متغیر ہے۔

کورٹکڑے ـــــ ۳۰ فٹ سے زیادہ طول کے لیے کورتختیوں کو



شکل ۲۶۳۔

عموماً ٹکڑے دینا ہونگے لیکن اگر فصل ۳۰ فٹ سے بہت زیادہ نہ ہو تو ٹکڑے دینے سے اکثر اس میں زیادہ کفایت ہوگی کہ زیادہ قیمت دے کر سالم تختیاں لی جائیں ٹکڑے دینا پڑیں تو ہر ٹکڑے پر ایک ڈھانک تختی



شکل ۲۶۴۔ کورٹکڑوں کی ترتیب

لگانی چاہیے اور ڈھانک تختی کو جوڑنے والے ریوٹوں کی تعداد اتنی ہونی چاہیے کہ اُن کی مضبوطی ٹکڑے ہونے والی تختی کے مساوی ہو۔

ٹکڑے کو عموماً بہت کفایت کے ساتھ کج مج طور پر صرف ایک ڈھانک تختی کے ساتھ لگایا جاسکتا ہے۔ ٹکڑے کی ترتیب عموماً کور کے نقشے میں دکھائی جاتی ہے جس کی ایک مثال شکل ۲۶۴ میں دکھائی گئی ہے۔ اس صورت میں ایک ڈھانک تختی ۱۰ انچ × $\frac{9}{16}$ انچ پہلی پانچ تختیوں کے ڈھکن کا کام کرتی ہے (کیونکہ اُن کے ٹکڑوں کو ڈھانکتی ہے)۔ نچلی تختی کے جو دو جوڑ ہیں اُن کو ڈھانکنے کے لیے یہ کیا گیا ہے کہ بالائی تختی کو دونوں طرف تھوڑا بڑھا دیا گیا ہے۔

جب کور کے زاویوں کو ٹکڑے کرنا ہو تو ان کے اندرونی جانب جوڑ پر ایک گولائی دار پشت کے زاویے کو ریوٹ کر دیا جاتا ہے۔

کوروں میں ریوٹوں کی گھائی ـــــ تختی دار گرڈروں کی

کوروں میں اور کوروں اور پیٹے کے درمیان جو ریوٹ درکار ہوتے ہیں اُن کی نظری گھائی کی تعیین تراش میں اُفقی جز کی تقسیم پر منحصر ہوگی جس سے باب ۱۰ میں بحث کی گئی ہے۔

اگر اس طرح صحیح تقسیم معلوم کر لی جائے تو گرڈر کے کسی خاص طول میں کسی خاص گہرائی پر ریوٹوں کی تعداد ایسی ہونی چاہیے کہ اس گہرائی پر اس طول کی جزی قوت کو برداشت کر سکیں۔

تختی دار گرڈروں میں عموماً فرض کیا جاتا ہے کہ سارا جز پیٹے پر پڑتا ہے اور جز کو پیٹے پر یکساں منقسم سمجھا جاتا ہے۔ اس لیے عموماً اِن مفروضوں کی بنا پر ریوٹوں کی گھائی آسانی سے حسب ذیل طریقہ پر حاصل ہو جاتی ہے:-

ایک تختی دار گرڈر کے دو نقطے ا اور ب باہم فاصلہ لا پر لو اور فرض کرو کہ ان پر خماؤ کے معیار م، اور م، ہیں (شکل ۲۶۵)۔ تب اگر خماؤ میں پیٹے کو نظر انداز کر دیا جائے تو ا اور ب پر کوروں کی مجموعی قوت کو

$ق_ا$ اور $ق_ب$ لینے سے

$ق_ا \times گ = ا$ پر مزاحم معیار $= م_ا$

$ق_ب \times گ = ب$ " " " $= م_ب$

$$\therefore ق_ا - ق_ب = \frac{م_ا - م_ب}{گ} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

لیکن $ق_ا - ق_ب$ نقاط ا اور ب کے درمیان کور کی قوتوں کا فرق ہے اور اس فرق کو پیٹے تک ریوٹوں کے ذریعے منتقل کرنا ہے اس لیے

طول لا میں ریوٹوں پر پڑنے والی قوت $= \frac{م_ا - م_ب}{گ}$

اب فرض کرو کہ ر = ایک ریوٹ کی اقل مضبوطی دوہرے جز یا مسند میں

اور ھ = ریوٹوں کی گھائی انچوں میں

(۱) کی رُو سے ریوٹوں کی تعداد گرڈر کے فی فٹ طول ایسی ہونی چاہیے کہ اُن کی مضبوطی $\frac{م_ا - م_ب}{لا \times گ}$ کے مساوی ہو جہاں لا فٹوں میں ہے۔

لیکن ریوٹوں کی تعداد فی فٹ طول $= \frac{۱۲}{ھ}$


$$\therefore \frac{۱۲ ر}{ھ} = \frac{م_ا - م_ب}{گ \times لا}$$

$$\text{یا} \quad ھ = \frac{۱۲ ر \, لا \, گ}{م_ا - م_ب}$$

صفحہ ۱۶۴ پر ثابت کیا گیا ہے کہ $\frac{م_ا - م_ب}{لا} =$ خمائو کے معیار کے بڑھنے کی شرح = جزی قوت = ج

$$\therefore \text{لکھ سکتے ہیں} \quad ھ = \frac{۱۲ ر \, گ}{ج}$$ جب کہ گ فٹوں میں ہو

اور $ھ = \frac{ر گ}{ج}$ جب کہ گ انچوں میں ہو۔



شکل ۲۶۵۔ تختی دار گرڈروں میں ریوٹوں کی گھائی۔

یہ اس قاعدے کے معادل ہے جو اکثر بیان کیا جاتا ہے کہ "گرڈر کے ایک سرے سے گہرائی کے مساوی طول تک ریوٹوں کی تعداد ایسی ہونی چاہیے کہ ردِّ عمل کو سہار سکے"۔

خماؤ کے معیار کے نقشے سے ریوٹوں کی گھائی معلوم کرنے کے متعلق ذیل میں جو عددی مثال دی گئی ہے اس سے یہ طریقہ واضح ہو جائیگا۔

شکل ۲۶۶ میں ایک گرڈر کے خماؤ کے معیار کا نقشہ دکھایا گیا ہے جس کا فصل ۵۰ فٹ اور گہرائی ۴ فٹ ہے اور جس پر ایک ۱۹۵ ٹن کا یکساں پھیلا ہوا بوجھ ہے۔ اعظم خماؤ کا معیار ۱۲۱۹ فٹ ٹن ہوگا۔ فصل پر پانچ پانچ فٹ کے فاصلہ سے $\frac{7}{8}$" لو اور $\frac{5}{8}$" کے ریوٹ اور ان کا پیٹا $\frac{5}{16}$" لو۔

تب ریوٹوں کی اقل مضبوطی مسند میں ہوگی جو ۱۰ ٹن فی مربع انچ کے حساب سے $\frac{7}{8} \times \frac{5}{8} \times ۱۰ = ۵٫۴۷$ ٹن ہوگی۔

پہلے ۵ فٹ میں خماؤ کے معیار کا فرق = ۴۴۰ فٹ ٹن

$$\therefore ق_۱ - ق_ب = \frac{۴۴۰}{۴٫۱۶۷} = ۱۰۵٫۶ \text{ ٹن}$$


∴ پہلے ۵ فٹ میں ریوٹوں کی تعداد = $\frac{۱۰۵٫۶}{۵٫۴۷}$ = ۱۹٫۳

∴ ۳" گھائی لو

اب اس کے بعد ۵ فٹ پر غور کرو، خاؤ کے معیار کا فرق = ۳۴۰ فٹ ٹن

∴ اس میں ریوٹوں کی تعداد = $\frac{۳۴۰}{۵٫۴۷ \times ۴٫۱۶۷}$ = ۱۴٫۹

∴ ۴" گھائی لو



شکل ۲۶۶

اِس ملک (یعنی انگلستان) میں دستور ہے کہ جہاں حساب سے گھائی ۴" یا ۴" سے زیادہ حاصل ہو وہاں گھائی ۴" ہی لی جائے اس لیے اب اس کے آگے حساب کرنے کی ضرورت نہیں۔ تاہم اگر گھائی آلہ بڑھانا مناسب سمجھا جائے تو اس حساب کو جاری رکھا جا سکتا ہے۔ امریکہ میں ۶" بلکہ ۸" تک بھی جاتے ہیں لیکن گھائی کسی صورت میں گورڈ تختوں کی موٹائی کے ۱۶ گنے سے زیادہ نہیں رکھی جاتی۔ اگر گھائی کو ۳" سے کم رکھنے کی ضرورت ہو تو ریوٹوں کی دو قطاروں کی ضرورت ہوگی اور اس کے لیے کم از کم ایک ۶" کا زاویہ درکار ہوگا۔

اس میں شک نہیں کہ اوپر کا طریقہ ایسے مفروضات سے بھرا ہوا ہے جو پورے پورے حق بجانب نہیں لیکن اس سے جو نتائج حاصل ہوتے ہیں وہ صحیح طریقے کے مقابلے میں جو بہت تکلیف دہ ہے کچھ زیادہ غلط نہیں ہوتے اور نیز چونکہ ریوٹوں کی گہائیوں کو کبھی کسروں تک نہیں نکالنا چاہیے اس لیے یہ طریقہ عملاً بالکل ٹھیک ہے۔ اور یہ عمل اس عمل سے کوئی مناسبت نہیں رکھتا جس میں کور کی موٹائی حاصل کرنے کے لیے پیٹے کو بالکل نظر انداز کر دیا جائے کیونکہ ریوٹ کی گہائی میں ۴ انچ میں ۴ انچ بچانا ۴ انچ کی کور میں ۴ انچ بچانے کی طرح نہیں۔

ریوٹوں کے حسابات میں مجوز کو اس بات کا خیال رہے کہ اگر گرڈر کے دیگر حسابات میں کامی زور حاصل کرنے کے لیے زندہ بوجھ کا لحاظ رکھا گیا ہے تو ریوٹوں کے کامی زور کے متعلق بھی اس کا لحاظ رکھنا چاہیے۔

پیٹے اور پیٹا کسینوں کی تجویز

پیٹے پر جزبکیاں منقسم سمجھا جاتا ہے اس لیے پیٹے کا اقل رقبہ ایسا ہونا چاہیے کہ جزی زور کو بے خطر حدود کے اندر رکھے۔

اگر پیٹے کی گہرائی گ انچ، موٹائی ٹ انچ، بے خطر جزی زور ز انچ اور ویسے ہوئے نقطے پر جزی قوت ج تو

$$ز \times ٹ \times گ = ج$$

یا

$$ٹ = \frac{ج}{ز \times گ}$$

اکثر اس کی مقدار بہت خفیف آئیگی۔

عملاً زنگ خوردگی کی رعایت سے موٹائی $\frac{3}{8}$" سے کبھی کم نہیں لی جاتی۔

پیٹے کی موٹائی کو سروں پر اُس مقدار سے اکثر زیادہ رکھنا ہوگا جو کہ جزی زور کی برداشت کے لیے ضروری ہے تاکہ ریوٹوں کے لیے ایک معقول گھائی بہم پہنچانے کے لیے کافی مسندی رقبہ میسر آئے۔


پیٹوں کا جھکاؤ اور اُن کی تصلیب ——— پیٹوں کے

جھکاؤ کے متعلق بہت اختلاف آراء رہا ہے۔ اس جھکاؤ کو روکنے کے لیے تھوڑے تھوڑے فاصلے سے کسنیاں لگائی جاتی ہیں۔ یہ کسنیاں عموماً رُکبی قسم کی ہوتی ہیں (دیکھو اشکال ۲۵۰ تا ۲۵۵) اور ⊤ سلاخوں پر مشتمل ہوتی ہیں جن کو کوروں اور پیٹوں کے سہارنے کے لیے موڑ دیا جاتا ہے جیسا کہ شکلوں میں دکھایا گیا ہے۔ اگر آڑے گرڈر موجود ہوں تو اندر کی جانب عموماً چھوٹی کسنیاں لگائی جاتی ہیں جن کو آڑے گرڈروں کی چوٹی کے ساتھ ریوٹ کر دیا جاتا ہے (شکل ۲۵۲ ا)، اور بعض اوقات یہ کسنیاں دو زاویوں اور ان کے درمیان کلی نما تختیوں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ یہ تختی آڑے گرڈر کو سہارنے میں مدد دیتی ہے۔ امریکہ میں عام طور پر آڑے گرڈروں کے سروں پر بالائی کور تختیوں کو کاٹ دیا جاتا ہے اور پیٹوں کو نکل آنے دیا جاتا ہے۔ یہ نکلے ہوئے حصے دونوں کسنیوں کے درمیان تختیوں کا کام دیتے ہیں۔

⊤ تراش کی کسنیوں میں چند اہم نقائص ہیں۔ ∟ تراش زیادہ قابل اطمینان ہوتی ہے کیونکہ ریوٹوں کی گھائیوں میں اس سے اتنا خلل نہیں پڑتا جتنا ⊤ تراش سے پڑتا ہے۔ ⊤ تراش کی کسنیوں کے استعمال کی کوئی حقیقی وجہ رواج کے سوا نہیں معلوم ہوتی اس لیے اکثر صورتوں میں ∟ تراش قابل ترجیح ہوگی۔ بعض ماہرین کا بیان ہے کہ پیٹے کے دونوں طرف کسنیاں لگانا بالکل غیر ضروری ہے۔

سوائے اس صورت کے کہ کوریں بہت چوڑی ہوں یا گرڈر پر مروڑ کا عمل واقع ہونے کا امکان ہو رُکبی کسنی پر اتنا کثیر صرفہ

کرنا غیر ضروری ہے اور اکثر صورتوں میں شکل ۲۶۷ میں دکھائی ہوئی ترکیبیں



شکل ۲۶۷ کسنیاں

بالکل قابلِ اطمینان ثابت ہونگی۔ جگہ کی کفایت کے خیال سے یہ دونوں مختلف قسمیں ایک ہی گرڈر پر دکھائی گئی ہیں۔ قسم ا میں کسنی کو ذرا سا موڑ کر زاویوں کے اوپر سے لیا گیا ہے اور قسم ب میں کسنی سیدھی ہے اور اس کے اور پیٹے کے درمیان ایک بھرتی پٹی دی گئی ہے۔

آبنائے مینائے کے اوپر پُل کھڑا کرنے سے پہلے گرڈروں پر کچھ امتحانات کرتے وقت فیر برن نے مشاہدہ کیا کہ ایک صورت میں

ناکارگی پیٹے کے تقریباً ۴۵° کے زاویے پر خم ہونے سے واقع ہوئی اور صفحہ ۱۵ پر دکھایا جا چکا ہے کہ جزی زور کی وجہ سے انتشی اور فشاری زور باہم علی القوائم اور جزی زور کی سمت سے ۴۵° پر پیدا ہوتے ہیں اس لیے معلوم ہوا کہ پیٹا جزی زور کے فشاری جزو تحلیلی کی وجہ سے خم ہوتا ہے۔

اس کا لحاظ کرتے پہلے یہ تجویز کیا گیا کہ پیٹے کو ایک داب روک سمجھا جائے جس کا طول خانے کے دتری طول کے مساوی ہے اور قطر پیٹے کی موٹائی کے مساوی اور گارڈن کا ضابطہ استعمال کیا جائے۔ نیو یارک کے مسٹر کوپر نے اسی طرح کا ایک ضابطہ دوسرے مستقلوں کے ساتھ تجویز کیا جس میں دتری طول کی بجائے کسنیوں کا درمیانی فاصلہ لیا گیا۔

تختی دار گرڈر کے پیٹے کے جزی زور کے لیے کوپر کا ضابطہ یہ ہے:-

$$\text{زج} = \frac{\text{جزی قوت (ٹن)}}{\text{پیٹے کا رقبہ (مربع انچ)}} = \frac{۵}{۱ + \frac{\text{ف}^۲}{۱۵۰۰\ \text{ٹ}^۲}}$$

جہاں ف = کسنیوں کا درمیانی فاصلہ انچوں میں

ٹ = پیٹے کی موٹائی انچوں میں

اس ضابطے سے اگر موٹائی ٹ مقرر ہو جائے تو کسنیوں کا نظری فصل معلوم ہو سکتا ہے:-

$$۵ = \text{زج}\left(۱ + \frac{\text{ف}^۲}{۱۵۰۰\ \text{ٹ}^۲}\right)$$

$$\therefore \quad \frac{\text{ف}^۲}{۱۵۰۰\ \text{ٹ}^۲} = \frac{۵}{\text{زج}} - ۱$$

$$\therefore \quad \text{ف}^۲ = ۱۵۰۰\ \text{ٹ}^۲\left(\frac{۵}{\text{زج}} - ۱\right)$$

$$\therefore \quad \text{ف} = ۳۸٫۷\ \text{ٹ}\sqrt{\frac{۵}{\text{زج}} - ۱}$$


ڈبلن کے پروفیسر للی نے رسالہ انجینیرنگ (یکم فروری ۱۹۰۰ء) میں ایک دلچسپ مضمون میں پیٹوں کے جھکاؤ کے متعلق چند تجربات کے نتائج دیے ہیں اور ایک ضابطہ اخذ کیا ہے جو اوپر دیے ہوئے کوپر کے ضابطے کے تقریباً بالکل مطابق ہے۔ وہ کسنیوں کے زور اس مفروضے کی بنا پر معلوم کرتے ہیں کہ پیٹا نصف جزی قوت کو خالص جز کے ذریعے اور نصف کو ۴۵° پر تناؤ کے ذریعے منتقل کرتا ہے اور اس صورت کے لیے کہ قف گرڈر کی گہرائی کے مساوی ہو یہ نتیجہ حاصل کرتے ہیں کہ کسنیوں کا تراشی رقبہ پیٹے کے تراشی رقبے کے مساوی ہونا چاہیے۔

چونکہ جھکاؤ ۴۵° پر واقع ہوتا ہے اس لیے یہ تجویز کیا گیا ہے کہ کسنیاں ۴۵° پر رکھی جائیں لیکن عملاً اس پر شاذ و نادر ہی عمل ہوتا ہے۔ کسنیوں کے متعلق دستور بہت مختلف ہیں۔ بعض ماہرین ان کو مساوی فاصلوں سے لگاتے ہیں اور یہ فاصلہ گہرائی کے مساوی ہوتا ہے لیکن یہ انتظام اطمینان بخش نہیں کیونکہ کسنیاں مرکز پر سروں کے مقابلہ میں صریحاً دُور دُور ہونی چاہییں۔ ہر صورت میں کسنیوں کی فاصلہ بندی اس طرح ہونی چاہیے کہ ریوٹوں کی یکساں فاصلہ بندی میں حارج نہ ہو۔

پیٹوں اور پیٹا ٹکڑوں کی تخفیف — جس طرح خماؤ کے معیار کی کمی کے ساتھ کور کی موٹائی کو گھٹایا جا سکتا ہے اسی طرح جز کی کمی کے ساتھ پیٹے کی موٹائی کو بھی گھٹا سکتے ہیں۔ چھوٹے فصلوں میں عموماً پیٹے کی موٹائی کو نہیں بدلتے کیونکہ پیٹے کی موٹائی جہاں کم رکھی گئی ہو وہاں زاویوں کے نیچے بھرتی پٹیاں رکھنی پڑتی ہیں اور اس طرح کوئی کفایت نہیں ہوتی۔ لیکن بڑے فصلوں میں دو تین موٹائیاں استعمال کرنے کا دستور ہے۔ سب میں بڑی موٹائی صریحاً سروں پر ہوگی۔ پیٹے کی موٹائی کو کن مقامات پر گھٹائیں اس کا تعین جز کے نقشے سے اسی طرح کیا جا سکتا ہے جس طرح خماؤ کے معیار کے نقشے سے کوروں کے لیے کیا گیا۔

شکل ۲۶۸ میں مُردہ بوجھ کے لیے اور مردہ بوجھ اور متحرک بوجھ

دونوں ہوں تو اس صورت کے لیے عمل دکھایا گیا ہے یہ بغیر کسی مزید بیان کے



شکل ۳۶۸ - پیٹا ٹکڑے

سمجھ میں آجائیگا۔

پیٹا ٹکڑوں کو کور ٹکڑوں سے ہٹا کر ترتیب دینا چاہیے اور ڈھانک تختی کے دونوں طرف ریپوں کی تعداد ایسی ہونی چاہیے کہ لقطے پر کے جز کو برداشت کر سکے۔ اکثر ۲ کسنی ایک اطمینان بخش ڈھانک تختی کا کام دیگی۔

ڈھانچہ دار گرڈروں کی تجویز

ڈھانچہ دار گرڈروں کی باکفایت گہرائی فصل کے $\frac{1}{8}$ سے $\frac{1}{10}$ تک سمجھی جاسکتی ہے اگرچہ کہ امریکہ میں عام طور پر اس سے زیادہ رکھی جاتی ہے۔

اس ملک (یعنی انگلستان) میں فشاری اور تنشی دونوں کوریں عموماً ایک ساخت نالی یا کھلی بکسی تراش کی ہوتی ہیں اور تھوڑے تھوڑے فاصلہ سے ڈایافرام رکھے جاتے ہیں۔ امریکہ میں تنشی کور بعض اوقات کیل جوڑ سلاخوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ نالی کی تراش کے پیٹے میں بہت زیادہ دھات نہیں رکھنی چاہیے ورنہ مرکز ہندسی اس سے بہت قریب آ جائیگا اور ریوٹ نہیں لگائے جا سکینگے۔ ذیل میں ایک مثال حقیقی استعمال کی دی جاتی ہے جس سے تفصیلی تجویز واضح ہوگی —

شکل ۲۶۹ اور پلیٹ نمبر ۱ میں ایک اکہرے راستے کا پریٹ[1] قینچی کا میانہ پل دکھایا گیا ہے جو واٹر فورڈ[2] کے قریب دریائے بیرو[3] پر کھڑا کیا گیا ہے۔ یہ گرڈر بالکل فولاد کاری کے ہیں اور تفصیلی اجزا اس طرح ترتیب دیے گئے ہیں کہ بارش کا پانی جمع ہی نہ ہو جس سے زنگ خوردگی کا اندیشہ ہو۔ اس کی خاص طور پر اس لیے ضرورت تھی کہ پل جس مقام پر ہے وہاں بارش کثرت سے ہوتی ہے۔

ابعاد کی جدول حسب ذیل ہے:—

	فٹ	انچ
صدر فصل کی مسندوں کے مرکز	۱۴۵	۶
جھولتے فصل کے متصل صدر فصل کی مسندوں کے مرکز	۱۴۶	—
دونوں بازوؤں کے گرڈروں کا باہمی فاصلہ	۱۶	۶
صدر گرڈروں کا مجموعی طول	۱۴۷	۶
پٹڑی کی سطح سے اوپر خالص بلندی آمدورفت کے لیے	۱۵	—
خالص عرض	۱۴	۸
صدر گرڈروں کی گہرائی زاویوں کے اوپر	۲۰	—
گرڈر کا تحدب ہر فصل پر	—	۱½
پٹڑی کی سطح کی بلندی آرڈوینس معطی کے اوپر	۴۴	—

[1] Pratt [2] Waterford [3] Barrow



شکل ۲۶۹ - دریائے بیرو پر پل -


بلند سطح آب سے گرڈروں کے پائیں تک خالص بلندی ۲۶ -

گرڈر کے آٹھ خانے ہیں جن میں چھ ۱۸، ۱۸ فٹ کے اور دو ۱۹ فٹ ۹ انچ کے ہیں۔ اس کے نصف کا رُوکار دیا گیا ہے اور سطحی خاکوں کے ذریعے چوٹی کی اور تہ کی عرضی رباط بندی دکھائی گئی ہے۔ بالائی کوریں مقلوب ناندنما تراش کی ہیں جس کی کور تختیاں ۲ فٹ ۳ انچ چوڑی ہیں اور نچلی کوریں اوپر اور نیچے کھلی ہوئی ہیں ان میں کور تختیاں نہیں۔ دونوں کوروں کی گہرائی زاویوں کے اوپر ۱ فٹ ۴ انچ ہے۔ جانبی تختیوں کو ڈایافراموں کے ذریعے استوار کیا گیا ہے جو تختیوں اور زاویوں پر مشتمل ہیں۔ جیسا کہ دکھایا گیا ہے صدر گرڈروں کے پیٹے وتری اور انتصابی ارکان پر مشتمل ہیں اور اُن کے سروں پر مائل کھم ہیں صدر داب روک پیٹا تختیوں اور زاویہ سلاخوں سے بنے ہیں اور باقی داب روک زاویہ سلاخوں اور جالی دار رباط بندی سے۔

صدر و تری بندھن ۱۴ انچ عرض کے ہیں اور ہر ایک میں دو ڈھلے لوہے کی فاصل کسنیاں اور بولٹ ہیں۔ ہر ایک گرڈر میں دونوں وسطی خانوں میں چپٹی سلاخ کی وتری پس رباط بندی ہے جو پاڑ کے نکال لینے کے بعد ریوٹ کی جاتی ہے۔ سروں کے مائل (raking) کھم اکہری پیٹا تختیوں اور دوہری کور تختیوں اور زاویوں سے بنے ہوتے ہیں۔ کلی نما تختیاں بندھنوں اور کھموں کو کور سے جوڑتی ہیں جیسا کہ دکھایا گیا ہے۔ صدر تعمیر میں ریوٹ ہر جگہ ⅞ انچ قطر کے اور ذیلی کاموں میں ¾ انچ کے ہیں۔ گرڈر گلاسگو کے کارخانوں میں حصوں میں بنائے گئے اور موقع پر روانہ کیے گئے۔ یہاں اُن کو عارضی پاڑ پر رکھی ہوئی چوبی گھوڑیوں پر کھڑا کر کے جوڑا گیا اور اس طرح پورا طول جوڑ کر مسندوں پر اتارنے کے لیے تیار رکھا گیا۔ آڑے گرڈر جیسا کہ سطحی خاکے میں دکھایا گیا ہے، مرکزی اور درمیانی خانوں میں ۱۸ فٹ مرکز تا مرکز ہیں اور سروں کے خانوں کے جوکہ جھولتے فصل کے متصل ہیں جن میں یہ ۱۹ فٹ ۳ انچ ہیں۔

تہ کی عرضی رباط کاری سطحی خاکے میں دکھائی گئی ہے اور زاویوں پر مشتمل ہے جو انتصابی کھمبوں کے پائیں پر کلی تختیوں کو ریوٹ کیے گئے ہیں۔ بالائی عرضی رباط کاری جالی دار گرڈروں پر مشتمل ہے۔ یہ شکل ۲۶۹ کے منظرے میں زیادہ واضح نظر آتی ہے۔ یہاں جو دریچہ رباط کاری دکھائی گئی ہے جو کہ ہر ایک فصل کے سروں پر کھڑی کی گئی ہے بالائی عرضی رباط کاری کے نظام کے اختتامی رکن کا کام دیتی ہے اور مائل کھمبوں کے بالائی حصوں کے درمیان تسمہ کا بھی کام کرتی ہے۔ ان مائل کھمبوں کے نچلے سرے تہ پر جہاں یہ نچلی کور کی ناندیں اترے ہوتے ہیں سرے کے آڑے گرڈر کے ذریعے باہم استوار طور پر جکڑے جاتے ہیں۔ ہر ایک فصل فولاد کاری، مستقل راستہ وغیرہ کو ملا کر آمدورفت کے لیے تیار ہونے کی حالت میں ۱۵۶ ٹن وزنی ہوتا ہے۔

شکل ۲۷۰ میں ایک ترچھے میانہ پل کی خوک پشت [N] قسم کی تعمیر دکھائی گئی ہے جو سدرن ریلوے (انگلستان) میں مقام اسٹریتھم کامن[Streatham Common] پر استعمال کی گئی ہے۔ ایک صدر گرڈر دوسرے سے بڑا ہے ان کے طول علی الترتیب ۱۳۸ فٹ ۴ انچ اور ۱۳۲ فٹ ۸ انچ ہیں۔ شکل میں چھوٹے گرڈر ۱ کا جزوی رُو کار دکھایا گیا ہے۔ گرڈروں کی گہرائی سروں پر ۷ فٹ ۹½ انچ اور مرکز پر ۱۴ فٹ ۲ انچ ہے۔ بڑے گرڈر میں ۱۴ خانے ہیں اور چھوٹے میں ۱۳۔ خانے درمیان میں عام طور پر ۱۰ فٹ ۴ انچ کے ہیں۔ گرڈر ب میں دونوں سروں کے خانے اور گرڈر ۱ کے ایک سرے کا خانہ چھوٹا بنایا گیا ہے۔ نچلی کور دو کھڑی تختیوں پر مشتمل ہے جن کا باہمی فاصلہ ۱ فٹ ۱۰ انچ اور گہرائی ۱ فٹ ۴ انچ ہے۔ ہر ایک خانے میں ان کو ۳/۸ انچی تختیوں اور زاویوں سے استوار کیا گیا ہے۔ کور میں کوئی نچلی تختی نہیں رکھی گئی اور یہ اس لیے تاکہ پانی جمع نہ ہو اور، جیسا کہ ابھی سمجھایا جائیگا، آڑے گرڈر نچلی کور سے



شکل ۱۰۲۔ سمندر ریلوے (انگلستان) پر ایک ۱۰۰ فٹ گرڈر

نکلی ہوئی تختیوں کو اُن انتصابی ارکان کے نیچے لٹکے ہوئے ہیں جن سے خانے بنتے ہیں۔ بالائی کور تختیوں اور زاویوں پر مشتمل ہے اور ایک کھلے بکس کی تراش میں ہے۔ چوڑائی اندر افٹ ۸ ۳/۴ انچ اور کوروں کے اوپر ۲ فٹ ۹ انچ ہے۔ مصلب ارکان کی گہرائی ۱ فٹ ۴ انچ ہے۔ جن داب روکوں سے خانے بنتے ہیں اُن کی چوڑائی ۱۸ ۳/۴ انچ ہے اور ۳/۸ انچہ تختیوں اور زاویوں سے بنے ہیں۔ پیل پائے اور درمیانی پائے پر گرڈروں کی مسند ترشے پتھر کی چنائی ہے۔

ہم نے ابھی ذکر کیا ہے کہ آڑے گرڈر جن پر مستقل راستہ ڈالا گیا ہے طولی گرڈروں کے نچلے حصوں سے لٹکائے گئے ہیں جو زاویے کہ صدر گرڈر کے خانوں کے انتصابی داب روکوں کے جزو کے طور پر ہیں وہ نچلی کور کے خط سے نیچے تک لے جائے گئے ہیں اور آڑے گرڈروں کی پیٹا تختیوں کو ریوٹ کیے گئے ہیں۔ آڑے گرڈر کی بالائی کور کے زاویہ کو روک لیا گیا اور نچلی کور کے زاویے کو بڑھا کر ترچھا کاٹا گیا۔ طولی گرڈروں کے انتصابی داب روکوں کے پیٹے اور آڑے گرڈروں کے پیٹے ڈھانک تختیوں کے ذریعے جوڑے گئے ہیں جو کہ بھرتی کا بھی کام دیتی ہیں۔ یہ آڑے گرڈر ۲۶ فٹ ۴ انچ لمبے اور ۱ فٹ ۶ انچ گہرے ہیں اور کور کے اوپر چوڑائی ۱ فٹ ۳ انچ ہے۔ یہ ۱۰ فٹ ۴ انچ کے فاصلوں سے یعنی کمان چلہ صدر گرڈروں کے خانوں کے متناظر رکھے گئے ہیں۔


دونوں پٹریوں کے نیچے طولی گرڈروں کی دو قطاریں آڑے گرڈروں کی نچلی کور پر رکھی گئی ہیں۔ یہ ساختہ گرڈر ہیں جن کی گہرائی ۱ فٹ ۵ ۱/۴ انچ ہے اور ان کے پیٹوں سے زاویوں کے ذریعے بیلی نالیدار فرش بندی ہے۔ نالیدار فرش بندی میں طولی سلیپر رکھے گئے ہیں جو پٹریوں کے حامل ہوتے ہیں۔ دونوں جانب لکڑی کی ایک گزرگاہ ہے اور صدر گرڈروں کے درمیان باقی عرض میں

کسی قسم کی فرش بندی نہیں۔ فصل کے سرے پر جہاں کہ آڑے گرڈروں کی ایک جانب کے نیچے پیل پائے آجاتے ہیں درمیانی طولی گرڈر حذف کر دیے گئے ہیں اور نالیدار فرش سازی کو ہر ایک متبادل تانڈ کے نیچے بیلی کڑیوں کے ذریعے استوار کیا گیا ہے۔


ہوا رباط پل کے صدر ارکان کی تہ کو ریوٹ کی گئی ہے۔ یہ چھوٹی تختیوں پر مشتمل ہے جو تری وضع میں ریوٹ کی گئی ہیں۔

اشکال ۲۷۱ اور ۲۷۲ میں ایک عرشہ دار پل دکھایا گیا ہے جو ایل۔ ایم۔ ایس ریلوے (انگلستان) میں دریائے کلائیڈ[ب] پر مقام اڈنگٹن[ا] پر کھڑا کیا گیا ہے۔ پل کے صدر گرڈر ۸ قسم کے کھلے پیٹے کے گرڈر ہیں جن کا مجموعی طول ۹۷ فٹ ۵ انچ اور گہرائی ۱۱ فٹ ہے۔ ہر ایک پیری کے نیچے ایک صدر گرڈر ہے یعنی ہر ایک لائن دو گرڈروں پر ہے جن کو ۲۱ فٹ ۴ انچ کے فاصلوں سے آڑی رباط بندی دی گئی ہے۔ شکل ۲۷۲ میں نیچے بالائی کور کی ایک تراش اور بالائی کور کے ایک جوڑ کا رُدکار دکھایا گیا ہے۔ نچلی کور بھی نالی دار تراش کی ہے۔ صدر گرڈروں کے درمیان گٹی کے لیے ½ انچ موٹی خمدار تختیوں کا فرش ریوٹ کیا گیا ہے۔ دونوں وسطی گرڈروں کے درمیان انتصابی آڑی رباط بندی عمداً حذف کی گئی تاکہ ایک لائن پر پڑنے والے زندہ بوجھ سے زور دوسری لائن کے گرڈروں پر مستقل نہ ہوں۔ البتہ چاروں گرڈر افقی ہوا رباط کے ذریعے مربوط ہیں۔ پھیلاؤ، سکڑاؤ اور انصراف کو واقع ہونے دینے کے لیے صدر گرڈروں کو جھولتی مسندیں دی گئی ہیں۔ ہر گرڈر کا ایک سرا ایک ثابت مسند کو لگایا گیا ہے اور دوسرا ایک متحرک مسند کو۔ لیکن تپش کے تغیرات کی وجہ سے گرڈروں کے طول میں جو تغیرات ہونگے ان سے پیدا ہونے والی قوتوں کو پایوں پر متوازن کرنے کے لیے یہ طے کیا گیا کہ ہر پائے پر یا تو حرکت پذیر یا پھیلاؤ مسندیں لگائی جائیں۔ اس لیے گرڈروں کے متصل

ا Uddingten ب Clyde



شکل ۲۴۱ — دریا کلمبیا پر N قسم کا گرڈر پل



شکل ۲۷۲۔ دریا کلائیڈ پر پل۔

سروں کو ایک ہی قسم کی مسندیں لگائی گئی ہیں۔ چنانچہ مغربی اور وسطی فصلوں کے پھیلاؤ اور سکڑاؤ کی حرکت مغربی دریا کے پایہ پر لے لی جاتی ہے کیونکہ اس پر پھیلاؤ مسندیں لگائی گئی ہیں۔ مشرقی دریا کے پایہ پر تمام ثابت مسندیں ہیں اور مشرقی پیل پائے پر پھر پھیلاؤ مسندیں ہیں۔

مسندیں پایوں اور پیل پایوں پر بھاری گرنیائٹی بلاکوں کو بولٹ کی جاتی ہیں۔ پل کے دونوں بازو ایک پیرل راستہ بنایا جاتا ہے۔ یہ شکل ۲۷۰ میں دکھایا گیا ہے۔ یہ لکڑی کا ہوتا ہے اور بریکٹوں پر سہارا ہوتا ہے جو بیرونی صدر گرڈروں کو ریویٹ کیے جاتے ہیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ منڈیر کا گرڈر بند جالی دار قسم کا ہے اور اگرچہ آپ سہارے لیکن پیدل راستہ کے بریکٹوں کے ذریعے اس میں مزید استواری پیدا ہو گئی ہے۔ گٹی کو روکنے والی تختی گزرگاہ کو سہارنے کے لیے استعمال کی گئی ہے۔ پل پر خمدار تختی کا جو فرش ہے اس پر باریک کنکریٹ کی ایک ۳ انچ موٹی تہ ہے اور اس کے اوپر ½ ۱ انچ اسفالٹ ہے۔ گٹی تختیوں کے ساتھ ساتھ موریاں بنادی گئی ہیں اور منڈیر کو سہارنے والے بریکٹوں میں سے ہر متبادل بریکٹ کے پاس ایک پچرنلی لگائی گئی ہے۔ اسی طرح کی احتیاط صدر گرڈروں کی نچلی کوروں کو تاکل سے بچانے کے لیے کی گئی ہے کیونکہ یہ بند ہیں اور اس طرح ان میں پانی جمع ہونے کا احتمال رہتا ہے۔

تین قبضوں کی کمان کی تجویز

باب ۱۳ میں ہم کمان پسلیوں میں کے دباؤ اور خمار کے معیار کے حسابات سے بحث کر چکے ہیں۔ جب یہ حسابات کر لیے جائیں تو پھر تفصیلی تجویز معمولی گرڈروں سے زیادہ مختلف نہیں۔ پلیٹ ۲ میں ایک تین قبضوں کی کمان کی تفصیلات دکھائی گئی ہیں۔ یہ کمان دریائے ایکسی (ایکزیٹر، انگلستان) پر ایک سڑک کے پل کے لیے بنائی گئی ہے۔

Exe at Exeter

ندی میں رکاوٹ نہ ہونے دینے کے لیے ایک فصل رکھنا ضروری تھا اور سڑک کے ڈھال کو سہل رکھنے کے لیے اور ساتھ ہی پل کے نیچے کافی گزر بلندی چھوڑنے کے لیے "تین قبضوں کی کمان" اختیار کی گئی۔ مرکز پر تعمیری گہرائی صرف ۳ فٹ ۵ انچ میسر آئی۔ اس طرح ارتفاع ۱۱ فٹ ۴½ انچ تک محدود رہا اور معمولی آب لیول کے اوپر ۱۵ فٹ گز بلندی حاصل ہوئی۔

اس کے ساتھ ہی کمان غیر معمولی طور پر سپاٹ ہے۔ ارتفاع کی نسبت فصل کے ساتھ صرف ۱ : ۲ر۱۳ ہے۔ بلکہ غالباً یہ انگلستان میں سب سے زیادہ سپاٹ ہوگی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ طغیانی میں ندی کے بہاؤ سے مزاحمت نہ کرنے کے لیے نقاطِ جست کو آب لیول سے ممکنہ بلندی پر رکھنا پڑا۔ اُترتے ڈھال کے باوجود رُد کار میں ایک متشاکل شکل قائم رکھی گئی ہے۔ یہ پٹی دار کام (fascia work) کے ذریعے عمل میں آیا۔ پل کے دونوں جانب کے کمان شانے تقریباً ایک ہی جسامت کے ہیں لیکن آرایشی منڈیر جنوبی سرے کے پیدل راستے (footway) پر شمال سے اونچی رکھی گئی ہے اس طرح نقطۂ جست سے منڈیر کی چوٹی تک بلندی دونوں پایوں پر تقریباً مساوی ہے۔ اس طرح دیکھنے میں پل میں وہ نامساوات نظر نہیں آتی جو پل کے دونوں سروں کے ایک لیول پر نہ ہونے کی وجہ سے معمولی طور پر نظر آتی۔

